تفہیم السنۃ

26

کتابُ اللِّباس

لِباس کا بیان

www.KitaboSunnat.com

محمد اقبال کیلانی

حدیث
پبلیکیشنز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب .....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد آپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com
www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

26

تفہیم السنۃ

کتاب اللباس

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللھم انک عفو تحب العفو فاعف عنا

ھدیۃ خلوص کہ بت محترم حافظ عبدالرحمن مدنی صاحب حفظہ اللہ
محتاج دعا
محمد اقبال کیلانی
۱۴/۸/۱۴۳۱ھ

لباس کا بیان

محمد اقبال کیلانی

حدیث پبلیکیشنز
2- شیش محل روڈ، لاہور، پاکستان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

نام کتاب : لباس کا بیان

مؤلف : محمد اقبال کیلانی بن مولانا حافظ محمد ادریس کیلانی رحمہ اللہ

اہتمام : خالد محمود کیلانی

طابع : ریاض احمد کیلانی

کمپوزنگ : ہارون الرشید کیلانی

ناشر : حدیث پبلیکیشنز

قیمت : 120 روپے

ملنے کا پتہ

مینجر حدیث پبلیکیشنز

2- شیش محل روڈ ◉ لاہور ◉ پاکستان

☎ 042-37232808 - 0300-4903927

E-mail : hadithpublications@yahoo.com
: haroonkailani@gmail.com
: harunkailani@hotmail.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

نمبر شمار	اَسْمَاءُ الْاَبْوَابِ	نام ابواب	صفحہ نمبر
1	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	9
2	اَللِّبَاسُ مِنْ دِيْنِنَا	لباس ہمارے دین کا حصہ ہے	66
3	مَقَاصِدُ اللِّبَاسِ	لباس کے مقاصد	70
4	اَهَمِّيَّةُ السَّتْرِ	ستر کی اہمیت	72
5	فِتَنُ اللِّبَاسِ كَائِنَةٌ مِنَ الشَّيْطٰنِ	لباس کے فتنے شیطان کی طرف سے ہیں	78
6	اَللِّبَاسُ الْعُرْيُ	عریاں لباس	79
7	لِبَاسُ الشُّهْرَةِ	شہرت اور ناموری کا لباس	82
8	لِبَاسُ الْخُيَلَاءِ	خود پسندی اور تکبر کا لباس	83
9	لِبَاسُ التَّطْرِيْزِ	نقش ونگار والا لباس	86
10	لِبَاسُ الْحَرِيْرِ	ریشمی لباس	87
11	اَللِّبَاسُ الَّذِيْ فِيْهِ التَّصَاوِيْرُ	تصاویر والا لباس	91
12	اَللِّبَاسُ الْمُصَلَّبُ	صلیب کے نشان والا لباس	94
13	اَللِّبَاسُ الْجِلْدِيُّ	کھال کا لباس	95
14	اَللِّبَاسُ الْفُضُلِيُّ	ضرورت سے زائد لباس	98
15	اَللِّبَاسُ الَّذِيْ فِيْهِ التَّشَابُهُ بَيْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ	مردوں اور عورتوں کا باہمی مشابہت والا لباس	99
16	اَللِّبَاسُ الَّذِيْ فِيْهِ اَلتَّشَابُهُ بِالْكُفَّارِ	غیر مسلم اقوام کا مشابہت والا لباس	102
17	زِيْنَتُ النِّسَاءِ	عورتوں کا بناؤ سنگھار	104
18	مَا يَجُوْزُ مِنْ زِيْنَةِ اللِّبَاسِ	لباس میں جائز زیب وزینت	110
19	اَللِّبَاسُ الْمَصْبُوْغُ	رنگین لباس	116
20	اَللِّبَاسُ الْاَدْنٰى	موٹا جھوٹا لباس	120
21	اَللِّبَاسُ التَّقْوٰى	تقویٰ کا لباس	124
22	اَلْاَدْعِيَةُ فِي اللِّبَاسِ	لباس پہننے کی دعائیں	128

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نمبر شمار	اَسْمَاءُ الْاَبْوَابِ	نام ابواب	صفحہ نمبر
23	مَلَابِسُ الرِّجَالِ	مردوں کا لباس	130
24	مَلَابِسُ النِّسَاءِ	عورتوں کا لباس	132
25	بَيَانُ الْحِجَابِ	حجاب کا بیان	135
26	بَيَانُ الْقَمِيْصِ	قمیص کا بیان	143
27	بَيَانُ الْقَبَاءِ	قبا کا بیان	145
28	بَيَانُ الْجُبَّةِ	جبہ کا بیان	146
29	بَيَانُ الْإِزَارِ	ازار کا بیان	147
30	بَيَانُ الْبُرْدِ	چادر کا بیان	152
31	بَيَانُ الْعَمَامَةِ	پگڑی کا بیان	156
32	بَيَانُ اللِّحْيَةِ	داڑھی کا بیان	160
33	بَيَانُ الْاَظْفَارِ	ناخنوں کا بیان	164
34	بَيَانُ الْإِخْتِتَانِ	ختنہ کا بیان	166
35	بَيَانُ الشَّعَرِ	بالوں کا بیان	167
36	بَيَانُ التَّرَجُّلِ	کنگھی کا بیان	172
37	بَيَانُ الْخِضَابِ	خضاب کا بیان	174
38	بَيَانُ الْحِنَّاءِ	حنا کا بیان	177
39	بَيَانُ الطِّيْبِ	خوشبو کا بیان	179
40	بَيَانُ الْخَاتَمِ	انگوٹھی کا بیان	182
41	بَيَانُ الْحِلِيِّ	زیورات کا بیان	185
42	بَيَانُ الْإِكْتِحَالِ	سرمہ کا بیان	187
43	بَيَانُ السِّوَاكِ	مسواک کا بیان	188
44	بَيَانُ النِّعَالِ	جوتوں کا بیان	191
45	بَيَانُ الْخُفَّيْنِ	موزوں کا بیان	194
46	بَيَانُ الْفَرَاشِ	بستر کا بیان	195
47	اُسْوَةُ الصَّحَابَةِ بِاَحْكَامُ اللِّبَاسِ	احکام لباس اور اسوۂ صحابہ رضی اللہ عنہم	199

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے

(سورہ آل عمران، آیت نمبر 132)

حمد و ثنا صرف اس ذات کے لئے جس کا کوئی شریک نہیں، جس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، جس کے علاوہ کوئی دوسرا کائنات کو تھامنے والا نہیں، جس کے علاوہ کوئی دوسرا خالق اور رازق نہیں۔

حمد و ثنا صرف اس ذات کے لئے جس نے انبیاء اور رُسل بھیجے، کتاب نازل فرمائی اور ہمیں دین اسلام کی نعمت سے سرفراز فرمایا۔

حمد و ثنا صرف اس ذات کے لئے جو رحمٰن و رحیم ہے، جو غفور و حلیم ہے، جو خبیر و علیم ہے، جو اعلیٰ اور عظیم ہے، جو جلیل اور کریم ہے، جو قادر اور قدیر ہے، جو حمید اور مجید ہے۔

اور صلاۃ و سلام اُن پر جو صادق اور امین ہیں، رؤف اور رحیم ہیں، جو سید الانبیاء، خطیب الانبیاء، خاتم الانبیاء، امام الانبیاء، قائد الانبیاء ہیں، جو اکرم اور کریم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں، جو بشیر اور نذیر ہیں، جو صاحب حوض کوثر، صاحب مقام محمود اور صاحبِ لواء الحمد ہیں، جو شفیع اور مشفع ہیں، جو نبی الرحمۃ اور نبی التوبہ ہیں (ﷺ)۔

جو ساری مخلوق کے لئے ہادی اور اسوۂ حسنہ ہیں، جن کی اطاعت اور فرمانبرداری کے ساتھ اللہ کی رضا اور رحمت نازل ہوتی ہے اور جن کی نافرمانی پر اللہ کا غضب اور لعنت نازل ہوتی ہے۔

پس اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اللہ کے رسول ﷺ کی باتیں ذرا غور سے سنو!

- عریاں لباس پہننے والی عورت جہنم میں جائے گی۔ (مسلم)
- جوڑا لگانے والی عورت (یا مرد) ملعون ہے۔ (بخاری)
- جوڑا لگوانے والی عورت (یا مرد) ملعون ہے۔ (بخاری)
- چہرے سے بال اُکھاڑنے والی عورت (یا مرد) ملعون ہے۔ (بخاری)
- چہرے سے بال اُکھڑوانے والی عورت (یا مرد) ملعون ہے۔ (بخاری)
- خوبصورتی کے لئے دانتوں کو کھلا کروانے والی عورت (یا مرد) ملعون ہے۔ (نسائی)
- جسم پر انمٹ نقش ونگار بنانے والی عورت (یا مرد) ملعون ہے۔ (بخاری)
- جسم پر انمٹ نقش و نگار بنوانے والی عورت (یا مرد) ملعون

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔(بخاری)

* عورتوں سے مشابہت اختیار کرنے والے مرد ملعون ہیں۔(بخاری)
* مردوں سے مشابہت اختیار کرنے والی عورتیں ملعون ہیں۔(بخاری)
* بے حجاب عورت شیطان کی صورت میں سامنے آتی ہے۔(ترمذی)
* جاندار اشیاء کی تصویر بنانے والوں کے لئے جہنم کا شدید ترین عذاب ہے۔(بخاری)
* جس گھر میں جاندار اشیاء کی تصویر ہو، وہ گھر رحمت کے فرشتوں سے محروم ہے۔(بخاری)
* داڑھی منڈانے والے مردوں کے لئے ''ویل'' ہے۔(البدایہ والنہایہ)
* ٹخنوں سے نیچے ازار لٹکانے والوں کے لئے آگ ہے۔(بخاری)

پس اے ہوش و گوش رکھنے والو!

دانا و بینا لوگو، ذرا سوچو اور بتاؤ!

لعنت کے مستحق اور جہنم کا ''مژدہ'' پانے والے مرد یا عورتیں دنیا میں سکھ اور چین کی زندگی بسر کر سکتے ہیں؟ سکون اور آرام پا سکتے ہیں؟ صحت اور عافیت حاصل کر سکتے ہیں؟..... ہرگز نہیں!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالیٰ کی رحمت تو مشروط ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کے ساتھ.....ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اَطِیعُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

(سورۃ آل عمران، آیت نمبر 132)

- پس دنیا میں سکھ اور چین کی تمنا کرنے والو.....!
- صحت اور عافیت چاہنے والو.....!
- راحت، سکون اور آرام تلاش کرنے والو.....!

آؤ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کی طرف تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ وَ آلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ

اَمَّا بَعْدُ !

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝ ﴾ ترجمہ: ''اے بنی آدم! ہم نے تم پر لباس نازل کیا ہے جو تمہارے جسم کے قابل شرم حصوں کو ڈھانپنے والا نیز تمہارے لئے زینت کا ذریعہ بھی ہے اور بہترین لباس تقویٰ کا لباس ہے یہ (لباس) اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے تاکہ لوگ اس سے نصیحت حاصل کریں۔'' (سورہ الاعراف، آیت نمبر 26)

مذکورہ بالا آیت سے درج ذیل باتیں معلوم ہوتی ہیں:

① لباس کا حکم دینے کیلئے اللہ تعالیٰ نے تمام بنی آدم کو خطاب فرمایا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ لباس کا حکم بلا استثناء مذہب وملت تمام اولاد آدم کے لئے ایک جیسا ہے گویا ایمان اور نماز روزہ سے بھی پہلے لباس کے حکم پر عمل کرنا ضروری ہے اس سے لباس کی اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

② ''ہم نے تم پر لباس نازل کیا ہے۔'' اس کا ایک مطلب تو یہ ہے کہ لباس تیار کرنے کے اسباب اور وسائل اللہ تعالیٰ نے مہیا فرمائے ہیں اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کے اندر شرم وحیا کا ایک ایسا فطری جذبہ رکھ دیا ہے جو از خود لباس کا تقاضا کرتا ہے گویا لباس پہننا اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کی فطرت میں رکھ دیا ہے جس کے بغیر انسان، انسان نہیں محض حیوان بن کر رہ جاتا ہے۔

③ لباس کا اولین اور بنیادی مقصد جسم کے قابل شرم حصوں کو چھپانا ہے لیکن اسی لباس کو عمدہ اور باذوق طریقے سے استعمال کر کے زیب وزینت اور حسن وجمال حاصل کرنا بھی مطلوب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

④ آیت کریمہ کے آخر میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے لباس کو اسکی اہمیت کی وجہ سے اپنی نشانیوں میں سے ایک نشانی قرار دیا ہے جس کا صاف اور سیدھا سا مفہوم یہ ہے کہ لباس اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے جس پر ہمیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہئے۔

لباس کو اپنی نشانیوں میں سے ایک نشانی قرار دے کر اللہ تعالیٰ نے لباس کو محض ایک اخلاقی اور فطری حاجت کی چیز ہی نہیں رہنے دیا بلکہ اسے ایک دینی اور شرعی حیثیت بھی عطا فرما دی ہے۔

رسول اکرم ﷺ کی بعثت مبارک کے بعد پہلی وحی میں تو اللہ تعالیٰ نے صرف اپنا تعارف کروایا لیکن دوسری وحی میں اللہ تعالیٰ نے جہاں رسول اکرم ﷺ کو رسالت کا عظیم الشان فریضہ انجام دینے کا حکم دیا وہاں سب سے پہلی ہدایت لباس کے بارے میں دی۔ ارشاد مبارک ہے: ﴿وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ﴾ ترجمہ: ''اپنے کپڑے پاک اور صاف رکھو۔'' (سورہ المدثر، آیت نمبر 4) اس سے لباس کی اہمیت کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔

احادیث شریف کے مطالعہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جس طرح نماز روزے کے مسائل اور احکام رسول اللہ ﷺ کو بتلائے اور رسول اللہ ﷺ نے آگے اپنی امت تک پہنچائے بالکل اسی طرح لباس کے مسائل اور احکام بھی اللہ تعالیٰ نے رسول اکرم ﷺ کو بتائے اور رسول اللہ ﷺ نے آگے امت تک پہنچائے۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

① رسول اکرم ﷺ نے ہدیہ میں آئی ہوئی ریشمی قبا پہنی پھر فوراً اتار دی اور فرمایا کہ جبرائیل علیہ السلام آئے تھے اور انہوں نے مجھے یہ قبا پہننے سے منع کر دیا ہے۔ (مسلم)

② حضرت جبرائیل علیہ السلام رسول اکرم ﷺ سے ملاقات کرنے کے لئے حاضر ہوئے اور ملاقات کے بغیر ہی واپس چلے گئے۔ اگلے روز آئے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے واپس جانے کے تین سبب بتائے: (1) دروازے پر تصاویر آویزاں تھیں (2) گھر کے اندر تصاویر والا پردہ لٹک رہا تھا (3) کمرے میں کتا بھی تھا۔ اس کے ساتھ ہی حضرت جبرائیل علیہ السلام نے رسول اکرم ﷺ کو یہ بھی تعلیم دی کہ دروازے پر آویزاں تصاویر کے سر کاٹ دیں، تصاویر پر مشتمل کپڑے کو پھاڑ دیں اور کتے کو باہر نکال دیں۔ (ابوداؤد) گویا تصاویر والے کپڑے سے نہ تو پردہ بنانا جائز ہے نہ بستر نہ لباس وغیرہ۔

③ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے زعفرانی رنگ کے کپڑے پہن رکھے تھے رسول اللہ ﷺ نے دیکھا تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(غصہ سے) فرمایا ''کیا تیری ماں نے تجھے یہ کپڑے پہننے کا حکم دیا ہے؟'' حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ''اسے دھوڈالتا ہوں۔'' ارشاد فرمایا ''نہیں اسے جلادو۔'' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے وہ کپڑے جلاڈالے۔ (مسلم)

غور فرمایئے! جس رحیم وکریم ذات نے اپنے خادم خاص کو دس سال کی مدت میں کبھی کیوں یا کیسے تک نہ کہا ہو وہی ذات لباس کے معاملے میں اپنے ایک عام صحابی کو اس قدر غصہ سے مخاطب فرمائے تو اس کا کیا مطلب ہے؟

دوسری حدیث میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی وجہ یہ بیان فرمائی کہ اس رنگ کے کپڑے کفار پہنتے ہیں لہٰذا تمہیں اس رنگ کے کپڑے نہیں پہننے چاہئیں۔ گویا ایک مسلمان اپنے لباس کے رنگ کا انتخاب کرنے میں بھی اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کا پابند ہے۔

④ ایک آدمی کا تہبند ٹخنوں سے نیچے تھا آپ تیز تیز قدموں سے چل کر تشریف لائے اور اس کا ازار پکڑ کر فرمایا ''اسے اونچا کر'' اس نے عذر پیش کیا ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے پاؤں ٹیڑھے ہیں چلتے ہوئے آپس میں ٹکراتے ہیں اور بھدے لگتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں ارشاد فرمایا ''اللہ کی ساری تخلیق خوبصورت ہے'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا عذر قبول نہ فرمایا اور ازار اونچا کروادیا۔ (احمد) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ سے یہ بات واضح ہے کہ جس طرح ایک مسلمان کیلئے عبادات اور معاملات کے احکام کی پابندی ضروری ہے اسی طرح لباس کے احکام کی پابندی بھی ضروری ہے۔

⑤ ایک خاتون حاضر ہوئی اور عرض کی ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری بیٹی کے سر کے بال بیماری کی وجہ سے جھڑ گئے ہیں اب میں نے اس کا نکاح کرنا ہے میں اس کے سر میں مصنوعی بال (جوڑا یا وِگ) لگادوں؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی اجازت نہ دی اور فرمایا ''اللہ نے جوڑا لگانے اور لگوانے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔'' (بخاری)

⑥ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مسئلہ دریافت کیا گیا ''کیا عورت مردانہ ساخت کا جوتا پہن سکتی ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرد بننے والی عورت پر لعنت فرمائی ہے۔'' (ابوداؤد)

مذکورہ بالا احادیث سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ لباس اور اس سے متعلقات کے معاملے میں بھی شریعت نے اسی طرح جائز و ناجائز کا تعین فرمایا ہے جس طرح زندگی کے دوسرے معاملات میں تعین فرمایا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے لہٰذا جس طرح ایک مسلمان نماز روزے کے معاملے میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے احکام پر عمل کرنے کا پابند ہے اسی طرح لباس اور اس سے متعلقات کے معاملے میں بھی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے احکام پر عمل کرنے کا پابند ہے۔

یہاں اس بات کی وضاحت کرنا بھی ضروری معلوم ہوتی ہے کہ اسلام نے مسلمانوں کو لباس کی کوئی خاص وضع قطع عطا نہیں فرمائی۔ شریعت کی قائم کردہ حدود و قیود [1] کے اندر رہتے ہوئے ہر قوم اپنے اپنے علاقے کی قومی روایات اور موسمی ضروریات کے مطابق اپنی اپنی پسند کی وضع قطع کا لباس استعمال کر سکتی ہے۔

شرعی حدود و قیود کے اندر رہتے ہوئے اسلام نے نہ صرف اپنی پسند کی وضع قطع کا لباس بنانے کی اجازت دی ہے بلکہ اپنی استطاعت کے مطابق عمدہ، خوبصورت اور صاف ستھرے کپڑے استعمال کرنے کا حکم بھی دیا ہے۔

اسلام کے اہم ترین رکن، نماز کی ادائیگی کے لئے خاص طور پر اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے حکم دیا ہے ﴿خُذُوا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ﴾ ترجمہ: ''ہر عبادت کے موقع پر زینت اختیار کرو۔'' (سورہ الاعراف، آیت نمبر 31)

ہر مسلمان مرد اور عورت پانچ مرتبہ نماز ادا کرنے کا پابند ہے۔ ہر نماز کے وقت ساتر، شائستہ، پروقار، خوشنما اور صاف ستھرا لباس پہننے کا حکم دے کر گویا اس بات کو یقینی بنایا گیا ہے کہ ہر مسلمان کو کم از کم اجتماعی زندگی کے بارہ چودہ گھنٹے ساتر، شائستہ، پروقار اور صاف ستھرا لباس زیب تن کرنا چاہئے۔ لباس کو خوشبودار رکھنے کی رغبت تو گویا نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٌ کا درجہ رکھتی ہے۔

نماز کے علاوہ عام زندگی میں بھی رسول اکرم ﷺ نے اسراف سے بچتے ہوئے حسب استطاعت قیمتی، خوبصورت اور عمدہ لباس پہننے کا حکم دیا ہے۔ ایک آدمی میلے کچیلے کپڑوں میں حاضر خدمت ہوا۔ مزاج مبارک پر گراں گزرا تو استفسار فرمایا ''کیا تمہارے پاس مال ہے؟'' عرض کی ''ہاں! یا رسول اللہ ﷺ ہر طرح کا مال ہے۔'' ارشاد فرمایا ''تو پھر تیرے لباس سے بھی اللہ کی نعمت اور احسان کا اظہار ہونا چاہئے۔'' (ابوداؤد) ایک اور آدمی حاضر خدمت ہوا اور اچھے لباس اور عمدہ جوتوں کے بارے میں سوال کیا تو آپ

---

[1] شرعی حدود کا خلاصہ یہ ہے ① لباس غیر ساتر نہ ہو ② جاندار اشیاء کی تصاویر والا نہ ہو ③ شرک اور بت پرستی کی علامات کی تصویر والا نہ ہو ④ ریشمی نہ ہو (مردوں کے لئے) ⑤ ٹخنوں سے نیچے نہ ہو (مردوں کے لئے) ⑥ فخر وغرور کا اظہار نہ ہو ⑦ شہرت اور ناموری مطلوب نہ ہو ⑧ حرام جانور کی کھال والا لباس نہ ہو ⑨ عورتوں مردوں کی باہمی مشابہت والا لباس نہ ہو ⑩ کفار سے مشابہت والا لباس نہ ہو۔ مذکورہ تمام احکام کے بارے میں احادیث آپ کو آئندہ ابواب میں مل جائیں گی۔ انشاء اللہ!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ﷺ نے جواب میں ارشاد فرمایا ((اِنَّ اللّٰہَ جَمِیْلٌ یُحِبُّ الْجَمَالَ)) یعنی ''اللہ جمیل ہیں اور جمال کو پسند فرماتے ہیں۔'' (ابن حبان) رسول اکرم ﷺ نے ایک صحابی کے لمبے بال دیکھے تو اسے بال چھوٹے کرنے کی نصیحت فرمائی تو صحابی نے فوراً بال کٹوا لئے۔ (مسند احمد)

گفتگو کا حاصل یہ ہے کہ ایک مومن کے لئے لباس محض ایک رسم ورواج یا ذاتی پسند یا ناپسند کا معاملہ نہیں بلکہ اس کے دین کا حصہ ہے اور وہ لباس کے معاملے میں بھی شریعت کی قائم کردہ حدود وقیود کا پابند ہے۔ ہاں البتہ اسے اس بات کی اجازت ہے کہ شریعت کی قائم کردہ حدود وقیود کے اندر رہتے ہوئے اپنے حسن وجمال کے اظہار کا ذوق وشوق پورا کرلے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِیْنَةَ اللّٰهِ الَّتِیْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ﴾ ترجمہ: ''اے محمد! ان سے پوچھو اپنے بندوں کو عطا کردہ اللہ تعالیٰ کی زینت کو کس نے حرام قرار دیا ہے؟'' (سورہ الاعراف، آیت نمبر 32)

گمراہی کے لئے شیطان کا پہلا ہدف.....لباس:

تخلیق آدم کے بعد اللہ تعالیٰ نے تمام فرشتوں کو حکم دیا کہ وہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کریں فرشتوں نے سجدہ کیا لیکن ابلیس نے یہ کہہ کر انکار کردیا کہ میں آدم سے بہتر ہوں آدم کو تو نے مٹی سے بنایا ہے اور مجھے آگ سے۔ ابلیس کے انکار کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اسے راندۂ درگاہ کردیا اسی روز سے ابلیس آدم علیہ السلام کا دشمن ہو گیا اور کھلے الفاظ میں اعلان کیا ''میں انسانوں کی گھات میں لگا رہوں گا اور انہیں گمراہ کرنے کے لئے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں ہر طرف سے ان کو گھیروں گا۔'' چنانچہ جب ابلیس نے آدم اور حوا علیہما السلام کو جنت میں دیکھا تو پرانے حسد کی بناء پر انتقام لینے کے لئے موقع کی تاڑ میں لگ گیا۔

اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو جنت میں داخل کرتے ہوئے یہ ہدایت فرمائی کہ جنت میں فلاں فلاں درخت کے قریب نہ جانا ورنہ ظالموں میں سے ہو جاؤ گے۔ شیطان نے آدم علیہ السلام کو ایک مخلص دوست اور ہمدرد کے رُوپ میں بہکانا شروع کردیا اور قسم کھا کر کہا ''تمہیں اللہ تعالیٰ نے اس درخت سے محض اس لئے روکا ہے کہیں تم فرشتے نہ بن جاؤ یا تمہیں ہمیشہ ہمیشہ کی زندگی نہ حاصل ہو جائے۔'' آدم علیہ السلام شیطان کے فریب میں آگئے اور درخت کا مزا چکھتے ہی جنت کے لباس سے محروم کردیئے گئے جس کے بعد دونوں میاں بیوی درختوں کے پتوں سے اپنے جسم کو ڈھانپنے لگے اور یوں ابلیس آدم علیہ السلام سے انتقام لینے میں کامیاب ہو گیا۔ بعد میں آدم علیہ السلام نے اللہ کے حضور توبہ واستغفار کی جسے اللہ تعالیٰ نے قبول فرمالیا لیکن اس کے بعد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آدم علیہ السلام کو زندگی بسر کرنے کے لئے زمین پر بھیج دیا گیا۔ ❶

آدم علیہ السلام اور ابلیس کے اس واقعہ میں بہت سی دیگر باتوں کے علاوہ اہم ترین بات یہ ہے کہ انسان کو گمراہ کرنے کے لئے شیطان کا سب سے پہلا ہدف یہ ہے کہ لباس اتروا کر اسے شرم وحیا سے محروم کر دیا جائے جس کے نتیجے میں وہ از خود جنت سے محروم ہو کر جہنم میں چلا جائے گا۔ قرآن مجید میں یہ واقعہ بیان کرنے کے بعد اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اولادِ آدم کو جو نصیحت فرمائی ہے وہ بہت قابل توجہ ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿يَـٰبَنِىٓ ءَادَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطَـٰنُ كَمَآ أَخْرَجَ أَبَوَيْكُم مِّنَ الْجَنَّةِ يَنزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْءَاتِهِمَآ ۗ إِنَّهُۥ يَرَىٰكُمْ هُوَ وَقَبِيلُهُۥ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ۗ إِنَّا جَعَلْنَا الشَّيَـٰطِينَ أَوْلِيَآءَ لِلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ﴾ ترجمہ: ''اے بنی آدم! ایسا نہ ہو کہ شیطان تمہیں پھر اسی طرح کے فتنے میں مبتلا کر دے جس طرح کے فتنے میں اس نے تمہارے والدین کو مبتلا کر کے جنت سے نکلوا دیا تھا اور ان کے لباس ان پر سے اتروا دیئے تھے تا کہ ان کی شرمگاہیں ایک دوسرے کے سامنے کھول دے شیطان اور اس کے ساتھی تمہیں ایسی جگہ سے دیکھتے ہیں جہاں سے تم انہیں نہیں دیکھ سکتے ان شیاطین کو ہم نے ان لوگوں کا سرپرست بنا دیا ہے جو ایمان نہیں لاتے۔'' (سورہ الاعراف، آیت نمبر 27)

اس آیت میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ہمیں درج ذیل باتوں کی تنبیہہ فرمائی ہے:

① لباس کے تمام فتنے شیطان کی طرف سے ہیں۔

② لباس کے فتنوں میں مبتلا کر کے شیطان ہمیں جنت سے محروم کر دینا چاہتا ہے اور جہنم میں لے جانا چاہتا ہے۔

③ شیطان کے چیلے چانٹے ہمارے دوست اور خیر خواہ بن کر ایسے ایسے خوشنما طریقوں سے ہمارے دین اور ایمان کی جڑ کاٹتے ہیں کہ ہمیں اس کا احساس تک نہیں ہوتا۔

④ لباس کے فتنے میں صرف وہی لوگ مبتلا ہوتے ہیں جن کا ایمان بہت کمزور اور ضعیف ہوتا ہے۔

پس اہل ایمان کو ہر لحظہ ان تنبیہات کو پیشِ نظر رکھنا چاہئے اور شیطان کے حملوں سے اپنے آپ کو بچانے کی ہر طرح سے سعی کرنی چاہئے۔ شیطان نے آج ہمیں لباس کے جن فتنوں میں مبتلا کر دیا ہے وہ تو ان گنت ہیں اور آئے روز ان میں اضافہ ہی ہوتا چلا جا رہا ہے۔ تاہم ہم یہاں لباس کے بعض ایسے فتنوں کا ذکر کر رہے ہیں جن میں صرف عوام الناس ہی نہیں بلکہ ''خاص'' لوگ بھی مبتلا ہو رہے ہیں اس امید پر کہ

❶ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: سورہ الاعراف آیت 11 یا 24

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شاید کسی عام یا خاص فرد کے ذہن میں بات اتر جائے اور کسی ایک فرد کے سنبھلنے سے پورا گھر سنبھل جائے۔ وباللہ التوفیق!

① عریانی والے لباس:

لباس کے فتنوں میں سے عریانی والے لباس سب سے بڑا فتنہ ہیں۔

بعثت مبارک سے قبل زمانہ جاہلیت میں مرد اور عورتیں عریاں ہو کر بیت اللہ شریف کا طواف کرتے اور شیطان نے انہیں یہ باور کروا رکھا تھا کہ ایسا کرنا باعث اجر وثواب ہے اسلام نے اس عریانی کو ختم کیا اور بتایا کہ عریاں ہونا سراسر گناہ ہے جو اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے۔ تاریخ کا طویل سفر طے کرنے کے بعد جاہلیت آج پھر اسی مقام پر آ گئی ہے جس مقام پر وہ چودہ سو سال پہلے زمانہ جاہلیت میں تھی۔ لیکن آج شیطان نے انسان کو اجر وثواب کے نام پر نہیں ''جدید تہذیب''، ''ترقی پسندی'' اور ''روشن خیالی'' جیسے خوبصورت اور دلکش نعروں پر عریاں کیا ہے۔ ''مہذب'' اور ''ترقی یافتہ'' مغرب میں چودہ سو سالہ پرانی جاہلیت کے چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

① امریکہ میں سیٹل ہائی وے پر ایک مادر زاد برہنہ حسینہ بجلی کے کھمبے پر چڑھ گئی اس کے ہاتھ میں شراب کی بوتل بھی تھی پولیس نے پاور کمپنی کو مطلع کر دیا جس نے بجلی بند کر دی حسینہ کے دیدار کے لئے ٹریفک جام ہو گئی یہ ڈرامہ لوگوں نے ایک گھنٹے تک دیکھا بڑی مشکل سے پولیس عورت کو کھمبے سے نیچے اتارنے میں کامیاب ہوئی پولیس نے حسینہ کو (برہنہ ہونے کے جرم میں نہیں بلکہ) ٹریفک میں خلل ڈالنے کے جرم میں گرفتار کیا۔ ❶

② ایک امریکی سکول میں دو خواتین اساتذہ نے آٹھویں جماعت میں اناٹومی کا مضمون برہنہ ہو کر پڑھانے کا انوکھا طریقہ استعمال کیا خواتین اساتذہ کا استدلال یہ تھا کہ اس طرح طلباء وطالبات کی پڑھائی میں دلچسپی برقرار رکھی جا سکتی ہے۔ ❷

③ اٹلی میں مسولینی کی پوتی نے اسمبلی میں ممبر شپ کے لئے برہنہ ہو کر حاضرین سے خطاب کیا اور ووٹ مانگے۔ ❸

---

❶ روزنامہ اردو نیوز، جدہ 10 ستمبر 1999ء

❷ ہفت روزہ تکبیر، کراچی 19 دسمبر 1996ء

❸ مجلہ الدعوۃ، ستمبر 1995ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

④ شمالی انگلینڈ کے علاقہ ہرڈز فیلڈ کے قریب واقع شولز کرکٹ کلب کی پوری ٹیم نے چاندنی رات میں برہنہ ہو کر میچ کھیلا لوگوں نے پولیس کو فون کیا ویسٹ یارک شائر پولیس کے ترجمان نے بتایا کہ ٹیم کو پولیس نے مشورہ دیا ہے کہ وہ یہاں سے چلی جائے لیکن ننگوں کی ٹیم نے کہا ہے کہ یہ میچ کلب کی کامیابی کے سلسلہ میں کھیلا جا رہا ہے اس سلسلے میں کسی کی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔ ❶

⑤ ''عظیم ملک'' برطانیہ کے ''عظیم لیڈر'' چرچل کا واقعہ بھی قارئین کے لئے دلچسپی کا باعث ہوگا۔ جنگ عظیم دوم کے دوران اتحادیوں کی کانفرنس چل رہی تھی۔ اجلاس کے بعد چرچل اپنے ہوٹل کے کمرے میں چلے گئے۔ کچھ دیر بعد امریکی صدر ایک مشورے کے لئے پیشگی اطلاع دیئے بغیر چرچل کے کمرے میں پہنچے اور کرسی پر بیٹھ کر انتظار کرنے لگے۔ تھوڑی دیر بعد چرچل غسل کر کے کمرے میں آئے تو بے لباس تھے، جنہیں دیکھ کر امریکی صدر شرمندگی سے معذرت کرنے لگے۔ ❷

یہ ہے دنیا کے سب سے بڑے مہذب ملک کے سب سے بڑے مہذب لیڈر کا حال! ﴿اُولٰٓئِکَ کَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ﴾ ''یہ لوگ جانوروں کی طرح ہیں یا ان سے بھی گئے گزرے ہیں۔'' (سورہ الاعراف، آیت نمبر 179)

⑥ جامعۃ ملک السعود الریاض سے ہمارے ایک دوست شکاگو منتقل ہوئے تو انہوں نے بتایا کہ میں ایک کلب میں گیا جہاں ایک مادرزاد برہنہ نوجوان دوشیزہ گاہکوں کو سرو کر رہی تھی اور نوٹس بورڈ پر یہ تحریر آویزاں تھی:

(She is not a prostitute but she wants to show her body)

''یعنی یہ لڑکی طوائف نہیں ہے محض اپنے جسم کی نمائش کرنا چاہتی ہے۔''

⑦ ہمارے ماں باپ (حضرت آدم علیہ السلام اور حوا) کو جس شیطان نے ابدی زندگی کا فریب دے کر عریاں کیا اور جنت سے نکلوایا اسی ابلیس کے فریب کا ایک اور بہروپ ملاحظہ ہو:

''لندن میں پیدا ہونے والی اور برطانیہ و امریکہ میں تعلیم حاصل کرنے والی 24 سالہ مسلمان لڑکی مس سائرہ کریم نے انگلینڈ کے شہر گلاسکو میں 19 ستمبر 2001ء کو عریاں عورتوں کا مقابلہ حسن منعقد کروانے کا اعلان کیا ہے بعض مردوں کی طرف سے عریاں مقابلہ حسن پر تنقید کا جواب دیتے ہوئے

---

❶ اردو نیوز، جدہ 30 جون 2000ء

❷ اردو ڈائجسٹ، لاہور، جولائی 2010ء، صفحہ 139

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مس سائرہ کریم نے کہا اس سے جنرل نالج پیدا ہوگا۔عریاں تصویریں آرٹ گیلری میں دکھائی جائیں تو لوگ ''فن'' کے نام پر اس کی تعریف کرتے ہیں میں اسی ''فن'' کو زندہ شکل میں پیش کر کے خواتین کو ''باعزت مقام'' دلاؤں گی۔''❶

مہذب اور ترقی یافتہ ''مغرب'' میں عریانی اب کوئی عیب نہیں بلکہ باقاعدہ ایک فن اور ثقافت کا درجہ حاصل کر چکی ہے۔دنیا کو تہذیب جدید اور روشن خیالی سے روشناس کرانے کے دعویدار امریکہ میں (Nacked City) کے نام سے ایک ایسا شہر بھی آباد ہے جہاں کے مرد اور عورتیں مکمل طور پر لباس کے تکلف سے آزاد ہیں۔

آرٹ گیلریوں میں فن کے نام پر عریاں تصاویر کی نمائش اور عجائب گھروں میں تحفظ آثار قدیمہ کے نام پر عریاں مردانہ وزنانہ مجسموں کی حفاظت کو عصر حاضر کی ثقافت میں بلند مقام حاصل ہے۔

بیوٹی پارلروں میں خواتین کا اپنے سارے جسم سے بال صاف کروانے اور مہندی سے بیل بوٹے بنوانے کیلئے عریاں ہونا قطعاً عیب شمار نہیں ہوتا۔

یہ حقیقت ہے کہ عریانی کو تمام مذاہب میں گناہ سمجھا جاتا ہے لیکن دور حاضر کی تہذیب جدید اور روشن خیالی جیسے شیطانی فلسفوں نے مذہب سے انسان کا تعلق ہی کہاں رہنے دیا ہے کہ لوگ مذہب کے حوالے سے سوچ وبچار کریں۔

عریانی اور اس کے متعلقات کے بارے میں سب سے زیادہ سخت احکام اسلام نے دیئے ہیں اور سب سے زیادہ سخت وعید (سزا) بھی اسلام نے ہی رکھی ہے یہی وجہ ہے کہ جن گھرانوں میں اسلامی تعلیمات پر عمل کیا جاتا ہے ان گھرانوں میں آج بھی خواتین مکمل بازو اور بند گلے کے ساتھ کھلی ساتر قمیصیں سلواتی ہیں اسی طرح کھلی شلوار پاؤں تک اور سر پر موٹی ململ وغیرہ کی چادر لیتی ہیں جس سے عورت کا سارا جسم سر سے لے کر پاؤں تک مکمل ڈھک جاتا ہے۔جیسے جیسے اسلامی تعلیمات سے لاعلمی اور روشن خیالی بڑھتی جارہی ہے ویسے ویسے عریانی میں بھی اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے عوام کی اکثریت چونکہ اسلامی تعلیمات سے لاعلم یا روشن خیال ہے اسلئے خواتین کی اکثریت عریاں بازو اور کھلے گلے والی بلند چاک کی قمیصیں، اونچی تنگ شلواریں جن میں دونوں طرف چاک بنے ہوتے ہیں، پہنتی ہیں۔دوپٹہ تو اب گویا قصہ پارینہ بن چکا ہے۔اس قسم کی عریانیت اب اتنی عام ہوچکی ہے کہ کسی پارک میں چلے جائیں، بازار میں چلے جائیں،

❶ روزنامہ نوائے وقت، لاہور 17 اگست 2001ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تفریحی مقام پر چلے جائیں برقع یا حجاب والی عورت ڈھونڈے سے بھی نہیں ملے گی۔ عریانی کے حوالے سے وطنِ عزیز کے ائیر پورٹس تو اب لندن اور پیرس کے ائیر پورٹس سے کسی صورت کم نہیں لگتے۔ ایسی خواتین جب مائیں بنتی ہیں تو اپنی چار چار پانچ پانچ سالہ معصوم بچیوں کو بھی ایسا شرمناک عریاں لباس پہناتی ہیں جسے دیکھ کر ہر باحیا آدمی شرم کے مارے پانی پانی ہو جاتا ہے ایسے والدین نہ صرف اپنے گناہوں کا وبال اپنے سر لیتے ہیں بلکہ نسل در نسل اپنی اولادوں کے گناہوں کا وبال بھی اپنے سر لیتے ہیں۔

مختصر لباس کے علاوہ تنگ لباس، جس سے جسم کے تمام نشیب و فراز نمایاں ہوتے ہیں، بھی عریانی میں شمار ہوتا ہے اسی طرح ایسا باریک لباس جس سے جسم کا رنگ نظر آئے، بھی عریانی میں شمار ہوتا ہے ایسے تمام عریاں لباس مردوں کیلئے جنسی ہیجان کا باعث بنتے ہیں جو بالآخر پورے معاشرے کو بے حیائی اور فحاشی میں مبتلا کر دیتے ہیں ..... رسول اکرم ﷺ نے ایسے عریاں لباس پہننے والی عورتوں کے بارے میں سخت وعید ارشاد فرمائی ہے۔ ارشاد مبارک ہے: ''ایسی عورتیں قیامت کے روز جنت کی خوشبو بھی نہیں پائیں گی۔'' (مسلم) دوسری حدیث میں ارشاد مبارک ہے: ''ایسی عورتیں قیامت کے روز ننگی ہوں گی۔'' (بخاری)

کسی زمانے میں عورتوں کو مردوں کے دوش بدوش چلنے کا شوق تھا لیکن جب سے ترقی پسندی اور روشن خیالی کا غلبہ ہوا ہے تب سے مردوں پر عورتوں کے دوش بدوش چلنے کا جنون سوار ہو گیا ہے۔ مختصر شرٹ اور پاؤں میں گھسٹتی ہوئی کھلے پائنچوں والی پینٹ (فلیپر) کا چلن اس قدر عام ہو گیا ہے کہ بے دین اور بے نماز طبقہ کی تو بات چھوڑیئے دیندار اور نمازی طبقہ کو بھی شوق عریانی میں نہ تو مساجد کے تقدس کا لحاظ رہا ہے نہ ہی عبادت کے تقاضوں سے کوئی دلچسپی رہ گئی ہے رکوع و سجود میں ایسی شرمناک عریانی دیکھنے میں آتی ہے کہ دیکھنے والے نمازیوں کی نمازیں جو پہلے ہی خشوع و خضوع سے محروم ہوتی ہیں، محض ایک ایکسرسائز بن کے رہ جاتی ہیں لیکن کیا مجال ہے کہ کوئی کسی کو روک ٹوک سکے یا کسی کو نصیحت کر سکے؟

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا
کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا

مردوں میں عریانی کا ایک نیا انداز کچھ عرصہ سے دیکھنے میں آ رہا ہے بازوؤں کے بغیر بنیان یا مختصر شرٹ اور گھٹنوں تک نیکر اب عام استعمال کا لباس بنتا جا رہا ہے اسی لباس میں لوگ گھر سے باہر بازاروں، سپر مارکیٹوں اور پارکوں میں جاتے ہیں حتیٰ کہ اسی لباس میں مساجد میں جا کر نمازیں تک ادا کرتے ہیں کیا ایسے لباس کو شائستہ، پروقار اور مہذب لباس قرار دیا جا سکتا ہے؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سنتِ رسول ﷺ کی خاطر ٹخنوں سے ازار اونچا کرنا بھی دشوار اور اس کے لئے بیسیوں بہانے لیکن مغرب کی نقالی میں گھٹنوں تک ازار اونچا کرنا عین تہذیب اور اس کے لئے بیسیوں دلائل؟ یہی وہ فتنہ ہے جس کے بارے میں رسول اکرم ﷺ نے آگاہ فرمایا ہے کہ ایک وقت آئے گا تم لوگ اپنے سے پہلی امتوں کے نقش قدم پر چلو گے اگر وہ ایک بالشت چلیں گے تو تم بھی ایک بالشت چلو گے، اگر وہ ایک ہاتھ چلیں گے تو تم بھی ایک ہاتھ چلو گے، اگر وہ دو ہاتھ چلیں گے تو تم بھی دو ہاتھ چلو گے حتیٰ کہ اگر وہ گوہ (ایک جانور کا نام) کے سوراخ میں داخل ہوں گے تو تم بھی اس میں داخل ہو گے، اگر ان میں سے کوئی اپنی ماں سے زنا کرے گا تو تم بھی اپنی ماں سے زنا کرو گے۔ (بزار)

اللہ تعالیٰ ہمیں اور ہماری اولادوں کو اس فتنے سے محفوظ فرمائے۔ آمین!

② مرد و عورت کی باہمی مشابہت والے لباس:

جب تک مردوں اور عورتوں کا الگ الگ تشخص قائم تھا تب تک مردوں اور عورتوں کے لباس بھی الگ الگ معروف تھے منقش (Printed) اور سوتی یا ریشمی دھاگے سے ہاتھ کی کڑھائی یا مشینی کڑھائی والے لباس صرف عورتوں کے لئے خاص تھے مردوں کی اکثریت سادہ سفید لباس پہنتی اور پسند کرتی تھی مدت دراز تک مردوں میں ہلکے مردانہ رنگ کی قمیص کے ساتھ سفید شلوار یا تہبند کا استعمال ہی پسند کیا جاتا تھا جو بہت ہی شائستہ اور پروقار لباس تھا۔ پہلے یہ لباس ایک ہی رنگ کے شلوار قمیص میں بدلا جسے عرف عام میں ''سوٹ'' کہا جاتا تھا جب جدت پسندی اور روشن خیالی کی لہر اٹھی تو ابتداءً مردوں کی قمیص کے گریبان پر کہیں کہیں سوتی دھاگے سے ہاتھ کی بنی ہوئی ہلکی پھلکی کڑھائی نظر آنے لگی پھر ریشمی دھاگے سے مشینی کڑھائی نظر آنے لگی ہر فتنے کی ابتدا اسی طرح بے ضرر اور غیر محسوس طریقے سے ہوتی ہے کہ اس وقت کوئی تصور بھی نہیں کر سکتا کچھ عرصہ بعد یہی چیز پوری قوم کے لئے فتنہ بن جائے گی۔ گریبان کی ہلکی پھلکی کڑھائی کفوں تک، گلے تک اور پھر قمیص کے گھیرے تک پہنچی اور پھر آہستہ آہستہ قمیص کے اگلے حصہ پر اور پھر عورتوں کی طرح قمیص کے دونوں طرف کڑھائی والے لباس مرد بھی استعمال کرنے لگے۔ نوبت بایں جا رسید کہ پھولدار، منقش کڑھائی والے اور چکن ایمبرائیڈری کے کپڑوں سے جس طرح عورتیں لباس سلواتی ہیں اسی طرح مرد بھی سلوانے لگے ہیں۔ [1] زری اور دبکے کے کام دار کرتے عورتیں بھی پہنتی ہیں مرد بھی

[1] اس فتنے کا المناک پہلو یہ ہے کہ نہ صرف دیندار حضرات بلکہ دوسروں کو عورتوں مردوں کی مشابہت کی مذمت پر دروس دینے والے، واعظ اور مبلغ حضرات خود اس ''مشابہت'' کے فتنے میں مبتلا ہیں (الا من شاء اللہ) اور وہ اسے مشابہت نہیں سمجھتے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہنتے ہیں، بھری کڑھائی کے بنے ریشم کے شلوار قمیص عورتیں بھی پہنتی ہیں مرد بھی پہنتے ہیں معاملہ صرف لباس تک محدود نہیں بلکہ مرد حضرات عورتوں کی طرح ہاتھوں میں سونے یا تانبے کے کڑے، انگوٹھیاں، گلے میں چین یا نکلیس کانوں میں ٹوپس اور بالیاں تک پہننے لگے ہیں عورتوں کی طرح نہ صرف لمبے بال بلکہ پونی کا فیشن بھی عام ہوتا جارہا ہے پہلے صرف عورتوں کے لئے بیوٹی پارلر تھے اب مردوں کے لئے بھی ویسے ہی بیوٹی پارلر ہیں جس طرح پہلے عورتیں سولہ سنگھار کرتی تھیں اب مرد بھی ویسے ہی سولہ سنگھار کرنے لگے ہیں جس طرح عورتیں آئی شیڈز، ہیئر اسٹائلنگ، ڈرائنگ، جیل اور اسکن مائسچرائزنگ وغیرہ کے ذریعے اپنے حسن و جمال میں نکھار پیدا کرنے کی کوشش کرتی تھیں اسی طرح مرد بھی اپنے حسن و جمال میں اضافہ کیلئے یہ سارے جتن کرنے لگے ہیں۔

دوسری طرف مرد بننے کی شوقین خواتین کا فتنہ بھی کم نہیں۔ مردانہ ساخت کی قمیص، شرٹ، ٹخنوں سے اونچی پتلون، پی کیپ، عینک، گھڑی، جوتے (بوٹ اور زری کے کھسے) کا رواج عام ہوتا جارہا ہے مردانہ ساخت کے جوتے مردانہ سٹائل کے بال، مردانہ چال ڈھال، مردانہ حرکات وسکنات اور مردانہ انداز گفتگو کے جنون نے اسلامی تہذیب اور ثقافت کا جنازہ نکال دیا ہے جس کے نتیجے میں گھروں کے اندر بے سکونی، بے اعتمادی، لڑائی جھگڑے، خاندانی نظام سے بغاوت اور گھر سے باہر اختلاط مرد وزن، جنسی بے راہ روی، بے حیائی اور فحاشی کا ایسا طوفان ہے جو روز بروز تند و تیز ہوتا چلا جارہا ہے جس کے سامنے بند باندھنے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی حالانکہ ارشاد نبوی ﷺ ہے: ''اللہ کی لعنت ہے ان مردوں پر جو عورتوں کی مشابہت اختیار کریں اور اللہ کی لعنت ہے ان عورتوں پر جو مردوں کی مشابہت اختیار کریں۔'' (بخاری) لیکن روشن خیالی اور جدّت پسندی کے اس دور میں کتنے ایسے خوش نصیب ہیں جو ایسی احادیث پر غور وفکر کرنے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں؟

③ شہرت اور ناموری کے لباس:

خوشی اور غمی انسانی زندگی کا لازمی جزو ہیں خوشی کے موقع پر حسب استطاعت اچھا پہننا اور اچھا رہنا سہنا قطعاً عیب نہیں لیکن جب ایسے مواقع پر اپنی امارت اور دولتمندی کا اظہار مقصود ہو تو نہ صرف یہ کہ ایسا طرز عمل معاشرے میں بہت سے بگاڑ پیدا کرتا ہے بلکہ شرعاً بھی کبیرہ گناہ ہے شادی بیاہ کے موقع پر دولتمند اور امیر لوگوں کا اپنی بیٹیوں کے لئے ڈھیروں ڈھیر قیمتی سے قیمتی جہیز تیار کرنا اور پھر عین نکاح کے روز اس کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باقاعدہ نمائش کرنا کہ پورے کنبے اور قبیلے کے لوگ اور اعزہ واقارب اس کی تعریف وتوصیف کریں اور ایک مدت تک لوگوں میں اس کا چرچا رہے کہ فلاں صاحب نے اپنی بیٹی کو ایسا اور ایسا جہیز دیا ہے اور اپنی بیٹی کے لئے ایسے اور ایسے لباس بنوائے ہیں، معاشرے میں بہت سے مفسدات کا باعث بنتا ہے۔ اسی طرح بیٹے والوں کا اپنی بہو کے لئے لاکھوں کے قیمتی لباس اور زیورات بنوانا پھر اپنی برادری اور کنبے قبیلے میں اس کی نمائش کرنا جس سے ان کی دولتمندی اور امارت کا چرچا اور شہرت ہو، ایسا طرز عمل ہے جس کے نتیجہ میں عام لوگوں کے لئے بے پناہ مسائل کھڑے ہو جاتے ہیں۔ غریب لوگ احساس کمتری میں مبتلا ہو جاتے ہیں راتوں رات امیر کبیر بننے کے خواہش مند نوجوانوں میں زیادہ سے زیادہ جہیز حاصل کرنے کا طمع اور لالچ پیدا ہوتا ہے جس کی وجہ سے غریب اور متوسط طبقہ کے لوگوں کی بیٹیاں ساری ساری زندگی ماں باپ کی دہلیز پر بیٹھی رہتی ہیں۔ بعض لوگ امیروں کی ہمسری اور برابری کرنے کے لئے بھاری قرض حاصل کرتے ہیں اور پھر ساری زندگی اس سے جان نہیں چھڑا پاتے۔ بعض لوگ جرائم کا راستہ اختیار کرتے ہیں اور جو لوگ کسی بااختیار منصب پر فائز ہوتے ہیں وہ رشوت اور دوسرے ناجائز ذرائع سے اپنا ''معیار زندگی'' بلند کرنے کی کوشش کرتے ہیں یوں شہرت اور ناموری کے لباس بنانے والے نہ صرف رسول اکرم ﷺ کی نافرمانی کے مرتکب ہوتے ہیں بلکہ معاشرے میں جرائم اور بہت سے دیگر مفسدات کا سبب بھی بنتے ہیں۔ شریعت نے ان مفسدات کا سدباب کرنے کے لئے بڑی عبرتناک سزا رکھی ہے آپ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے ''شہرت اور ناموری کا لباس پہننے والوں کو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز ذلت کا لباس پہنائے گا اور پھر اسے آگ لگا دے گا۔'' (ابن ماجہ) لیکن افسوسناک بات یہ ہے کہ ایسی شدید اور عبرتناک سزا کے باوجود معاشرے کی اکثریت آنکھیں بند کر کے بگٹٹ ایسے راستے پر چلی جا رہی ہے جس کا انجام دنیا اور آخرت کی بربادی کے سوا کچھ نہیں۔ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ؟

④ ضرورت سے زائد لباس:

رسول اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ قیامت کے روز ہر آدمی سے مال کے بارے میں یہ دو سوال ہونگے مال کیسے کمایا؟ اور کیسے خرچ کیا؟ جب تک آدمی ان دو سوالوں کا جواب نہیں دے پائے گا میدان حشر سے قدم نہیں ہٹا سکے گا۔'' اسی لئے اسلام نے اسراف (ضرورت سے زائد خرچ کرنا) کی سخت مذمت کی ہے اور اس سے بچنے کی بار بار تاکید فرمائی ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿كُلُوا وَاشْرَبُوا وَلَا تُسْرِفُوا إِنَّ اللَّهَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ○﴾ ترجمہ: ''کھاؤ اور پیو لیکن اسراف نہ کرو بے شک اللہ تعالیٰ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔'' (سورہ الاعراف، آیت نمبر 31) دوسری جگہ اس سے بھی زیادہ سخت انداز میں اسراف سے بچنے کا حکم دیا گیا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ کَانُوْا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ وَکَانَ الشَّیْطٰنُ لِرَبِّہٖ کَفُوْرًا ○﴾ ترجمہ: ''اسراف کرنے والے یقیناً شیطان کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا سخت ناشکرا ہے۔'' (سورہ بنی اسرائیل، آیت نمبر 27)

مذکورہ آیت کریمہ کی بہترین وضاحت وہ حدیث ہے جو رسول اکرم ﷺ نے ضرورت سے زائد بستر (یا لباس وغیرہ) بنانے کے بارے میں ارشاد فرمائی ہے ارشاد نبوی ﷺ ہے: ''گھر میں ایک بستر مرد کے لئے، دوسرا اس کی بیوی کے لئے، تیسرا مہمان کے لئے اور چوتھا (یعنی ضرورت سے زائد) شیطان کے لئے ہے۔'' (مسلم) دوسری حدیث میں ارشاد ہے: ''انواع واقسام کے لباس پہننے والے میری امت کے بدترین لوگ ہوں گے۔'' (طبرانی) قرآن وحدیث کے ارشادات کا سیدھا اور سادہ سا مفہوم یہ ہے کہ ضرورت سے زیادہ لباس بنانا شیطانی فعل ہے۔

عہدِ صحابہ کی تو بات ہی چھوڑیئے کہ بیشتر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مکمل ایک لباس بھی میسر نہیں تھا۔ [1] حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرح براہِ راست رسول اکرم ﷺ کے تربیت یافتہ تو نہ تھے لیکن پھر بھی اڑھائی سال کی مختصر مدت میں اپنے ایمان، تقویٰ اور خدا خوفی کی بدولت تاریخ کا رخ دوبارہ خلافت راشدہ کی طرف موڑ دیا، جب مرض الموت میں مبتلا ہوئے تو امرائے مملکت تیمارداری کیلئے آنے لگے آپ کی بیوی (فاطمہ بنت عبدالملک) کے بھائی نے بہن سے کہا ''بہن امیر المومنین کے کپڑے سخت میلے ہو رہے ہیں لوگ بیمار پرسی کے لئے آ رہے ہیں انہیں بدل دو۔'' فاطمہ نے بات سنی اور خاموش ہوگئی بھائی نے دوبارہ سہ بارہ بات کی تو بہن کہنے لگی ''اللہ کی قسم! امیر المومنین کے پاس اس کے علاوہ دوسرے کپڑے نہیں ہیں، میں کہاں سے بدلوا دوں؟''

کتاب وسنت کے احکام اور اسلاف کا یہ طرز عمل ہمارے لئے مینارہ نور ہونا چاہئے تھا لیکن انتہائی افسوسناک امر یہ ہے کہ امراء کیا اور غرباء کیا، ضرورت سے زائد اندھا دھند ڈھیروں ڈھیر لباس بنائے چلے جاتے ہیں یہی حال جوتوں کا ہے، خاص طور پر خواتین ہر لباس کے ساتھ میچ کرنے والا جوتا الگ خریدنا

[1] حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم کپڑوں کی کمی کی وجہ سے ایک ہی کپڑے میں نماز پڑھتے تھے لیکن جب اللہ تعالیٰ نے فراخی عطا فرما دی تو ہم لوگ دو کپڑوں میں نماز پڑھنے لگے۔ (احمد)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضروری سمجھتی ہیں۔ جب ہمارے گھروں پر شیطان نے اس طرح سے تسلط جما رکھا ہے تو پھر خیر و برکت کہاں سے آئے گی اور اللہ کی رحمت کا نزول کیسے ہوگا؟ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کے نتیجہ میں تو دہشت گردی، خوف، بھوک، امراض، بدامنی، جرائم، قحط سالی جیسے مصائب و آلام کا ہی نزول ہوگا۔ اب یہ ہمارے اوپر منحصر ہے کہ ہم اپنے گھروں کیلئے خیر و برکت اور اللہ کی رحمت کا انتخاب کرتے ہیں یا مصائب و آلام، بیماریاں، بھوک، افلاس اور بدامنی کو پسند کرتے ہیں۔

⑤ تحریروں والے لباس:

گزشتہ ایک عشرے میں جس تیزی کے ساتھ ہماری اقدار میں تبدیلی آنی شروع ہوئی ہے اسے بلاشبہ علاماتِ قیامت کا عنوان دیا جاسکتا ہے کل تک جو چیز معاشرے میں عیب سمجھی جاتی تھی وہی چیز آج ہمارے لئے حسن و خوبی بن گئی ہے اور جو چیز پہلے حسن و خوبی سمجھی جاتی تھی آج وہی ہمارے لئے عیب سمجھی جانے لگی ہے۔ چند سال قبل کسی شخص کی قمیص پر کوئی معمولی سا نشان، داغ یا دھبہ عیب سمجھا جاتا تھا لیکن اب صورت حال یہ ہے کہ کپڑوں پر انگریزی، ہندی، لاطینی اور اردو زبان میں رنگ برنگی الٹی سیدھی، عجیب و غریب اور مضحکہ خیز تحریریں لکھی ہوتی ہیں جن میں سے بعض تحریروں کا مطلب تک معلوم نہیں ہوتا اور لوگ بڑے شوق سے مہنگے داموں ایسے لباس خرید کر خود بھی پہنتے ہیں اور بچوں کو بھی پہناتے ہیں لباس پر لکھے ہوئے چند عبرانی الفاظ پر غور فرمایئے اور اندازہ لگایئے کہ مسلم امت کے لئے یہ کتنا بڑا فتنہ ہے؟

بو کیمون	میں یہودی ہوں	تشار مندر	اللہ کمزور ہے
بکاتشو	یہودی بنو	جرولیت	اللہ بخیل ہے
بلباصور	میری خواہش ہے کہ میں یہودی بنوں	ما قمار	اللہ بے وقوف ہے

اور اب انگریزی کے بعض الفاظ ملاحظہ فرمائیں:

Kiss Me,	Take Me,	Follow Me,	BuyMe,
Sow(سؤرنی),	Lovely,	Nike(دیوتا کا نام),	Tippler(بلانوش),
Zian(صہیونی),	Prostitute(طوائف),	Playboy(آوارہ),	Cow Boy,
For you,	ZEOS(دیوتا کا نام),	Love me,	Cupid(دیوتا کا نام),
Lupercalia(دیوتا کا نام)	Spiderman,	Pupy(پلا),	I Miss you,

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Wellcome, Venus(دیوتا کا نام), The Hell, Chick it,

For sale, I am very hot but not ror you.

ایسے ہی اور ان جیسے دیگر بے ہودہ، فحش یا مشرکانہ الفاظ کپڑوں پر تحریر ہوتے ہیں جنہیں پڑھے یا سمجھے بغیر لوگ خرید کر پہن لیتے ہیں۔ بعض کپڑوں پر ایکٹروں اور ایکٹرسوں کے نام تحریر ہوتے ہیں بعض کپڑوں پر انتہائی ظالم اور سفاک عیسائی جرنیلوں یا حکمرانوں کے نام لکھے ہوتے ہیں جنہوں نے مسلمانوں کا قتل عام کیا اور ان پر بے پناہ مظالم ڈھائے اور ہم انہیں اپنے سینوں سے لگاتے پھرتے ہیں کبھی ہم نے غور کیا یہ 'Rojer' کون تھا؟[1] 'Ferdenend' کون تھا؟[2] 'Richard' اور 'Peter' کون تھے؟[3] جن کے ناموں کی بنیانیں یا قمیصیں ہم دن رات اپنے بچوں کو پہنا کر پھولے نہیں سماتے؟

لمحہ بھر کے لئے سوچئے اگر ہم طارق بن زیاد رحمہ اللہ یا صلاح الدین ایوبی رحمہ اللہ کے نام کپڑوں پر لکھ کر یورپ میں بھیجیں تو کتنے غیر مسلم ہوں گے جو انہیں خرید کر پہنیں گے؟

چند سال سے اب ایک نیا فیشن شروع ہو گیا ہے۔ مختلف تہواروں پر نوجوان لڑکے اور لڑکیاں یونیورسٹیوں اور کالج کے طلباء و طالبات تہواروں کی مناسبت سے اپنے چہرے پر الٹی سیدھی تحریریں، نقشے یا تصویریں پینٹ کرتے ہیں اور کفار کی اس نقالی پر بڑا فخر محسوس کرتے ہیں۔

المناک حقیقت یہ ہے کہ جدت پسندی اور روشن خیالی کے گمراہ کن فلسفہ نے ہمارے اندر نہ اخلاقی غیرت چھوڑی ہے نہ ہی ملی اور دینی غیرت رہنے دی ہے۔

غیرت نام تھا جس کا، گئی تیمور کے گھر سے

---

[1] مسلمانوں نے سسلی پر 264 برس بڑے عدل وانصاف اور مثالی حسن سلوک کے ساتھ حکومت کی لیکن مسلمانوں کے زوال کے بعد 1052ء میں راجر اول اقتدار میں آیا تو اس نے نہ صرف مسلمانوں کی جائیدادیں چھین لیں بلکہ مسلمانوں کے گھروں کو جلا ڈالا، مساجد بند کروادیں اور رسول اکرم ﷺ کو ہر محفل میں گالیاں دینے کا حکم دیا۔ (نعوذ باللہ!)

[2] 1492ء میں سقوط غرناطہ ہوا "معاہدہ امن" پر مسلمانوں کی طرف سے ابوعبداللہ اور عیسائیوں کی طرف سے فرڈیننڈ نے دستخط کئے۔ دستخط کرنے کے بعد فرڈیننڈ نے معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مسلمانوں کو سپین سے ختم کرنے کی مہم شروع کر دی۔ ایک مذہبی عدالت کے حکم پر بارہ ہزار مسلمان زندہ آگ میں جلا دیئے گئے، کم وبیش 30 ہزار مسلمان قتل کئے گئے، لاکھوں کتب پر مشتمل سینکڑوں لائبریریاں جلا دی گئیں عدالتی فیصلہ کے بعد فرڈیننڈ نے حکم جاری کیا کہ تمام مسلمان دین عیسوی قبول کر لیں ورنہ انہیں قتل کر دیا جائے گا کچھ لوگوں نے عیسائیت قبول کر لی اور کچھ لوگوں نے پہاڑوں اور جنگلوں میں پناہ لی۔

[3] برطانوی مورخ اسے "شیر دل رچرڈ" لکھتے ہیں تیسری صلیبی جنگ میں اسی رچرڈ نے تین ہزار کے ایک اسلامی لشکر کو وعدہ معافی دے کر ہتھیار رکھوا لئے اور ہتھیار رکھوانے کے بعد سب کو قتل کروا دیا۔ پیٹر قسطنطنیہ کا بادشاہ تھا اس نے غرناطہ کے سلطان محمد ششم کو اپنی دعوت پر بلایا اور دھوکے سے قتل کروا دیا۔ (یورپ پر اسلام کے احسان، از ڈاکٹر غلام جیلانی برق)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑥ تصاویر والے لباس:

لباس نہ صرف انسانی ستر کی ضرورت پوری کرتا ہے بلکہ انسان کے لئے زیب وزینت اور حسن وجمال کا باعث بھی بنتا ہے۔ کہا جاتا ہے: ''اَلنَّاسُ بِاللِّبَاسِ'' (یعنی انسان کی شخصیت لباس سے ہی بنتی ہے) 'لباس، انسان کی سنجیدہ یا غیر سنجیدہ شخصیت کا آئینہ دار ہوتا ہے۔'' صاف ستھرا، بے داغ اور بے عیب لباس انسان کے وقار اور عزوشرف کو چار چاند لگا دیتا ہے جبکہ داغدار اور عیب دار لباس انسان کے وقار اور عزوشرف کو گہنا دیتا ہے حساس اور لطیف طباع کے لئے تو لباس پر معمولی سا دھبہ بھی ناقابل برداشت ہوتا ہے لیکن اب یوں لگتا ہے کہ حساس اور لطیف طباع کے انسان نہ ہونے کے برابر ہیں۔ ہر طرف داغدار، عیب دار، بیلدار، رنگدار لباس پہننے والے رنگین مزاج کے لوگوں کی کثرت ہے۔ بے جان اشیاء مثلاً سائیکل یا چھکڑا، میز یا کرسی، عمارت یا درخت وغیرہ کی تصاویر اگرچہ شرعاً ممنوع نہیں ہیں لیکن لباس پر ایسی چیزوں کی تصویریں بھی انسانی عزوشرف، وقار اور سنجیدگی کے سراسر منافی ہیں۔ بے جان اشیاء میں سے وہ اشیاء جو کفار یا مشرکین کے مذہبی شعار میں شامل ہوں ایسی اشیاء کی تصاویر والے لباس پہننا قطعاً حرام ہے مثلاً عیسائیوں کا نشان صلیب یا ہندوؤں کا نشان ترشول یا مجوسیوں کا نشان زُنّار یا سکھوں کا نشان کرپان وغیرہ ایسی تصاویر والے کپڑے میں پڑھی گئی نماز بھی ادا نہیں ہوگی۔

جہاں تک جاندار اشیاء کی تصاویر کا تعلق ہے وہ خواہ لباس پر ہو یا بستر پر یا پردوں پر یا کسی دوسری چیز پر، اسکی حرمت میں قطعاً کوئی شک نہیں ایسے لباس کا پہننے والا گناہگار اور اللہ کی رحمت سے محروم ہے اور ایسے لباس میں ادا کی گئی نمازیں ناقص اور نامکمل ہوں گی۔

لباس پر جاندار اشیاء کی تصاویر بلا امتیاز ایک جیسی حرام ہیں لیکن اسے ایمان کی جانکنی ہی کہنا چاہئے یا پرلے درجے کی دین سے دوری اور جہالت کہ بعض لوگ ایسے لباس پہنتے ہیں جن پر ایسے موذی جانوروں کی تصویریں بنی ہوتی ہیں جو جہنم میں بطور عذاب گناہگاروں پر مسلط کئے جائیں گے سانپ اور بچھو دونوں جہنم کے انتہائی خطرناک موذی جانور ہیں اور بعض لوگ انہی سانپوں اور بچھوؤں کی تصاویر والے لباس پہنتے ہیں حیرت در حیرت بات یہ ہے کہ بعض مسلمان خواتین سانپ کی شکل کے زیورات، انگوٹھی، چوڑیاں اور کڑے پسند کرتی اور پہنتی ہیں کیا ایسی خواتین پسند کریں گی کہ قیامت کے روز ان کے بازوؤں یا ہاتھوں پر ایسے زہریلے سانپ مسلط کر دیئے جائیں جن کے ایک مرتبہ ڈسنے سے چالیس سال تک انسان اس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زہر سے تڑپتا رہے؟ اس سے بڑی بدبختی اور اللہ کی رحمت سے محرومی والی بات اور کیا ہوگی کہ ایک آدمی (مرد یا عورت) دنیا میں ہی برضا ورغبت اپنے لئے اس عذاب کا انتخاب کرلے جو اللہ تعالیٰ نے گناہگاروں اور فاسقوں کے لئے قیامت کے روز تیار کر رکھا ہے!

⑦ کٹے پھٹے اور پیوند لگے لباس:

خوب اور ناخوب، پسند اور ناپسند کے پیمانے اس تیزی سے بدل رہے ہیں کہ ''محو حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی'' والا معاملہ ہو گیا ہے ؎

تھا جو ناخوب بتدریج وہی خوب ہوا
کہ غلامی میں بدل جاتا ہے قوموں کا ضمیر

صرف چند سال ادھر کی بات ہے کہ کٹے پھٹے یا پیوند لگے کپڑے پہننا عار کی بات سمجھی جاتی تھی اور اسے لباس میں ایک عیب سمجھا جاتا تھا اب یہ وقت ہے کہ فیکٹریوں سے بڑی مہارت اور کاریگری سے کٹے پھٹے اور پیوند لگے کپڑے تیار ہو کر آتے ہیں اور نوجوان لڑکے اور لڑکیاں مہنگے داموں بڑے شوق سے خرید کر پہنتے ہیں۔ کسی پتلون کے پائنچوں کے درمیان میں پیوند لگے ہوتے ہیں کسی کے اوپر کسی کے نیچے، کسی پتلون کے پائنچوں پر ویسے ہی کٹے پھٹے کپڑے جوڑنے کی طرز پر الٹی سیدھی سلائیاں لگی ہوتی ہیں بیشتر پتلونوں کے دائیں بائیں دونوں پائنچوں پر اوپر سے لے کر نیچے تک چھوٹے بڑے کئی کئی جیب لگے ہوتے ہیں اور ساتھ تین تین چار چار انچ کی پٹیاں یا ڈوریاں لٹک رہی ہوتی ہیں۔ پتلون کی پچھلی جیبوں پر عجیب وغریب اور مضحکہ خیز سٹکر، تحریریں، شکلیں یا سلائیاں لگی ہوتی ہیں۔ بائیس چوبیس انچ کھلا اور پاؤں سے کم از کم دو تین انچ نیچے زمین پر گھسٹتے ہوئے پائنچے میں اب ایک اور مضحکہ خیز اضافہ ہوا ہے کہ پچھلی جیبوں سے تھوڑا آگے ایک طرف یا دونوں طرف پانچ چھ انچ لمبا دھاگوں کا گچھا، دم کی طرز کا لٹکنا شروع ہو گیا ہے۔ آج تک تو ہم پورے یقین کے ساتھ ڈارون کی تھیوری کا انکار کرتے چلے آرہے تھے کہ یہ قرآن وحدیث سے ثابت نہیں لیکن اب بعض لوگوں کی حرکات وسکنات سے یوں لگتا ہے کہ شاید کچھ لوگ واقعی ڈارون کی تھیوری کے مطابق بندر سے ہی انسان بنے تھے جو اب آہستہ آہستہ پھر اپنی پہلی جون کی طرف واپس پلٹ رہے ہیں۔

ایسے مضحکہ خیز لباسوں کا المناک پہلو یہ ہے کہ اولاً بے دین، ملحد اور روشن خیال طبقہ یہود ونصاریٰ کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیروی میں ایسے فیشن اختیار کرتا ہے پھر آہستہ آہستہ پڑھا لکھا سنجیدہ اور دیندار طبقہ بھی اس فیشن میں مبتلا ہو جاتا ہے اور اس میں کسی قسم کی قباحت محسوس نہیں کرتا۔

ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہیے　　خامہ انگشت بدنداں ہے اسے کیا لکھیے؟

⑧ مزین اور منقش برقع:

حجاب کا حکم دیتے ہوئے اہل ایمان خواتین کو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: ﴿وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا﴾ ترجمہ: ''اور خواتین اپنی زینت کو (غیر محرم مردوں کے سامنے) ظاہر نہ کریں سوائے اس کے جو اپنے آپ ظاہر ہو جائے۔'' (سورہ النور، آیت نمبر 31)

زینت سے مراد ہر وہ چیز ہے جو انسان کی خوبصورتی اور حسن و جمال میں اضافہ کرے لہٰذا عورت کیلئے چہرے کا بناؤ سنگھار، زیورات، لباس، فیشن ایبل جوتے چاروں چیزیں زینت میں شامل ہیں۔ خواتین کو ساتر لباس کی شرط کے ساتھ رنگین، پھولدار، منقش، مشینی کڑھائی والے، ہاتھ کی کڑھائی والے، زری والے کام، گوٹی کناراوالے، سلمہ ستارے والے ریشمی، غیر ریشمی ہر طرح کے لباس پہننے کی اجازت ہے۔ بلاشبہ اچھا اور عمدہ لباس مرد کو بھی حسن و جمال عطا کرتا ہے لیکن عورت کو مرد کی نسبت کہیں زیادہ خوبصورتی، زینت اور حسن و جمال بخشتا ہے آج کل خواتین لباس کے ساتھ ساتھ جوتے بھی میچ کرتی ہیں اگر کسی عورت کے پاس درجن بھر لباس کے جوڑے ہیں تو درجن بھر جوتوں کے جوڑے بھی ہوں گے لباس کے ساتھ جوتے میچ کرنے کا مقصد اس کے علاوہ اور کیا ہے کہ جوتے بھی عورت کے حسن و جمال اور خوبصورتی میں اضافہ کرتے ہیں لہٰذا چہرے کا بناؤ سنگھار، زیورات (خواہ ہاتھ کے ہوں، پاؤں کے یا گلے کے) لباس اور جوتے تمام چیزیں زینت میں شامل ہیں لہٰذا آیت مبارکہ کے پہلے حصہ میں حکم یہ ہے کہ اس ساری زینت کو (سر سے لے کر پاؤں تک) چادر یا برقع سے چھپایا جائے۔

آیت مبارکہ کے دوسرے حصے میں اس بات کی اجازت دی گئی ہے کہ وہ زینت جو بلا ارادہ اپنے آپ ظاہر ہو جائے اس پر مواخذہ نہیں ہوگا۔

اپنے آپ ظاہر ہونے والی زینت سے کیا مراد ہے؟ اس کے بارے میں بعض مفسرین کے اقوال حسب ذیل ہیں:

① ''مَا ظَهَرَ مِنْهَا'' میں جس چیز کو مستثنیٰ رکھا گیا ہے وہ اوپر کے کپڑے جیسے برقع یا لمبی چادر ہے جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زینت کے کپڑوں کو چھپانے کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں۔(معارف القرآن، از مفتی محمد شفیع جلد ششم، صفحہ 401)

② اپنے آپ ظاہر ہونے سے مراد وہ چادر ہے جو اوپر سے اوڑھی جاتی ہے کیونکہ اس کا چھپانا تو ممکن نہیں ہے اور عورت کے جسم پر ہونے کی وجہ سے بہر حال وہ بھی اپنے اندر ایک کشش رکھتی ہے۔ اپنے آپ ظاہر ہونے والی زینت میں یہ بات بھی شامل ہے کہ چادر ہوا سے اڑ جائے اور لباس یا زیور کی زینت ظاہر ہو جائے۔(تفہیم القرآن، جلد سوم، صفحہ 285)

③ آپ سے آپ ظاہر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اگر بڑی چادر یا برقع کسی وقت ہوا سے اڑ جائے یا غفلت یا کسی دوسرے اتفاق کی بناء پر عورت کی زینت یا اس کا کچھ حصہ ظاہر ہو جائے تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں۔(تیسیر القرآن، جلد سوم، صفحہ 260)

④ آپ سے آپ ظاہر ہو جائے سے مراد یہ ہے کہ چادر کے اٹھ جانے سے نیچے کی کوئی زینت کھل جائے۔(اشرف الحواشی، صفحہ 422، حاشیہ نمبر 10)

پس آپ سے آپ ظاہر ہونے والی زینت سے مراد دراصل وہ سادہ سی لمبی چادر یا سادہ برقع ہے جو عورت زینت چھپانے کے لئے اپنے اوپر اوڑھتی ہے اور اس کے ساتھ خوبصورت فیشن ایبل جوتوں کو بھی شامل کر لیجئے۔

پس آیت کریمہ کے دونوں حصوں کا خلاصہ یہ ہے کہ عورت کو پرکشش اور دلکش بنانے والی تمام زینت ایک سادہ چادر اور برقع کے اندر چھپی رہنی چاہئے تاکہ مردوں میں کسی قسم کا جنسی اشتعال یا ہیجان پیدا نہ ہو، گندے اور شیطانی خیالات کا غلبہ نہ ہونے پائے اور معاشرے میں کسی قسم کے بے راہ روی اور برائی جنم نہ لے سکے۔ البتہ سادہ چادر یا برقع بھی عورت کے اوپر ہونے کی وجہ سے ہے تو قابل زینت لیکن چونکہ اسے چھپانا ممکن نہیں ہے لہٰذا اس کے ظاہر ہونے پر مواخذہ نہیں۔

تلبیس ابلیس ملاحظہ ہو کہ وہی سادہ برقع جس کے ذریعہ زینت کو چھپانے کا حکم دیا گیا ہے اسی برقع کو سفید، رنگین یا سنہری دھاگوں، گوٹا کناری، سلمہ ستارہ یا سفید موتیوں کی کڑھائی وغیرہ سے اس قدر مزین اور پرکشش بنا دیا جاتا ہے کہ خواہی نخواہی مردوں کی نگاہوں کا مرکز بن جاتا ہے اور یوں نہ صرف برقع کا استعمال ہی بے معنی ہو کر رہ جاتا ہے بلکہ حجاب کے فتنوں میں ایک مزید فتنے کے اضافہ کا باعث بنتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالیٰ نے جس فتنے کو ختم کرنے کے لئے چادر یا برقع اوڑھنے کا حکم دیا تھا شیطان نے اسی چادر یا برقع کے ذریعے عورتوں کو دوبارہ اسی فتنے میں مبتلا کر دیا ہے۔

قرآن مجید میں بنی اسرائیل کے جو جرائم گنوائے گئے ہیں ان میں سے ایک یہ تھا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ہفتہ کا دن یہودیوں کے لئے مقدس قرار دیا تا کہ اس روز وہ عبادت کے علاوہ کوئی دوسرا دنیاوی کام نہ کریں حتیٰ کہ خورد ونوش کے لئے مچھلی کا شکار کرنے سے بھی روک دیا گیا لیکن ساتھ ہی آزمائش بھی کی، ہفتہ کے روز مچھلیاں کثرت سے سطح آب پر نظر آتیں شیطان نے انہیں یہ حیلہ سکھایا کہ دریا کے کنارے گڑھے کھود لیں تا کہ مچھلیاں اس میں جمع ہو جائیں اور ہفتہ کا دن گزر جانے کے بعد اگلے روز انہیں پکڑ لیں یعنی اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو جو حکم دیا تھا اس پر بظاہر عمل تو کیا لیکن اس حکم کے اصل مقصد کو پورا نہ ہونے دیا۔ بنی اسرائیل کے اس فریب اور دھوکہ دہی کی انہیں یہ سزا دی گئی: ﴿قُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ ۝﴾ ترجمہ: ''ہم نے حکم دیا کہ بندر ہو جاؤ ذلیل اور رسوا۔'' (سورہ البقرہ، آیت نمبر 166)

اللہ تعالیٰ سے فریب اور دھوکہ دہی کرنے سے پہلے ہمیں ایک بار نہیں سو بار سوچنا چاہئے کہیں اللہ تعالیٰ کسی ایسے ہی عذاب کا فیصلہ ہمارے بارے میں بھی نہ فرما دے۔ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ! ''پروردگار! ہمیں ظالموں کے ساتھ نہ ملانا!''

⑨ پتلون اور شرٹ:

اسلام نے ہمیں بلاشبہ کسی خاص وضع قطع کا لباس تو عطا نہیں کیا بلکہ اس کے شرعی حدود وقیود بتا دیئے ہیں ان حدود وقیود کے مطابق ہر طرح کا لباس پہننا شرعاً جائز اور درست ہے تاہم کسی قوم کا خاص وضع قطع کا لباس اس قوم کی شناخت کا درجہ ضرور رکھتا ہے اور اگر وہ لباس شرعی تقاضوں کو بھی پورا کرتا ہو تو پھر اسے تبدیل کرنا اپنی قومی شناخت کو ختم کرنے کے مترادف ہے۔

ہمیں معلوم نہیں کہ برصغیر میں شلوار قمیص کب اور کیسے آیا لیکن دو باتیں بالکل واضح ہیں۔ پہلی بات یہ کہ شلوار قمیص برصغیر کا ہی لباس ہے بلکہ یوں کہئے کہ برصغیر کے ممالک میں سے خاص طور پر پاکستان اور افغانستان کی شناخت رکھتا ہے۔ دوسری بات یہ کہ دنیا بھر میں پائے جانے والے تمام لباسوں کے مقابلے میں شلوار قمیص زیادہ ساتر ہے۔ سعودی عرب کے علماء کرام نے بھی اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ شلوار قمیص بہت ہی ساتر لباس ہے حتیٰ کہ سعودی ''ثوب'' کے مقابلے میں بھی زیادہ ساتر ہے۔ احادیث کے مطالعہ سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معلوم ہوتا ہے کہ رسول اکرم ﷺ کو قمیص بہت پسند تھی اور قمیص کے نیچے آپ ﷺ ازار یا سِرْوَال استعمال فرماتے تھے۔ ہمارا گمان یہ ہے (واللہ اعلم بالصواب!) کہ برصغیر میں استعمال کی جانے والی پرانی طرز کی قمیص اگر پانچ یا چھ انچ مزید لمبی کر کے پہنی جائے تو یہ قمیص اور شلوار، رسول اکرم ﷺ کے پسندیدہ لباس کے قریب تر ہو جائے گی۔ سِرْوَال پائجامہ کو بھی کہتے ہیں اور شلوار کو بھی لیکن شلوار پائجامے کی نسبت کہیں زیادہ ساتر اور پہننے میں خوبصورت ہے لہٰذا شرعی تقاضوں کو پورا کرنے کی وجہ سے اور قومی لباس ہونے کی وجہ سے ہمیں کسی دوسرے لباس کو شلوار قمیص پر ترجیح نہیں دینی چاہئے بلکہ دنیا میں جہاں کہیں بھی ہوں پورے اعتماد اور فخر کے ساتھ شلوار قمیص پہننی چاہئے۔

اس بات میں دو رائیں نہیں ہو سکتیں کہ پتلون اور شرٹ نہ تو شلوار قمیص جیسا ساتر لباس ہے اور نہ ہی ہمارا قومی لباس ہے۔ انگریزوں نے جس طرح اپنی زبان ہمارے اوپر زبردستی مسلط کی اسی طرح اپنا لباس بھی زبردستی ہم پر مسلط کر دیا حالانکہ یہ دونوں چیزیں یعنی لباس اور زبان کسی قوم کی مستقل شناخت ہوتی ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ آزادی کے باوجود ہم ان دونوں چیزوں کے تسلط اور ان کے کڑوے کسیلے نتائج سے اپنی جان نہیں چھڑا سکے۔

اپنے بہتر قومی لباس کی جگہ کسی دوسری قوم کے کمتر لباس کو ترجیح دینے کا مطلب اس کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے کہ ہم اس قوم سے مرعوب ہیں اور اپنے آپ کو اس قوم سے کمتر سمجھتے ہیں لہٰذا جہاں تک روزمرہ زندگی کا تعلق ہے ہمیں پتلون اور شرٹ پہننے سے گریز کرنا چاہئے خاص طور پر نمازوں کے اوقات میں موجودہ رائج مختصر شرٹ اور پتلون کے استعمال سے گریز تو ہر قیمت پر ضروری ہے جن میں رکوع وسجود کے دوران ہونے والی عریانی کے باعث نمازوں کے باطل ہونے کا واضح طور پر خدشہ موجود ہے البتہ بعض صورتوں میں مجبوراً پتلون شرٹ کا استعمال کرنا پڑتا ہے مثلاً سکول یا کالج کی طرف سے مقرر کی گئی یونیفارم کی پابندی کے لئے، بعض فیکٹریوں میں کھلی قمیص یا شلوار کے کسی مشین میں پھنس کر جانی نقصان سے بچنے کے لئے، ایسی جگہوں پر ڈیوٹی دینے والے حضرات کے لئے ملازمت کے اوقات میں پتلون شرٹ کی بہرحال رخصت ہے۔

جہاں تک خواتین کے پینٹ شرٹ پہننے کا تعلق ہے ہماری ناقص رائے میں یہ قطعاً ممنوع ہے اولاً مردوں سے مشابہت کی وجہ سے جو لعنت زدگی کا باعث ہے ثانیاً شریعت نے عورت کی عصمت اور عفت کے تحفظ کے لئے جو سخت احکام دیئے ہیں ان کا تقاضا بھی یہی ہے کہ عورت پتلون اور شرٹ نہ پہنے کیونکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پتلون اور شرٹ عورت کے قابل شرم اور قابل ستر حصوں کو نمایاں کرتے ہیں جو واضح طور پر عریانی کی تعریف میں آتا ہے لہٰذا خواتین کو کسی قیمت پر پینٹ شرٹ نہیں پہننی چاہئے۔ واللہ اعلم بالصواب!

لعنت زدہ لوگ:

رسول اکرم ﷺ نے بعض گناہوں کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے کہ فلاں فلاں گناہ کرنے والا ملعون ہے یعنی اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔

لعنت سے کیا مراد ہے؟ لعنت دراصل ایک بددعا ہے جس کا مطلب ہے اللہ کی رحمت سے محروم ہونا جس شخص کے بارے میں رسول اللہ ﷺ یہ فرمادیں کہ فلاں فلاں شخص پر اللہ کی لعنت ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محروم ہے۔

ابلیس نے جب اللہ تعالیٰ کے حکم کی نافرمانی کی تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ﴿ وَاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ ﴾ ترجمہ: ''اور بے شک قیامت کے دن تک تجھ پر میری طرف سے لعنت ہے۔'' (سورہ ص، آیت نمبر 78)

اس لعنت کے نتیجے میں ابلیس ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محروم کردیا گیا توبہ کی توفیق سے محروم، نیکی کی توفیق سے محروم اور جنت سے محروم!

اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا کسی کو لعنت کا مستحق قرار دینا کس قدر سنگین معاملہ ہے.....اہل علم نے یہ وضاحت کی ہے کہ ایسے اعمال جن کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے لعنت کے الفاظ استعمال فرمائے ہیں وہ کبیرہ گناہ ہیں اور کبیرہ گناہ کا مرتکب جہنم میں جائے گا، جب تک اپنے گناہوں کی سزا نہیں بھگتے گا تب تک جہنم سے نکالا جائیگا نہ جنت میں جائیگا۔

ایسے اعمال تعداد میں بہت زیادہ ہیں جن کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے لعنت کے الفاظ استعمال فرمائے ہیں لیکن ہم یہاں صرف انہی اعمال کا تذکرہ کریں گے جن کا تعلق لباس اور اس کے متعلقات سے ہے۔

① بالوں میں مصنوعی بال لگانا: ایسے مرد اور عورتیں جو دوسروں کو خوبصورت بنانے کے لئے ان کے بالوں میں مصنوعی بال لگانے کا کاروبار کرتے ہیں جیسا کہ آج کل بیوٹی پارلر چلانے والے کرتے ہیں ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے: ''لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةُ'' ترجمہ: ''اللہ کی لعنت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے مصنوعی بال دوسروں کو لگانے والی پر۔'' (بخاری)

④ بالوں میں مصنوعی بال لگوانا: بالوں میں مصنوعی بال لگوانے والا مرد ہو یا عورت ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے اور اس معاملے میں بیماری یا عیب چھپانے کا بہانہ بھی جواز نہیں بن سکتا ایک خاتون حاضر خدمت ہوئی اور عرض کی ''میری بیٹی کے بال بیماری کی وجہ سے جھڑ گئے ہیں اب اس کے نکاح کی تقریب ہے کیا میں اسے جوڑا لگا دوں؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُوْلَةَ'' ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ نے جوڑا لگانے والی اور لگوانے والی پر لعنت فرمائی ہے۔'' (بخاری)

③ جسم پر انمٹ بیل بوٹے بنانا: خوبصورتی کے لئے مردوں یا عورتوں کے جسم پر مشین سے یا کسی دوسرے طریقے سے انمٹ بیل بوٹے بنانے یا نام لکھنا یا نشان وغیرہ بنانے والوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے ''لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَةِ'' ترجمہ: ''جسم پر انمٹ بیل بوٹے بنانے والی پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔'' (بخاری) یاد رہے کہ منہدی سے ہاتھوں پر بیل بوٹے بنانا اس حکم سے مستثنیٰ ہے کیونکہ اس کا استعمال سنت سے ثابت ہے نیز اس کے نقش انمٹ نہیں ہوتے۔

④ جسم پر بیل بوٹے بنوانا: ایسے مرد اور عورتیں جو بیوٹی پارلروں میں یا کسی بھی جگہ سے اپنے جسم پر انمٹ بیل بوٹے بنوائیں ان پر بھی اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے: ''لَعَنَ اللّٰهُ الْمُسْتَوْشِمَةَ'' ترجمہ: ''اللہ کی لعنت ہو بیل بوٹے بنوانے والی پر۔'' (بخاری)

⑤ چہرے سے بال اکھاڑنا: دوسری عورتوں کو خوبصورت بنانے کے لئے ان کے چہرے کے بال نوچنا، بھنوؤں کے بال نوچ کر باریک کرنا، دونوں ابروؤں کے درمیان بال گھنے ہونے کی وجہ سے بال اکھاڑنا جیسا کہ آج کل بیوٹی پارلروں میں کیا جاتا ہے، ایسا کام یا کاروبار کرنے والے مرد ہوں یا عورتیں، ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ''لَعَنَ اللّٰهُ النَّامِصَاتِ'' ترجمہ: ''اللہ کی لعنت ہے دوسری عورتوں کے چہرے سے بال اکھاڑنے والی عورتوں پر۔'' (مسلم)

⑥ چہرے سے بال اکھڑوانا: خوبصورت بننے کے لئے چہرے سے بال اکھڑوانا بھنویں باریک کروانا یا بھنویں صاف کروانا بھی لعنت کا باعث ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ''لَعَنَ اللّٰهُ الْمُتَنَمِّصَاتِ'' ترجمہ: ''اللہ کی لعنت ہے چہرے سے بال اکھڑوانے والی عورتوں پر۔'' (مسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑦ دانتوں کو خوبصورت بنانے کے لئے کھلا کرنا: دانتوں کو خوبصورت بنانے کے لئے رگڑنے والیوں، یا کھلا کرنے والیوں پر بھی اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں "لَعَنَ اللّٰهُ الْمُتَفَلِّجَاتِ" ترجمہ: "اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے دانت خوبصورت بنانے کے لئے رگڑنے والی عورتوں پر۔" (مسلم)

⑧ مردوں عورتوں کا باہمی مشابہت اختیار کرنا: ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے "ان مردوں پر لعنت ہے جو عورتوں سے مشابہت اختیار کریں اور ان عورتوں پر لعنت ہے جو مردوں سے مشابہت اختیار کریں۔" (بخاری) یہ مشابہت خواہ لباس میں ہو، چال ڈھال میں یا بول چال میں یا حرکات وسکنات میں سب کے لئے ایک جیسا ہی حکم ہے اس کی تفصیل گزشتہ صفحات میں بیان کی جا چکی ہے۔

یہ ہیں وہ بدنصیب مرد اور عورتیں جن پر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے۔ جہاں تک بیوٹی پارلرز کا تعلق ہے جن میں صبح وشام اللہ اور اس کے رسول کی لعنت والے تمام گناہوں کا ارتکاب کیا جاتا ہے وہ تو گویا اللہ تعالیٰ کے غیض وغضب کے کھلے کھلے مراکز ہیں جہاں کسی مومن مرد اور عورت کو داخل تک نہیں ہونا چاہئے اور جن گھروں میں مذکورہ بالا لعنت زدگی والے گناہوں میں سے کوئی ایک یا ایک سے زیادہ گناہ کرنے والے یا کرنے والیاں موجود ہوں ان گھروں کے بارے میں لمحہ بھر کے لئے غور فرمایئے کہ وہاں کبھی حقیقی مسرت، راحت، سکون، سکھ اور چین آ سکتا ہے؟ ہرگز نہیں، ایسے لعنت زدہ گھروں میں اگر بیماریاں، ڈپریشن، بے سکونی، بے خوابی، اضطراب، پریشانیاں، لڑائی جھگڑے، جادو کے اثرات، محرومیاں، ناکامیاں اور نامرادیاں مستقل ڈیرے ڈال لیں تو اس میں تعجب کی کونسی بات ہے؟ ان عوارض سے بچنے کا صرف ایک ہی راستہ ہے کہ انسان لعنت زدگی والے گناہوں کو ترک کرے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کر کے اللہ کی رحمت کے سایہ میں جگہ پالے۔ ارشاد مبارک ہے ﴿ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ ﴾ ترجمہ: "اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔" (سورہ آل عمران، آیت نمبر 132)

سوءِ خاتمہ کی علامت:

موت کا وقت معین تو ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کو اس کا علم نہیں۔ بچپن میں، جوانی میں، بڑھاپے میں، سفر میں، حضر میں، رات کے وقت یا دن کے وقت کسی بھی جگہ موت آ سکتی ہے جس کے لئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مومن کو ہر وقت تیار رہنا چاہئے۔ ہر مومن آدمی اس بات کی تمنا کرتا ہے کہ اس کا خاتمہ بالخیر ہو اور سوء خاتمہ سے محفوظ رہے۔

اہل علم نے حسن خاتمہ کی دو علامتیں بتائی ہیں۔ اولاً آدمی عقیدہ توحید پر مرے۔ ثانیاً اس حال میں اسے موت آئے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت اور رضا والے کام میں مشغول ہو۔ اسی طرح اہل علم نے سوء خاتمہ کی بھی دو علامتیں بتائی ہیں۔ اولاً آدمی عقیدہ شرک پر مرے۔ ثانیاً آدمی کی موت اس حال میں آئے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی میں مبتلا ہو۔ اگر کسی شخص کا عقیدہ توحید درست ہے لیکن اس حال میں اسے موت آئے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی میں مبتلا ہو تو یہ بھی سوء خاتمہ ہی کی علامت ہے۔ اگرچہ اس کا درجہ کم ہوگا اس بات میں دورائیں نہیں ہوسکتیں کہ داڑھی منڈانا، ازار ٹخنوں سے نیچے لٹکانا، عریاں لباس پہننا، بے حجاب گھر سے نکلنا، جوڑا لگانا، جسم گدوانا بھنویں بنانا، عورتوں کا مردوں سے مشابہت اختیار کرنا، یہ سارے اعمال اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کے اعمال ہیں۔ یہ سارے اعمال انسان (مرد ہوں یا عورتیں) اپنے حسن و جمال کو بڑھانے اور اپنے آپ کو زیادہ سے زیادہ خوبصورت بنانے کے لئے کئے جاتے ہیں۔ نوجوانی اور جوانی کی عمر میں لوگوں کی اکثریت اسی ذوق وشوق کو پورا کرنے میں گزار دیتی ہے اور پھر آہستہ آہستہ یہی عادات واطوار فطرت میں ایسے رچ بس جاتے ہیں کہ برائی برائی نہیں لگتی، برائی میں ہی سارا حسن و جمال نظر آنے لگتا ہے۔ برائی اس قدر دیدہ زیب اور خوشنما لگنے لگتی ہے کہ اس کے جائز اور درست ہونے کے شیطان سو دلائل سجھا دیتا ہے اور انسان کے دین وایمان کی یوں جڑ کاٹتا ہے کہ انسان کو خبر تک نہیں ہوتی۔ مرتے دم تک انسان اپنی اصلاح کی ضرورت محسوس نہیں کرتا اور ایسے ہی کبائر کا ارتکاب کرتے کرتے گور کنارے پہنچ جاتا ہے جو کہ سوء خاتمہ کی علامات ہے اور ہمیشہ ہمیشہ کا خسارہ اور ہلاکت کا باعث ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں سوء خاتمہ والے اعمال سے محفوظ رکھیں اور ہمیں موت اس حال میں آئے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی رضا والے کاموں میں مشغول ہوں۔ ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ ۝﴾ ترجمہ: ”اے لوگو! جو ایمان لائے ہو اللہ تعالیٰ سے اس طرح ڈرتے رہو جس طرح اس سے ڈرنے کا حق ہے اور تمہیں موت نہ آئے مگر اس حال میں کہ تم مطیع فرمان ہو۔“ (سورہ آل عمران، آیت نمبر 102)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعض غلط فہمیوں کا ازالہ:

لباس اور اس کے متعلقات کے بارے میں لکھے پڑھے اور باشعور طبقہ میں بھی کچھ ایسی غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں جن کی وجہ سے وہ نہ صرف سنت کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوتے ہیں بلکہ اس بات پر پوری طرح مطمئن ہوتے ہیں کہ وہ عین سنت کے مطابق عمل کر رہے ہیں۔ ذیل میں ہم ایسی ہی بعض غلط فہمیوں کی نشاندہی کرنا چاہتے ہیں۔

① **ٹخنوں سے نیچے ازار باندھنا:** ٹخنوں سے نیچے ازار باندھنے کے بارے میں دو طرح کی احادیث ہیں ایک حدیث کے الفاظ ہیں ''جس نے اپنا ازار تکبر کی وجہ سے نیچے کیا اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس پر نظر کرم نہیں فرمائیں گے۔'' دوسری حدیث کے الفاظ یہ ہیں ''ٹخنوں سے نیچے والا کپڑا آگ میں جائے گا۔'' دونوں مضامین کی احادیث مختلف راویوں سے احادیث کی مختلف کتب میں موجود ہیں جن سے لوگوں کی اکثریت یہ سمجھتی ہے کہ جو شخص تکبر کی وجہ سے اپنا ازار یا شلوار نیچی کرے اس کیلئے یہ سزا ہے لیکن جو شخص تکبر کے بغیر ٹخنوں سے ازار یا شلوار نیچی کرے اس کیلئے یہ سزا نہیں ہے۔ اس موقف کی مزید تائید حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے واقعہ سے حاصل کی جاتی ہے جس میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے ازار کا ایک کنارہ بے دھیانی میں نیچے چلا جاتا ہے۔'' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''تم ان لوگوں میں سے نہیں ہو جو تکبر کی وجہ سے ازار ٹخنوں سے نیچے کرتے ہیں۔'' یہ واقعہ بھی کم وبیش حدیث کی تمام کتابوں میں موجود ہے۔ بظاہر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اس واقعہ سے مذکورہ بالا موقف کی تائید ہوتی ہے اور پھر اکثر لوگ خود ہی یہ فیصلہ فرما لیتے ہیں کہ ہم تو تکبر کی وجہ سے ایسا نہیں کر رہے لہٰذا ہمارے لئے ازار یا شلوار ٹخنوں سے نیچے کرنا جائز ہے۔ ہماری ناقص رائے میں یہ انداز فکر درست نہیں۔

اولاً: اپنے بارے میں از خود یہ فیصلہ کر لینا کہ میرے اندر تکبر نہیں، شیطان کا بہت بڑا فریب اور دھوکہ ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿فَلَا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ﴾ ترجمہ: ''یعنی خود اپنے منہ میاں مٹھو نہ بنو۔'' (سورہ النجم، آیت نمبر 32) ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے: ''آدم کے سارے بیٹے خطا کار ہیں۔'' (ترمذی) دوسری حدیث میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''كُلُّكُمْ مُذْنِبٌ'' ترجمہ: ''تم سارے کے سارے گناہگار ہو۔'' (احمد، ترمذی) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علی رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا حال یہ تھا کہ ہر وقت آخرت کی پکڑ سے خوفزدہ رہتے تھے اور آج چودہ سو سال بعد ہم جیسے گناہگاروں کا اپنے آپ کو خود ہی تکبر سے بری قرار دے لینا شیطانی فریب اور دھوکہ نہیں تو اور کیا ہے؟

ثانیاً: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث شریف میں خود ہی یہ وضاحت فرمادی ہے کہ جو بھی اپنا ازار یا شلوار وغیرہ ٹخنوں سے نیچے کرتا ہے وہ تکبر کی وجہ سے ہی کرتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے "وَاِیَّاکَ وَاِسْبَالِ الْاِزَارِ فَاِنَّهُ مِنَ الْمُخِیْلَةِ" ترجمہ: "یعنی ازار ٹخنوں سے نیچے لٹکانے سے بچو کیونکہ اسی کا نام تکبر ہے۔" (ابن حبان) [1] رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس وضاحت کے بعد کیا کسی مسلمان کے لئے یہ کہنے کی گنجائش باقی رہ جاتی ہے کہ "میں تو تکبر کی وجہ سے نہیں کرتا۔" اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کو تسلیم نہ کرنا یہی تو تکبر ہے اس سے بڑا تکبر اور کیا ہوگا؟

ثالثاً: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا ازار نیچے تھا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ ازار اونچا کرو اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فوراً اپنا ازار نصف پنڈلی تک اونچا کرلیا، کیا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے دل میں تکبر تھا اس لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے ازار اونچا کروایا؟ بنو ثقیف کا ایک آدمی جارہا تھا اس کا ازار ٹخنوں سے نیچے تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آگے بڑھ کر اس کا ازار پکڑ لیا اور فرمایا "اسے اونچا کر" اس نے اپنا ازار فوراً اونچا کرلیا، کیا صحابی کے دل میں تکبر تھا تب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے ازار اونچا کروایا؟ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کا ازار لمبا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے چھوٹا کروایا، کیا حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کے دل میں تکبر تھا؟

وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت اور فرمانبرداری کے لئے ہر لحہ مستعد رہتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اشارہ پر اپنی جان اور مال سب کچھ قربان کرنے کے لئے تیار رہتے تھے کیا ان کے دلوں میں تکبر تھا اور ہم جو دن رات گناہوں کی دلدل میں دھنسے رہتے ہیں تکبر سے بری اور پاک ہیں؟

امر واقعہ یہ ہے کہ ازار ٹخنوں سے اونچا رکھنے کا حکم عام ہے جس پر عمل کرنا واجب ہے اور عمل نہ کرنے والا کبیرہ گناہ کا مرتکب ہے جس کی سزا جہنم ہے جب تک اللہ چاہے۔ لہٰذا ہمیں اس شیطانی فریب سے فوراً نکل آنا چاہئے کہ یہ حکم تکبر کے ساتھ مشروط ہے اور ہمارے اندر تکبر نہیں اس لئے ہمارے لئے ایسا کرنا جائز ہے۔

---

[1] مکمل حدیث مسئلہ نمبر 172-179 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعض حضرات کو یہ غلط فہمی ہے کہ ٹخنوں سے ازار یا شلوار اوپر رکھنے کا حکم صرف نماز کے لئے ہے اسلئے وہ نماز کے وقت اپنا ازار یا شلوار یا پتلون ٹخنوں سے اونچی کر لیتے ہیں اور نماز کے بعد پھر اسے نیچا کر دیتے ہیں اور اس بات پر مطمئن رہتے ہیں کہ ہم نے آپ ﷺ کے حکم پر بجا طور پر عمل کر لیا ہے..... یہ بھی سراسر شیطان کا دھوکا اور فریب ہے آپ ﷺ کے کسی قول یا فعل سے اس حکم کا نماز کے ساتھ مشروط ہونا ثابت نہیں یہ ایک مستقل حکم ہے خواہ نماز پڑھنی ہو یا نہ پڑھنی ہو۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو جب آپ ﷺ نے ازار اونچا کرنے کا حکم دیا تھا تو اس وقت وہ نماز کے لئے نہیں بلکہ کسی دوسرے کام کے لئے حاضر ہوئے تھے، بنو ثقیف کے آدمی کو آپ ﷺ نے بازار میں جاتے ہوئے پکڑ لیا اور اس کا ازار اونچا کروایا اسی طرح حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کا ازار چلتے پھرتے لمبا دیکھا تو فرمایا کہ اسے اپنا ازار چھوٹا کرنا چاہئے تو انہوں نے فوراً اپنا ازار چھوٹا کر لیا۔

پس جو آدمی رسول رحمت ﷺ کی دل سے اطاعت کرنا چاہتا ہے اسے نماز اور غیر نماز دونوں حالتوں میں اپنا ازار یا شلوار یا پتلون ٹخنوں سے اونچی رکھنی چاہئے ورنہ محض نماز کے وقت اونچا کرنا تو محض دکھاوا ہے یا پھر دھوکہ دینا ہے اپنے آپ کو۔ ﴿وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّا اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝﴾ (9:2)

② ٹوپی یا پگڑی اور نماز: وطن عزیز میں آج بھی اس مسئلہ پر بڑی شد و مد سے بحث کی جاتی ہے کہ ٹوپی کے بغیر نماز ہوتی ہے یا نہیں؟ ٹوپی استعمال کرنے والے اپنے حق میں دلائل کا ڈھیر رکھتے ہیں اور ٹوپی استعمال نہ کرنے والے بھی اپنے موقف کے حق میں ڈھیروں دلائل پیش کرتے ہیں ہماری ناقص رائے میں یہ بالکل بے بنیاد جھگڑا ہے جس کی کوئی اصل نہیں ہے۔

سیرت طیبہ کے مطالعہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ پگڑی یا ٹوپی مستقل طور پر آپ ﷺ کے لباس مبارک کا حصہ تھی۔ محض نماز کے وقت سر پر ٹوپی رکھ لینا اور نماز کے بعد فوراً اتار دینا بالکل ویسا ہی ایک مصنوعی اور بناوٹی سا عمل ہے جیسا کہ نماز کے وقت پتلون کے پائنچے اونچے کر لینا اور نماز کے بعد پھر نیچے کر لینا..... نہ پہلا عمل سنت سے ثابت ہے نہ دوسرا!

نماز پڑھنے کے لئے حکم یہ ہے کہ زینت اختیار کی جائے جس کا مطلب یہ ہے کہ شائستہ، پروقار، مہذب اور صاف ستھرا لباس پہنا جائے ہماری ناقص رائے میں پگڑی یا ٹوپی پروقار اور شائستہ لباس کا حصہ ہے اسلئے پگڑی یا ٹوپی کو مستقل طور پر اپنے لباس کا حصہ بنانا اللہ تعالیٰ کے حکم ﴿خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَسْجِدٍ﴾ ترجمہ: ''یعنی ہر نماز کے وقت اپنی زینت اختیار کرو۔'' کی اطاعت بھی ہے اور سنت رسول ﷺ کی اتباع بھی..... لہٰذا جو شخص رسول اکرم ﷺ کی سنت پر عمل کرنا چاہتا ہے اسے چاہئے کہ وہ پگڑی یا ٹوپی کو مستقل طور پر اپنے لباس کا حصہ بنائے اور اسے نماز، خطبہ جمعہ، خطبہ عیدین یا شادی بیاہ جیسی تقریبات کے ساتھ مخصوص نہ کرے۔ علماء اور فضلاء تو آج بھی پگڑی اور ٹوپی کو سنت سمجھ کر مستقل طور پر استعمال کرتے ہیں لیکن آج سے چند دہائیاں قبل تک تمام پڑھے لکھے لوگ مثلاً شاعر، ادیب، طبیب، اساتذہ کرام ٹوپی کو عزت اور وقار کی علامت سمجھتے ہوئے استعمال کرتے تھے حتی کہ بعض مشرقی روایات کے پاسدار اَن پڑھ لوگ بھی پگڑی یا ٹوپی استعمال کرتے تھے۔ دیہاتوں میں بڑے بوڑھے بچپن سے ہی بچوں کو سر پر ٹوپی یا چادر رکھنے کی عادت ڈالتے تھے لیکن فیشن پرستی اور جدت پسندی نے ہماری مذہبی اور معاشرتی اقدار کا اس طرح جنازہ نکالا ہے کہ اب معاشرے میں ٹوپی اور شیروانی والا کوئی ڈھونڈے سے نہیں ملتا، حالانکہ یہ ہمارا قومی لباس بھی کہلاتا ہے اب معاشرے میں ٹوپی یا کلانما پگڑی پہننے کا زندگی بھر میں ایک ہی موقع رہ گیا ہے ،تقریب نکاح کا۔ آہستہ آہستہ ممکن ہے کہ اس کی بھی ضرورت باقی نہ رہے۔ المیہ یہ ہے کہ ہمارے بعض نوجوان خطیب روشن خیال مدرس اور مبلغ بھی اپنی عام زندگی میں ننگے سر رہنا پسند فرماتے ہیں اور صرف امامت، خطابت یا تدریس وتبلیغ کے وقت ہی ٹوپی یا پگڑی کا بوجھ اٹھانے کی زحمت فرماتے ہیں۔ یہ طرزِ عمل بھی نہ تو اتباع سنت ہے کہ قابل اجر وثواب ہو اور نہ ہی اخلاقی اعتبار سے اچھا ہے کہ قابل ستائش ہو۔ قابل اجر وثواب اور قابل ستائش عمل تو وہی ہے جس میں ریا نہ ہو، دکھاوا نہ ہو اور نہ ہی دنیاداری کا کوئی رکھ رکھاؤ ہو بلکہ اتباع سنت کے جذبہ سے ہو اور مستقل مزاجی سے ہو۔ اللہ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

③ داڑھی رکھنا سنت ہے یا واجب؟ مسلمانوں نے برصغیر پر کم وبیش ہزار سال تک حکومت کی لیکن بیشتر حکمرانوں نے رواداری کے نام پر اشاعت اسلام کے مقدس فرض سے ایسی مجرمانہ غفلت اور لاپرواہی برتی (الا من شاء اللہ!) جس کی تلافی آج تک نہیں ہوسکی دوسری طرف انگریزوں نے صرف سو سال تک برصغیر پر حکومت کی اور اپنا دینی فرض سمجھتے ہوئے ہر وہ قانون بنایا اور ہتھکنڈا اپنایا جس سے اسلام اور مسلمانوں کو نقصان پہنچے۔ اسلامی اقدار اور اسلامی شعائر کا خاتمہ ہوسکے اور اس کی جگہ مغربی تہذیب اور کلچر رواج پاسکے۔ چنانچہ آج بدقسمتی سے داڑھی منڈوانا ہمارے کلچر کا اسی طرح حصہ بن چکا ہے جس طرح انگریزوں کے کلچر کا حصہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ویسے تو آزادی کے گزشتہ 62 سالوں میں کسی ایک حکمران نے بھی (باستثناء جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم.....والعلم عنداللہ) اسلامی اقدار اور اسلامی شعائر کی پاسداری یا آبیاری کرنے کی کوشش نہیں کی لیکن گزشتہ حکومت کے بے دین اور ملحد مشرف ٹولے نے تو اسلام دشمنی کی تمام سرحدیں عبور کر ڈالیں اسلامی شعائر میں سے داڑھی اور برقع کو قومی اور بین الاقوامی ہر پلیٹ فارم پر بڑی بے شرمی اور ڈھٹائی سے جہالت اور پسماندگی کی علامت قرار دیا۔ گورے اور کالے انگریزوں کی اس اسلام دشمنی نے آج ایسا ماحول پیدا کر دیا ہے کہ داڑھی منڈواتے ہوئے لوگ یہ قطعاً محسوس نہیں کرتے کہ یہ بھی ہمارے دین کا حصہ ہے اور ہم ایسا کر کے گناہ کے مرتکب ہو رہے ہیں۔

جن لوگوں کا کسی نہ کسی حوالے سے دین سے کوئی تعلق یا واسطہ ہے ان میں سے بیشتر وہ لوگ ہیں جو لفظ ''سنت'' کے غلط تصور کی وجہ سے اس غلط فہمی کا شکار ہیں کہ بس یہ ایک عام سی سنت ہے جس پر عمل نہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے جیسا کہ بعض دوسری سنتوں پر عمل کرنے میں کوئی حرج نہیں اس لئے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ پہلے یہاں لفظ سنت کی وضاحت کر دی جائے۔

''سنت'' کا لغوی مفہوم ''طریقہ'' ہے اور شرعی اصطلاح میں رسول اکرم ﷺ کا ہر فعل سنت کہلاتا ہے اور یہ بات معلوم ہے کہ رسول اکرم ﷺ کے تمام افعال یا سنتیں ایک ہی درجہ کی نہیں مثلاً مسواک کرنا رسول اکرم ﷺ کی سنت ہے لیکن اس سنت پر عمل کرنے والے کے لئے اجر و ثواب ہے، نہ کرنے والے پر گناہ نہیں ہے فقہاء نے ایسی سنتوں کے لئے مستحب کا لفظ استعمال فرمایا ہے۔ بعض سنتوں پر آپ ﷺ نے ہمیشگی فرمائی ہے مثلاً نماز ظہر سے قبل چار رکعت نماز جس کے لئے فقہاء نے سنت مؤکدہ کا لفظ استعمال فرمایا ایسی سنت بلاوجہ ترک نہیں کرنی چاہئے لیکن شرعی عذر کے سبب کبھی ترک ہو جائے تو اس پر بھی گناہ نہیں۔ بعض سنتیں ایسی ہیں جن پر عمل نہ کرنے سے انسان جہنم کا مستحق ٹھہرتا ہے ایسا عمل بھی اپنے لغوی معنوں میں تو ''سنت'' ہی کہلائے گا لیکن فقہاء نے اس کے لئے ''واجب'' کا لفظ استعمال فرمایا ہے مثلاً ازار یا شلوار کا ٹخنوں سے اوپر باندھنا ہے تو سنت لیکن یہ سنت واجب کے درجہ کی ہے جس کے تارک کے لئے واضح طور پر حدیث میں آگ کے الفاظ آئے ہیں لہٰذا اسے سنت کہہ کر نظر انداز کرنے والا سخت غلط فہمی کا شکار ہے۔ بالکل ایسا ہی معاملہ داڑھی کا ہے داڑھی بلاشبہ اپنے لغوی مفہوم کے اعتبار سے سنت ہی ہے لیکن رسول اکرم ﷺ نے احادیث مبارکہ میں جن الفاظ کے ساتھ اس کی تاکید فرمائی ہے اس وجہ سے اہل علم کے نزدیک یہ سنت واجب کے درجہ کی ہے اور یہ بات واضح ہے کہ واجب کا تارک کبیرہ گناہ کا مرتکب ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جس کے لئے جہنم کی سزا ہے جب تک اللہ چاہے۔

لفظ ''سنت'' کی اس وضاحت کے بعد ہم داڑھی کے بارے میں رسول اکرم ﷺ کے ارشادات پیش کر رہے ہیں جن سے واضح ہو جائے گا کہ یہ سنت بھی وجوب کے درجہ کی ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا ''مونچھیں کتراؤ اور داڑھی بڑھاؤ اور اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) کی مخالفت کرو۔'' (احمد)

حدیث شریف سے یہ بات واضح ہے کہ داڑھی منڈوانا اور مونچھیں رکھنا یہودیوں اور عیسائیوں کا فعل ہے اور ایسا کرنے والا یہودیوں اور عیسائیوں سے (اس فعل میں) مشابہت اختیار کرے گا۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے یہودیوں کو لعنت زدہ قوم قرار دیا ہے [1] جس کا مطلب یہ ہے کہ داڑھی منڈوانے والے کیلئے اگرچہ رسول اکرم ﷺ نے براہ راست ملعون کے لفظ ادا نہیں فرمائے لیکن بالواسطہ طور پر یہودیوں سے مشابہت کی وجہ سے وہ بھی لعنت زدہ لوگوں میں شامل ہو جائے گا۔ اہل علم کے نزدیک ایسا عمل جس کی وجہ سے آدمی لعنت زدہ قرار پائے وہ کبیرہ گناہ ہے۔ لہٰذا ہماری ناقص رائے میں مذکورہ بالا حدیث کی رو سے داڑھی منڈوانا کبیرہ گناہ قرار پائے گا۔ دوسری حدیث میں ''خَالِفُوا الْمُشْرِكِيْن'' اور ''خَالِفُوا الْمَجُوْس'' کے الفاظ بھی ہیں یعنی داڑھی رکھو اور مشرکین اور آتش پرستوں کی مخالفت کرو۔ داڑھی منڈوانے کو یہود، مشرکین اور آتش پرستوں کا عمل قرار دینا ہی اس گناہ کی سنگینی کا واضح کر رہا ہے گویا داڑھی منڈوانے والا داڑھی منڈوانے کے بعد یہودیوں، مشرکوں اور آتش پرستوں کی صف میں شامل ہو جاتا ہے۔

شاہ ایران کے حکم پر رسول اکرم ﷺ کو گرفتار کرنے کے لئے دو مجوسی مدینہ منورہ آئے دونوں ہی داڑھی منڈے تھے رسول اکرم ﷺ نے ان دونوں کی طرف دیکھنا تک پسند نہ فرمایا اور ان سے فرمایا ''تم دونوں کے لئے ویل ہو، تمہیں داڑھی منڈوانے اور مونچھیں رکھنے کا حکم کس نے دیا ہے؟'' [2] رسول اکرم ﷺ کے اس ارشاد سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ داڑھی منڈوانا ''ویل'' کا باعث ہے۔ یاد رہے ویل جہنم کی ایک وادی کا نام ہے اور بعض مفسرین نے اس کا ترجمہ ہلاکت اور بربادی کیا ہے دونوں صورتوں میں نتیجہ ایک ہی ہے کہ داڑھی منڈوانے والے کے لئے جہنم ہے۔

---

[1] سورہ النساء، آیت 34، سورہ النساء، آیت 52، سورہ المائدہ، آیت 60، سورہ المائدہ، آیت 64 وغیرہ۔

[2] ملاحظہ ہو مسئلہ نمبر 196

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رسول اکرم ﷺ کے مذکورہ بالا ارشادات سے یہ بات واضح ہو رہی ہے کہ داڑھی رکھنا اگرچہ لغوی معنوں میں سنت (رسول اکرم ﷺ کا طریقہ) ہے لیکن اس سنت کا درجہ وجوب کا ہے جس کا تارک کبیرہ گناہ کا مرتکب اور ''ویل'' کا مستحق ہے۔

داڑھی کے بارے میں دوسری غلط فہمی یہ ہے کہ داڑھی رکھنے کے بعد اسے چھوٹا کرنا یا کم از کم دائیں بائیں اور طول سے غیر ہموار بالوں کو ہموار کرنا جائز ہے؟ اس غلط فہمی کا باعث ترمذی شریف کی ایک حدیث ہے جس کے الفاظ یہ ہیں ''رسول اکرم ﷺ لمبائی اور چوڑائی سے اپنی داڑھی کے بال کاٹتے تھے۔'' (ترمذی) اس حدیث کو امام ترمذی رحمہ اللہ نے خود ''غریب'' لکھنے کے بعد امام بخاری رحمہ اللہ کے یہ الفاظ نقل فرمائے ہیں کہ اس حدیث کی کوئی اصل نہیں۔ شیخ ناصر الدین البانی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو موضوع کہا ہے۔ [1] لہٰذا اس حدیث سے داڑھی چھوٹی کرنے کا استدلال درست نہیں۔

حدیث کی بعض کتب میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات لکھی ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما حج یا عمرہ کے موقع پر جب اپنے سر کے بال منڈواتے تو اپنی مونچھوں اور داڑھی سے بھی بال لیتے۔ (بخاری، مسلم، موطا وغیرہ)

بلاشبہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا شمار جلیل القدر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں ہوتا ہے لیکن اگر کسی صحابی کا قول یا فعل رسول اکرم ﷺ کی حدیث مبارکہ یا سنت مطہرہ سے متعارض ہوگا تو رسول اکرم ﷺ کی حدیث یا سنت پر عمل کیا جائیگا اور صحابی کے قول اور فعل کو ترک کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اسی بات کا حکم دیا ہے: ﴿وَمَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ﴾ ''یعنی اللہ کا رسول تمہیں جو کچھ دے وہ لے لو۔'' (سورہ حشر، آیت نمبر 7)

پس حاصل کلام یہ ہے کہ داڑھی رکھنا واجب اور منڈوانا کبیرہ گناہ ہے اور رکھنے کے بعد اسے چھوٹا کرنا یا دائیں بائیں سے کاٹنا بھی جائز نہیں۔ اللہ ہمیں رسول رحمت ﷺ کی اس واجب سنت پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

④ حجاب.....مستحب یا واجب؟ حجاب کے بارے میں دو طرح کی غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں دونوں کی باری باری وضاحت پیش خدمت ہے۔

پہلی غلط فہمی تو یہ ہے کہ چہرے کا پردہ نہیں ہے۔ ایسا موقف اختیار کرنے والوں کی علمی دلیل یہ ہے

[1] ملاحظہ ہو مسئلہ نمبر 200

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ ﴿وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا﴾ یعنی ''مومن عورتیں اپنی زینت ظاہر نہ کریں سوائے اس کے جو اپنے آپ ظاہر ہو جائے۔'' (سورہ النور، آیت نمبر 31) آیت مذکورہ میں جن مفسرین نے مَا ظَهَرَ مِنْهَا سے ہاتھ اور چہرہ مراد لیا ہے وہ چہرے کے پردے کے قائل نہیں حالانکہ چہرہ ہی دراصل عورت کی زینت کا مرکز ہے جسے چھپانا مطلوب ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اکثریت نے مَا ظَهَرَ مِنْهَا سے مراد حجاب کے لئے اوڑھی جانے والی چادر (یا آجکل کا برقع) ہی لیا ہے گزشتہ صفحات میں ہم اس آیت کے حوالے سے مفصل گفتگو کر چکے ہیں۔

چہرہ کا پردہ نہ کرنے کا موقف رکھنے والوں کی عقلی دلیل یہ ہے کہ ''پردہ دل کا ہوتا ہے۔'' اور اس کے حق میں حدیث پیش کی جاتی ہے جس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ''تقویٰ تو یہاں (یعنی دل میں) ہے۔''

بظاہر یہ دلیل واقعی بہت اپیل کرتی ہے لیکن اس میں ویسا ہی فریب پوشیدہ ہے جیسا جنگ تبوک کے موقع پر ایک منافق کے غزوہ میں شریک نہ ہونے کے لئے پیش کئے گئے عذر میں تھا اس نے عرض کی ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں حسن پرست آدمی ہوں، رومی عورتیں بڑی حسین ہوتی ہیں انہیں دیکھ کر میں فتنے میں پڑ جاؤں گا لہٰذا مجھے ساتھ نہ جانے کی رخصت دے دیجئے۔'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اس کا مواخذہ نہ فرمایا لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کا بڑا خوبصورت جواب ارشاد فرمایا ''اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا'' یعنی یہ (منافق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کر کے) فتنہ میں تو پڑ ہی چکے ہیں۔ (سورہ التوبہ، آیت نمبر 49) منافق بظاہر تو فتنے سے بچنے کی بات کر رہے تھے لیکن اندر کی بات یہ تھی کہ وہ غزوہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جانے کیلئے تیار نہیں تھے۔ یہاں بھی معاملہ ویسا ہی ہے کہ بظاہر یہ لوگ بات تو دل کے تقویٰ کی کرتے ہیں لیکن اندر کی بات یہ ہے کہ یہ لوگ بے حجاب بنی ٹھنی عورتوں کو دیکھنے اور دکھانے کے مرض میں مبتلا ہیں۔

ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے باہر تشریف لائے ایک عورت پر نظر پڑی تو واپس اپنی زوجہ ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لائے اپنی حاجت پوری فرمائی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے آ کر ارشاد فرمایا ''(بے حجاب) عورت مرد کے سامنے شیطان کی صورت میں آتی ہے لہٰذا جب تم کسی (بے حجاب) خوبصورت عورت کو دیکھو تو اپنی بیوی کے پاس جاؤ اور اپنی حاجت پوری کر لو۔'' (ترمذی)

قابل غور بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والے رسول

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اکرم ﷺ تو ایک خوبصورت عورت کو دیکھ کر اپنے دل پر قابو نہ رکھ سکیں اور اپنی بیوی کے پاس جا کر اپنی حاجت پوری فرمائیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھی ایسا ہی کرنے کی تلقین فرمائیں اور آپ ﷺ کی وفات کے چودہ سو سال بعد انتہائی کمزور ایمان کے لوگوں کو اپنے دلوں پر اتنا قابو ہے کہ وہ بے حجاب بنی ٹھنی عورتوں کو دائیں بائیں آگے پیچھے دن رات دیکھتے رہیں تب بھی ان کے دلوں میں کوئی ہیجان پیدا نہ ہو؟

عہد نبوی ﷺ میں ایک صحابی نے اپنی بیوی سے ظہار کیا اور کفارہ ادا کرنے سے پہلے بیوی سے صحبت کر لی رسول اللہ ﷺ نے دریافت فرمایا ''تم نے ایسا کیوں کیا؟'' صحابی نے عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! رات کی چاندنی میں بیوی کے پاؤں کی پازیب پر نظر پڑی تو دل پر قابو نہ رکھ سکا۔'' (ترمذی)

غور فرمایئے! کہ عہد نبوی ﷺ کے ایک صحابی کا ایمان تو اتنا ''کمزور'' ہے کہ وہ اپنی بیوی کے چہرہ نہیں صرف پاؤں کی پازیب کو دیکھ کر ہی اپنے دل پر قابو نہ رکھ سکے اور عہد نبوی ﷺ سے چودہ سو سال بعد کے ''مومن'' کا ایمان اتنا ''قوی'' ہے کہ خوبصورت، پرکشش بنی سنوری نوجوان عورتوں کو اپنے گرد و پیش دیکھ کر بھی اس کا دل بے قابو نہیں ہوتا؟

عہد نبوی ﷺ میں جن مردوں (یعنی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم) اور عورتوں (یعنی صحابیات رضی اللہ عنہن) کو مخاطب کر کے پردے کے احکام دیئے گئے ہیں ان میں سے بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور صحابیات رضی اللہ عنہن تو ایسی ہیں جن کا مقام اور مرتبہ فرشتوں سے بھی بلند ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کی پاکیزگی اور تقویٰ کی گواہی خود دی ہے (ملاحظہ ہو سورہ النور) لیکن اس کے باوجود انہیں بھی فتنوں سے بچنے کے لئے پردہ کے احکام دیئے گئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور صحابیات رضی اللہ عنہن کے مقابلے میں آج اگر کوئی مرد یا عورت اپنے آپ کو زیادہ پاکباز اور متقی سمجھتا ہے تو اس میں کیا شک ہے کہ اس کا دعویٰ سراسر شیطانی دعویٰ ہے؟

پس ''دل کا پردہ ہونا چاہئے'' کے بارے میں کسی مومن مرد یا عورت کو یہ غلط فہمی نہیں رہنی چاہئے کہ یہ سراسر ابلیس کا دھوکہ اور فریب ہے کتاب و سنت سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

حجاب کے بارے میں دوسری غلط فہمی یہ ہے کہ حجاب مستحب ہے یا واجب؟

یاد رہے مستحب سے مراد وہ حکم ہے جس پر عمل کیا جائے تو ثواب ہے اور نہ کیا جائے تو گناہ نہیں جبکہ واجب سے مراد ایسا عمل ہے جس پر عمل نہ کرنے کی کوئی گنجائش نہیں اس حکم پر عمل نہ کرنے والا گناہگار ہوگا جس کی سزا اسے جہنم میں بھگتنی ہوگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب وسنت کی رو سے عورت کا گھر سے باہر نکلنے کے لئے حجاب کرنا واجب ہے، مستحب نہیں جس کے دلائل درج ذیل ہیں:

① آپ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے: ''میرے بعد مردوں کے لئے تمام فتنوں سے بڑھ کر فتنہ عورتوں کا ہے۔'' (بخاری)

غور فرمایئے! عورت کھلے چہرے کے ساتھ فتنہ ہے یا حجاب کے ساتھ۔ حجاب کا حکم دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے ''اے نبی! مومن عورتوں سے کہو اپنے اوپر چادریں اوڑھ کر رکھیں اس طرح انہیں پہچان لیا جائے گا (کہ وہ عصمت وعفت کی علمبردار ہیں) اسلئے انہیں چھیڑا نہیں جائے گا۔'' (سورہ الاحزاب، آیت نمبر 59) جس کا مطلب یہ ہے کہ حجاب کے بعد عورت مردوں کے لئے فتنہ نہیں رہتی مرد آگاہ ہو جاتے ہیں کہ یہ شریف زادیاں ہیں البتہ جو عورتیں بے حجاب گھروں سے باہر نکلتی ہیں انہیں مرد چھیڑتے ہیں اور ستاتے ہیں اس لئے کہ وہ مردوں کے لئے فتنہ بنتی ہیں۔ مردوں کے لئے فتنہ بننے والی عورت گناہگار کیوں نہیں ہوگی؟ یقیناً ہوگی اور مستوجب سزا بھی ہوگی۔

② آپ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے: ''عورت کا سارا جسم ستر ہے۔'' (ترمذی) جسم میں چہرہ بھی شامل ہے لہٰذا عورت کا چہرہ بھی ستر ہے جس طرح باقی ستر کو ظاہر کرنے والی عورت گناہگار ہوگی اسی طرح چہرے کو عریاں کرنے والی عورت بھی یقیناً گناہگار ہوگی۔

③ ارشاد نبوی ﷺ ہے: ''جب عورت (بے حجاب) گھر سے باہر نکلتی ہے تو شیطان اسے نمایاں (یعنی خوبصورت) کر کے دکھاتا ہے۔'' (ترمذی) لہٰذا جو عورت بے حجاب گھر سے باہر نکلے گی وہ مردوں کی نگاہوں کا مرکز بنے گی اور یوں مردوں کو دعوت گناہ دینے والی عورت گناہگار ہوگی؟

④ دوسری حدیث میں ارشاد ہے کہ بے حجاب عورت شیطان کی صورت میں سامنے آتی ہے۔ (ترمذی) کیا شیطان کا کردار ادا کرنے والی عورت گنہگار نہیں ہوگی یا مستوجب سزا نہیں ہوگی؟

⑤ آپ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے: ''غیر محرم (مرد کا عورت کو یا عورت کا مرد کو) دیکھنا آنکھ کا زنا ہے۔'' (بخاری) اس زنا کا باعث بننے والی عورت کیسے گناہگار نہیں ہوگی؟ بلاشبہ غیر محرم عورت کو دیکھنے والا مرد بھی گناہگار ہوگا لیکن اس کے ساتھ ننگے چہرے کے ساتھ گھر سے باہر نکل کر غیر محرم مردوں کو دعوت گناہ دینے والی عورت بھی گناہگار ہوگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مذکورہ بالا احادیث سے یہ بات واضح ہے کہ حجاب عورت کے لئے واجب ہے اور حجاب نہ کرنے والی عورت یقیناً گناہگار ہوگی۔ عہد نبوی ﷺ میں ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن سمیت تمام صحابیات رضی اللہ عنہن پردے کا سختی سے اہتمام فرماتی تھیں حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''ہم (یعنی صحابیات رضی اللہ عنہن) حالت احرام میں (غیر محرم) مردوں سے اپنے چہرے ڈھانپ لیتی تھیں۔'' (حاکم)

پس اہل ایمان خواتین پر واجب ہے کہ وہ حجاب کا سختی سے اہتمام کریں روشن خیال اور جدت پسندی جیسے گمراہ کن ابلیسی فلسفوں سے ہرگز متاثر نہ ہوں۔ نجات اور فلاح اسی بات میں ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اتباع اور پیروی کی جائے۔ اللہ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

⑤ عورت کا بال کاٹنا: مسلم شریف میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اپنے سر کے بالوں سے لیتی تھیں حتی کہ وہ وفرہ (کانوں تک بال) کی طرح لگتے تھے۔ [1] بعض لوگ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس روایت سے استدلال کرتے ہیں کہ عورت کے لئے سر کے بال کاٹنا جائز ہے۔

مسلم شریف کی مذکورہ بالا روایت کے بارے میں محدثین کرام نے یہ وضاحت فرمائی ہے کہ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن نے رسول اکرم ﷺ کی حیات طیبہ میں ایسا نہیں کیا بلکہ آپ ﷺ کی وفات مبارک کے بعد ترک زینت کی نیت سے ایسا کیا۔ [2] محدثین کرام کے اس موقف کو درج ذیل دلائل کی وجہ سے مزید تقویت ملتی ہے۔

① حج یا عمرہ کے موقع پر رسول اللہ ﷺ نے خواتین کو مردوں کی طرح بال کاٹنے کا حکم نہیں دیا بلکہ فرمایا ''عورتیں اپنے سر کے بال نہ منڈوائیں بلکہ کٹوائیں۔'' (ابوداؤد) اس حدیث کی رو سے علماء اور فقہاء نے عورتوں کو دو پور کے برابر بال کاٹنے کی اجازت دی ہے۔

② رسول اکرم ﷺ کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا فوت ہوئیں تو انہیں غسل دینے کے بعد سر کے بالوں کی تین چوٹیاں بنا کر پیچھے کی طرف کر دی گئیں۔ (بخاری) اس روایت سے یہ بات واضح ہو رہی ہے کہ اہل بیت کی خواتین میں سر کے بال لمبے رکھنے کا معمول تھا۔

③ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جب مکہ سے مدینہ تشریف لائیں تو مدینہ کی آب و ہوا راس نہ آنے کی وجہ سے بیمار

---

[1] مسلم، کتاب الطہارت باب القدر المستحب من الماء غسل الجنابۃ

[2] ملاحظہ ہو مسلم شریف شرح امام النووی رحمہ اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوگئیں اور سر کے بال جھڑ گئے جب صحت مند ہوئیں تو سر کے بال دوبارہ بڑھنے شروع ہوگئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا خود فرماتی ہیں کہ اس کے بعد میرے بال کندھوں تک آ گئے۔ (بخاری) جس کا مطلب یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بال طویل تھے۔

④ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کے بال کانوں تک تھے۔ (بخاری ومسلم) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ مبارک کی اتباع میں بہت سے اہل ایمان نے عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں بھی اپنے بال کانوں تک رکھے اور آج بھی اسوۂ رسول سے محبت رکھنے والے حضرات اپنے بال کانوں تک رکھتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ کانوں تک بال رکھنا مردوں کے لئے خاص ہے۔

قابل غور بات یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا راوی ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مرد بننے والی عورت پر لعنت فرمائی ہے۔ (ابوداؤد) کوئی ہوش مند مسلمان یہ تصور کرسکتا ہے کہ یہ حدیث روایت کرنے والی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا خود ہی اس حدیث کی مخالفت کرتے ہوئے مردوں سے مشابہت اختیار کریں گی؟

⑤ زمانہ قدیم سے عورت کے لمبے سیاہ بال اس کی خوبصورتی اور زینت کی علامت سمجھے جاتے ہیں آج بھی تمام پردہ دار اور گھریلو خواتین لمبے بال رکھنا پسند کرتی ہیں اور ان کی حفاظت کرتی ہیں۔ جبکہ بال کٹوانے والی خواتین وہی ہوتی ہیں جو ابرو اور بھنویں بنواتی ہیں، تنگ اور باریک لباس پہنتی ہیں، منی سکرٹ استعمال کرتی ہیں، بیوٹی پارلروں میں جا کر اپنے جسم گدواتی ہیں اور بال صاف کروانے کیلئے اپنے آپ کو عریاں کرتی ہیں، سارے جسم پر مہندی سے بیل بوٹے بنواتی ہیں، خوبصورتی کے لئے چہرے کی سرجری وغیرہ کرواتی ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے عمل سے استدلال کرنے والے حضرات سے ہم پوچھتے ہیں بال کٹوانے والی خواتین کے مذکورہ بالا اعمال میں سے کونسا عمل ایسا ہے جس کی اسلام اجازت دیتا ہے؟

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کا یہ بدترین طریقہ ہے کہ اپنی بداعمالیوں کے لئے کتاب وسنت سے جواز تلاش کیا جائے اور پھر اسے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے نام منسوب کر دیا جائے۔ اس سے کہیں بہتر یہ ہے کہ گناہ کا ارتکاب گناہ سمجھ کر کیا جائے اور اس کے لئے شریعت کو ڈھال نہ بنایا جائے اس طریقے میں تو اللہ کی رحمت سے معافی کی امید کی جاسکتی ہے لیکن گناہ کرنا اور پھر شریعت سے اپنے گناہوں کے لئے جواز مہیا کرنا تو گویا اللہ تعالیٰ کا دہرا غضب مول لینا ہے جس میں سراسر ہلاکت اور بربادی ہے۔ ہر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مومن مرد، عورت کو اس طرزِ عمل سے اللہ کی پناہ طلب کرنی چاہئے۔

⑥ خاوند کی اجازت: بعض مستحب اعمال میں شریعت نے شوہر کو اس بات کی اجازت دی ہے کہ اگر وہ کسی ضرورت یا مصلحت کی بناء پر بیوی کو روکنا چاہے تو روک سکتا ہے مثلاً رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ''عورت اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ نہ رکھے۔'' (ترمذی) یا فرمایا ''عورت کو نفلی حج کیلئے شوہر کی اجازت کے بغیر نہیں جانا چاہئے۔'' (دارقطنی) اسی طرح بعض دوسرے مستحب کاموں میں شوہر بیوی کو اجازت دے تو بیوی کو کرنا چاہئے اگر شوہر اجازت نہ دے تو نہیں کرنا چاہئے۔ لیکن بعض خواتین نے اسے ایک عام حکم سمجھ رکھا ہے اور شرعاً ناجائز کاموں میں بھی شوہر کی اجازت کو شریعت کی اجازت کے مترادف سمجھتی ہیں۔ یعنی شوہر کی اجازت سے حجاب اتار دیں، شوہر کی اجازت سے غیر محرم مردوں سے میل ملاقات کرلیں، شوہر کی اجازت سے تصویریں بنوالیں، شوہر کی اجازت سے بال کٹوالیں وغیرہ، تو یہ درست اور جائز ہے۔ اسی طرح بعض خواتین یہ سمجھتی ہیں کہ گھر میں شوہر کو دکھانے کے لئے ابرو یا بھنویں باریک کرلیں یا جسم گدوالیں یا بیوٹی پارلر میں جا کر جسم کے بال صاف کروالیں یا بال کٹوالیں تو اس میں کوئی حرج کی بات نہیں۔ بلاشبہ شریعت نے عورت کو اس بات کا حکم دیا ہے کہ وہ گھر میں اپنے شوہر کو خوش کرنے کے لئے اچھا لباس پہنے، بناؤ سنگھار کرے اور بن سنور کر رہے۔ لیکن شوہر کو شریعت نے ہرگز یہ اختیار نہیں دیا کہ وہ ناجائز کو جائز یا حرام کو حلال قرار دے۔ شریعت اسلامی کا یہ بڑا واضح اصول ہے۔ ''لَا طَاعَةَ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ اِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوفِ'' یعنی ''اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت جائز نہیں، اطاعت صرف معروف میں ہے۔'' (مسلم، کتاب الامارت)

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے والدین کے بارے میں بڑی وضاحت کے ساتھ یہ حکم دیا ہے ''اگر والدین تجھے میرے ساتھ شرک کرنے پر مجبور کریں جس کی تیرے پاس کوئی دلیل نہیں تو ہرگز ان کی اطاعت نہ کر۔'' (سورہ لقمان، آیت نمبر 15)

پس کتاب وسنت کا حکم یہ ہے کہ شوہر بیوی کو کسی ناجائز اور لعنت زدگی والے کام پر مجبور نہ کرے اور اگر شوہر اپنی جہالت یا گمراہی کی وجہ سے ایسا کرے تو بیوی کو اس کی ہرگز اطاعت نہیں کرنی چاہئے۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا حکم جاننے کے باوجود اگر شوہر بیوی سے گناہ کا کام جبراً کروانے پر مصر ہوتا ہے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شوہر پر اس کا دہرا وبال ہوگا۔ اللہ کی نافرمانی کا وبال اور اپنی بیوی سے غلط کام کروانے کا وبال بھی جس سے ہر مومن مرد کو اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرنی چاہیے۔((اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِکَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَھَا مِنْ قَوْلٍ وَّعَمَلٍ)) ترجمہ: ''یا اللہ! ہم آگ سے پناہ مانگتے ہیں اور پھر اس قول وفعل سے پناہ مانگتے ہیں جو آگ کے قریب لے جانے والا ہو۔''

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اتباع سنت:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم وہ نفوس قدسیہ ہیں جنہوں نے ایمان لانے کے بعد زندگی کے ہر معاملے میں بلا چون وچرا اس طرح رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع اور پیروی فرمائی کہ اطاعت رسول کا واقعی حق ادا کر دیا..... یوں تو تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ساری زندگیاں ہی اطاعت رسول کا بہترین نمونہ تھیں لیکن کتاب کے موضوع کے حوالے سے ہم ذیل میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے صرف ایسے واقعات بیان کر رہے ہیں جن کا تعلق صرف لباس اور اس کے متعلقات سے ہے۔[1] شاید ان واقعات کو پڑھ کر ہمارے اندر بھی اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا کچھ جذبہ پیدا ہو جائے۔

① ایک آدمی سونے کی انگوٹھی پہن کر حاضر ہوا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (غصہ سے) اس کے ہاتھ سے انگوٹھی اتار کر پھینک دی اور فرمایا ''تم اپنے ہاتھ میں آگ کا انگارہ لینا چاہتے ہو؟'' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے مشورہ دیا انگوٹھی اٹھا لو اور (اسے بیچ کر یا بیوی یا بیٹی کو دے کر) استعمال میں لاؤ۔ صحابی فرمانے لگے ''اللہ کی قسم! جس انگوٹھی پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی غصہ کی نگاہ پڑی ہے میں اسے کبھی استعمال میں نہیں لاؤں گا۔'' (مسلم)

② حضرت قرۃ رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کرتے ہوئے آپ کی قمیص کا گریبان کھلا دیکھا اور اس کے بعد ساری زندگی اپنی قمیص کا گریبان کھلا ہی رکھا حضرت قرۃ رضی اللہ عنہ کے بیٹے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے والد حضرت قرۃ رضی اللہ عنہ کی زبان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص کے کھلے گریبان کا ذکر سنا تو انہوں نے بھی عمر بھر اپنی قمیص کا گریبان کھلا ہی رکھا۔ (ابوداؤد)

③ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جوتوں سمیت نماز ادا فرما رہے تھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوران نماز جوتے اتارے تو سارے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دوران نماز ہی جوتے اتار دیئے۔ (ابوداؤد)

---

[1] ان تمام واقعات کی متصل احادیث آپ کو کتاب کے باب ''احکام لباس اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم'' میں مل جائیں گی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

④ حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ مصر کے حاکم تھے بعض اوقات پراگندہ بال ہی امور سلطنت انجام دینے لگتے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے استفسار پر فرماتے ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ہر وقت بن ٹھن کر رہنے سے منع فرمایا ہے۔'' (ابوداؤد)

⑤ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (سونے کی حرمت سے قبل) سونے کی انگوٹھی بنوائی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی سونے کی انگوٹھیاں بنوا کر پہن لیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سونے کی انگوٹھی اتار پھینکی تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی اپنی انگوٹھیاں اتار کر پھینک دیں۔ (بخاری)

⑥ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے اور فرماتے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دائیں ہاتھ میں ہی انگوٹھی پہنتے تھے۔ (نسائی)

⑦ حضرت شعیب رضی اللہ عنہ کے والد نے زعفرانی رنگ کی چادر اوڑھ رکھی تھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بس اتنا ہی فرمایا ''تم نے یہ کیسی چادر اوڑھ رکھی ہے؟'' انہیں محسوس ہو گیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ رنگ ناپسند فرمایا ہے۔ گھر گئے، تنور جل رہا تھا فوراً اپنی چادر اس میں پھینک کر جلا ڈالی۔ (ابوداؤد)

⑧ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کا ازار پکڑ کر فرمایا ''اسے ٹخنوں سے اونچا کر!'' صحابی نے اسی وقت اپنا ازار نصف پنڈلی تک اونچا کر لیا راوی کہتے ہیں اس کے بعد ہم نے اس کا ازار نصف پنڈلی تک ہی دیکھا حتیٰ کہ وہ اپنے رب سے جا ملے۔ (احمد)

⑨ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے مسواک کے بارے میں یہ ارشاد سنا کہ اگر میں اپنی امت کے لئے مشقت نہ سمجھتا تو ہر نماز سے پہلے مسواک کا حکم دیتا۔ یہ فرمان سننے کے بعد حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ جب بھی نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو پہلے مسواک فرماتے۔ (ابوداؤد)

⑩ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کے لمبے بال اور لمبا ازار دیکھا تو فرمایا ''سمرہ اچھا آدمی ہے اگر اپنے بال اور ازار چھوٹا کر لے۔'' حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا تو فوراً اپنے بال اور ازار چھوٹے کر لئے۔

اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قابل رشک ایمانی جذبہ صرف مردوں تک محدود نہ تھا بلکہ صحابیات رضی اللہ عنہن بھی اس معاملے میں مردوں کے دوش بدوش تھیں حجاب کا حکم نازل ہوا تو صحابیات رضی اللہ عنہن نے نیا کپڑا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خریدنے کا انتظار کرنے کی بجائے گھر کے پردوں سے اوڑھنیاں بنا کر آپ ﷺ کے حکم کی فوراً تعمیل کی۔ (ابوداؤد)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اس قابل رشک اطاعت اور پیروی کی وجہ سے ہی اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں مختلف انداز میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تحسین فرمائی۔ کہیں فرمایا ﴿اُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا﴾ ترجمہ: ''یہی لوگ سچے مومن ہیں۔'' (سورہ الانفال، آیت نمبر 74) کہیں فرمایا ﴿اُولٰٓئِکَ عَلَیْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۝﴾ ترجمہ: ''یہی وہ لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی مغفرت اور رحمت ہے اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔'' (سورہ البقرہ، آیت نمبر 157) کہیں فرمایا ﴿رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ﴾ ترجمہ: ''اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے۔'' (سورہ التوبہ، آیت نمبر 100)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ اللہ کے رسول ﷺ کا حکم ملتے ہی بلا چون و چرا اس پر عمل شروع کر دیتے ان کے ہاں What & Why کا نہیں بلکہ Do or Die کا اصول تھا یا قرآن مجید کی زبان میں سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا کا اصول تھا جس پر عمل کر کے وہ دنیا و آخرت دونوں جگہ سرخرو ہوئے۔

ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہم عمل کرنے سے پہلے یہ دیکھتے ہیں کہ اس کا حکم قرآن مجید میں آیا ہے یا حدیث میں؟ اگر حدیث میں ہے تو پھر آپ ﷺ کی طاعت سے فرار کے ایک نہیں بیسیوں بہانے تلاش کر لیتے ہیں۔ صرف ایک مثال لے لیجئے رسول اکرم ﷺ نے اپنی حیات طیبہ میں جتنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ازار ٹخنوں سے نیچے دیکھا انہیں اوپر کرنے کا حکم دیا اور انہوں نے فوراً اوپر کر لیا اور اس ایمانی جذبے سے اس حکم پر اس طرح عمل کیا کہ مرتے دم تک اس میں فرق نہیں آنے دیا لیکن آج ہمارے اندر کثیر تعداد ایسے لوگوں کی ہے جو باقاعدگی سے پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہیں، دیندار کہلاتے ہیں، دوسروں کو وعظ و تبلیغ کرتے ہیں لیکن زعم یہ رکھتے ہیں کہ یہ حکم تو رسول اللہ ﷺ نے صرف ان لوگوں کو دیا ہے جن میں تکبر ہو، ہمارے اندر تکبر نہیں ہے لہٰذا یہ حکم ہمارے لئے نہیں ہے۔ ہماری بدبختی اور نامرادی کی ابتداء یہیں سے شروع ہو جاتی ہے۔ علم سے تہی، عمل سے تہی گناہوں کی دلدل میں سراسر ڈوبے ہوئے اور زعم یہ کہ ہمارے اندر تکبر نہیں ہے ایسا ہی معاملہ دیگر اعمال کا ہے۔ داڑھی بس رکھنا کافی ہے جو نظر آئے لمبی کرنے کا حکم کہاں ہے؟ تصویر تو وہ ہے جو ہاتھ سے بنائی جائے کیمرے کی تصویر تو محض عکس ہے؟ دل کا پردہ نہ ہو تو حجاب کا کیا فائدہ؟ مسواک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صرف وضو کے ساتھ سنت ہے، ہر وقت منہ میں ٹھونسنے کا حکم کہاں ہے؟ وعلی ہذا القیاس! اس طرح ہم نے ہر معاملے میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی شریعت کے مقابلے میں اپنی ایک الگ شریعت بنا رکھی ہے۔ رسول اکرم ﷺ کے واضح احکام اور احادیث کے باوجود نفاق کا یہ طرز عمل ہی دراصل دنیا میں ہماری ناکامیوں، نامرادیوں اور مشکلات ومصائب کا سبب ہے اور آخرت میں بھی یہ نفاق سراسر خسارے کا موجب ہوگا۔ قومی اعتبار سے بھی یہی نفاق کا طرز عمل ہماری ذلت، رسوائی اور ناکامی کا باعث ہے دنیا وآخرت میں سرخرو ہونے کا راستہ صرف ایک ہی ہے اور وہ راستہ وہی ہے جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اختیار فرمایا تھا ہر معاملے میں رسول اکرم ﷺ کی مکمل اور بلا چون وچرا اطاعت اور پیروی! ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝﴾ ترجمہ: ''جس نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی اس نے گویا عظیم کامیابی حاصل کرلی۔'' (سورہ الاحزاب، آیت نمبر 71) اللہ تعالیٰ ہمیں بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جیسے جذبہ اطاعت سے عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

کفار کی حجاب دشمنی:

کفار کی اسلام اور اسلامی شعائر سے دشمنی کوئی نئی بات نہیں جس روز سعید سے رسول اکرم ﷺ کی بعثت مبارک کا آغاز ہوا اسی روز سے مشرکین اور کفار نے آپ ﷺ کی ذات گرامی اور آپ ﷺ کی لائی ہوئی تعلیمات سے دشمنی اور عداوت کی قسم کھا رکھی ہے اور بعثت مبارک سے لے کر آج تک کوئی دن ایسا نہیں گزرا جس میں کفار اور مشرکین کی اس عداوت اور دشمنی میں اضافہ نہ ہوا ہو۔

کفار کی اسلام اور اسلامی شعائر سے دشمنی کا یہ بھی ایک پرانا طریقہ ہے کہ وہ اسلامی شعائر میں نقائص ظاہر کرکے اہل اسلام کو اس سے محروم کرنا چاہتے ہیں اور اس کی جگہ اپنی بے حیا، گندی اور غلیظ تہذیب زبردستی مسلمانوں پر مسلط کرنا چاہتے ہیں۔ ''مذہبی آزادی''، ''مذہبی رواداری''، ''حریت فکر'' اور ''حقوق انسانی'' جیسے خوبصورت نعروں کی علمبردار ''مہذب'' اور ''ترقی یافتہ'' غیر مسلم اقوام اسلام دشمنی میں اس حد تک پستی میں گرتی چلی جائیں گی، نائن الیون سے قبل تک اس کا تصور تک نہیں کیا جا سکتا تھا۔ نائن الیون سے قبل مغرب میں رواداری اور حقوق کا ایک بھرم ضرور تھا لیکن جب اہل مغرب نے اپنے ہاں اسلام کے پھلنے پھولنے اور پھیلنے کے آثار دیکھے تو اسلام کا راستہ روکنے کے لئے نہ صرف نائن الیون کا خود ساختہ ڈرامہ رچایا بلکہ تہ در تہ سازشوں اور مکر وفریب کے وسیع جال پھیلانے شروع کردیئے۔ مہذب اور ترقی یافتہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اقوام نے ''مذہبی رواداری'' اور ''حقوق انسانی'' کا مصنوعی غلاف اور نقاب اتارنے میں میں لمحہ بھر کی تاخیر نہیں کی اور اندر سے وہی پرانے مکروہ چہرے ''ابوجہل، ابولہب، عقبہ بن ابی محیط، ولید بن مغیرہ، نضر بن حارث اور حیی بن اخطب'' صاف صاف نظر آنے لگے۔

مسلمان عورت کو شریعت اسلامیہ نے گھر سے باہر نکلتے وقت سر سے لے کر پاؤں تک مکمل حجاب کرنے کا حکم دیا ہے۔ ہمارے نزدیک سکارف کسی طور پر بھی حجاب کے تقاضے پورے نہیں کرتا بلکہ محض ایک علامتی حجاب ہے لیکن تعجب کی بات یہ ہے کہ کفار اور مشرکین کو یہ علامتی حجاب بھی گوارا نہیں ہے۔ اگر کوئی عورت اپنے آپ کو مکمل طور پر عریاں کرنا چاہے تو اہل مغرب کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے یہ اخلاقی باختگی ہے نہ گناہ بلکہ حقوق انسانی اور آزادی نسواں کا فیض ہے لیکن اگر کوئی عورت اپنی فطری شرم وحیا کی حفاظت کرنا چاہے اور مذہبی احکام پر عمل کرتے ہوئے اپنے آپ کو مستور کرے تو یہ بدتہذیبی، دہشت گردی، جہالت اور پسماندگی ہے۔ گویا اپنے آپ کو مستور کرنے والی خاتون کے لئے مغرب میں نہ تو مذہبی آزادی کا کوئی قانون ہے نہ ہی حقوق انسانی کا کوئی ضابطہ؟

حجاب کے نام پر اسلام دشمنی کے چند نادر نمونے ملاحظہ فرمائیں:

① فرانسیسی کابینہ نے فرانس میں برقع کے استعمال پر پابندی کا بل منظور کرلیا ہے جس کے بعد فرانسیسی صدر نکولس سرکوزی نے ارشاد فرمایا ''مسلمان برقع پر پابندی سے افسردہ نہ ہوں، حکومت نے یہ فیصلہ اچھی طرح سوچنے سمجھنے کے بعد کیا ہے۔'' [1]

② ''برقع پہننے والی خاتون کے لئے آسٹریلوی معاشرے میں کوئی جگہ نہیں، برقع کو لٹیرے ڈکیتی کی وارداتوں میں استعمال کرتے ہیں لہٰذا پابندی ضروری ہے۔'' آسٹریلوی سینٹ کے ممبران کا بیان۔ [2]

③ ''نیویارک میں ملبوسات فروخت کرنے والے سٹور کے مالک نے مسلمان خاتون کو حجاب پہننے کے جرم میں ملازمت سے برطرف کردیا۔'' [3]

④ بلجیم میں نقاب کی پابندی کے لئے پارلیمنٹ میں بل پیش کردیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ بلجیم میں ایسے لباس کی اجازت نہیں ہوگی جسے پہن کر پارکوں، سڑکوں اور دیگر عوامی مقامات پر کوئی اپنی شناخت

---

[1] اردو نیوز، جدہ 4 جون 2010ء
[2] روزنامہ جسارت، 9 جون 2010ء
[3] روزنامہ جسارت، 10 مارچ 2010ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چھپا سکے قانون کی خلاف ورزی کرنے پر جرمانہ یا 7 دن قید یا دونوں سزائیں دی جا سکیں گی۔ ❶

⑤ اٹلی میں تیونس نژاد مسلمان خاتون کو برقع پہننے پر 650 ڈالر جرمانہ کر دیا گیا۔ ❷

⑥ حکومت فرانس نے مراکش کے شہری کو فرانس کی شہریت دینے سے محض اس وجہ سے انکار کر دیا ہے کہ اس کی بیوی مکمل اسلامی حجاب کرتی ہے۔ ❸

⑦ برطانوی وزیر خارجہ جیک اسٹرا نے حجاب پر تبصرہ کرتے ہوئے یہ ہرزہ سرائی کی ''مسلمان عورتوں کی طرف سے استعمال کیا جانے والا برقع باہمی تعلقات کی راہ میں رکاوٹ ہے۔'' ❹

⑧ ناروے کے ایک وزیر کا حجاب کے بارے میں مضحکہ خیز موقف ملاحظہ ہو: ''حجاب بظاہر قابل اعتراض نہیں لیکن اگر اس سے انسانی صحت کو کچھ مسائل درپیش ہوں تو اس پر پابندی لگائی جا سکتی ہے۔'' ❺

⑨ ایک مستشرق کی حجاب کے بارے میں ہرزہ سرائی ملاحظہ ہو: ''مسلمان اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتے جب تک عورتوں کے چہروں سے حجاب اتار کر قرآن پر نہیں ڈال دیا جاتا۔'' ❻

⑩ حجاب کے حوالے سے اسلام دشمنی میں جرمنی سب سے بازی لے گیا ہے۔ ایک مصری خاتون ''مروہ'' 2005ء میں اپنے شوہر علی عکاظ کے ساتھ تلاش معاش کی غرض سے جرمنی کے شہر بریمن میں رہائش پذیر ہوئیں۔ 2008ء میں علی عکاظ کو بطور لیکچرر مینوفیا یونیورسٹی میں ملازمت مل گئی لہٰذا دونوں میاں بیوی ڈریڈن شہر میں رہائش پذیر ہو گئے اسی دوران مروہ جو کہ النصر گرلز کالج کی گریجویٹ تھیں کو بھی یونیورسٹی کے ہسپتال میں بطور فارمیسٹ ملازمت مل گئی۔ ایک روز مروہ اپنے ڈھائی سالہ بیٹے مصطفیٰ کے ساتھ پارک میں تھی کہ الیگزنڈر ویلکس نامی شخص نے مروہ کو حجاب میں دیکھ کر ''دہشت گرد'' کہا مروہ نے اسے جواب دیا تو الیگزنڈر نے اللہ تعالیٰ اور نبی اکرم ﷺ اور اسلام کی شان میں گستاخیاں بکنی شروع کر دیں اور مسلمانوں کو قتل کرنے کی دھمکی دی مروہ نے مقامی عدالت میں اس کی شکایت کی جس پر عدالت نے الیگزنڈر کو جرمانہ کیا لیکن اس نے اس سزا کو دوسری عدالت میں چیلنج کر دیا۔

عدالت نے دونوں کو طلب کیا مروہ سے بیان لینے کے بعد جب الیگزنڈر کو عدالت نے بیان دینے کا حکم دیا تو اس نے کہا ''میرا بس چلے تو میں اس عورت کو حجاب پہننے کی ایسی سزا دوں کہ ہمیشہ یاد رکھے''

---

❶ اردو نیوز، جدہ 23 اپریل 2010ء
❷ روزنامہ جسارت، 5 جون 2010ء
❸ روزنامہ انصاف، 10 جولائی 2010ء
❹ روزنامہ جنگ، 31 جولائی 2009ء
❺ روزنامہ جنگ، 31 جولائی 2009ء
❻ حقیقت الولاء والبراء، از سعید عبدالغنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس پر عدالت نے الیگزنڈر کو 780 جرمن مارک جرمانہ کیا اور گرفتار کرنے کا حکم دیا فیصلہ سنتے ہی جنونی ملعون نے بھری عدالت میں مروہ کا حجاب نوچ ڈالا اور تیز دھار خنجر سے اس پر وار کرنے شروع کر دیئے۔ گردن کاٹ ڈالی سینے، پیٹ اور بازوؤں پر اٹھارہ وار کئے جس پر مروہ نے وہیں جان جان آفریں کے سپرد کر دی۔ اس دوران مروہ کا شوہر اپنی اہلیہ کو بچانے کے لئے آگے بڑھا تو ملعون قاتل نے اس پر بھی خنجر کے وار کر کے شدید زخمی کر دیا۔

تعجب کی بات یہ ہے کہ عدالت میں مسلح پولیس کھڑی تھی مروہ کے شوہر علی عکاظ نے چیخ چیخ کر پولیس سے کہا کہ میری بیوی کو بچاؤ لیکن پولیس ٹس سے مس نہ ہوئی اور جب علی عکاظ اپنی بیوی کو بچانے کیلئے خود آگے بڑھا تو اس پولیس نے علی عکاظ پر گولیاں برسانا شروع کر دیں اور اسے شدید زخمی کر دیا۔ [1]

ہم ثنا خوان تقدیس مغرب سے پوچھتے ہیں کہ کیا اسی کا نام ''مذہبی آزادی''، ''مذہبی رواداری''، ''احترام انسانیت'' اور ''تحفظ حقوق انسانی'' ہے؟

عامر چیمہ اگر پیغمبر اسلام ﷺ کی گستاخی کرنے والے ملعون کارٹونسٹ پر حملہ آور ہوا تو وہ دہشت گرد اور عالم کفر کا تمام تر میڈیا آسمان سر پر اٹھالے، ائمہ کفر اس کی مذمت کرنے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے میں پیش پیش ہوں اور دوسری طرف بھری عدالت میں۔ بے گناہ، بے قصور خاتون کو قتل کرنے والا دہشت گرد ہے، نہ میڈیا کو اس کی مذمت کی ضرورت محسوس ہوتی ہے نہ ہی ائمہ کفر کے کانوں پر جوں تک رینگتی ہے بلکہ یہ قاتل کا ذاتی فعل قرار پاتا ہے۔

نقاب پوش مغرب کا یہ دوہرا معیار خود چیخ چیخ کر پکار رہا ہے کہ تنازعہ درحقیقت دہشت گردی کا نہیں بلکہ اسلام دشمنی کا ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے سچ ارشاد فرمایا ہے ﴿وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝﴾ ترجمہ: ''اور کافر، مسلمانوں سے محض اس لئے انتقام لیتے ہیں کہ وہ اللہ عزیز اور حمید پر ایمان لائے ہیں۔'' (البروج، آیت نمبر 8)

حجاب دشمنی کی تازہ ترین اور بدترین سازش کی ایک اور مثال ملاحظہ ہو:

25 دسمبر 2009ء کو ایک مسلمان نائیجیرین باشندہ ''عمر فاروق عبدالمطلب'' ولندیزی دارالحکومت ایمسٹرڈم سے امریکی شہر ڈیٹرائٹ جانے والی پرواز پر سوار ہوا، راستے میں اس نے بم چلانے اور اپنے کپڑوں کو کیمیاوی مادوں سے جلانے کی کوشش کی جس میں ناکام رہا اور اسے گرفتار کر لیا گیا۔ اس کے بعد

[1] ترجمان القرآن، اگست 2009ء/ ندائے ملت 6 تا 12 اگست 2009ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس واقعہ کو نائن الیون واقعہ کی طرز پر خوب اچھالا گیا اور بالآخر بلی تھیلے سے باہر آ گئی اس واقعہ کی آڑ لے کر امریکہ بہادر نے اپنے تمام ہوائی اڈوں پر پورے جسم کا معائنہ کرنے والے اسکینر، جو انسانوں کے کپڑوں سے بھی نیچے کی تصویریں بنا سکتے ہیں، نصب کر دیئے اور حکم ارشاد ہوا کہ اس قانون کا اطلاق درج ذیل ممالک پر ہوگا۔ ① سعودی عرب ② پاکستان ③ ایران ④ سوڈان ⑤ شام ⑥ افغانستان ⑦ الجزائر ⑧ عراق ⑨ لبنان ⑩ لیبیا ⑪ صومالیہ ⑫ یمن ⑬ نائجیریا اور ⑭ کیوبا پر ہوگا۔

شاید اپنے چہرے پر لگائی گئی سیاہی کچھ کم کرنے کے لئے ایک غیر مسلم ملک (کیوبا) کا نام بھی فہرست میں شامل کر دیا گیا ورنہ ساری دنیا کو باور کروانا تو یہی مطلوب تھا کہ سعودی عرب سے لے کر نائیجیریا تک تمام مسلمان ممالک دہشت گرد ہیں جن سے امن عالم کو شدید خطرات لاحق ہیں۔

میڈیا میں ہونے والے انکشافات نے مذکورہ بالا ڈرامے کی قلعی بھی جلد ہی کھول دی ہے مثلاً:

① ایمسٹرڈم ہوائی اڈے پر سیکورٹی کی ذمہ دار اسرائیل کی ICTS کمپنی ہے۔ سوال یہ ہے کہ جدید ترین مشینوں اور آلات کے ہوتے ہوئے ICTS کمپنی کے اہلکار عمر فاروق سے سرنج، کیمیکل اور پاؤڈر کیوں برآمد نہ کر سکے؟

② اسی پرواز پر سوار ہونے والے ایک مسافر ''کرٹ ہیکل'' نے امریکی ٹی وی چینل CBS کو انٹرویو دیتے ہوئے بتایا کہ چیک ان بوتھ پر میں عمر فاروق کے پیچھے تھا اس کے ساتھ ایک بھارتی (را کا ایجنٹ) کھڑا تھا جس نے بوتھ پر بیٹھے اہلکار سے کہا ''یہ سوڈان کا مہاجر ہے ابھی اس کے پاس پاسپورٹ نہیں ہم پاسپورٹ کے بغیر پہلے بھی کئی مہاجر امریکہ بھیج چکے ہیں، لہٰذا اسے بھی جانے دو۔'' بھارتی کی اس سفارش پر عمر فاروق کو جہاز پر سوار ہونے دیا گیا۔ سوال یہ ہے کہ عمر فاروق کو بغیر پاسپورٹ جہاز پر سوار کیوں ہونے دیا گیا؟

③ جہاز پر سوار ہونے سے قبل عمر فاروق کئی گھنٹے لاؤنج میں بیٹھا رہا اس دوران بعض مشکوک لوگ اسے ملنے کیلئے آتے جاتے رہے، وہ لوگ کون تھے؟

④ امریکہ کا دعویٰ ہے کہ عمر فاروق القاعدہ کا رکن تھا اور اس نے یمن سے فوجی تربیت حاصل کی۔ یہ کیسی عجیب وغریب فوجی تربیت تھی کہ نہ تو بم پھٹ سکا نہ اس نے گرفتاری کے وقت کوئی مزاحمت کی؟ اور ایف بی آئی مرکز میں پہنچتے ہی فر فر بیان قلمبند کروانا شروع کر دیا؟ [1]

---

[1] تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو اردو ڈائجسٹ، لاہور، مارچ 2010ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہتے ہیں جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے اس ڈرامے کا سب سے حیران کن اور مضحکہ خیز پہلو یہ ہے کہ یہ ڈرامہ 25 دسمبر 2009ء کو پیش آیا اور امریکہ نے اسے بہانہ بنا کر ہوائی اڈوں پر باڈی اسکینر نصب کرنے کا اعلان کیا جبکہ میڈیا میں دسمبر 2009ء سے پہلے ہی یہ خبریں آ چکی تھیں کہ امریکہ ہوائی اڈوں پر باڈی اسکینر نصب کر چکا ہے مثلاً:

① سات ماہ پیشتر Cnn.Com، 18 مئی 2009ء کو یہ خبر نشر کر چکا تھا ''امریکہ میں مسافروں کی عریاں تصویر کشی کی جا رہی ہے۔''[1]

② 29 مئی 2009ء کو دی ڈینور پوسٹ میں یہ خبر شائع ہوئی ''ڈینور بین الاقوامی ہوائی اڈے کے علاوہ امریکہ کے دیگر پانچ ہوائی اڈوں پر مکمل جسمانی عریاں تصویر سازی کی مشینیں نصب کر دی گئی ہیں۔''

③ 6 جون 2009ء (یعنی ڈیڑھ سال قبل) کو امریکہ کے مشہور جریدے 'یو ایس اے ٹوڈے' (U.S.A. Today) نے یہ خبر شائع کی ''انسانی بدن کو سکین کرنے والی وہ مشینیں جو لوگوں کے کپڑوں سے بھی نیچے تصویریں بنا سکتی ہیں، معروف ترین ہوائی اڈوں پر نصب کر دی گئی ہیں۔''[2]

مذکورہ بالا حقائق کی روشنی میں امریکہ کا یہ دعویٰ کہ اسکینر دہشت گردی ختم کرنے کے لئے نصب کئے گئے ہیں، بالکل لغو اور جھوٹ کا پلندہ ثابت ہوتا ہے سکینرز کا اصل مقصد مسلمانوں میں موجود شرم و حیا کے تصور کو ختم کرنا اور اس کی جگہ اپنی بے حیا، گندی اور غلیظ تہذیب کو فروغ دینا ہے۔

ائمہ کفر کی حجاب دشمنی کے حوالہ سے ہم قارئین کی توجہ دو باتوں کی طرف دلانا چاہتے ہیں:

اولاً: ائمہ کفر صرف اسلامی تہذیب اور اسلامی شعائر کے ہی دشمن نہیں بلکہ پوری کی پوری اسلامی شریعت کے دشمن ہیں۔ قرآن مجید کی توہین اور پیغمبر اسلام ﷺ کے آئے روز توہین آمیز خاکے اس حقیقت کا واضح ثبوت ہیں۔

امر واقعہ یہ ہے کہ ائمہ کفر کو اسلامی پاکستان اور ایٹمی پاکستان کسی قیمت گوارا نہیں۔ ان کا ہدف صرف یہ ہے کہ اسلامی اور ایٹمی پاکستان کو دنیا کے نقشہ سے ختم کیا جائے۔ پس ائمہ کفر کے ساتھ ہمارا اتحاد سراسر ہلاکت اور بربادی کا باعث ہے۔ کیا ہم دیکھ نہیں رہے کہ نائن الیون کے بعد کیا گیا اتحاد ہمارے لئے کیسے کیسے فتنے لے کر آیا ہے۔ محض ایک عشرے کے اندر اندر ہی ملک تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے اگر ہم

---

[1] ترجمان القرآن، لاہور، فروری 2010ء

[2] ترجمان القرآن، لاہور، فروری 2010ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے ملک اور قوم کو تباہی کے گڑھے میں گرنے سے بچانے میں واقعی سنجیدہ ہیں تو اس کا صرف ایک ہی راستہ ہے کہ ہم ائمہ کفر کے ساتھ اپنا اتحاد ختم کریں۔ ائمہ کفر کے مفادات کو تحفظ دینے کا طرز عمل ترک کریں، آنکھیں بند کر کے ائمہ کفر کی اطاعت اور پیروی کرنے کی روش سے باز آئیں اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے اس حکم پر عمل کریں ﴿ يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى اَوْلِيَاءَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ﴾ ترجمہ: ''اے لوگو، جو ایمان لائے ہو! یہود ونصاریٰ کا اپنا دوست نہ بناؤ، وہ ایک دوسرے کے دوست ہیں تم میں سے جو کوئی ان سے دوستی کرے گا وہ بھی انہی سے ہوگا۔'' (سورہ المائدہ، آیت 51)

دوسری بات جس کی طرف ہم اپنے قارئین کرام کی توجہ دلانا چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ بلاشبہ آج پوری دنیا کے مسلمان آگ کی بھٹی میں تپائے جا رہے ہیں لیکن اس کے باوجود امت مسلمہ میں ایسے سخت جان اور قوی ایمان کے حامل اہل ایمان موجود ہیں جو کفار کے ناپاک عزائم کا بڑی جرأت اور پامردی سے مقابلہ کر رہے ہیں اور آئندہ بھی ان شاء اللہ کرتے رہیں گے۔

مارچ 2010ء میں فاٹا ارکان پارلیمنٹ امریکی دورہ پر گیا لیکن ہوائی اڈے پر ہی برہنہ تصویر کشی کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے واپس پلٹ آیا ارکان پارلیمنٹ کا کہنا تھا کہ امریکہ کا دورہ اتنا اہم نہیں کہ ہم اس کی خاطر برہنہ تصویر کشی کرواتے۔ اس سے قبل لندن کے ہوائی اڈے پر دو پاکستانی نژاد خواتین بھی برہنہ تصویر کشی سے نہ صرف انکار کر چکی ہیں بلکہ اپنا سفر منسوخ کر کے ٹکٹیں بھی ضائع کر چکی ہیں۔ [1]

مئی 2003ء میں ایک نومسلم خاتون ''فاطمہ فریمٹن'' نے امریکی ریاست فلوریڈا کی عدالت میں ڈرائیونگ لائسنس کے لئے حجاب پہن کر تصویر اتروانے کی اجازت طلب کرتے ہوئے عدالت میں حجاب سے متعلق نہ صرف قرآنی آیات پڑھ کر سنائیں بلکہ واضح الفاظ میں یہ اقرار کیا:

"I don't unveil, because it would be disobeying my Lord." [2]

(میں اپنا نقاب نہیں اتاروں گی کیونکہ یہ میرے آقا کی نافرمانی ہوگی)

مغربی ممالک میں حجاب پر پابندی کے قانون کے باوجود مسلمان خواتین اپنا حق حاصل کرنے کیلئے

---

[1] روزنامہ جسارت، کراچی، 10 مارچ 2010ء

[2] عرب نیوز، 29 مئی 2003ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جدوجہد کر رہی ہیں۔فرانس کی پارلیمنٹ نے حجاب پر پابندی کا بل پاس کیا جسے مسلمانوں نے عدالت میں چیلنج کیا۔عدالت نے پابندی کو بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے اسے منسوخ کر دیا ہے۔[1]

عدالت کے اس فیصلہ سے مغرب کے دوسرے ممالک میں حجاب کی پابندی کے خلاف جدوجہد کرنے والے مسلمانوں کی یقیناً حوصلہ افزائی ہوگی۔

ہم وطن عزیز میں حجاب کو بوجھ سمجھنے والی یا اسے پسماندگی کی علامت سمجھنے والی خواتین سے گزارش کریں گے کہ وہ مغرب میں حجاب کی خاطر جدوجہد کرنے والی پرعزم خواتین سے سبق حاصل کریں۔یہ کتنا بڑا المیہ ہے کہ مغرب میں بسنے والی مسلمان خواتین حجاب استعمال کرنا چاہتی ہیں مگر وہاں کی حکومتیں اور ماحول کا جبر ان کی راہ میں رکاوٹیں پیدا کر رہا ہے جبکہ وطن عزیز میں حکومت مانع ہے نہ ہی ماحول کا جبر ہے اس کے باوجود ''مسلمان خواتین'' کی کثیر تعداد حجاب سے بے نیاز اور بے زار نظر آتی ہے،کہیں ایسا نہ ہو کہ قیامت کے روز مغرب کی باحجاب مسلمان خاتون مشرق کی بے حجاب خاتون کا دامن اللہ کی بارگاہ میں پکڑ کر کھڑی ہو جائے اور عرض پرداز ہو کہ یا الٰہی! ہم نے کفار کا جبر برداشت کیا،ان کے طعنے سنے،ان کی مخالفت مول لی لیکن تیرے اور تیرے رسول ﷺ کے حکم کی اطاعت کی لیکن ان بے حجاب خواتین سے پوچھ کہ ان کے پاس تیری اور تیرے رسول ﷺ کی نافرمانی کا کیا جواز تھا؟ وطن عزیز کی بے حجاب خواتین کو اللہ کی بارگاہ میں اس سوال کا جواب سوچ کر رکھنا چاہیے۔

والدین کی خدمت میں گزارش:

اولاد کی تربیت کے حوالے سے والدین پر بڑی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو اس کا ذہن سفید کاغذ کی طرح ہوتا ہے جس پر والدین جو کچھ تحریر کرنا چاہیں کر سکتے ہیں اس کے نقوش زندگی بھر ذہن میں موجود رہتے ہیں۔کسی دانا کا قول ہے: اَلْعِلْمُ فِی الصِّغَرِ کَالنَّقْشِ فِی الْحَجَرِ ''یعنی بچپن میں سیکھا ہوا علم ایسے ہے جیسے کسی پتھر پر نقش۔''

بچوں کی تربیت کے بارے میں اسلامی تعلیمات یہ ہیں کہ پیدا ہوتے ہی بچہ کے کان میں اذان کہی جائے۔کسی نیک اور متقی آدمی سے تحنیک کروائی جائے ساتویں روز عقیقہ کیا جائے،سر کے بال منڈوائے

[1] روزنامہ جسارت،کراچی،29 مئی 2010ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جائیں، ختنہ کیا جائے اور بہترین نام رکھا جائے اور جیسے ہی بچہ بولنا سیکھے سب سے پہلے اسے ''اللہ'' کا لفظ بولنا سکھایا جائے۔ (ابن سنی) سات برس کی عمر میں نماز پڑھنے کا حکم دیا جائے جس کا مطلب یہ ہے کہ سات سال سے پہلے بچے کو وضو کا طریقہ سکھانا، مسجد میں جانے کے آداب بتانا، نماز یاد کروانا، سورہ فاتحہ کے علاوہ بعض دوسری چھوٹی سورتیں یاد کروانا، نماز کے بعد کے اذکار اور دعائیں وغیرہ سکھانا ضروری ہے۔ بچہ کی تربیت کے سارے طریقے مثلاً پیار، محبت، لالچ، ڈانٹ ڈپٹ وغیرہ اختیار کرنے کے باوجود اگر بچہ دس برس کی عمر تک نماز کا عادی نہ بنے تو پھر اسے آخری حربہ کے طور پر مارنے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔

اسلام کی نگاہ میں بچپن کی تعلیم وتربیت کس قدر اہم ہے اس کا اندازہ اس حدیث سے لگایا جا سکتا ہے جس میں رسول اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ''ہر بچہ فطرت (یعنی اسلام) پر پیدا ہوتا ہے لیکن اس کے والدین اسے یہودی، عیسائی یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔'' (بخاری)

مختصر الفاظ کے باوجود حدیث شریف بڑی جامع ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو عقیدہ توحید سمیت تمام ایمانی اقدار اس کی فطرت میں بالکل اسی طرح موجود ہوتی ہیں جس طرح کھانا پینا، سونا جاگنا، رونا ہنسنا بچے کی فطرت میں شامل ہوتا ہے۔ انہی فطری اقدار میں سے ایک اہم ترین قدر شرم وحیا ہے جسے رسول اکرم ﷺ نے ایمان کا حصہ قرار دیا ہے۔ (مسلم) بلاشبہ شرم وحیا ہر بچہ کی فطرت میں موجود ہوتی ہے لیکن اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے یہ ایمانی وصف لڑکوں کی نسبت لڑکیوں میں کہیں زیادہ رکھا ہے۔ اب اس بات کا انحصار والدین پر ہے کہ وہ بچے کی مادی اور جسمانی ضروریات پوری کر کے صرف اس کی جسمانی پرورش اور تربیت ہی کرتے ہیں یا اس کی ایمانی اقدار کے تقاضے پورے کر کے اس کی روحانی پرورش اور تربیت بھی کرتے ہیں۔

قرآن مجید میں بیان کئے گئے حضرت آدم علیہ السلام کے واقعہ سے ہمیں یہ بات واضح طور پر معلوم ہوتی ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا علیہا السلام کپڑوں سے محروم کر دیئے گئے تو انہوں نے فوراً اپنے جسم کو درختوں کے پتوں سے ڈھانپنا شروع کر دیا جس کا مطلب یہ ہے کہ فطری شرم وحیا اور لباس دونوں لازم وملزوم ہیں۔ جن بچوں کو بچپن میں والدین مکمل ساتر لباس پہناتے ہیں ان کی فطری شرم وحیا نہ صرف محفوظ رہتی ہی بلکہ اس میں آہستہ آہستہ اضافہ بھی ہوتا رہتا ہے اور جن بچوں کو والدین بچپن سے ہی عریاں لباس پہناتے ہیں ان کی فطری شرم وحیا نہ صرف کم ہونے لگتی ہے بلکہ آہستہ آہستہ بالکل ختم ہو جاتی ہے۔ اس طرح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والدین بچپن ہی سے یا تو اپنی اولاد کو سعادت کی راہ پر لگا دیتے ہیں یا پھر لعنت کی راہ پر لگا دیتے ہیں۔ راہ سعادت کی منزل دنیا اور آخرت میں کامیابی اور سرخروئی ہے جبکہ لعنت کی منزل دنیا میں مصائب و آلام، امراض واضطراب، بے سکونی، بے اطمینانی اور پریشانی کی زندگی اور آخرت میں ناکامی ونامرادی ہے۔

اولاد کی تربیت کی اہمیت کے پیش نظر ہم والدین کی خدمت میں چند گزارشات پیش کرنا چاہتے ہیں جن پر عمل کر کے والدین نہ صرف خود دنیا وآخرت میں سرخرو ہو سکتے ہیں بلکہ اپنی اولاد کو بھی سعادت کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں۔

① والدین کو اپنے بچوں کی دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ کم از کم اتنی دینی تعلیم دلانے کا ضرور اہتمام کرنا چاہئے جس سے ایک بچہ روزمرہ زندگی کے معاملات میں اسلام کی بنیادی تعلیمات سے آگاہ ہو جائے۔ مثلاً طہارت کے مسائل، نماز روزے کے احکام، کھانے پینے کے آداب، ستر اور لباس کے احکام، سونے اور جاگنے کا طریقہ وغیرہ جس سے کم از کم بچوں کو بھی یہ احساس ہو کہ انہوں نے کسی مسلمان گھرانے میں پرورش پائی ہے۔ ان کا عقیدہ اور ان کی تہذیب وثقافت کافروں سے الگ ہے۔

② بلوغت سے قبل بچوں خصوصاً لڑکیوں کو ساتر لباس پہنانے کا اہتمام والدین کو ہر صورت کرنا چاہئے۔ بعض والدین یہ سمجھتے ہیں کہ بلوغت سے قبل لڑکیوں کو عریاں لباس پہنانا گناہ نہیں، یہ تصور بالکل غلط ہے۔ نابالغ لڑکیوں کو غیر ساتر، عریاں، تنگ لباس یا پتلون شرٹ پہنانے والے والدین نہ صرف خود گناہگار ہیں بلکہ اولاد کو ان کی فطری شرم وحیا سے محروم کرنے کا وبال بھی ان کے سر ہے۔ جب نابالغ بچیاں عریاں اور غیر ساتر لباس پہن کر فطری شرم وحیا سے محروم ہو جائیں گی تو بلوغت کی عمر میں عریاں، تنگ اور مختصر لباس پہننے میں انہیں شرم وحیا کیونکر محسوس ہوگی؟

ایسا ہی معاملہ دیگر اعمال کا ہے اگر والدین بچپن میں ہی اپنی اولاد کو تصویر کشی، موویز، جوڑا یا وگ لگانے، جسم گدوانے بھنویں بنوانے جیسے فتنوں کا عادی بنا دیں گے تو بڑی عمر میں پہنچ کر وہ کیسے انہیں ترک کریں گے۔ والدین پر واجب ہے کہ وہ اپنی اولاد کو بچپن سے ہی لعنت زدگی کے ان افعال سے دور رکھیں اور ان کے دلوں میں ان چیزوں کے بارے میں اس قدر نفرت پیدا کر دیں کہ وہ بالغ ہو کر کبھی اپنے دل میں ان چیزوں کا تصور تک نہ لائیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

③ ہماری ناقص رائے میں لباس کے فتنوں میں مبتلا کرنے والا سب سے بڑا ذریعہ ٹی وی ہے۔ مرد اور عورتیں نت نئے لباس پہن کر اور نت نئے فیشن کر کے ٹی وی پر آتے ہیں اور دیکھنے والے بچے نہ صرف ان کے لباس جیسا لباس پہننے کی کوشش کرتے ہیں بلکہ ان جیسا انداز گفتگو، ان جیسی حرکات وسکنات اور ان جیسا بناؤ سنگھار اور ان جیسا شاہانہ رہن سہن بھی اختیار کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ بے حیائی، فحاشی، بدکاری اور جرائم کا جو سبق پڑھایا جاتا ہے وہ باقی تمام فتنوں پر مستزاد ہوتا ہے۔ ٹی وی کے علاوہ ویڈیو فلمیں اور انٹرنیٹ وغیرہ بھی بچوں کو دیگر فتنوں کے علاوہ لباس کے فتنوں میں مبتلا کرنے کا ذریعہ ہیں، لہٰذا جو والدین اپنے بچوں کو لباس کے فتنوں سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں انہیں کم از کم ٹی وی اور ویڈیو فلموں سے اپنے گھروں کو پاک وصاف کرنا چاہئے اور اس کی جگہ بچوں کو کوئی دوسری جائز اور نفع بخش تفریح مہیا کرنی چاہئے۔

لباس کے فتنوں میں مبتلا کرنے کا دوسرا ذریعہ پرنٹ میڈیا ہے۔ صرف مردانہ وزنانہ لباسوں کے عریاں، مختصر اور جدید سے جدید ڈیزائنوں پر مشتمل جرائد نہ صرف وطن عزیز میں طبع ہوتے ہیں بلکہ مغربی ممالک سے درآمد بھی کئے جاتے ہیں۔ لبرل اور روشن خیال طبقہ وطن عزیز کے روزانہ اخبارات، خصوصی اشاعتوں، ہفتہ وار اور ماہانہ جرائد میں اشتہارات کے نام پر فیشن پرستی، عریانی اور مختصر لباسی کا ''کار خیر'' عوامی خدمت کے جذبے سے سرانجام دے رہا ہے۔

المیہ تو یہ ہے کہ اسلامی اقدار کا رونا رونے والے اور اسلام پسندی کا دعویٰ کرنے والے جرائد کا طرز عمل بھی لبرل جرائد سے اس اعتبار سے زیادہ تکلیف دہ ہے کہ ایک صفحہ پر ''قرآن وحدیث'' یا ''درس قرآن، درس حدیث'' یا ''قال اللہ وقال الرسول'' جیسے مضامین شائع ہوتے ہیں اور ساتھ ہی ماڈل گرلز کے عریاں، گندے اور غلیظ اشتہارات بھی شائع ہوتے ہیں۔ یہ عریاں، فیشن زدہ، فحش اور گندے اشتہارات ہر ذہن کو مسموم کرتے ہیں خواہ وہ چھوٹے ہوں یا بڑے۔ بچوں کو لباس اور فیشن پرستی کے ان تمام مسموم ذرائع سے محفوظ رکھنا والدین کی ذمہ داری ہے بلاشبہ آج کے پرفتن دور میں ان چیزوں سے اپنے آپ کو بچانا مشکل ضرور ہے لیکن ناممکن نہیں اپنی اور اپنی اولاد کی تربیت کی خاطر یہ جہاد کئے بغیر کوئی چارہ کار نہیں ہے۔ اس کی خاطر کچھ نہ کچھ قربانی تو دینی ہی پڑے گی۔ اپنے اوقات کی قربانی اور اپنی مصروفیات کی قربانی، اپنے جذبات کی قربانی، اپنی خواہشات کی قربانی اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لذاتِ نفس کی قربانی۔

ہاتھ آتا نہیں گوہر بے آہِ سحر گاہی

✻.....✻.....✻

وطن عزیز پاکستان کو بنے ساٹھ سال سے زیادہ کا عرصہ گزر رہا ہے۔ پاکستان کی تخلیق اس اعتبار سے بڑی منفرد حیثیت کی حامل تھی کہ اس کی تخلیق کا مقصد روز روشن کی طرح واضح تھا..... ''اسلامی فلاحی ریاست کا قیام''.....لیکن افسوس آج 62 سال بعد ملک کی حالت ایک بے منزل اور بے راہ رو کارواں کی سی ہے جس کا کوئی میر کارواں نہیں۔ ملک کی حالت نہ اسلامی اعتبار سے قابل رشک ہے نہ سیاسی اعتبار سے، نہ معاشی اعتبار سے اور نہ ہی اخلاقی اعتبار سے قابل رشک ہے۔

اسلامی اعتبار سے دیکھئے تو ملک کی اکثریت شرک و بدعات میں ڈوبی ہوئی ہے۔ شرک و بدعت کو برا کہنے والے قابل ملامت اور شرک و بدعت میں مبتلا عوام و خواص واجب الاحترام.....مساجد اور مدارس کی تعمیر اور تحفظ جن کی ذمہ داری تھی وہی مساجد اور مدارس کے بدترین دشمن ثابت ہو رہے ہیں۔

سیاسی اعتبار سے دیکھئے تو ملک کی تمام بڑی سیاسی جماعتیں ''نظریہ پاکستان'' کا نام لینے سے خائف ہیں موجودہ تنزل اور انحطاط کی تکلیف دہ صورت حال پر غور و فکر کے لئے جب دانشوروں کے سیمینار ہوتے ہیں تو مادی اسباب، مادی وسائل اور مادی علاج پر گفتگو ہوتی ہے لیکن پورے ملک میں شاید کوئی ایک بھی ''رجل رشید'' ایسا نہیں جو قوم کو اس کے گناہوں کی طرف توجہ دلائے اور پھر اپنے رب کے حضور استغفار کی بات کرے۔ شاید اسلامی جمہوریہ پاکستان میں بڑے لوگوں کو بڑے اجتماعات میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا نام لیتے ہوئے شرم آنے لگی ہے۔

معاشی اعتبار سے دیکھئے تو غربت، مہنگائی اور بے روزگاری کی یہ حالت ہے کہ لوگ ٹرینوں کے آگے بیٹھ کر خودکشیاں کر رہے ہیں۔ بے بس اور مجبور لوگ اپنے جگر گوشوں کو بازاروں میں فروخت کر رہے ہیں۔ کبھی کسی نے سنا تھا کہ والدین اپنے ہی ہاتھوں اپنے معصوم اور بے گناہ بچوں اور بچیوں کو زہر دے ڈالیں گے یا کسی نے تصور کیا تھا کہ والدین اپنے ہی ہاتھوں اپنے دل کے ٹکڑوں کو دریاؤں کی بے رحم لہروں کے حوالے کر دیں گے؟

اخلاقی اعتبار سے گرواٹ اور پستی کا یہ حال ہے کہ وطن عزیز کے اہم ترین قومی اداروں میں عوام کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نمائندگی کرنے والوں میں سے دوسو سے زائد نمائندے جعلی ڈگریوں کے حامل ہیں۔ ❶

اخلاقی پستی اور گرواٹ کی شاید اس سے شرمناک مثال دنیا کے کسی ملک میں نہ ملے کہ عدالت کے خوف سے جعلی ڈگریوں کے حامل افراد کے استعفیٰ کے بعد سیاسی جماعتوں نے نہ صرف دوبارہ انہی بددیانت اور خائن افراد کو نمائندگی کے لئے ٹکٹ دیا بلکہ ان کے دوبارہ انتخاب کے لئے ہر طرح کے جتن کئے۔ یہ طرزِ عمل اس بات کا کھلا کھلا اعلان ہے کہ ملک کے عوام اور خواص کی اکثریت اب نیکی، شرافت، امانت، دیانت اور صداقت سے نفرت کرتی ہے۔ جھوٹ، فریب، دھوکہ دہی، خیانت اور بددیانتی کو محبوب اور مرغوب سمجھتی ہے۔

وہی قومی نمائندے جنہیں معاشرے میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فرض ادا کرنا چاہئے تھا ''مقدس ایوانوں'' میں بیٹھ کر امر بالمنکر اور نہی عن المعروف فرما رہے ہیں۔ وہی ادارہ جسے ملک میں فراڈ، دھوکہ دہی، خیانت اور لوٹ مار کو روکنا چاہئے تھا وہی ادارہ فراڈ، دھوکہ دہی، خیانت اور لوٹ مار کے تحفظ کے لئے دلائل کے انبار مہیا فرما رہا ہے۔

قارئین کرام! ذرا اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر غور فرمایئے کہ ایسی باغی، سرکش اور مجرم قوم کو روئے زمین پر باقی رکھنے کی آخر اللہ تعالیٰ کو کونسی مجبوری ہے؟ قوم عاد اور قوم ثمود کے ساتھ آخر اللہ تعالیٰ کو کون سی دشمنی تھی یا قوم لوط، قوم صالح اور قوم شعیب کیا اللہ کی مخلوق نہیں تھے؟

اس تکلیف دہ صورت حال میں ملک اور قوم کی بقا کا صرف ایک ہی راستہ ہے..... رجوع الی اللہ۔ اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے گناہوں پر توبہ واستغفار اور اس کے بعد معاشرے میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے مقدس فرض کی ادائیگی! اللہ کے رسول ﷺ کا ارشاد مبارک ہے ''اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، تم نیکی کا حکم دیتے رہو اور برائی سے روکتے رہو ورنہ اللہ تعالیٰ تم پر عذاب مسلط کر دے گا پھر تم دعائیں کرو گے لیکن تمہاری دعائیں قبول نہیں ہوں گی۔'' (ترمذی)

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی اہمیت کے پیش نظر ہم نے آئندہ اسی موضوع پر کتاب لکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ منکرات کے منہ زور بڑھتے ہوئے سیلاب کے آگے یہ حقیر سی کوشش کس کام آئے گی، یہ تو اللہ ہی جانتے ہیں لیکن اتنا تو ہوگا کہ ہم اللہ کے حضور اپنی معذرت پیش کر سکیں گے کہ الٰہی اپنی کمزور، ناتواں اور حقیر سی کوشش تو ہم نے کر ہی دیکھی تھی۔ نتائج اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں۔

❶ ملاحظہ ہو، اردو ڈائجسٹ، مئی 2010 صفحہ نمبر 17

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گذشتہ سال (جولائی 2009ء) میں ''کتاب المساجد'' طبع ہوئی تو محترمہ والدہ صاحبہ نے حسب سابق دیکھ کر خوشی کا اظہار فرمایا اور دعائیں دیں پھر استفسار فرمانے لگیں ''اس کے بعد کون سی کتاب لکھنا چاہتے ہو؟'' میں نے عرض کی ''ان شاء اللہ کتاب اللباس لکھنے کا ارادہ ہے'' فرمانے لگیں ''یہ تو واقعی بہت اہم موضوع ہے اس پر ضرور لکھنا چاہئے اب تو گاؤں میں بھی لڑکیاں بڑے شرمناک لباس پہننے لگی ہیں۔''

اللہ کے فضل و کرم سے والدین محترمین دونوں حافظ قرآن تھے۔ دونوں نے مل کر اپنے گاؤں (کیلیانوالہ ضلع گوجرانوالہ) میں الحمدللہ نصف صدی تک قرآن و حدیث کی تعلیم و تدریس کا مقدس فریضہ انجام دیا۔ تعلیم و تدریس کے دوران محترمہ والدہ صاحبہ رحمہا اللہ طالبات کے حجاب اور ساتر لباس کا بہت خیال رکھتیں کسی لڑکی کو تنگ، باریک یا مختصر لباس پہننے کی اجازت نہ تھی۔ اگر کوئی لڑکی فیشن وغیرہ کرتی تو والدہ صاحبہ اسے سبق دینا بند کر دیتیں، جب تک وہ فیشن ترک نہ کرتی تب تک اسے سبق نہ دیتیں۔

گذشتہ برس (16 اگست 2009ء) میں اپنی تعطیلات مکمل کر کے واپس سعودی عرب جانے کے لئے تیار ہوا تو محترمہ والدہ صاحبہ رحمہا اللہ رخصت کرتے ہوئے فرمانے لگیں ''اقبال میرے لئے دعا کرنا'' میں نے عرض کی ''امی جان! اللہ تعالیٰ آپ پر کروڑ کروڑ رحمتیں نازل فرمائے، کوئی دن نہیں جاتا جب میں آپ دونوں کے لئے دعا نہ کروں'' فرمانے لگیں ''اچھا پھر فی امان اللہ'' اور پیار دے کر رخصت کیا..... صرف سات دن بعد یعنی 23 اگست 2009ء (یکم رمضان 1430ھ) کو رات دس بجے برادرم خالد محمود کیلانی صاحب نے اطلاع دی کہ محترمہ والدہ صاحبہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئی ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

والدہ محترمہ رحمہا اللہ کی وفات سے 16 سال 10 ماہ اور گیارہ دن قبل (13 اکتوبر 1992ء) محترم والد حافظ محمد ادریس کیلانی رحمہ اللہ دار الفنا سے دار البقا کو رخصت ہوئے۔ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ.

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ وہ والدین کریمین کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے دونوں کی سیئات سے درگزر فرمائیں اور حسنات کو قبول فرماتے ہوئے جنت الفردوس میں بلند درجات سے نوازیں۔ آمین۔

حسب سابق احادیث کی صحت کے معاملہ میں ہم نے زیادہ تر شیخ محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ کی تحقیق سے استفادہ کیا ہے۔ حوالہ جات کے آخر میں درج شدہ نمبر شیخ موصوف کی کتب کے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب کی تیاری میں تعاون فرمانے والے واجبُ الاحترام علماء کرام کا تہ دل سے شکر گزار ہوں۔ اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں انہیں اجر سے نوازے۔ آمین

کتاب میں خیر و خوبی کے پہلو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور اس میں خطا اور خامیوں کے پہلو شیطان اور میرے نفس کے شر کی وجہ سے ہیں، جس کے لئے میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی بارگاہ میں دست بستہ معافی کا خواستگار ہوں۔

آخر میں بارگاہ رب العزت میں انتہائی ذلت اور عجز و انکسار کے ساتھ درخواست ہے کہ وہ کتاب کے بہترین پہلوؤں کو اپنی رحمت اور فضل و کرم سے شرفِ قبولیت سے نوازے۔ عوام الناس کے لئے نفع بخش بنائے۔ میرے والدین محترمین اساتذہ کرام، اعزہ و اقارب، دوست احباب کے علاوہ مترجمین، کاتبین، ناشرین اور تمام قارئین کے لئے دنیا میں باعثِ خیر و برکت اور آخرت میں باعثِ رحمت و مغفرت بنائے۔ آمین

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْن

محمد اقبال کیلانی عفی اللہ عنہ

2 رجب 1431ھ مطابق 14 جون 2010ء

الریاض، سعودی عرب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللِّبَاسُ مِنْ دِيْنِنَا

لباس ہمارے دین کا حصہ ہے

مسئلہ 1 لباس اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے۔

مسئلہ 2 لباس اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔

﴿ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ۭ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝ ﴾ (7:26)

''اے اولادِ آدم! ہم نے لباس تم پر نازل فرمایا تاکہ تمہاری شرمگاہوں کو ڈھانپے نیز تمہارے جسم کی حفاظت اور زینت کا ذریعہ بھی ہو۔ اور بہترین لباس تقویٰ کا لباس ہے۔ لباس اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے تاکہ تم لوگ نصیحت حاصل کرو۔'' (سورۃ الاعراف، آیت نمبر 26)

وضاحت : ''لباس اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے'' سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کی فطرت میں اس قدر شرم وحیا رکھ دی ہے کہ لباس پہننا انسانی فطرت کا عین تقاضا ہے۔ لباس کی اسی اہمیت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اسے اپنی نشانیوں میں سے ایک نشانی قرار دیا ہے۔

مسئلہ 3 جس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کے ذریعہ رسول اکرم ﷺ کو نماز، روزے کے مسائل سکھائے اسی طرح اللہ تعالیٰ نے رسول اکرم ﷺ کو لباس اور اس کے متعلقات کے بارے میں بھی مسائل سکھائے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ لَبِسَ النَّبِيُّ ﷺ يَوْمًا قَبَاءً مِّنْ دِيْبَاجٍ اُهْدِيَ لَهٗ ثُمَّ اَوْشَكَ اَنْ يَنْزِعَهٗ فَاَرْسَلَ بِهٖ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ فَقِيْلَ قَدْ اَوْشَكَ مَا نَزَعْتَهٗ يَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ ((نَهَانِیْ عَنْهُ جِبْرِیْلُ علیہ السلام)) فَجَآءَهُ عُمَرُ رضی اللہ عنہ یَبْکِیْ ، فَقَالَ : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! کَرِهْتَ اَمْرًا وَاَعْطَیْتَنِیْهِ ، فَمَالِیْ؟ فَقَالَ ((اِنِّیْ لَمْ اُعْطِکَهُ لِتَلْبَسَهُ اِنَّمَا اَعْطَیْتُکَ تَبِیْعُهُ)) فَبَاعَهُ بِاَلْفَیْ دِرْهَمٍ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک روز آپ ﷺ نے ہدیہ میں آئی ہوئی ریشمی قبا پہنی پھر فوراً ہی اسے اتار دیا اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو بھیج دی۔ صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا ''یا رسول اللہ ﷺ! کیا وجہ ہے آپ ﷺ نے قبا فوراً ہی اتار دی؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''حضرت جبرائیل علیہ السلام نے مجھے وہ قبا پہننے سے منع فرما دیا تھا۔'' (یہ سن کر) حضرت عمر رضی اللہ عنہ روتے ہوئے حاضر ہوئے اور عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! جس چیز کو آپ نے ناپسند فرمایا وہ مجھے ارسال فرما دی (اب میں پہنوں گا تو) میرا کیا انجام ہوگا؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''میں نے یہ قبا تمہیں پہننے کے لیے نہیں بھجوائی بلکہ اس لیے بھجوائی ہے کہ اسے بیچ دو۔'' چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ قبا دو ہزار درہم میں فروخت کر دی۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ فَقَالَ لِیْ : اَتَیْتُکَ الْبَارِحَةَ فَلَمْ یَمْنَعْنِیْ اَنْ اَکُوْنَ دَخَلْتُ اِلَّا اَنَّهُ کَانَ عَلَی الْبَابِ تَمَاثِیْلُ وَکَانَ فِی الْبَیْتِ قِرَامُ سِتْرٍ فِیْهِ تَمَاثِیْلُ ، وَکَانَ فِی الْبَیْتِ کَلْبٌ ، فَمُرْ بِرَاسِ التِّمْثَالِ الَّذِیْ فِی الْبَیْتِ یُقْطَعُ ، فَیَصِیْرُ کَهَیْئَةِ الشَّجَرَةِ ، وَمُرْ بِالسِّتْرِ فَلْیُقْطَعْ ، فَلْیُجْعَلْ مِنْهُ وِسَادَتَیْنِ مَنْبُوْذَتَیْنِ تُوْطَآنِ ، وَمُرْ بِالْکَلْبِ فَلْیُخْرَجْ)) فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ . رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ ❷ (صحیح)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور مجھے بتایا کہ میں کل رات بھی آیا تھا لیکن مجھے اندر داخل ہونے سے جن چیزوں نے روک دیا وہ یہ تھیں ① دروازے پر تصویریں ② گھر میں ایک پردہ جس پر تصاویر نقش تھیں اور ③ گھر میں کتا بھی تھا۔ آپ گھر میں موجود تصاویر کے سروں کا کاٹنے کا حکم دیں اس طرح وہ درخت کی شکل بن جائیں گی۔ پردے کو پھاڑنے کا حکم دیں اور اس سے دو گدے بنا لیں تا کہ وہ پاؤں تلے روندے جائیں اور کتے کو گھر سے باہر

❶ کتاب اللباس والزینة ، باب تحریم لبس الحریر و غیر ذلک للرجال

❷ کتاب اللباس باب فی الصور (3504/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نکالنے کا حکم دیں۔'' رسول اکرم ﷺ نے ایسا ہی کیا۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 4 حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے غلط طریقے سے کپڑا پہنا تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں کپڑے پہننے کا صحیح طریقہ بتایا۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ خَرَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي بَعْضِ اَسْفَارِهٖ فَجِئْتُ لَيْلَةً لِبَعْضِ اَمْرِيْ فَوَجَدْتُهٗ يُصَلِّيْ وَعَلَيَّ ثَوْبٌ وَاحِدٌ فَاشْتَمَلْتُ بِهٖ وَصَلَّيْتُ اِلٰى جَانِبِهٖ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ ((مَا السُّرٰى يَا جَابِرُ ؟)) فَاَخْبَرْتُهٗ بِحَاجَتِيْ فَلَمَّا فَرَغْتُ قَالَ ((مَا هٰذَا الْاِشْتِمَالُ الَّذِيْ رَاَيْتُ)) قُلْتُ : كَانَ ثَوْبٌ ، قَالَ ((فَاِنْ كَانَ وَاسِعًا فَالْتَحِفْ بِهٖ وَاِنْ كَانَ ضَيِّقًا فَاتَّزِرْ بِهٖ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ [1]

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں نکلا۔ رات کے وقت کسی کام سے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے۔ میرے پاس ایک ہی کپڑا تھا جسے میں نے اپنے اوپر اچھی طرح لپیٹ لیا اور آپ ﷺ کے پہلو میں کھڑا ہو کر نماز پڑھنے لگا۔ جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا ''جابر! اس وقت کیسے آئے ہو؟'' میں نے اپنی ضرورت سے آپ ﷺ کو آگاہ کیا۔ جب بات کہہ چکا تو آپ ﷺ نے فرمایا ''یہ کپڑا تم نے کیسے لپیٹ رکھا ہے؟'' میں نے عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! بس میرے پاس یہی ایک کپڑا تھا'' آپ ﷺ نے فرمایا ''اگر ایک ہی کپڑا بڑا ہو تو پھر اسے سارے جسم پر لپیٹ لو لیکن اگر چھوٹا ہو تو پھر اسے تہبند کے طور پر استعمال کرو۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 5 رسول اکرم ﷺ نے اپنے دست مبارک سے صحابیؓ کی پنڈلی پکڑ کر اس کا ازار درست کروایا۔

عَنْ حُذَيْفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِاَسْفَلِ عَضَلَةِ سَاقِيْ اَوْ سَاقِهٖ فَقَالَ ((هٰذَا مَوْضِعُ الْاِزَارِ فَاِنْ اَبَيْتَ فَاَسْفَلَ فَاِنْ اَبَيْتَ فَاَسْفَلَ ، فَاِنْ اَبَيْتَ فَلَا حَقَّ لِلْاِزَارِ فِي

[1] كتاب الصلاة ، باب اذا كان الثوب ضيّقًا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْكَعْبَيْنِ)). رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ[1] (صحیح)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میری پنڈلی کے نچلے والا حصہ (Muscle) پکڑا اور فرمایا ''ازار یہاں تک ہونا چاہیے اور اگر تجھے یہ ناپسند ہو تو پھر ذرا نیچے کر لو اور اگر اتنا بھی پسند نہ ہو تو پھر تھوڑا اور نیچے کر لو لیکن ازار سے ٹخنوں کو ڈھانکنے کا تجھے کوئی حق نہیں۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 6 حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے رنگت میں کفار سے مشابہت والا لباس پہنا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نہ صرف سخت ناراض ہوئے بلکہ فرمایا ''ان کپڑوں کو جلا دو۔''

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 109 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 7 صحابی نے میلے کچیلے کپڑے پہنے ہوئے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے صاف ستھرے کپڑے پہننے کا حکم دیا۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 91 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 8 صحابی کے پراگندہ بال دیکھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کراہت فرمائی اور اسے بالوں کو دھونے اور سنوارنے کا حکم دیا۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 91 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 9 رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جوتا پہننے کا طریقہ بھی بتایا۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 261-262 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

❋❋❋

[1] كتاب اللباس، باب موضع الازار اين هو؟ (2874/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَقَاصِدُ اللِّبَاسِ

لباس کے مقاصد

مسئلہ 10 لباس کا اولین مقصد انسانی جسم کے قابل شرم حصوں کو ڈھانکنا ہے۔

مسئلہ 11 لباس کا دوسرا مقصد انسان کو زینت عطا کرنا ہے۔

﴿ يَـٰبَنِىٓ ءَادَمَ قَدْ أَنزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُوَٰرِى سَوْءَٰتِكُمْ وَرِيشًا ۖ وَلِبَاسُ ٱلتَّقْوَىٰ ذَٰلِكَ خَيْرٌ ۚ ذَٰلِكَ مِنْ ءَايَـٰتِ ٱللَّهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ۝ ﴾ (7:26)

''اے اولاد آدم! ہم نے تم پر لباس نازل کیا ہے تاکہ تمہارے جسم کے قابل شرم حصوں کو ڈھانکے اور تمہارے لیے جسم کی حفاظت اور زینت کا ذریعہ بنے۔ بہترین لباس تقویٰ کا لباس ہے اور یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے تاکہ لوگ اس سے نصیحت حاصل کریں۔'' (سورۃ الاعراف، آیت نمبر 26)

مسئلہ 12 لباس کا تیسرا مقصد انسان کو سردی گرمی سے محفوظ رکھنا ہے۔

مسئلہ 13 لباس اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔

﴿ وَٱللَّهُ جَعَلَ لَكُم مِّمَّا خَلَقَ ظِلَـٰلًا وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ ٱلْجِبَالِ أَكْنَـٰنًا وَجَعَلَ لَكُمْ سَرَٰبِيلَ تَقِيكُمُ ٱلْحَرَّ وَسَرَٰبِيلَ تَقِيكُم بَأْسَكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهُۥ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُونَ ۝ ﴾ (16:81)

''اللہ تعالیٰ نے اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں سے تمہارے لیے سائے کا انتظام کیا، تمہارے لیے پہاڑوں میں پناہ گاہیں بنائیں، تمہارے لیے ایسے لباس بنائے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور ایسے لباس جو باہمی جنگوں میں تمہاری حفاظت کرتے ہیں، اس طرح اللہ تعالیٰ تم پر اپنی نعمتوں کی تکمیل فرماتا ہے تاکہ تم فرماں بردار بنو۔'' (سورۃ النحل، آیت نمبر 81)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وضاحت : تکمیل نعمت سے مراد ایسی نعمت ہے جس میں انسان کی خیر اور بھلائی کے لیے بے شمار پہلو ہوں۔

مَسئلہ 14 لباس کا چوتھا مقصد انسان کی فطری شرم وحیاء کی حفاظت کرنا ہے۔

عَنْ يَعْلٰى رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ رَاٰى رَجُلًا يَغْتَسِلُ بِالْبَرَازِ بِلَا اِزَارٍ، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ ((اِنَّ اللّٰهَ حَيِيٌّ سِتِّيْرٌ يُحِبُّ الْحَيَاءَ وَالسَّتْرَ فَاِذَا اغْتَسَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَسْتَتِرْ)) رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[1] (صحیح)

حضرت یعلیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو کھلے میدان میں ننگے نہاتے دیکھا تو منبر پر تشریف لائے، اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء فرمائی اور پھر فرمایا ''بے شک اللہ حیا فرماتا ہے اور پردہ پوشی فرماتا ہے۔ حیا اور پردہ پوشی کو پسند فرماتا ہے، لہٰذا جب تم میں سے کوئی غسل کرے تو ستر چھپائے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

✺✺✺

[1] کتاب الحمام، باب النهی عن التعری (3387/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَهَمِّيَّةُ السَّتْرِ

ستر کی اہمیت

مَسئلہ 15 مرد کو مرد کا ستر دیکھنا منع ہے، عورت کو عورت کا ستر دیکھنا منع ہے۔

مَسئلہ 16 مرد کو عورت کا اور عورت کو مرد کا ستر دیکھنا بدرجہ اولیٰ منع ہے۔

مَسئلہ 17 ننگے مرد کا ننگے مرد کے ساتھ، ننگی عورت کا ننگی عورت کے ساتھ ایک ہی چادر میں لیٹنا منع ہے۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ ((لَا یَنْظُرُ الرَّجُلُ اِلٰی عُرْیَةِ الرَّجُلِ وَلَا الْمَرْأَةُ اِلٰی عُرْیَةِ الْمَرْأَةِ وَلَا یُفْضِی الرَّجُلُ اِلَی الرَّجُلِ فِیْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ وَلَا تُفْضِی الْمَرْأَةُ اِلَی الْمَرْأَةِ فِیْ ثَوْبٍ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[1] (صحیح)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''کوئی مرد کسی دوسرے مرد کا ستر نہ دیکھے اور نہ ہی کوئی عورت کسی عورت کا ستر دیکھے، نہ ہی کوئی مرد دوسرے مرد کے ساتھ (عریاں ہو کر) ایک کپڑے میں لیٹے، نہ ہی کوئی عورت کسی عورت کے ساتھ (عریاں ہو کر) ایک ہی کپڑے میں لیٹے (کہ ایک کا بدن دوسرے کے ساتھ لگے)۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 18 حتی الامکان تنہائی میں بھی بلا وجہ اپنے آپ کو عریاں نہیں کرنا چاہیے۔

عَنْ حَکِیْمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ : قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! عَوْرَاتُنَا مَا نَاتِیْ مِنْهَا وَمَا نَذَرُ ؟ قَالَ ((اِحْفَظْ عَوْرَتَکَ اِلَّا مِنْ زَوْجَتِکَ اَوْ مَا مَلَکَتْ یَمِیْنُکَ)) قَالَ : قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! اِذَا کَانَ الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ فِیْ بَعْضٍ ؟ قَالَ ((اِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ لَا یَرَیَنَّهَا اَحَدٌ

[1] کتاب الحمام ، باب فی التعری (3392/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَلَا يَرَيَنَّهَا)) قَالَ : قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اِذَا كَانَ اَحَدُنَا خَالِيًا؟ قَالَ ((اَللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ يُسْتَحْيَا مِنْهُ مِنَ النَّاسِ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❶ (حسن)

حضرت حکیم اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے باپ نے عرض کی ''یارسول اللہ ﷺ! ہم اپنے ستر کس سے چھپائیں؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اپنی بیوی اور لونڈی کے علاوہ ہر ایک سے اپنا ستر چھپا۔'' میں نے عرض کی ''یارسول اللہ ﷺ! جب ہم ایک دوسرے کے ساتھ (رہتے) ہوں (یعنی گھر میں اولاد یا بہن بھائی وغیرہ بھی ہوں تو کیا حکم ہے؟)'' آپ ﷺ نے فرمایا ''جہاں تک ممکن ہو کوشش کر کہ کوئی دوسرا تیرا ستر نہ دیکھے'' میں نے پھر عرض کی ''یارسول اللہ ﷺ! جب کوئی شخص بالکل تنہا ہو تو پھر کیا حکم ہے؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اللہ (لوگوں کی نسبت) اس بات کا زیادہ حق دار ہے کہ اس سے شرم کی جائے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 19 گھر سے باہر کپڑے اتارنے والی عورت اپنے اور اللہ کے درمیان پردے کو پھاڑ دیتی ہے۔

عَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ ﷺ قَالَ دَخَلَ نِسْوَةٌ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ عَلَى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَقَالَتْ مِمَّنْ اَنْتُنَّ ؟ قُلْنَ : مِنْ اَهْلِ الشَّامِ ، قَالَتْ لَعَلَّكُنَّ مِنَ الْكُوْرَةِ الَّتِيْ تَدْخُلُ نِسَاؤُهَا الْحَمَّامَاتِ؟ قُلْنَ : نَعَمْ ! قَالَتْ : اَمَا اِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ ((مَا مِنْ اِمْرَأَةٍ تَخْلَعُ ثِيَابَهَا فِيْ غَيْرِ بَيْتِهَا اِلَّا هَتَكَتْ مَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ تَعَالٰى)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❷ (صحيح)

حضرت ابوملیح رضی اللہ عنہ کہتے ہیں شام سے کچھ عورتیں ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا ''کہاں سے آئی ہو؟'' عورتوں نے کہا ''شام سے'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ''شاید تم اس ملک کی رہنے والی ہو جن کی عورتیں (غسل کے لیے) حمام میں جاتی ہیں'' انہوں نے کہا ''ہاں!'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ''میں نے رسول اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''جو عورت اپنے گھر کے علاوہ کسی دوسری جگہ اپنے کپڑے اتارتی ہے وہ اس پردے کو پھاڑ

❶ كتاب الحمام ، باب في التعري (3391/2)

❷ كتاب الحمام ، باب الدخول في الحمام (3386/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دیتی ہے جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے درمیان ہے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : ① ایام جاہلیت میں عورتوں مردوں کے غسل کے لیے بڑے بڑے حمام یا کمرے ہوتے جن میں پردے کے بغیر مرد اور عورتیں اکٹھے غسل کرتے یا مرد، مردوں کے ساتھ اور عورتیں، عورتوں کے ساتھ عریاں غسل کرتے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سے منع فرما دیا۔ ② اللہ اور عورت کے درمیان پردہ سے مراد عورت کی طبعی شرم وحیا ہے جو اللہ نے عورت کو دے رکھی ہے۔ شرم وحیا ایمان کا حصہ ہے جو اللہ کے عذاب سے پناہ کا ذریعہ ہے۔ جب عورت اس پردے کو پھاڑ دیتی ہے تو گویا اس عورت کو عذاب دینے میں اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی رکاوٹ باقی نہیں رہتی۔ واللہ اعلم بالصواب!

مسئلہ 20 اپنی بیوی کو ایسی جگہ جانے کی اجازت نہیں دینی چاہیے جہاں بے پردگی اور بے حیائی کا مظاہرہ ہوتا ہو۔

عَنْ جَابِرٍ ؓ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ ((مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یُدْخِلْ خَلِیْلَتَہُ الْحَمَّامَ وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یَدْخُلِ الْحَمَّامَ بِغَیْرِ اِزَارٍ، وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یَجْلِسْ عَلٰی مَائِدَۃٍ یُدَارُ عَلَیْھِمُ الْخَمْرُ)). رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ ❶ (حسن)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ''جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنی بیوی کو حمام میں جانے کی اجازت نہ دے اور جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ خود بھی (بغیر ازار کے) حمام میں نہ جائے اور جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ ایسے لوگوں کے ساتھ دسترخوان پر نہ بیٹھے جہاں شراب پی جاتی ہو۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 21 عمداً غیر محرم عورت کی طرف دیکھنا منع ہے۔

عَنْ بُرَیْدَۃَ ؓ رَفَعَہُ قَالَ ((یَا عَلِیُّ! لَا تُتْبِعِ النَّظْرَۃَ النَّظْرَۃَ فَاِنَّ لَکَ الْاُوْلٰی وَلَیْسَ لَکَ الْاٰخِرَۃُ)). رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ ❷ (حسن)

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''علی! پہلی نظر کے بعد دوسری نظر نہ ڈال پہلی نظر تیرے لیے ہے (یعنی معاف ہے)، لیکن دوسری تیرے لیے نہیں ہے (یعنی اس پر پکڑ ہوگی)۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

❶ ابواب الادب ، باب ما جاء فی دخول الحمام (2246/2)

❷ ابواب الادب ، باب ما جاء فی نظرۃ الفجاۃ(2229/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ 22 فحش گو اور بے حیا عورتوں سے بھی پردہ کرنا چاہیے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ يَدْخُلُ عَلَى اَزْوَاجِ النَّبِيِّ ﷺ مُخَنَّثٌ فَكَانُوْا يَعُدُّوْنَهُ مِنْ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ ﷺ يَوْمًا وَهُوَ عِنْدَ بَعْضِ نِسَائِهِ وَهُوَ يَنْعَتُ امْرَاَةً ، فَقَالَ : اِنَّهَا اِذَا اَقْبَلَتْ، اَقْبَلَتْ بِاَرْبَعٍ وَاِذَا اَدْبَرَتْ اَدْبَرَتْ بِثَمَانٍ ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ ((اَلَا اَرَى هٰذَا يَعْلَمُ مَا هَا هُنَا لَا يَدْخُلَنَّ عَلَيْكُنَّ هٰذَا)) فَحَجَبُوْهُ . رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ[1] (صحیح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک مخنث (ہیجڑا) ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے پاس آیا کرتا تھا اور ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اسے ان لوگوں میں سے سمجھتی تھیں جو نکاح کے حاجت مند نہیں ہوتے۔ ایک روز رسول اکرم ﷺ تشریف لائے اور وہ ہیجڑا بھی بیٹھا تھا اور کسی عورت کی تعریف ان الفاظ میں کر رہا تھا کہ فلاں عورت سامنے آتی ہے تو اس کے پیٹ میں چار بل پڑتے ہیں اور جب واپس پلٹتی ہے تو آٹھ بل پڑتے ہیں۔ رسول اکرم ﷺ نے یہ باتیں سنیں تو فرمایا ''اچھا یہ ہیجڑا بھی عورتوں کی باتیں جانتا ہے؟ آج کے بعد یہ تمہارے پاس نہ آیا کرے۔'' اس کے بعد ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن نے اس سے پردہ کرنا شروع کر دیا۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 23 ایک کپڑے کو اس طرح لپیٹنا کہ ستر قائم نہ رہ سکے، منع ہے۔

عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ اَنَّهُ قَالَ : نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنِ الْاِشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ وَاَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ لَيْسَ عَلٰى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْءٌ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ[2]

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے اشتمال صماء سے منع فرمایا ہے اور اس بات سے بھی منع فرمایا ہے کہ آدمی کے پاس ایک ہی کپڑا ہو اور اسے اس طرح لپیٹے کہ شرمگاہ پر کوئی چیز نہ ہو۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : ''اشتمال صماء'' یہ ہے کہ آدمی کے پاس دو کپڑے نہ ہوں، صرف ایک ہی کپڑا ہو اور اسے وہ اپنے گرد اس طرح لپیٹے کہ ایک طرف سے اٹھا کر کندھے پر ڈال لے اور شرمگاہ کھل جائے۔ ایسا کرنا منع ہے۔

مسئلہ 24 مرد کا ستر ناف سے لے کر گھٹنوں تک ہے۔

[1] كتاب اللباس ، باب في قوله تعالىٰ غير اولي الاربة (3461/2)

[2] كتاب الصلاة ، باب ما يستر من العورة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((..... وَاِذَا اَنْكَحَ اَحَدُكُمْ عَبْدَهٗ اَوْ اَجِيْرَهٗ فَلَا يَنْظُرَنَّ اِلٰى شَيْءٍ مِنْ عَوْرَتِهٖ فَاِنَّمَا اَسْفَلَ مِنْ سُرَّتِهٖ اِلٰى رُكْبَتَيْهِ مِنْ عَوْرَتِهٖ.)) رَوَاهُ اَحْمَدُ❶ (حسن)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''.....اور جب تم میں سے کوئی اپنے غلام یا ملازم کا نکاح کرے تو اس کے بعد وہ اس کے ستر کو نہ دیکھے اس کی ناف سے لے کر گھٹنوں تک ستر کی جگہ ہے۔'' اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((وَاِذَا زَوَّجَ اَحَدُكُمْ خَادِمَهٗ ، عَبْدَهٗ اَوْ اَجِيْرَهٗ فَلَا يَنْظُرْ اِلٰى مَا دُوْنَ السُّرَّةِ وَفَوْقَ الرُّكْبَةِ.)) رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ❷ (حسن)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جب تم سے کوئی خادم یا غلام یا ملازم کا نکاح کرے تو پھر اس کی ناف سے نیچے اور گھٹنے سے اوپر کے حصے پر نگاہ نہ ڈالے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 25 گھر سے باہر عورت کا سارا جسم، سر سے لے کر پاؤں تک ستر میں شامل ہے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((اَلْمَرْأَةُ عَوْرَةٌ ، فَاِذَا خَرَجَتْ اِسْتَشْرَفَهَا الشَّيْطَانُ)). رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❸ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''عورت (پوری کی پوری) ستر ہے جب وہ نکلتی ہے تو شیطان اسے اچھا (حسین وجمیل) کر کے دکھاتا ہے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

---

❶ 369/11 مطبوعہ موسسہ الرسالہ بیروت ، تحقیق شعیب الارنائوط

❷ کتاب الصلاۃ ، باب متی یومر الغلام بالصلاۃ (466/1)

❸ صحیح سنن الترمذی ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 936

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ 26 گھر کے اندر ہاتھوں اور چہرے کے علاوہ عورت کا سارا جسم ستر ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ اَسْمَاءَ بِنْتَ اَبِيْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا دَخَلَتْ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَعَلَيْهَا ثِيَابٌ رِّقَاقٌ فَاَعْرَضَ عَنْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَقَالَ ((يَا اَسْمَاءُ ! اِنَّ الْمَرْاَةَ اِذَا بَلَغَتِ الْمَحِيْضَ ، لَمْ يَصْلُحْ اَنْ يُرٰى مِنْهَا اِلَّا هٰذَا وَهٰذَا)) وَاَشَارَ اِلٰى وَجْهِهٖ وَكَفَّيْهِ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❶ (صحيح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور ان کے جسم پر باریک کپڑے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کی طرف سے منہ پھیر لیا اور فرمایا ''اسماء! عورت جب جوان ہو جائے تو اس کے چہرے اور ہتھیلیوں کے علاوہ اس کے بدن کا کوئی حصہ نظر نہیں آنا چاہیے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 27 عورت کے پاؤں بھی ستر میں شامل ہیں۔

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ : لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ حِيْنَ ذَكَرَ الْاِزَارَ: فَالْمَرْاَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ؟ قَالَ ((تُرْخِيْ شِبْرًا)) قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا : اِذًا يَّنْكَشِفُ عَنْهَا قَالَ ((فَذِرَاعٌ لَا تَزِيْدُ عَلَيْهِ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❷ (صحيح)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کی زوجہ مطہرہ نے ازار کی گفتگو کے دوران رسول اللہ ﷺ سے دریافت فرمایا ''یا رسول اللہ ﷺ! عورت اپنا ازار کہاں تک لٹکائے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''(پنڈلی سے) ایک بالشت (تقریباً 25 سم) نیچے کر لے۔'' حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا ''اس طرح تو اس کا ستر کھل جائے گا (یعنی کپڑا پاؤں کو نہیں ڈھانپے گا)'' آپ ﷺ نے فرمایا ''تو پھر ایک ہاتھ (تقریباً 40 سم) تک نیچے کر لے لیکن اس سے زیادہ نہ کرے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

❶ كتاب اللباس، باب فيما تبدى المراة من زينتها (3458/2)

❷ كتاب اللباس، باب في قدر الذيل (3467/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِتَنُ اللِّبَاسِ كَائِنَةٌ مِنَ الشَّيْطٰنِ

لباس کے فتنے شیطان کی طرف سے ہیں

مَسئلہ 28 لباس کے تمام فتنے شیطان کی طرف سے ہیں جن سے وہ انسانوں کو جنت کی راہ سے ہٹا کر جہنم کی راہ پر ڈالتا ہے۔

مَسئلہ 29 شیطانی فتنوں میں وہی لوگ مبتلا ہوتے ہیں جن کا ایمان کمزور ہوتا ہے۔

مَسئلہ 30 مردوں اور عورتوں کو عریاں کرنا شیطان کا سب سے بڑا ہدف ہے۔

﴿ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ ﴾ (27:7)

''اے اولادِ آدم! تمہیں شیطان اس طرح فتنے میں نہ ڈال دے جس طرح اس نے تمہارے ماں باپ کو فتنے میں ڈال کر جنت سے نکلوا دیا تھا اور ان کے لباس ان کے اوپر سے اتروا دیئے تاکہ ان کی شرمگاہیں ایک دوسرے کے سامنے کھول دے (یاد رکھو) شیطان اور اس کے ساتھی تمہیں ایسی جگہ سے دیکھ رہے ہیں جہاں سے تم انہیں نہیں دیکھ سکتے۔ شیاطین کو ہم نے ان لوگوں کا دوست بنایا ہے جو ایمان نہیں لاتے۔'' (سورۃ الاعراف، آیت نمبر 27)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللِّبَاسُ الْعُرْیُ

عریاں لباس

مَسئلہ 31 عریانی ایام جاہلیت کی یادگار ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ کَانَتِ الْمَرْاَۃُ تَطُوْفُ بِالْبَیْتِ وَھِیَ عُرْیَانَۃٌ فَتَقُوْلُ مَنْ یُّعِیْرُنِیْ تِطْوَافًا تَجْعَلُہٗ عَلٰی فَرْجِھَا وَتَقُوْلُ الْیَوْمَ یَبْدُوْا بَعْضُہٗ اَوْ کُلُّہٗ فَمَا بَدَا مِنْہُ فَلَا اُحِلُّہٗ وَنَزَلَتْ ھٰذِہِ الْاٰیَۃُ خُذُوْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ. رَوَاہُ مُسْلِمٌ [1]

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں (ایام جاہلیت میں) عورت بیت اللہ کا طواف عریاں ہو کر کرتی اور ساتھ یہ کہتی ''کون مجھے عاریۃً کپڑے دیتا ہے جس سے میں اپنی شرمگاہ کو ڈھانپ لوں، آج تو میری شرمگاہ ساری کی ساری یا اس کا کچھ حصہ کھلا ہی رہے گا، بہرحال جتنا بھی کھلا رہا میں اسے کسی پر حلال نہیں کروں گی۔'' مشرکین کی اسی جہالت پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ''ہر عبادت کے موقع پر زینت اختیار کرو (سورۃ الاعراف، آیت نمبر 31)۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 32 ایسا لباس جس سے ستر قائم نہ رہ سکے، پہننا منع ہے۔

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رضی اللہ عنہ قَالَ : نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ لِبْسَتَیْنِ اَنْ یَحْتَبِیَ الرَّجُلُ فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ لَیْسَ عَلٰی فَرْجِہٖ مِنْہُ شَیْءٌ وَاَنْ یَّشْتَمِلَ بِالثَّوْبِ الْوَاحِدِ لَیْسَ عَلٰی اَحَدِ شِقَّیْہِ. رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ [2]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اکرم ﷺ نے دو طرح کے لباس پہننے سے منع فرمایا ہے۔ ایک تو یہ کہ آدمی ایک چادر میں اس طرح گوٹھ مار کے بیٹھے کہ اس کی شرمگاہ پر چادر نہ رہے اور دوسرا یہ کہ ایک ہی چادر کو اس طرح اپنے گرد لپیٹے کہ اس کی ایک جانب کھلی رہے (جس سے ستر کھلنے کا خدشہ ہو)۔

---

[1] کتاب التفسیر، باب فی قولہ تعالیٰ ﴿خذوا زینتکم عند کل مسجد﴾

[2] کتاب اللباس، باب الاحتباء فی ثوب واحد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 33 عریاں لباس (غیر ساتر، باریک، تنگ یا مختصر لباس) پہننے والی عورتیں قیامت کے روز ننگی ہوں گی اور جنت میں داخل نہیں ہوں گی۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((صِنْفَانِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ لَمْ اَرَهُمَا قَوْمٌ مَعَهُمْ سِیَاطٌ كَاَذْنَابِ الْبَقَرِ یَضْرِبُوْنَ بِهَا النَّاسَ وَ نِسَآءٌ كَاسِیَاتٌ عَارِیَاتٌ مُمِیْلَاتٌ مَائِلَاتٌ رُؤُوْسُهُنَّ كَاَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ لَا یَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ وَ لَا یَجِدْنَ رِیْحَهَا وَ اِنَّ رِیْحَهَا لَتُوْجَدُ مِنْ مَسِیْرَةِ كَذَا وَ كَذَا)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ [1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جہنمیوں کی دو قسمیں میں نے (ابھی تک) نہیں دیکھیں ان میں سے ایک وہ لوگ ہیں جن کے پاس بیل کی دموں جیسے کوڑے ہوں گے جن سے وہ لوگوں کو ماریں گے دوسری قسم ان عورتوں کی جو کپڑے پہننے کے باوجود ننگی ہوں گی، وہ سیدھی راہ سے گمراہ ہونے والی اور دوسروں کو گمراہ کرنے والی ہوں گی ان کے سر (جوڑے کی وجہ سے) بختی اونٹ کی کوہان کی طرح ٹیڑھے ہوں گے، ایسی عورتیں جنت میں داخل نہیں ہوں گی نہ ہی جنت کی خوشبو پائیں گی حالانکہ جنت کی خوشبو لمبے فاصلے سے آتی ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : اِسْتَیْقَظَ النَّبِیُّ ﷺ مِنَ اللَّیْلِ وَهُوَ یَقُوْلُ ((لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَاذَا اُنْزِلَ اللَّیْلَةَ مِنَ الْفِتَنِ ؟ مَاذَا اُنْزِلَ مِنَ الْخَزَائِنِ؟ مَنْ یُوْقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجُرَاتِ؟ كَمْ مِنْ كَاسِیَةٍ فِی الدُّنْیَا عَارِیَةٌ یَوْمَ الْقِیَامَةِ)). رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ [2]

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ رات کے وقت جاگے اور فرمایا ''لا الہ الا اللہ! آج رات کیسے کیسے فتنے نازل ہوئے اور اس کے خزانوں سے کیسی کیسی رحمتیں نازل ہوئیں؟ کون ہے جو ان حجروں میں سونے والی خواتین (یعنی امہات المومنین رضی اللہ عنہن) کو جگائے (تاکہ وہ اللہ کی رحمت سے اپنا حصہ پائیں) دنیا میں لباس پہننے والی عورتوں میں سے کتنی ایسی ہیں جو قیامت کے روز ننگی ہوں گی۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

---

[1] کتاب اللباس، باب النسآء الکاسیات العاریات المائلات الممیلات

[2] کتاب اللباس، ما کان النبی ﷺ یتجوز من اللباس والبسط

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ 34 حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنی بھانجی کے سر سے باریک کپڑے کا دوپٹہ اتار کر پھاڑ دیا اور اس کی جگہ موٹی چادر اوڑھا دی۔

عَنْ مُرْجَانَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ : دَخَلَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَلٰى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ وَعَلٰى حَفْصَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا خِمَارٌ رَقِيْقٌ فَشَقَّتْهُ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَكَسَتْهَا خِمَارًا كَثِيْفًا. رَوَاهُ مَالِكٌ[1]

حضرت مرجانہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ حفصہ بنت عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہا (بن ابوبکر رضی اللہ عنہ) ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئیں اس وقت حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا ایک باریک اوڑھنی لئے ہوئے تھیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسے پھاڑ دیا اور اس کی جگہ ایک موٹی چادر اوڑھا دی۔ اسے امام مالک رحمہ اللہ نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

[1] كتاب اللباس ، باب ما يكره للنساء لبسة من الثياب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِبَاسُ الشُّهْرَةِ

شہرت اور ناموری کا لباس

مسئلہ 35 جو شخص شہرت اور ناموری کی خاطر لباس پہنے گا اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے روز ذلت کا لباس پہنا کر آگ میں ڈال دے گا۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ شُهْرَةٍ فِي الدُّنْيَا اَلْبَسَهُ اللّٰهُ ثَوْبَ مَذَلَّةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ اَلْهَبَ فِيْهِ نَارًا)). رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ[1] (حسن)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ''جس نے دنیا میں شہرت حاصل کرنے کے لئے لباس پہنا، اللہ تعالیٰ اسے ذلت کا لباس پہنا کر جہنم کی آگ میں ڈال دیں گے۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 36 شہرت، جھوٹی انا یا جھوٹی عزت بنانے کے لئے اچھا لباس پہننے والا فریبی اور دغاباز ہے۔

عَنْ اَسْمَاءَ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلَى النَّبِيِّ فَقَالَتْ اِنَّ لِيْ ضَرَّةً فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ اَنْ اَتَشَبَّعَ مِنْ مَالِ زَوْجِيْ مَالَمْ يُعْطِنِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ الْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ يُعْطَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُوْرٍ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ[2]

حضرت اسماء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک عورت نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی ''میری ایک سوت ہے اگر میں (اس کا دل جلانے کے لئے) یہ کہوں کہ میرے خاوند نے مجھے فلاں فلاں چیز دی حالانکہ اس نے مجھے نہیں دی تو اس بارے میں کیا حکم ہے؟'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس کے پاس کوئی چیز نہیں اور وہ ظاہر کرے کہ اسے ملی ہے یہ ایسے ہی ہے جیسے کوئی فریب کے دو کپڑے پہن لے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

---

[1] كتاب اللباس ، باب من لبس شهرة من الثياب (2906/2) [2] كتاب اللباس والزينة ، باب النهي عن التزوير في اللباس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِبَاسُ الْخُيَلَاءِ

خود پسندی اور تکبر کا لباس

مسئلہ 37 تکبر سے اپنا ازار نیچے لٹکانے والے کو اللہ تعالیٰ نے زمین میں دھنسا دیا۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((بَيْنَا رَجُلٌ يَجُرُّ اِزَارَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ خُسِفَ بِهِ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِي الْاَرْضِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ)). رَوَاهُ النَّسَائِيُّ [1] (صحيح)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''ایک آدمی تکبر سے اپنا ازار لٹکائے جا رہا تھا اللہ تعالیٰ نے اسے زمین میں دھنسا دیا اب وہ قیامت تک زمین میں دھنستا چلا جائے گا۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 38 دوسروں کے مقابلہ میں اپنے آپ کو بڑا بنانے کے لیے مہنگے، قیمتی اور نادر و نایاب لباس پہننے والوں کو قیامت کے روز عذاب الیم ہوگا۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 41-43-44 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 39 اپنے لمبے بالوں اور قیمتی چادروں پر اترانے والے کو اللہ تعالیٰ نے زمین میں دھنسا دیا۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((بَيْنَمَا رَجُلٌ يَمْشِيْ قَدْ اَعْجَبَتْهُ جُمَّتُهُ وَبُرْدَاهُ اِذْ خُسِفَ بِهِ الْاَرْضُ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِي الْاَرْضِ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ [2]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''ایک آدمی چلتے چلتے اپنے بالوں اور کپڑوں پر اترایا تو وہ زمین میں دھنسا دیا گیا اب وہ قیامت تک زمین میں دھنستا چلا جائے گا۔'' اسے مسلم

[1] كتاب الزينة، باب التغليظ في جر الازار

[2] كتاب اللباس والزينة، باب تحريم التبختر في المشي مع اعجابه بثيابه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 40 اپنی ذات پر اترانے والے کو اللہ تعالیٰ نے زمین میں دھنسا دیا۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ ((بَیْنَمَا رَجُلٌ یَنْظُرُ فِیْ عِطْفَیْهِ قَدْ اَعْجَبَتْهُ نَفْسُهُ اِذْ تَجَلْجَلَتْ بِهِ الْاَرْضُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ)). رَوَاهُ الْبَزَّارُ❶ (صحیح)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''ایک آدمی اپنے دونوں پہلوؤں کو تکبر سے دیکھ رہا تھا اسے اپنا آپ بڑا اچھا لگا، زمین نے اسے قیامت تک کے لیے نگل لیا۔'' اسے بزار نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 41 قیمتی لباس پر، اپنی خوبصورتی پر اور لمبے بالوں کے حسن و جمال پر اترانے والے کو اللہ تعالیٰ نے زمین میں دھنسا دیا۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ النَّبِیُّ ﷺ ((بَیْنَمَا رَجُلٌ یَمْشِیْ فِیْ حُلَّةٍ تُعْجِبُهُ نَفْسُهُ مُرَجِّلٌ جُمَّتَهُ اِذْ خَسَفَ اللّٰهُ بِهِ فَهُوَ یَتَجَلْجَلُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ)). رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ❷

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ''ایک آدمی قیمتی لباس پہنے اپنے لمبے بالوں میں کنگھی کیے جا رہا تھا اسے اپنا آپ بہت اچھا لگا اللہ نے اسے زمین میں دھنسا دیا اب وہ قیامت تک زمین میں دھنستا چلا جائے گا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 42 ایک آدمی اپنی دو سبز چادروں پر اترایا تو اللہ تعالیٰ نے اسے زمین میں دھنسا دیا۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((بَیْنَا رَجُلٌ فِیْمَا کَانَ قَبْلَکُمْ خَرَجَ فِیْ بُرْدَیْنِ اَخْضَرَیْنِ یَخْتَالُ فِیْهِمَا اَمَرَ اللّٰهُ الْاَرْضَ فَاَخَذَتْهُ فَهُوَ یَتَجَلْجَلُ فِیْهَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ)). رَوَاهُ الْبَزَّارُ❸ (صحیح)

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تم سے پہلے لوگوں میں سے ایک آدمی

---

❶ مجمع الزوائد ، کتاب اللباس ، باب فی ذیول النساء تحقیق عبد الله محمد الدرویش(8538/5)

❷ کتاب اللباس ، باب من جر ثوبة من الخیلاء

❸ مجمع الزوائد ، کتاب اللباس ، باب فی ذیول النساء تحقیق عبد الله محمد الدرویش(8535/5)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(اپنے گھر سے) دو سبز چادروں میں نکلا اور ان پر اترانے لگا اللہ نے زمین کو حکم دیا کہ اسے پکڑ لے اب وہ قیامت تک زمین میں دھنستا چلا جا رہا ہے۔'' اسے بزار نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 43 قیمتی سرخ جوڑے پر اترانے والے کو اللہ تعالیٰ نے زمین میں دھنسا دیا۔

عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ اَحْسِبُهُ رَفَعَهُ اَنَّ رَجُلًا كَانَ فِيْ حُلَّةٍ حَمْرَاءَ فَتَبَخْتَرَ وَاخْتَالَ فِيْهَا فَخَسَفَ اللّٰهُ بِهِ الْاَرْضَ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِيْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ. رَوَاهُ الْبَزَّارُ[1] (صحیح)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ (راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے) انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ ایک آدمی قیمتی سرخ جوڑا پہنے ہوئے تھا وہ اس پر اترایا اور تکبر کیا اللہ نے اسے زمین میں دھنسا دیا اب وہ قیامت تک زمین میں دھنستا چلا جائے گا۔ اسے بزار نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 44 دو قیمتی چادروں پر اترانے والے متکبر کو اللہ تعالیٰ نے زمین میں دھنسا دیا۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ ((بَيْنَمَا رَجُلٌ يَتَبَخْتَرُ يَمْشِيْ فِيْ بُرْدَيْهِ قَدْ اَعْجَبَتْهُ نَفْسُهُ فَخَسَفَ اللّٰهُ بِهِ الْاَرْضَ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِيْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ[2]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''ایک شخص اپنی دو پسندیدہ چادریں پہنے اتراتا ہوا جا رہا تھا اللہ تعالیٰ نے اسے زمین میں دھنسا دیا اب وہ قیامت تک مسلسل زمین میں دھنستا چلا جا رہا ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 45 تکبر سے پگڑی کا شملہ غیر معمولی لمبا کرنے والے پر اللہ تعالیٰ قیامت کے روز نظر کرم نہیں فرمائیں گے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 190 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

❋❋❋

[1] مجمع الزوائد، کتاب اللباس، باب فی ذیول النساء تحقیق عبد اللہ محمد الدرویش (8537/5)

[2] کتاب اللباس والزینة، باب تحریم التبختر فی المشی مع اعجابه بثیابه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِبَاسُ التَّطْرِيْزِ

نقش ونگار والا لباس

مَسئلہ 46 نقش ونگار اور کڑھائی والا لباس پہننا مکروہ ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فِيْ خَمِيْصَةٍ لَهٗ ،لَهَا اَعْلَامٌ، فَنَظَرَ اِلٰى اَعْلَامِهَا نَظْرَةً ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ ((اُذْهَبُوْا بِخَمِيْصَتِيْ هٰذِهٖ اِلٰى اَبِيْ جَهْمٍ فَاِنَّهَا اَلْهَتْنِيْ اٰنِفًا عَنْ صَلَاتِيْ وَائْتُوْنِيْ بِاَنْبِجَانِيَّةِ اَبِيْ جَهْمٍ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ[1]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک منقش چادر میں نماز پڑھی۔ آپ ﷺ نے (دوران نماز) اس کے بیل بوٹوں پر نگاہ ڈالی، جب سلام پھیرا تو فرمایا ''یہ چادر ابوجہم کے پاس لے جاؤ اس نے مجھے نماز سے غافل کر دیا تھا اور اسی سے دوسری سادہ چادر لے آؤ۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے

وضاحت : یاد رہے ابوجہم نے وہ چادر آپ ﷺ کو تحفہ میں دی تھی۔

❋❋❋

[1] کتاب اللباس ، باب الاکسیة والخمائص

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِبَاسُ الْحَرِيْرِ
ریشمی لباس

مسئلہ 47 ریشمی لباس پہننے والا مرد آگ کا طوق گلے میں پہنتا ہے۔

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : رَاَى النَّبِيُّ ﷺ جُبَّةً مُكَفَّفَةً بِحَرِيْرٍ فَقَالَ لَهُ ((طَوْقٌ مِنْ نَّارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)). رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَالطَّبْرَانِيُّ [1] (صحيح)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک جبہ دیکھا جس کا دامن ریشمی لباس سے بنا ہوا تھا آپ ﷺ نے فرمایا ''قیامت کے روز یہ آگ کا طوق ہوگا۔'' اسے بزار اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : قمیص کے گلے کے ساتھ بٹن لگانے کے لئے جو چاک بنایا جاتا ہے اسے دامن یا جیب کہا جاتا ہے۔

مسئلہ 48 مردوں کے لیے ریشمی لباس پہننا حرام ہے۔

عَنْ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ ((لَا يَلْبَسُ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا اِلَّا لَمْ يُلْبَسْ مِنْهُ شَيْءٌ فِي الْاٰخِرَةِ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ [2]

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''دنیا میں جو شخص ریشم پہنے گا وہ آخرت میں نہیں پہنے گا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِيْ عَامِرٍ اَوْ اَبِيْ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ((لَيَكُوْنَنَّ مِنْ اُمَّتِيْ اَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّوْنَ الْخَزَّ وَالْحَرِيْرَ)) وَذَكَرَ كَلَامًا ، قَالَ ((يُمْسَخُ مِنْهُمْ آخَرِيْنَ قِرَدَةً وَخَنَازِيْرَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ [3] (صحيح)

---

[1] سلسلة الاحاديث الصحيحة ، للالبانی ، الجزء السادس ، رقم الحديث 2684

[2] كتاب اللباس ، باب لبس الحرير للرجال و قدر ما يجوز منه

[3] كتاب اللباس ، باب ما جاء فی الخز

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابو عامر رضی اللہ عنہ یا ابو مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات سنی کہ ''میری امت میں سے کچھ لوگ خز (اُون اور ریشم دونوں سے بُنا گیا کپڑا) اور ریشم کو جائز کر لیں گے۔'' اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ اور باتیں ارشاد فرمائیں اور پھر فرمایا ''خز اور ریشم کو جائز کرنے والوں میں سے بعض لوگ قیامت تک کے لیے بندر اور سؤر بنا دیئے جائیں گے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم ((اِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهٖ مَنْ لَاخَلَاقَ لَهٗ فِي الْآخِرَةِ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[1] (صحیح)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''ریشم وہی شخص پہنے گا جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ ((مَنْ لَبِسَ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْاٰخِرَةِ وَمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَشْرَبْهُ فِي الْاٰخِرَةِ وَمَنْ شَرِبَ فِيْ اٰنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَشْرَبْ بِهَا فِي الْاٰخِرَةِ)) ثُمَّ قَالَ ((لِبَاسُ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَشَرَابُ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاٰنِيَةُ اَهْلِ الْجَنَّةِ)). رَوَاهُ الْحَاكِمُ[2] (صحیح)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جس نے دنیا میں ریشم پہنی اللہ اسے آخرت میں ریشم نہیں پہنائے گا اور جس نے دنیا میں شراب پی اللہ اسے آخرت میں شراب نہیں پلائے گا اور جس نے دنیا میں سونے چاندی کے برتنوں میں کھایا پیا اللہ انہیں آخرت میں سونے چاندی کے برتنوں میں نہیں کھلائے پلائے گا۔'' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''جنتیوں کے لباس کی کیا ہی شان ہے؟ جنتیوں کے مشروبات کی کیا ہی شان ہے؟ جنتیوں کے برتنوں کی کیا ہی شان ہے؟'' اسے حاکم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 49 قیامت کے قریب بعض لوگ ریشم پہننے کے جرم میں بندر اور سؤر بنا دیئے جائیں گے۔

---

[1] کتاب اللباس ، باب ما جاء فی لبس الحریر

[2] کتاب الاشربه ، باب من لبس الحریر فی الدنیا لا یلبسه فی الاخرة ، تحقیق ابو عبد الله عبد السلام بن محمد بن عمر علوش (195/5) رقم الحدیث 7298

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ لَہٗ :((یَا اَنَسُ! اِنَّ النَّاسَ یُمَصِّرُوْنَ اَمْصَاراً، وَاِنَّ مِصْراً مِنْھَا یُقَالُ لَہٗ :اَلْبَصْرَۃُ أَوِ اَلْبُصَیْرَۃُ فَاِنْ اَنْتَ مَرَرْتَ بِھَا، اَوْدَخَلْتَھَا، فَاِیَّاکَ وَسِبَاخَھَا، وَکَلَّاءَ ھَاوَسُوْقَھَا، وَبَابَ اُمَرَائِھَا، وَعَلَیْکَ بِضَوَاحِیْھَا، فَاِنَّہٗ یَکُوْنُ بِھَا خَسْفٌ وَ قَذْفٌ وَرَجْفٌ ، وَقَوْمٌ یَبِیْتُوْنَ یُصْبِحُوْنَ قِرَدَۃً وَّخَنَازِیْرَ)) رَوَاہُ اَبُوْدَاوُدَ ❶ (صحیح)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ''اے انس! لوگ مختلف شہر بسائیں گے اور انہیں میں سے ایک شہر ہوگا جس کا نام بصرۃ یا بصیرۃ ہوگا اگر تو اس شہر میں جائے تو اس کے سباخ اور کلاء (دونوں جگہ کے نام ہیں) میں نہ جانا اس کے بازار میں بھی نہ جانا وہاں کے امراء کے دروازوں پر بھی نہ جانا بلکہ اس کے جنگلوں میں چلے جانا اس لئے کہ اس شہر میں خسف (زمین میں دھنسنا) ،قذف (پتھروں کی بارش برسنا) اور رجف (زلزلہ) ہوگا لوگ رات کو (صحیح سالم) سوئیں گے اور صبح کے وقت بندر اور سور بنے ہوں گے۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 50 عورتوں کے لئے ریشمی لباس پہننا جائز ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رضی اللہ عنہ اَنَّہٗ رَاٰی عَلٰی اُمِّ کُلْثُوْمٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ بُرْدَ حَرِیْرٍ سِیَرَاءَ. رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ ❷

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا بنت رسول اللہ ﷺ کو زرد دھاری دار ریشمی چادر پہنے دیکھا۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے

مسئلہ 51 علاج کے طور پر مردوں کے لئے ریشمی لباس پہننے کی رخصت ہے۔

عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَانِ بْنَ عَوْفٍ وَالزُّبَیْرَ بْنَ الْعَوَّامِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا شَکَیَا الْقَمَّلَ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ فِیْ غَزَاۃٍ لَھُمَا ، فَرَخَّصَ لَھُمَا فِیْ قُمُصِ الْحَرِیْرِ ، قَالَ: وَرَاَیْتُہٗ عَلَیْھِمَا. رَوَاہُ التِرْمِذِیُّ ❸ (صحیح)

---

❶ کتاب الملاحم باب فی ذکر البصرۃ (3619/3)

❷ کتاب اللباس ، باب الحریر للنساء

❸ کتاب اللباس ، باب لبس الحریر فی الحرب (1406/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبد الرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے ایک جہاد (کے سفر) میں جوؤں کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کو ریشمی قمیص پہننے کی اجازت دے دی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے دونوں کو ریشمی قمیص پہنے دیکھا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللِّبَاسُ الَّذِیْ فِیْهِ التَّصَاوِیْرُ

(جاندار) تصاویر والا لباس

مسئلہ 52 جانداروں کی تصاویر والے کپڑے سے لباس، پردے، پرس، جیکٹ یا کوٹ وغیرہ بنانا منع ہے۔

عَنْ عَلِیٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ : صَنَعْتُ طَعَامًا فَدَعَوْتُ النَّبِیَّ ﷺ فَجَاءَ فَدَخَلَ فَرَأَی سِتْرًا فِیْهِ تَصَاوِیْرَ فَخَرَجَ وَقَالَ ((اِنَّ الْمَلاَئِکَةَ لاَ تَدْخُلُ بَیْتًا فِیْهِ تَصَاوِیْرُ)). رَوَاهُ النَّسَائِیُّ [1]

(صحیح)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے کھانے کا اہتمام کیا اور نبی اکرم ﷺ کو دعوت دی۔ آپ ﷺ تشریف لائے گھر میں تصاویر والا پردہ دیکھا تو واپس پلٹ گئے اور فرمایا ''جس گھر میں تصاویر ہوں اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ النَّبِیُّ ﷺ ((لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِکَةُ بَیْتًا فِیْهِ کَلْبٌ وَّلَا تَصَاوِیْرُ)). رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ [2]

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس گھر میں کتا اور تصویریں ہوں اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 53 تصاویر والے کپڑے کو دوسری گھریلو اشیاء مثلاً بستر، پردے، میز پوش وغیرہ کے لئے استعمال کرنا بھی منع ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا اشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِیْهَا تَصَاوِیْرُ فَقَامَ النَّبِیُّ ﷺ بِالْبَابِ

---

[1] کتاب الزینة، باب التصاویر (4944/3)

[2] کتاب اللباس، باب التصاویر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَلَمْ يَدْخُلْ فَقُلْتُ ((اَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مِمَّا اَذْنَبْتُ)) قَالَ ((مَاهٰذِهِ النُّمْرُقَةُ ؟)) قُلْتُ : لِتَجْلِسَ عَلَيْهَا وَتَوَسَّدَهَا، قَالَ ((اِنَّ اَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ يُعَذَّبُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، يُقَالُ لَهُمْ : اَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ ، وَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ الصُّوَرُ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایک گدا خریدا جس پر تصویریں بنی ہوئی تھیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو دروازے میں کھڑے ہو گئے، اندر داخل نہ ہوئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی ''میں اللہ کے حضور اپنے گناہ سے توبہ کرتی ہوں'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا ''یہ گدا کیسا ہے؟'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی ''میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ٹیک لگانے اور بیٹھنے کے لئے خریدا ہے۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''جن لوگوں نے یہ تصویریں بنائی ہیں انہیں قیامت کے روز عذاب ہوگا انہیں حکم دیا جائے گا کہ جو تصویریں تم نے بنائی ہیں ان میں جان بھی ڈالو (اور یاد رکھو) جس گھر میں تصویریں ہوں اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 54 پردے پر پرندے کی تصویر دیکھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا ''یہ دنیا ہے اسے گھر سے نکالو۔''

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ لَنَا سِتْرٌ فِيْهِ تِمْثَالُ طَائِرٍ، وَكَانَ الدَّاخِلُ اِذَا دَخَلَ اِسْتَقْبَلَهُ ، فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((حَوِّلِيْ هٰذَا ، فَاِنِّيْ كُلَّمَا دَخَلْتُ فَرَاَيْتُهُ ذَكَرْتُ الدُّنْيَا)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ ہمارے گھر میں ایک پردہ تھا جس پر پرندے کی تصویر تھی۔ جب کوئی گھر میں داخل ہوتا تو وہ تصویر اس کے سامنے آتی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''عائشہ رضی اللہ عنہا اسے یہاں سے نکال دو، میں جب بھی اندر آتا ہوں، اس تصویر کو دیکھتا ہوں تو دنیا یاد آ جاتی ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 55 تصاویر والا پردہ دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سخت ناراض ہوئے اور پردہ

❶ كتاب اللباس ، باب من كره القعود على الصور

❷ كتاب اللباس والزينة ، باب تحريم تصوير صورة الحيوان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اتار کر پھاڑ دیا۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَاَنَا مُتَسَتِّرَةٌ بِقِرَامٍ فِيْهِ صُوْرَةٌ فَتَلَوَّنَ وَجْهُهُ ، ثُمَّ تَنَاوَلَ السِّتْرَ فَهَتَكَهُ ، ثُمَّ قَالَ ((اِنَّ مِنْ اَشَدِّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ،اَلَّذِيْنَ يُشَبِّهُوْنَ بِخَلْقِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ[1]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے ہاں تشریف لائے میں نے ایک تصویر والا پردہ لٹکا رکھا تھا اسے دیکھ کر آپ ﷺ کے چہرے کا رنگ (غصہ سے) بدل گیا۔ آپ ﷺ نے وہ پردہ پھاڑ دیا اور فرمایا ''قیامت کے روز سب سے زیادہ سخت عذاب ان لوگوں کو ہوگا جو اللہ کی مخلوق کی شکلیں بناتے ہیں۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 56 گھر میں موجود تصاویر کی وجہ سے حضرت جبرائیل علیہ السلام اندر داخل نہ ہوئے اور واپس چلے گئے۔ اگلے روز آ کر تصاویر ختم کرنے کا پیغام دیا تب اندر داخل ہوئے۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 3 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

❋❋❋

[1] كتاب اللباس والزينة ، باب تحريم صورة الحيوان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللِّبَاسُ الْمُصَلَّبُ

صلیب کے نشان والا لباس

مسئلہ 57 صلیب کے نشان والے کپڑے سے لباس، بستر، پردہ، کوٹ، جیکٹ، پرس وغیرہ بنانا منع ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ لَمْ يَكُنْ يَتْرُكُ فِيْ بَيْتِهٖ شَيْئًا فِيْهِ تَصَالِيْبُ اِلَّا نَقَضَهٗ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ[1]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ گھر میں کوئی ایسی چیز دیکھتے جس پر صلیب کی شکل بنی ہوتی تو اسے توڑ دیتے (یا پھاڑ دیتے)۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

[1] کتاب اللباس، باب نقض الصور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللِّبَاسُ الْجِلْدِیُّ

کھال کا لباس

مسئلہ 58 درندوں کی کھال سے لباس، کوٹ، جیکٹ، ٹوپی، پرس، مصلیٰ یا قالین وغیرہ بنانا منع ہے۔

عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْکَرِبَ رضی اللہ عنہ قَالَ : یَا مُعَاوِیَةُ ! اِنْ اَنَا صَدَقْتُ فَصَدِّقْنِیْ وَاِنْ اَنَا کَذَبْتُ فَکَذِّبْنِیْ ، قَالَ : اَفْعَلُ ، قَالَ : فَاَنْشُدُکَ بِاللّٰهِ ! هَلْ تَعْلَمُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ نَهٰی عَنْ لُبْسِ جُلُوْدِ السِّبَاعِ وَالرُّکُوْبِ عَلَیْهَا؟ قَالَ : نَعَمْ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[1] (صحیح)

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے کہا ''اگر میں سچ بولوں تو میری تصدیق کرنا، اگر جھوٹ بولوں تو جھوٹ کہنا۔'' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا ''ہاں میں ایسا ہی کہوں گا۔'' حضرت مقدام رضی اللہ عنہ نے کہا ''میں تجھے اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا تو جانتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے درندوں پر سواری کرنے اور ان کی کھال پہننے سے منع فرمایا ہے؟'' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا ''ہاں میں جانتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایسا ہی کہا ہے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِی الْمَلِیْحِ بْنِ اُسَامَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ نَهٰی عَنْ جُلُوْدِ السِّبَاعِ. رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ[2] (صحیح)

حضرت ابو ملیح بن اسامہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ (اسامہ رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے درندوں کی کھال استعمال کرنے سے منع فرمایا ہے۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 59 چیتے کی کھال کا کوٹ، جیکٹ، ٹوپی، پرس، بستر، مصلیٰ یا قالین وغیرہ

---

[1] کتاب اللباس، باب فی جلود النمور والسباع (9379/2)

[2] کتاب اللباس، باب فی جلود النمور (9380/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استعمال کرنا منع ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ ((لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِیْهَا جِلْدُ نَمِرٍ)) رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❶ (حسن)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ''فرشتے ان لوگوں کے ہاں نہیں جاتے جن کے ہاں چیتے کی کھال ہو۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

عَنْ مُعَاوِیَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((لَا تَرْكَبُوا الْخَزَّ وَلَا النِّمَارِ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❷ (صحیح)

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''ریشمی زین اور چیتے کی کھال پر سوار نہ ہوں۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : اونٹ یا گھوڑے پر سواری کرنے کے لئے اونٹ یا گھوڑے کی پشت پر جو گدا رکھا جاتا ہے اسے ''زین'' کہتے ہیں۔

مسئلہ 60 حلال جانور کی کھال سے دباغت کے بعد لباس، کوٹ، جیکٹ، ٹوپی، پرس، تکیہ، گدا، قالین یا مصلیٰ وغیرہ بنانا جائز ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ ((اِذَا دُبِغَ الْاِهَابُ فَقَدْ طَهُرَ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ❸

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''جب کھال کی دباغت ہو جائے تو وہ پاک ہو جاتی ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : جانور کی کھال کو نمک یا پھٹکڑی وغیرہ لگا کر خشک کر لیا جائے تو اسے دباغت کہتے ہیں۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ مَرَّ بِشَاةٍ مَّطْرُوْحَةٍ اُعْطِیَتْهَا مَوْلَاةٌ لِمَیْمُوْنَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا مِنَ الصَّدَقَةِ ، فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ ((اَلَا اَخَذْتُمْ اِهَابَهَا فَدَبَغْتُمُوْهُ فَانْتَفَعْتُمْ بِهٖ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ❹

❶ کتاب اللباس ، باب فی جلود النمور والسباع (3478/2)
❷ کتاب اللباس ، باب فی جلود النمور والسباع (3477/2)
❸ کتاب الحیض ، باب طهارة جلود المیتة بالدباغ
❹ کتاب الحیض ، باب طهارة جلود المیتة بالدباغ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مری ہوئی بکری کے پاس سے گزرے جو حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی لونڈی کو کسی نے بطور صدقہ دی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''تم نے اس کے چمڑے کو دباغت کیوں نہ کرلیا کہ اس سے فائدہ اٹھا لیتے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللِّبَاسُ الْفُضَلِيُّ

ضرورت سے زائد لباس

مسئلہ 61 ضرورت سے زائد لباس، جوتے، بستر اور دیگر استعمال کی چیزیں بنانا ناجائز ہیں۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لَهُ ((فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ وَفِرَاشٌ لِّامْرَاَتِهِ وَالثَّالِثُ لِلضَّيْفِ وَالرَّابِعُ لِلشَّيْطَانِ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ[1]

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جابر رضی اللہ عنہ! ایک بستر مرد کے لئے ایک اس کی بیوی کے لئے اور تیسرا بستر مہمان کے لئے (بنانے کی اجازت ہے) لیکن چوتھا شیطان کے لئے ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : امام نووی رحمہ اللہ نے اس حدیث کے عنوان (یعنی باب) میں بستر کے ساتھ ''لباس'' کو بھی شامل فرمایا ہے جس کا مطلب ہے کہ ضرورت کے مطابق دونوں چیزیں یعنی بستر اور لباس بنانے کی اجازت ہے لیکن ضرورت سے زائد بنانا اسراف میں شامل ہے۔

مسئلہ 62 انواع واقسام کے لباس پہننے والے لوگ بدترین لوگ ہیں۔

عَنْ اَبِیْ اَمَامَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((سَيَكُوْنُ رِجَالٌ مِنْ اُمَّتِيْ يَاكُلُوْنَ اَلْوَانَ الطَّعَامِ وَيَشْرَبُوْنَ اَلْوَانَ الشَّرَابِ وَيَلْبَسُوْنَ اَلْوَانَ الثِّيَابِ وَيَتَشَدَّقُوْنَ بِالْكَلَامِ فَاُولٰئِكَ شِرَارُ اُمَّتِيْ)). رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ[2] (حسن)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''عنقریب میری امت میں کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو انواع واقسام کے کھانے کھائیں گے انواع واقسام کے مشروب پئیں گے اور انواع و اقسام کے لباس پہنیں گے اور بڑی لچھے دار لیکن غیر محتاط کلام کریں گے یہ لوگ میری امت کے بدترین لوگ ہوں گے۔'' اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

---

[1] كتاب اللباس والزينة، باب كراهة ما زاد على الحاجة من الفراش واللباس

[2] صحيح الجامع الصغير، للبانى، الجزء الثالث، رقم الحديث 3557

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللِّبَاسُ الَّذِیْ فِیْهِ التَّشَابُهُ بَیْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

مردوں اور عورتوں کی باہمی مشابہت والا لباس

مسئلہ 63 مردانہ ساخت اور بناوٹ والے لباس (شلوار، قمیص، ٹوپی، جوتے، بیلٹ، جیکٹ وغیرہ) پہننے والی عورتیں ملعون ہیں اور زنانہ ساخت اور بناوٹ والے لباس پہننے والے مرد ملعون ہیں۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ قَالَ : لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الرَّجُلَ یَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْاَةِ وَالْمَرْاَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[1] (صحیح)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عورتوں جیسا لباس پہننے والے مرد اور مردوں جیسا لباس پہننے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الْمُتَشَبِّهِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ الْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ. رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ[2]

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں اور عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے والے مردوں پر لعنت فرمائی ہے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : ① مشابہت میں لباس کے علاوہ جوتے، بالوں کی تراش خراش، حرکات وسکنات، بول چال کا انداز، عورتوں کا اپنے لئے مذکر کا صیغہ استعمال کرنا، مردوں کا اپنے لئے مونث کا صیغہ استعمال کرنا بھی شامل ہے۔ ② نابالغ لڑکیوں کو لڑکوں کے لباس پہنانے والے اور نابالغ لڑکوں کو لڑکیوں کے لباس پہنانے والے والدین بھی حدیث کی رو سے لعنت کے مستحق ہوں گے۔

---

[1] کتاب اللباس ، باب فی لباس النساء (3454/2)

[2] کتاب اللباس ، باب المتشبهین بالنساء والمتشبهات بالرجال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ 64 مردانہ ساخت کے لباس پہننے والی عورتیں جنت میں نہیں جائیں گی۔

عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رضی اللہ عنہ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((ثَلَاثَةٌ لَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ اَبَدًا اَلدَّيُّوْثُ مِنَ الرِّجَالِ وَالرَّجِلَةُ مِنَ النِّسَاءِ وَمُدْمِنُ الْخَمْرِ)) قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! اَمَّا مُدْمِنُ الْخَمْرِ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ فَمَا الدَّيُّوْثُ مِنَ الرِّجَالِ ؟ قَالَ ((الَّذِيْ لَا يُبَالِيْ مَنْ دَخَلَ عَلَى اَهْلِهِ)) قُلْنَا فَالرَّجِلَةُ مِنَ النِّسَاءِ؟ قَالَ ((الَّتِيْ تَشَبَّهُ بِالرِّجَالِ)). رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ [1] (حسن)

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تین آدمی کبھی جنت میں داخل نہیں ہوں گے ① دیوث ② عورتوں میں سے وہ جو مردوں کی مشابہت اختیار کرے ③ بوڑھا شرابی۔'' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! بوڑھا شرابی تو ہمیں معلوم ہے، یہ دیوث کون ہے؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''دیوث وہ شخص ہے جس کی بیوی کے پاس غیر محرم آئے اور وہ غیرت محسوس نہ کرے۔'' پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی ''عورتوں میں سے مرد بننے والی عورت کونسی ہے؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''وہ جو مردوں سے مشابہت اختیار کرے۔'' اسے بیہقی نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : حدیث شریف میں ''ابدا'' کا لفظ طویل مدت کے لئے آیا ہے۔ کلمہ گو عورت اس کبیرہ گناہ کی طویل مدت تک جہنم میں سزا بھگتے گی اور اس کے بعد جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کی جائے گی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

مسئلہ 65 مردانہ ساخت کا لباس پہننے والی عورتیں اور زنانہ ساخت کا لباس پہننے والے مرد ہم میں سے نہیں۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ ((لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِالرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ وَلَا مَنْ تَشَبَّهَ بِالنِّسَاءِ مِنَ الرِّجَالِ)). رَوَاهُ اَحْمَدُ [2] (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''عورتوں میں سے مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتیں اور مردوں میں سے عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے والے مرد ہم میں سے نہیں۔'' اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

[1] الترغیب والترھیب ، لمحی الدین دیب 31/3 رقم الحدیث 3065

[2] 461/11 تحقیق شعیب الارناؤط رقم الحدیث 6875

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ 66 عورتوں کے لباس پہننے والے مرد (مخنث) اور مردوں کے لباس پہننے والی عورتیں ملعون ہیں انہیں اپنے گھروں میں داخل نہیں ہونے دینا چاہیے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : لَعَنَ النَّبِيُّ ﷺ الْمُخَنَّثِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَقَالَ ((اَخْرِجُوْهُمْ مِنْ بُيُوْتِكُمْ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ [1]

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے مخنث مردوں (یعنی ہیجڑوں) پر لعنت فرمائی اور اسی طرح مرد بننے والی عورتوں پر لعنت فرمائی اور ارشاد فرمایا ''ان مخنثوں کو اپنے گھروں سے نکال باہر کرو۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

[1] کتاب اللباس ، باب اخراج المتشبهين بالنساء من البيوت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللِّبَاسُ الَّذِیْ فِیْهِ التَّشَابُهُ بِالْكُفَّارِ

غیر مسلم اقوام سے مشابہت والا لباس

مَسئلہ 67 کفار و مشرکین سے مشابہت کا انجام جہنم ہے۔

﴿ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ ۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ ﴾ (115:4)

''حق بات واضح ہوجانے کے بعد جو شخص رسول (ﷺ) کی مخالفت کرے گا اور اہل ایمان کا طریقہ چھوڑ کر کسی دوسرے طریقے پر چلے گا اسے ہم اسی طرف چلائیں گے جدھر وہ چلے گا اور پھر اسے جہنم میں ڈال دیں گے جو بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔'' (سورۃ النساء، آیت نمبر 115)

مَسئلہ 68 عقائد، عبادات، لباس، عادات و اطوار اور تہوار حتی کہ سلام کرنے کے طریقے میں بھی غیر مسلم اقوام سے مشابہت اختیار کرنا منع ہے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِغَيْرِنَا لَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ وَلَا بِالنَّصَارٰى فَاِنَّ تَسْلِيْمَ الْيَهُوْدِ الْاِشَارَةُ بِالْاَصَابِعِ وَاِنَّ تَسْلِيْمُ النَّصَارٰى بِالْاَكُفِّ)). رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ [1] (صحيح)

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہما اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو مسلمانوں کے علاوہ دوسروں سے مشابہت اختیار کرے وہ ہم سے نہیں، یہود و نصاری سے مشابہت اختیار نہ کرو۔ یہود انگلیوں کے اشارے سے سلام کرتے ہیں اور نصاری ہتھیلی کے اشارے سے سلام کرتے ہیں (لہٰذا تم اس طرح سلام نہ کرو)۔'' اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 69 ایسا لباس جو کسی غیر مسلم قوم کے لئے خاص ہو یا غیر مسلم قوم کے لباس

---

[1] سلسلة الاحاديث الصحيحة ، للالبانی ، الجزء الخامس ، رقم الحديث 2194

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا شعار ہو، پہننا منع ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❶

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس نے کسی قوم سے مشابہت اختیار کی وہ ہم میں سے نہیں۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ قَالَ : كَتَبَ اِلَيْنَا عُمَرُ رضی اللہ عنہ وَنَحْنُ بِاَذْرَبِيْجَانَ وَاِيَّاكُمْ وَالتَّنَعُّمَ وَزِيَّ اَهْلِ الشِّرْكِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ❷

حضرت ابوعثمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہم آذربائیجان میں تھے ہمیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے شاہی فرمان موصول ہوا جس میں لکھا ہوا تھا کہ زیادہ عیش وعشرت سے اور مشرکوں کی وضع قطع اختیار کرنے سے بچو۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 70 غیر مسلم اقوام کی مشابہت اختیار کرنا فتنہ ہے جس سے مسلمانوں کو بچنا چاہئے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((لَتَرْكَبُنَّ سُنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ وَ ذِرَاعًا بِذِرَاعٍ وَ بَاعًا بِبَاعٍ حَتّٰى لَوْ اَنَّ اَحَدَهُمْ دَخَلَ جُحْرَ ضَبٍّ لَدَخَلْتُمْ وَ حَتّٰى لَوْ اَنَّ اَحَدَهُمْ جَامَعَ اُمَّهُ لَفَعَلْتُمْ)) رَوَاهُ الْبَزَّارُ❸ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تم لوگ ضرور اپنے سے پہلی امتوں کے نقش قدم پر چلو گے اگر وہ ایک بالشت چلیں گے تو تم بھی ایک بالشت چلو گے اگر وہ ایک ہاتھ چلیں گے تو تم بھی ایک ہاتھ چلو گے اگر وہ دو ہاتھ چلیں گے تو تم بھی دو ہاتھ چلو گے حتی کہ اگر وہ گوہ کے سوراخ میں داخل ہوں گے تو تم بھی اس میں داخل ہو گے۔ اگر ان میں سے کوئی اپنی ماں سے زنا کرے گا تو تم بھی اپنی ماں سے زنا کرو گے۔'' اسے بزار نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 71 اہل ایمان کو کفار اور مشرکین کی مخالفت کرنے کا حکم ہے۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 195-194 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

❶ كتاب اللباس والزينة ، باب في لبس الشهرة (3401/2)
❷ كتاب اللباس والزينة ، باب قدر ما يجوز من الحرير للرجال
❸ مجمع الزوائد ، الجزء السابع ، رقم الحديث 12105

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زِیْنَتُ النِّسَاءِ

عورتوں کا بناؤ سنگھار

مَسئلہ 72 فطری تخلیق کو غیر فطری تخلیق میں تبدیل کرنے والے تمام افعال شیطانی فعل ہیں۔

﴿ وَلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ۝ ﴾(119:4)

''(شیطان نے اللہ سے کہا) میں لوگوں کو گمراہ کروں گا انہیں (جھوٹی) امیدیں دلاؤں گا انہیں حکم دوں گا کہ وہ جانوروں کے کان کاٹیں (اور انہیں مزاروں، درباروں کے نام منسوب کریں) اور انہیں حکم دوں گا کہ وہ اللہ کی بنائی ہوئی شکل میں ردوبدل کریں۔ جس نے اللہ کو چھوڑ کر شیطان کو اپنا دوست بنایا وہ صریح خسارے میں پڑ گیا۔'' (سورۃ النساء، آیت نمبر 119)

مَسئلہ 73 بالوں میں مصنوعی بال (یا وگ) لگانے والی عورت (یا مرد) پر اللہ اور اس کے رسول ﷺ دونوں کی لعنت ہے۔

مَسئلہ 74 بیوٹی پارلر میں غیر شرعی بناؤ سنگھار کرنے اور کروانے والی عورتوں پر اللہ اور اس کے رسول ﷺ دونوں کی لعنت ہے۔

مَسئلہ 75 جسم پر اَنمٹ نقش ونگار بنانے والی عورت پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔

مَسئلہ 76 جسم پر اَنمٹ نقش ونگار بنوانے والی عورت پر بھی اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے ان عورتوں پر جو بالوں میں جوڑ لگائیں (دوسری عورتوں کو) یا (خود) لگوائیں نیز لعنت فرمائی جسم گودنے یا گدوانے والی پر۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا کہتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے لعنت فرمائی جوڑ لگانے اور لگوانے والی عورتوں پر۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 77 بیماری کی وجہ سے یا عیب چھپانے کے لئے بھی مصنوعی بال (یا وگ) لگانے کی اجازت نہیں ہے۔

عَنْ اَسْمَاءَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : سَاَلَتِ امْرَاَةٌ النَّبِیَّ ﷺ فَقَالَتْ : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! اِنَّ ابْنَتِیْ اَصَابَتْهَا الْحَصْبَةُ فَامَّرَقَ شَعْرُهَا وَاِنِّیْ زَوَّجْتُهَا اَفَاَصِلُ فِیْهِ ؟ فَقَالَ ((لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُوْلَةَ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❸

حضرت اسماء رضی اللہ عنہا (بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ) کہتی ہیں کہ ایک عورت نے عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! میری بیٹی کو چیچک نکلی جس سے اس کے بال جھڑ گئے ہیں، اس کا نکاح کر چکی ہوں، کیا اسے جوڑ لگا دوں؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اللہ تعالیٰ نے جوڑ لگانے اور لگوانے والی دونوں عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : یاد رہے بالوں میں جوڑ لگانے کی ممانعت ہر قسم کے بالوں کے لئے ہے خواہ وہ انسانی بال ہوں یا کسی جانور کے ہوں خواہ مصنوعی ہوں۔ واللہ اعلم بالصواب!

مسئلہ 78 بالوں میں مصنوعی بال یا وگ لگانا یہودیوں کا عمل ہے۔

---

❶ کتاب اللباس ، باب وصل الشعر

❷ کتاب اللباس ، باب وصل الشعر

❸ کتاب اللباس، باب الموصولة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَسئلہ 79 بالوں میں وگ لگانے والی عورت (یا مرد) دھوکہ باز ہے۔

عَنْ سَعِيْدِ بْنَ الْمُسَيَّبِ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَدِمَ مُعَاوِيَةُ الْمَدِيْنَةَ آخِرَ قَدْمَةٍ قَدِمَهَا فَخَطَبَنَا فَاَخْرَجَ كُبَّةً مِّنْ شَعَرٍ ، قَالَ : مَاكُنْتُ اَرَى اَحَدًا يَفْعَلُ هٰذَا غَيْرَ الْيَهُوْدِ، اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ سَمَّاهُ الزُّوْرَ يَعْنِي الْوَاصِلَةَ فِي الشَّعْرِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ[1]

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ آخری بار جب مدینہ تشریف لائے تو (جمعہ کا) خطبہ دیا اور (مصنوعی) بالوں کا ایک جوڑا نکالا اور فرمایا ''میں یہ سمجھتا تھا کہ یہ کام یہودیوں کے علاوہ اور کوئی نہیں کرتا اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے جوڑا لگانے والی عورت کو دھوکے باز فرمایا ہے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : یاد رہے بالوں کے علاوہ کوئی دوسری چیز مثلاً رومال، سکارف، اونی یا سوتی یا ریشمی دھاگہ جسے عرف عام میں ''پراندہ'' کہا جاتا ہے، بالوں میں باندھنا یا لگانا منع نہیں اس لئے کہ اس میں کسی قسم کے دھوکے کا امکان نہیں۔

مَسئلہ 80 بالوں میں جوڑا لگانے کا عمل پوری قوم کو تباہ کرنے والا عمل ہے۔

عَنْ مُعَاوِيَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ ((اِنَّمَا هَلَكَتْ بَنُوْا اِسْرَائِيْلَ حِيْنَ اِتَّخَذَ هٰذِهٖ نِسَاؤُهُمْ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[2] (صحیح)

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے ''بنو اسرائیل اس لئے برباد ہوئے کہ ان کی عورتوں نے یہ (جوڑا لگانے کا) کام شروع کر دیا تھا۔'' اسے ابو داؤد نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 81 بھنوؤں کو خوبصورت بنانے کے لئے بال اکھڑوانے یا صاف کرانے والی عورت پر اللہ کی لعنت ہے۔

مَسئلہ 82 دانتوں کو خوبصورت بنانے کے لئے انہیں باریک کروانا یا ان کے درمیان مصنوعی خلا پیدا کروانے والی عورت پر بھی اللہ کی لعنت ہے۔

---

[1] كتاب اللباس ، باب وصل الشعر

[2] كتاب الترجل ، باب فى صلة الشعر (3511/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ 83 دوسری عورتوں کی بھنویں خوبصورت بنانے والی عورت اور دانتوں کو باریک یا گھسانے والی عورت پر بھی اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ ((لَعَنَ اللّٰهُ الْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَوَشِّمَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ اللَّاتِي يُغَيِّرْنَ خَلْقَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ)). رَوَاهُ النَّسَائِيُّ ❶

(صحیح)

حضرت عبداللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''اللہ تعالیٰ نے چہرے کے بال اکھاڑنے والیوں، جسم گدوانے والیوں اور دانتوں کو رگڑ کر کھلا کرانے والیوں پر لعنت فرمائی ہے کیونکہ ایسی عورتیں اللہ تعالیٰ کی تخلیق کو بدلتی ہیں۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ ﷺ قَالَ : لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ تَعَالٰى. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خوبصورتی کے لئے اپنا جسم گدوانے والیوں، چہرے سے بال اکھاڑنے والیوں اور دانتوں کو رگڑ کر کشادہ کرنے والیوں پر اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے ایسی عورتیں اللہ تعالیٰ کی تخلیق کو بدلنے والی ہیں۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : ① اہل علم نے خوبصورتی کے لئے چہرے کے کسی حصے کے بال اکھیڑنے یا صاف کرانے کو اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں تبدیلی قرار دیا ہے، لہٰذا یہ منع ہے۔ ② اگر عورت کے چہرے پر داڑھی یا مونچھ کی طرح بال اگ آئیں تو انہیں زائل کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ ان شاء اللہ

مسئلہ 84 غیر محرم مردوں کو رجھانے کے لئے خوشبو لگانے والی عورت کا گناہ زنا کے برابر ہے۔

عَنِ الْاَشْعَرِيِّ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اَيُّمَا امْرَأَةٍ اسْتَعْطَرَتْ فَمَرَّتْ عَلٰى قَوْمٍ لِيَجِدُوْا مِنْ رِيْحِهَا فَهِيَ زَانِيَةٌ)). رَوَاهُ النَّسَائِيُّ ❸ (حسن)

---

❶ كتاب الزينة ، باب المتفلجات (4728/3)

❷ كتاب اللباس ، باب المتفلجات للحسن

❸ ابواب الزينة ، باب ما يكره للنساء من الطيب(4737/3)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت (ابوموسیٰ) اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جو عورت خوشبو لگائے اور (غیر محرم) مردوں کی محفل میں جائے تا کہ وہ اس کی خوشبو سونگھیں تو وہ زانیہ ہے۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 85 فیشن کے طور پر اونچی ایڑی کا جوتا پہننا یہودیوں کی اتباع ہے۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیْ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ ((کَانَتْ اِمْرَاَۃٌ مِنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ قَصِیْرَۃٌ تَمْشِیْ مَعَ اِمْرَاَتَیْنِ طَوِیْلَتَیْنِ فَاتَّخَذَتْ رِجْلَیْنِ مِنْ خَشَبٍ وَخَاتَمًا مِنْ ذَھَبٍ مُغْلَقٍ مُطْبَقٍ ثُمَّ حَشَتْہُ مِسْکًا وَھُوَ اَطْیَبُ الطِّیْبِ فَمَرَّتْ بَیْنَ الْمَرْاَتَیْنِ فَلَمْ یَعْرِفُوْھَا فَقَالَتْ بِیَدِھَا ھٰکَذَا)). رَوَاہُ مُسْلِمٌ [1]

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''بنی اسرائیل میں ایک چھوٹے قد کی عورت تھی جو اپنی دو لمبی سہیلیوں کے ساتھ چلتی تھی چنانچہ اس نے (اونچی) لکڑی کی دو جوتیاں بنوائیں (تا کہ اپنی سہیلیوں کے برابر نظر آئے) اور ایک سونے کی انگوٹھی بنوائی خولدار بند ہونے والی اور اس میں مسک بھر دی جو بہت عمدہ خوشبو ہے (اونچی ایڑی کی جوتیاں پہن کر) جب یہ اپنی دونوں سہیلیوں کے درمیان چلی تو لوگ اسے پہچان نہ سکے اور اس عورت نے (اس خوشی میں) اپنے ہاتھوں سے اس طرح اشارہ کیا۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 86 خوبصورتی کے لئے چہرے سے بال اکھاڑنے والی اور اکھڑوانے والی دونوں ملعون ہیں۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ لَعَنَ اللّٰہُ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ وَالنَّامِصَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُغَیِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰہِ. رَوَاہُ مُسْلِمٌ [2]

حضرت عبداللہ (بن مسعود رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے کہ جسم گدنے والیاں، گدوانے والیاں، چہرے سے بال اکھاڑنے والیاں اور اکھڑوانے والیاں اور دانتوں کو کھلا کرنے والیاں خوبصورتی کے لئے، ان

[1] کتاب الالفاظ من الادب، باب استعمال المسک وانہ اطیب الطیب

[2] کتاب اللباس والزینۃ، باب لعن الواشماتوالمستوشمات ..... المغیرات خلق اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سب پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی تخلیق کو بدلنے والیاں ہیں۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لُعِنَتِ الْوَاصِلَةُ وَالْمُسْتَوْصِلَةُ وَالنَّامِصَةُ وَالْمُتَنَمِّصَةُ وَالْوَاشِمَةُ وَالْمُسْتَوْشِمَةُ مِنْ غَيْرِ دَاءٍ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[1] (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جوڑا لگانے والی اور لگوانے والی، چہرے سے بال اکھاڑنے والی اور اکھڑوانے والی، جسم گدنے والی اور گدوانے والی پر لعنت کی گئی ہے بغیر کسی بیماری کے۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

[1] کتاب الترجل، باب فی صلة الشعر (3514/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَا يَجُوْزُ مِنْ زِيْنَةِ اللِّبَاسِ

لباس میں جائز زیب وزینت

مَسئلہ 87 شرعی حدود کے اندر رہتے ہوئے مسلمانوں کو صاف ستھرا رہنے اور زیب وزینت اختیار کرنے کی اجازت ہے۔

مَسئلہ 88 جائز زیب وزینت کو از خود اپنے اوپر حرام کر لینا جائز نہیں۔

﴿ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيَامَةِ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ ﴾

(32:7)

"کہو، کس نے اللہ تعالیٰ کی اس زینت کو حرام قرار دیا ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے نکالا تھا اور کس نے اللہ تعالیٰ کی عطاء کردہ پاک چیزیں حرام کر دیں؟ کہو یہ ساری چیزیں دنیا کی زندگی میں بھی اہل ایمان کے لئے ہیں اور قیامت کے روز تو خالصتاً انہیں کے لئے ہوں گی۔ اہل علم کے لئے ہم اسی طرح اپنی باتیں صاف صاف بیان کرتے ہیں۔" (سورۃ الاعراف، آیت نمبر 32)

مَسئلہ 89 اللہ تعالیٰ بندوں پر اپنی نعمتوں کا اثر دیکھنا پسند فرماتے ہیں۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ يُّرٰى اَثَرُ نِعْمَتِهٖ عَلٰى عَبْدِهٖ)). رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ [1] (صحیح)

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "اللہ تعالیٰ بندے پر اپنی نعمتوں کا اثر دیکھنا پسند فرماتے ہیں۔" اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

---

[1] ابواب الادب والاستیذان، باب ما جاء ان اللّٰہ تعالیٰ یحب ان یری اثر نعمته علی عبده

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ 90 استطاعت کے مطابق تکبر اور فضول خرچی سے بچتے ہوئے عمدہ قیمتی لباس پہننا جائز ہے بشرطیکہ ساتھ ساتھ اللہ کی راہ میں صدقہ بھی کیا جائے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَتَصَدَّقُوْا وَالْبَسُوْا ، مَا لَمْ يُخَالِطْهُ اِسْرَافٌ اَوْ مَخِيْلَةٌ)). رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ[1]

(حسن)

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''کھاؤ، پیو، صدقہ کرو اور پہنو لیکن فضول خرچی اور تکبر نہ کرو۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 91 صحابی کے جسم پر میلے کچیلے کپڑے دیکھ کر آپ ﷺ نے اسے دھو کر صاف ستھرے کپڑے پہننے کی رغبت دلائی۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ قَالَا : اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَرَاٰى رَجُلًا شَعِثًا قَدْ تَفَرَّقَ شَعْرُهٗ فَقَالَ ((اَمَا كَانَ هٰذَا يَجِدُ مَا يُسَكِّنُ بِهٖ شَعْرَهٗ؟)) وَرَاٰى رَجُلًا آخَرَ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ وَسِخَةٌ فَقَالَ ((اَمَا كَانَ هٰذَا يَجِدُ مَا يَغْسِلُ بِهٖ ثَوْبَهٗ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[2] (صحیح)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے ہاں تشریف لائے ایک آدمی کے بکھرے ہوئے پراگندہ بال دیکھے تو ارشاد فرمایا ''کیا اس شخص کے پاس اپنے بالوں کو سنوارنے کے لئے کوئی چیز نہیں؟'' ایک دوسرے آدمی کو میلے کچیلے کپڑے پہنے دیکھا تو فرمایا ''کیا اس شخص کے پاس کوئی ایسی چیز نہیں جس سے یہ اپنے کپڑے دھو لے۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 92 رسول اکرم ﷺ نے جمعہ کے لئے الگ صاف ستھرے کپڑے بنانے کی رغبت دلائی ہے۔

عَنْ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ رضی اللہ عنہ حَدَّثَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((مَا عَلٰى اَحَدِكُمْ اِنْ وَجَدْتُّمْ

---

[1] كتاب اللباس ، باب البس ما شئت ما اخطاک سرف (2904/2)

[2] كتاب اللباس ، باب فی الخلقان وغسل الثوب (3427/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَنْ یَّتَّخِذَ ثَوْبَیْنِ لِیَوْمِ الْجُمُعَةِ سِوٰی ثَوْبَیْ مِهْنَتِهٖ؟)) رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ❶ (صحیح)

حضرت یحییٰ بن حبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''اگر ممکن ہو تو کام کاج والے لباس کے علاوہ جمعہ کے لئے تم الگ جوڑا بنالو تو بہت ہی اچھا ہے؟'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 93 مال دار آدمی کے جسم پر میلے کچیلے کپڑے دیکھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے عمدہ کپڑے پہننے کا حکم دیا۔

عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ : اَتَیْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ ثَوْبٍ دُوْنٍ فَقَالَ ((اَلَکَ مَالٌ؟)) قَالَ : نَعَمْ ! قَالَ ((مِنْ اَیِّ الْمَالِ؟)) قَالَ : قَدْ آتَانِیَ اللّٰهُ مِنَ الْاِبِلِ وَالْغَنَمِ وَالْخَیْلِ وَالرَّقِیْقِ ، قَالَ ((فَاِذَا آتَاکَ اللّٰهُ مَالًا فَلْیُرَ اَثَرُ نِعْمَةِ اللّٰهِ عَلَیْکَ وَکَرَامَتِهٖ)). رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ❷ (صحیح)

حضرت ابوالاحوص رضی اللہ عنہ کے باپ کہتے ہیں کہ میں میلے کچیلے کپڑوں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''کیا تیرے پاس مال ہے؟'' میں نے عرض کی ''ہاں! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مال ہے۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا ''کس طرح کا مال ہے؟'' میں نے عرض کیا ''اللہ تعالیٰ نے مجھے اونٹ، بکریاں گھوڑے اور غلام دیئے ہیں۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''جب اللہ تعالیٰ نے تجھے مال دیا ہے تو پھر تیرے لباس سے اللہ تعالیٰ کی نعمتیں اور احسانات نظر آنے چاہئیں۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 94 رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نصیحت پر پھٹے پرانے کپڑے پہننے والے شخص نے صاف ستھرے کپڑے پہنے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوش ہو کر اسے دعا دی اور وہ درجہ شہادت پر فائز ہو گیا۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیِّ رضی اللہ عنہ اَنَّهٗ قَالَ : خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ غَزْوَةِ بَنِیْ اَنْمَارٍ وَعِنْدَنَا صَاحِبٌ لَّنَا نُجَهِّزُهٗ یَذْهَبُ یَرْعٰی ظَهْرَنَا ، قَالَ : فَجَهَّزْتُهٗ ثُمَّ اَدْبَرَ یَذْهَبُ

❶ کتاب الصلاة ، باب اللبس للجمعة (953/1)

❷ کتاب اللباس ، باب فی الخلقان وفی غسل الثوب (3428/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِی الظَّهْرِ وَعَلَيْهِ بُرْدَانِ لَهُ قَدْ خَلَقَا ، قَالَ : فَنَظَرَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ ((اَمَا لَهُ ثَوْبَانِ غَيْرَ هٰذَيْنِ ؟)) فَقُلْتُ : بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! لَهُ ثَوْبَانِ فِي الْعَيْبَةِ وَكَسَوْتُهُ اِيَّاهُمَا)) قَالَ فَادْعُهُ فَمُرْهُ فَلْيَلْبَسْهُمَا ، قَالَ فَدَعَوْتُهُ فَلَبِسَهُمَا ثُمَّ وَلّٰى يَذْهَبُ قَالَ : فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَالَهُ ضَرَبَ اللّٰهُ عُنُقَهُ اَلَيْسَ هٰذَا خَيْرًا لَهُ ؟)) قَالَ : فَسَمِعَهُ الرَّجُلُ ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ)) قَالَ فَقُتِلَ الرَّجُلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ. رَوَاهُ مَالِكٌ [1]

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوہ بنی انمار کے لئے (مدینہ سے) نکلے۔ ہمارے ساتھ ایک آدمی تھا جس کا سامان سفر ہم نے ہی تیار کیا، وہ ہمارے جانور چرایا کرتا تھا جب میں نے اس کا سامان تیار کر دیا تو وہ جانور چرانے کے لئے نکلا اس وقت اس نے اپنے اوپر اپنی دو پھٹی پرانی چادریں لے رکھی تھیں (رسول اللہ ﷺ کو ناگوار گزریں تو) آپ ﷺ نے پوچھا ''کیا اس کے پاس اور کپڑے نہیں؟'' میں نے (حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے) عرض کی ''کیوں نہیں یا رسول اللہ ﷺ! اور کپڑے گٹھڑی میں بندھے ہیں میں نے خود اسے پہننے کے لئے دیئے ہیں۔'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اسے بلاؤ اور کہو کہ وہ کپڑے پہنے۔'' میں نے اسے بلایا (اور نبی اکرم ﷺ کا حکم بتایا) تو اس نے صاف ستھرے کپڑے پہن لئے اور واپس چل دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اس کی سوچ کیسی ہے؟ کیا اسے یہ لباس اچھا نہیں لگ رہا؟ اللہ اس کی گردن مارے۔'' آدمی نے رسول اللہ ﷺ کی آواز سن لی اور کہنے لگا ''یا رسول اللہ ﷺ! کیا اللہ کی راہ میں مارا جاؤں؟'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''ہاں اللہ کی راہ میں مارے جاؤ۔'' چنانچہ وہ آدمی اسی غزوہ میں شہید ہو گیا۔ اسے مالک نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : غزوہ بنی انمار کا دوسرا نام غزوہ ذات الرقاع ہے جو تیسری ہجری میں پیش آیا۔

مسئلہ 95 اچھے کپڑے پہننا اور صاف ستھرا رہنا تکبر نہیں بلکہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی بات نہ ماننا تکبر ہے۔

---

[1] كتاب اللباس ، باب ما جاء فی لبس الثياب للجمال بها

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ ﷺ وَکَانَ رَجُلًا جَمِیْلًا ، فَقَالَ : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! اِنِّی رَجُلٌ حُبِّبَ اِلَیَّ الْجَمَالُ وَاُعْطِیْتُ مِنْهُ مَا تَرَاهُ حَتّٰی مَا اُحِبُّ اَنْ یَفُوْقَنِیْ اَحَدٌ اِمَّا قَالَ : بِشِرَاکِ نَعْلِیْ ، وَاِمَّا قَالَ : بِشِسْعِ نَعْلِیْ اَفَمِنَ الْکِبْرِ ذٰلِکَ ؟ قَالَ ((لَا ، وَلٰکِنَّ الْکِبْرَ مَنْ بَطِرَ الْحَقَّ ، وَغَمَطَ النَّاسَ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❶ (صحیح)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا وہ خوبصورت آدمی تھا۔ اس نے عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! مجھے خوبصورتی پسند ہے اور جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں اللہ تعالیٰ نے مجھے خوبصورتی عطا بھی فرمائی ہے، میں چاہتا ہوں کہ خوبصورتی میں مجھ سے کوئی بھی آگے نہ بڑھنے پائے حتی کہ جوتی کے تسمے کے برابر بھی، یا رسول اللہ ﷺ! کیا یہ تکبر ہے؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''نہیں، تکبر یہ ہے کہ آدمی حق بات کو ٹھکرا دے اور لوگوں کو حقیر سمجھے۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((لَا یَدْخُلُ النَّارَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ اِیْمَانٍ وَلَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ کِبْرٍ)) فَقَالَ الرَّجُلُ : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اِنَّ الرَّجُلَ لَیُحِبُّ اَنْ یَکُوْنَ ثَوْبُهٗ حَسَنًا وَنَعْلُهٗ حَسَنًا ، فَقَالَ ((اِنَّ اللّٰهَ جَمِیْلٌ یُحِبُّ الْجَمَالَ الْکِبْرُ مَنْ بَطِرَ الْحَقَّ وَغَمَصَ النَّاسَ)). رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ❷ (صحیح)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس شخص کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان ہوگا وہ آگ میں داخل نہیں ہوگا اور جس شخص کے دل میں ذرہ برابر تکبر ہوگا وہ جنت میں نہیں جائے گا'' ایک آدمی نے عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! ایک آدمی یہ چاہتا ہے کہ اس کا لباس اچھا ہو اس کے جوتے اچھے ہوں تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اللہ تعالیٰ جمیل ہے اور جمال کو پسند فرماتا ہے، تکبر یہ ہے کہ آدمی حق بات کو ٹھکرا دے اور لوگوں کو کم تر سمجھے۔'' اسے ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 96 حسب استطاعت اور حسب ضرورت کرسی اور صوفہ وغیرہ کا استعمال

❶ کتاب اللباس ، باب ما جاء فی الکبر (3448/2)

❷ کتاب الزینة والتطیب ذکر ما یستحب للمرء تحسین ثیابه وعمله (280/12) تحقیق شعیب الارنائوط ، رقم الحدیث 5466

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جائز ہے۔

عَنْ اَبِیْ رِفَاعَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : اِنْتَهَيْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَهُوَ يَخْطُبُ ، فَقُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! رَجُلٌ غَرِيْبٌ جَاءَ يَسْاَلُ عَنْ دِيْنِهٖ، لَا يَدْرِیْ مَادِيْنُهٗ ؟ فَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَتَرَكَ خُطْبَتَهٗ حَتّٰى اِنْتَهٰى اِلَیَّ فَاُتِیَ بِكُرْسِيٍّ خِلْتُ قَوَائِمَهٗ حَدِيْدًا فَقَعَدَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَجَعَلَ يُعَلِّمُنِیْ مِمَّا عَلَّمَهُ اللّٰهُ ثُمَّ اَتٰى خُطْبَتَهٗ فَاَتَمَّهَا. رَوَاهُ النَّسَائِیُّ [1] (صحیح)

حضرت ابورفاعہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے میں نے عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! ایک مسافر آیا ہے جو دین کے بارے میں پوچھ رہا ہے اسے معلوم نہیں کہ دین کیا ہے؟'' رسول اکرم ﷺ نے خطبہ چھوڑ دیا اور میرے پاس تشریف لے آئے۔ آپ ﷺ کے لئے ایک کرسی لائی گئی میرا گمان ہے کہ اس کے پائے لوہے کے تھے۔ رسول اللہ ﷺ اس کرسی پر تشریف فرما ہوئے اور مجھے وہ باتیں سکھانے لگے جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو سکھائی تھیں پھر آپ ﷺ خطبہ ارشاد فرمانے کے لئے واپس اپنی جگہ تشریف لے گئے اور خطبہ مکمل کیا۔ اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 97 گھر میں قالین وغیرہ استعمال کرنے کی رخصت ہے۔

عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَمَّا تَزَوَّجْتُ ((اِتَّخَذْتَ اَنْمَاطًا؟)) قُلْتُ : وَاَنّٰى لَنَا اَنْمَاطٌ ؟ قَالَ ((اَمَا اِنَّهَا سَتَكُوْنُ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ [2]

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب میرا نکاح ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے دریافت فرمایا ''کیا تمہارے پاس قالین ہیں؟'' میں نے عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! ہمارے ہاں قالین کہاں سے آئے؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''عنقریب (مال غنیمت میں) آئیں گے (اور تمہیں بھی ملیں گے)۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

[1] كتاب الزينة ، باب الجلوس على الكراسى (4970/3)

[2] كتاب اللباس والزينة ،باب جواز اتخاذ الانماط

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللِّبَاسُ الْمَصْبُوْغُ

رنگین لباس

مسئلہ 98 سفید لباس پہننا مستحب ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((خَيْرُ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضُ ، فَالْبَسُوْهَا، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ)). رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ[1] (صحيح)

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تمہارے کپڑوں میں سے بہترین کپڑے سفید رنگ کے ہیں، وہ پہنو، اور اپنے مردوں کو بھی سفید کپڑوں میں کفن دو۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 99 سفید کپڑے سب سے اچھے اور عمدہ ہیں۔ زندگی میں بھی سفید کپڑے پہننے کا حکم ہے اور مرنے کے بعد بھی سفید کفن بنانے کا حکم ہے۔

عَنْ سَمُرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((عَلَيْكُمْ بِالْبَيَاضِ مِنَ الثِّيَابِ، فَلْيَلْبَسْهَا اَحْيَاؤُكُمْ ، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ ، فَاِنَّهَا مِنْ خَيْرِ ثِيَابِكُمْ)). رَوَاهُ النَّسَائِيُّ[2] (صحيح)

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تمہیں سفید کپڑے پہننے چاہئیں، جو زندہ ہیں وہ بھی سفید کپڑے پہنیں اور (مرنے کے بعد) اپنے مردوں کو بھی سفید کفن پہناؤ کیونکہ سفید کپڑے تمام کپڑوں سے بہتر ہیں۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 100 آپ ﷺ کا لباس، آپ ﷺ کی چادر دونوں سفید تھے۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 97 اور 181 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 101 فرشتے بھی سفید لباس پسند کرتے ہیں۔

---

[1] كتاب اللباس ، باب البياض من الثياب (2869/2) [2] كتاب الزينة ، باب الامر بلبس البيض من الثياب (4916/3)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ سَعْدٍ ﷺ قَالَ : رَأَيْتُ بِشِمَالِ النَّبِيِّ ﷺ وَيَمِيْنِهِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا ثِيَابٌ بِيْضٌ يَوْمَ أُحُدٍ مَا رَأَيْتُهُمَا قَبْلُ وَلَا بَعْدُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اُحد کے روز نبی اکرم ﷺ کے دائیں اور بائیں دو آدمی دیکھے جو سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے، اس کے بعد میں نے انہیں کبھی نہیں دیکھا۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : وہ دو آدمی حضرت جبرائیل اور میکائیل علیہما السلام تھے۔ (الرحیق المختوم)

عَنْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ذَاتَ يَوْمٍ اِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا رَجُلٌ شَدِيْدُ بَيَاضِ الثِّيَابِ شَدِيْدِ سَوَادِ الشَّعَرِ لَا يُرٰى عَلَيْهِ اَثَرُ السَّفَرِ وَلَا يَعْرِفُهُ مِنَّا اَحَدٌ حَتّٰى جَلَسَ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَاَسْنَدَ رُكْبَتَيْهِ اِلٰى رُكْبَتَيْهِ وَوَضَعَ كَفَّيْهِ عَلٰى فَخِذَيْهِ وَقَالَ : يَا مُحَمَّدُ اَخْبِرْنِيْ عَنِ الْاِسْلَامِ..... ثُمَّ انْطَلَقَ فَلَبِثْتُ مَلِيًّا ، ثُمَّ قَالَ لِيْ ((يَا عُمَرُ اَتَدْرِيْ مَنِ السَّائِلُ؟)) قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ ، قَالَ ((فَاِنَّهُ جِبْرِيْلُ اَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

حضرت عبداللہ بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ایک روز ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک شخص (حضرت جبرائیل علیہ السلام) حاضر ہوا جس کے کپڑے نہایت سفید تھے، بال نہایت سیاہ تھے اور اس کے چہرے مہرے سے سفر کے آثار ظاہر نہیں ہوتے تھے ہم میں سے کوئی بھی اسے نہیں جانتا تھا وہ آدمی آ کر رسول اللہ ﷺ کے پاس اس طرح بیٹھ گیا کہ اپنے گھٹنے رسول اللہ ﷺ کے گھٹنوں سے ملا دیئے اور اپنے دونوں ہاتھ اپنی رانوں پر رکھ لئے اور عرض کی ''اے محمد ﷺ! مجھے اسلام کے بارے میں آگاہ فرمائیں''..... پھر وہ شخص چلا گیا اور میں آپ ﷺ کے پاس دیر تک ٹھہرا رہا آپ ﷺ نے مجھ سے پوچھا ''عمر جانتے ہو یہ کون تھا؟'' میں نے عرض کیا ''اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''وہ جبرائیل تھے جو تمہیں تمہارا دین سکھانے آئے تھے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 102 حضرت عمر رضی اللہ عنہ سفید لباس پسند کرتے ہیں۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 102 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 103 حضرت عمر رضی اللہ عنہ اہل علم کو سفید کپڑے پہننے کی ترغیب دلاتے تھے۔

عَنْ مَالِكٍ ﷺ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ﷺ قَالَ : اِنِّيْ لَاُحِبُّ اَنْ اَنْظُرَ اِلَى الْقَارِئِ

❶ كتاب اللباس ، باب الثياب البيض

❷ كتاب الايمان باب بيان الايمان والاسلام والاحسان و وجوب الايمان .....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَبْيَضَ الثِّيَابِ. رَوَاهُ مَالِكٌ ❶

حضرت مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ میں پسند کرتا ہوں کہ عالم کو سفید کپڑوں میں دیکھوں۔ اسے مالک نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 104 سبز رنگ کی چادر بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے استعمال فرمائی۔

عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : كَانَ اَحَبُّ الْاَلْوَانِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الْخُضْرَةَ. رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ ❷ (صحيح)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رنگوں میں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ سبز رنگ پسند تھا۔ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 105 سیاہ رنگ کا عمامہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے استعمال فرمایا۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مَسئلہ 106 ہلکے زرد رنگ کا لباس پہننا مستحب ہے۔

عَنْ قَيْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ : قَدِمْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَعَلَيْهِ تَعْنِي النَّبِيَّ ﷺ اَسْمَالُ مُلَيَّتَيْنِ كَانَتَا بِزَعْفَرَانٍ وَقَدْ نَفَضَتَا وَمَعَهُ عُسَيْبُ نَخْلَةٍ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ❸ (حسن)

حضرت قیلہ بنت مخرمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ان سلی پرانی زعفران میں رنگی ہوئی چادریں تھیں جن کا (استعمال کی وجہ سے) رنگ ہلکا پڑ چکا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں کھجور کی چھڑی بھی تھی۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 107 مردوں کو ہلکا سرخ رنگ کا لباس استعمال کرنے کی رخصت ہے۔

عَنِ الْبَرَاءِ رضی اللہ عنہ قَالَ : مَا رَاَيْتُ مِنْ ذِيْ لِمَّةٍ فِيْ حُلَّةٍ حَمْرَاءَ اَحْسَنَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ . رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ❹ (صحيح)

❶ كتاب اللباس ، باب ما جاء فی لبس الثياب المصبغة والذهب

❷ سلسلة الاحاديث الصحيحة ، للبانی ، الجزء الخامس ، رقم الحديث 2054

❸ ابواب الادب ، باب ما جاء فی الثوب الاصفر (2256/2)

❹ ابواب اللباس ما جاء فی الرخصة فی الثوب الاحمر للرجال (1408/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے کسی لمبے بالوں والے کو سرخ جوڑے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ خوبصورت نہیں دیکھا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 108 تیز سرخ رنگ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ناپسند تھا۔

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ ((لَا اَرْكَبُ الْاُرْجُوَانَ وَلَا اَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❷ (صحیح)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''میں سرخ رنگ کی زین پر سوار ہوتا ہوں نہ زرد رنگ کا لباس پہنتا ہوں۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 109 مردوں کو زعفرانی رنگ کے کپڑے پہننے منع ہیں۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَلَيَّ ثَوْبَيْنِ مُعَصْفَرَيْنِ ، فَقَالَ ((اِنَّ هٰذِهٖ مِنْ ثِيَابِ الْكُفَّارِ فَلَا تَلْبَسْهَا)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ❸

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے زعفرانی رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے دیکھا تو فرمایا ''یہ کفار کے کپڑے ہیں انہیں مت پہنو۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : رَاٰى النَّبِيُّ ﷺ عَلَيَّ ثَوْبَيْنِ مُعَصْفَرَيْنِ، فَقَالَ((اَاُمُّكَ اَمَرَتْكَ بِهٰذَا ؟)) قُلْتُ : اَغْسِلُهُمَا ؟ قَالَ((بَلْ اَحْرِقْهُمَا)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ❹

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دو سرخی مائل زعفرانی رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے دیکھا تو (غصہ سے) فرمایا ''کیا تیری ماں نے تجھے یہ کپڑے پہننے کا حکم دیا ہے؟'' میں نے عرض کیا ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں انہیں دھو لیتا ہوں'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''نہیں، انہیں جلا دو۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

❷ كتاب اللباس ، باب من كرهه(3415/2)

❸ كتاب اللباس والزينة ، باب النهي عن لبس الرجل الثوب المعصفر

❹ كتاب اللباس والزينة ، باب النهي عن لبس الرجل الثوب المعصفر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللِّبَاسُ الْاَدْنٰی

موٹا جھوٹا لباس

مسئلہ 110 صوف کا لباس پہننا انبیاء کی سنت ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ كَانَتِ الْاَنْبِيَاءُ يَسْتَحِبُّوْنَ اَنْ يَلْبَسُوا الصُّوْفَ وَيَحْتَلِبُوْا الْغَنَمَ وَيَرْكَبُوا الْحُمُرَ. رَوَاهُ الْحَاكِمُ[1] (صحيح)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انبیاء کرام علیہم السلام صوف (اونی کپڑا) کا لباس پہننا، بکریوں کا دودھ دوہنا اور گدھے پر سوار ہونا پسند فرماتے تھے۔ اسے حاکم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 111 سادہ لباس اور سادہ رہن سہن ایمان کی علامت ہے۔

عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ ذَكَرَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَوْمًا عِنْدَهُ الدُّنْيَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيْمَانِ اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيْمَانِ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[2] (صحيح)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ایک دفعہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دنیا کا ذکر کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''خبردار سنو، خبردار سنو، سادہ زندگی بسر کرنا ایمان کی علامت ہے، سادہ زندگی بسر کرنا ایمان کی علامت ہے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی عَائِشَةَ فَاَخْرَجَتْ اِلَيْنَا اِزَارًا غَلِيْظًا مِمَّا يَصْنَعُ وَكَسَاءً مِّنَ الَّتِیْ يُسَمُّوْنَهَا الْمُلَبَّدَةَ، فَاَقْسَمَتْ بِاللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ قُبِضَ فِیْ هٰذَيْنِ الثَّوْبَيْنِ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[3] (صحيح)

---

[1] تحقيق ابو عبد الله عبد السلام بن محمد بن عمر علوش، رقم الحديث 7465

[2] كتاب الترجل باب النهى عن كثير من الارفاه (3507/2)

[3] كتاب اللباس، باب لباس الغليظ (3405/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ ایک موٹے کپڑے کا تہبند نکال لائیں جو یمن میں بنتا تھا اور ایک کمبل نکال لائیں جس میں پیوند لگے ہوئے تھے اور اللہ کی قسم کھا کر فرمانے لگیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دو کپڑوں میں وفات پائی۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 112 رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کمبل جیسا موٹا اونی ازار بھی استعمال فرمایا۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ مُتَزِّرًا بِكِسَاءٍ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❶ (صحیح)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو موٹے کمبل کا تہبند پہنے ہوئے دیکھا ہے۔ اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 113 ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ادنیٰ قسم کا کم قیمت لباس [redacted] دوسروں کو بتانے میں قطعاً کوئی عار محسوس نہ فرماتی تھیں۔

عَنِ ابْنِ اَيْمَنَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ وَعَلَيْهَا دِرْعٌ قِطْرِيٌّ ثَمَنُ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ فَقَالَتِ ارْفَعْ بَصَرَكَ اِلٰى جَارِيَتِيْ، اُنْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّهَا تُزْهٰى اَنْ تَلْبَسَهُ فِي الْبَيْتِ وَقَدْ كَانَ لِيْ مِنْهُنَّ دِرْعٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ فِيْمَا كَانَتِ امْرَاَةٌ تُقَيَّنُ بِالْمَدِيْنَةِ اِلَّا اَرْسَلَتْ اِلَيَّ تَسْتَعِيْرُهُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت ابن ایمن رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس وقت قطری چادر کی بنی ہوئی قمیص پہنی ہوئی تھی جس کی [redacted] درہم ہوگی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مجھ سے فرمانے لگیں ''ذرا میری اس لونڈی کی طرف دیکھو، گھر میں یہ (پانچ درہم والی) قمیص پہننے میں نخرہ کرتی ہے حالانکہ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں میرے پاس ایسی ہی ایک قمیص تھی (پانچ درہم کی) اور مدینہ کی جس عورت کا شادی بیاہ ہوتا وہ مجھ سے عارضی طور پر مانگ لیتی۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 114 حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پیوند لگے کپڑے استعمال فرماتے تھے۔

---

❶ كتاب اللباس، باب لبس الصوف (2868/2)

❷ كتاب الهبه، باب الاستعاره للعروس عند البناء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ رَاَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَقَدْ رَقَّعَ كَتِفَيْهِ بِرُقَاعٍ ثَلٰثٍ لُبِدَ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ. رَوَاهُ مَالِكٌ[1]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی قمیص کے دونوں کندھوں کے درمیان اوپر تلے تین پیوند لگے دیکھے۔ اسے مالک نے روایت کیا ہے۔

عَنِ الْحَسَنِ قَالَ خَطَبَ عُمَرُ وَهُوَ خَلِيْفَةٌ وَعَلَيْهِ اِزَارٌ فِيْهِ اِثْنَتَا عَشَرَةَ رُقْعَةً ذَكَرَهُ. فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ[2]

حضرت حسن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے عہد خلافت میں خطبہ دیا اور ان کے ازار پر بارہ پیوند لگے ہوئے تھے۔ یہ قول شرح السنۃ میں ہے۔

مسئلہ 115 صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم پرانے کپڑے پہننے میں عار محسوس نہیں کرتے تھے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ كَمْ مِنْ اَشْعَثَ اَغْبَرَ ذِيْ طِمْرَيْنِ لَا يُؤْبَهُ لَهُ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَا بَرَّهُ مِنْهُمُ الْبَرَاء بن مَالِكٍ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ[3] (صحيح)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''بہت سے لوگ ایسے ہیں جو پراگندہ بال اور غبار آلود پرانے کپڑے پہنے ہوتے ہیں (جس کی وجہ) کوئی ان کی طرف توجہ نہیں دیتا حالانکہ (وہ اللہ کے اتنے محبوب ہوتے ہیں کہ اگر) وہ اللہ کے بھروسے پر قسم کھالیں تو اللہ ان کی قسم پوری فرمادیتے ہیں، انہیں میں سے براء بن مالک رضی اللہ عنہ ہیں۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 116 صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم موٹا جھوٹا اور ادنیٰ قسم کا لباس پہننے اور بتانے میں عار محسوس نہیں فرماتے تھے۔

عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ لِيْ يَا بُنَيَّ! لَوْ شَهِدْتَنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ، اِذَا اَصَابَتْنَا السَّمَاءُ، لَحَسِبْتَ اَنَّ رِيْحَنَا رِيْحَ الضَّأْنِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ[4] (صحيح)

---

[1] كتاب الجامع، باب ما جاء فى لبس الثياب

[2] كتاب اللباس خ باب ترقيع الثوب

[3] كتاب المناقب، باب مناقب البراء بن مالك

[4] كتاب اللباس، باب لباس الصوف (2867/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے مجھے کہا ''اے میرے بیٹے! تم ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں دیکھتے تو بارش کے وقت ہمارے جسموں سے جو بو آتی تم سمجھتے وہ بھیڑوں کی ہے (ادنی لباس پہننے کی وجہ سے)۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 117 زندگی میں فقر و فاقہ کی نوبت آ جائے تو پرانا یا معمولی لباس پہننے میں عار محسوس نہیں کرنی چاہئے۔

عَنْ ثَوْبَانَ رضی اللہ عنہ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((اَنَّ اَوَّلَ النَّاسِ وَرُوْدًا عَلَيْهِ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ الشُّعْثُ رُءُوْسًا أَلدَّنَسُ ثِيَابًا أَلَّذِيْنَ لاَ يَنْكِحُوْنَ الْمُتَنَعَّمَاتِ وَ لاَ يُفْتَحُ لَهُمُ السُّدَدُ)) رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ❶ (صحیح)

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''میرے حوض پر سب سے پہلے جو لوگ آئیں گے وہ فقراء مہاجرین ہوں گے، گرد آلود سر، میلے کچیلے کپڑے، ناز و نعم میں پلی ہوئی عورتوں سے نکاح کرنے کی استطاعت نہ رکھنے والے اور جن کے لئے (امراء کے) دروازے نہیں کھولے جاتے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 118 قدرت رکھنے کے باوجود قیمتی لباس نہ پہننے والے کو قیامت کے روز اس کی پسند کا لباس پہنایا جائے گا۔

عَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ الْجُهَنِيُّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَنْ تَرَكَ اللِّبَاسَ تَوَاضُعًا لِلّٰهِ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ دَعَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ حَتّٰى يُخَيِّرَهُ مِنْ اَيِّ حُلَلِ الْاِيْمَانِ شَاءَ يَلْبَسُهَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ❷ (حسن)

حضرت معاذ بن انس جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جو شخص عاجزی کے طور پر اللہ کی رضا کے لئے زیب و زینت والا لباس نہ پہنے جبکہ وہ اسے خریدنے کی قدرت رکھتا ہو تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اسے ساری مخلوق کے سامنے بلائیں گے تاکہ وہ اہل ایمان کے لباس میں سے جو چاہے پسند کرے اور پہنے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

---

❶ ابواب صفة القيامة ، باب ما جاء فی صفة الحوض (1989/2)

❷ ابواب صفت القيامة ، باب ..... (2017/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللِّبَاسُ التَّقْوٰی

تقویٰ کا لباس

مسئلہ 119 لباس مکمل ساتر ہونا چاہئے۔

مسئلہ 120 اہل ایمان کو دیگر معاملات کی طرح لباس کے معاملے میں بھی تقویٰ اختیار کرنے کا حکم ہے۔

﴿ یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَیْکُمْ لِبَاسًا یُّوَارِیْ سَوْاٰتِکُمْ وَرِیْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰی ذٰلِکَ خَیْرٌ ؕ ذٰلِکَ مِنْ اٰیٰتِ اللّٰہِ لَعَلَّھُمْ یَذَّکَّرُوْنَ ۝ ﴾ (26:7)

''اے اولاد آدم! ہم نے تم پر لباس نازل کیا ہے تاکہ تمہارے جسم کے قابل ستر حصوں کو ڈھانپے اور تمہارے لئے زینت کا باعث بھی ہو اور بہترین لباس تقویٰ کا لباس ہے جو اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے شاید یہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔'' (سورۃ الاعراف، آیت نمبر 26)

وضاحت : آیت میں تقویٰ کا لباس سے مراد عملی زندگی میں پرہیزگاری اور تقویٰ اختیار کرنا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب!

مسئلہ 121 لباس ہر طرح کی میل کچیل، ریا، شہرت، تکبر، عریانی، جاندار اشیاء کی تصاویر اور غیر مسلم اقوام کی مشابہت سے پاک صاف ہونا چاہئے۔

﴿ وَثِیَابَکَ فَطَھِّرْ ۝ ﴾ (74:4)

''اور اپنے کپڑے پاک رکھ۔'' (سورۃ المدثر، آیت نمبر 4)

مسئلہ 122 لباس شائستہ اور خوشنما ہونا چاہئے۔

﴿ یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ وَّکُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ۝ ﴾ (7:31)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اے اولادِ آدم! ہر عبادت کے موقع پر اپنی زینت سے آراستہ رہو، کھاؤ اور پیو لیکن حد سے تجاوز نہ کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔'' (سورۃ الاعراف، آیت نمبر 31)

مسئلہ 123 لباس دیدہ زیب اور پروقار ہونا چاہیے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((اِنَّ اللّٰهَ جَمِيْلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ[1]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ جمیل ہے اور جمال کو پسند فرماتا ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 124 لباس کا رنگ سفید ہونا چاہیے۔

عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدَبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِلْبَسُوْا ثِيَابَ الْبَيَاضِ ، فَاِنَّهَا اَطْهَرُ وَاَطْيَبُ)). رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ[2] (صحیح)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''سفید کپڑے پہنو، سفید کپڑے پاکیزہ اور عمدہ ہوتے ہیں۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 125 لباس خوشبودار ہونا چاہیے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : صَبَغْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ بُرْدَةً سَوْدَاءَ فَلَبِسَهَا ، فَلَمَّا عَرِقَ فِيْهَا وَجَدَ رِيْحَ الصُّوْفِ فَقَذَفَهَا. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[3] (صحیح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کے لئے ایک سیاہ چادر تیار کی، آپ ﷺ نے وہ پہنی لیکن جب آپ ﷺ کو پسینہ آیا اور اس چادر سے صوف کی بو آنے لگی تو آپ ﷺ نے اتار دی۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 126 لباس حرام مال کی آمیزش سے پاک ہونا چاہیے۔

---

[1] كتاب الايمان ، باب تحريم الكبر وبيانه

[2] كتاب اللباس، باب البياض من الثياب (2870/2)

[3] كتاب اللباس ، باب في السواد (3435/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ﷺ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اَیُّهَا النَّاسُ ! اِنَّ اللّٰهَ طَیِّبٌ لَّا یَقْبَلُ اِلَّا طَیِّبًا وَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَ الْمُؤْمِنِیْنَ بِمَا اَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِیْنَ)) فَقَالَ ﴿ یَا اَیُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِیْمٌ ﴾ وَقَالَ ﴿ یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ﴾ ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ یُطِیْلُ السَّفَرَ اَشْعَثَ اَغْبَرَ یَمُدُّ یَدَیْهِ اِلَی السَّمَاءِ یَارَبِّ ! یَارَبِّ ! وَمَطْعَمُهٗ حَرَامٌ وَمَشْرَبُهٗ حَرَامٌ وَمَلْبَسُهٗ حَرَامٌ وَغُذِیَ بِالْحَرَامِ فَاَنّٰی یُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ[1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''لوگو! اللہ تعالیٰ پاک ہے اور پاک چیز ہی قبول فرماتا ہے اللہ نے جو حکم رسولوں کو دیا وہی حکم مومنوں کو دیا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے رسولو! پاک چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو، جو کچھ تم کرتے ہو میں جانتا ہوں اور (اہل ایمان کو مخاطب کر کے بھی یہی بات فرمائی) اے لوگو جو ایمان لائے ہو، ہم نے جو پاک رزق تمہیں دیا ہے وہ کھاؤ۔ پھر رسول اکرم ﷺ نے ایک آدمی کا ذکر فرمایا جو طویل سفر کر کے (حج کے لئے یا جہاد کے لئے) آتا ہے غبار آلود اور پراگندہ بال، دونوں ہاتھ آسمان کی طرف پھیلا کر دعا کرتا ہے 'یا رب! یا رب!' (میری دعاء قبول فرما) لیکن اس کا کھانا حرام مال کا، پینا حرام مال کا، لباس حرام مال کا، اس کی غذا حرام مال کی، ایسے آدمی کی دعاء کیسے قبول ہو؟'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 127 لباس شہرت، ناموری اور اسراف سے پاک ہونا چاہئے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 35 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مَسئلہ 128 لباس خود پسندی اور تکبر کے جذبے سے پاک ہونا چاہئے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 40 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مَسئلہ 129 مردوں کا لباس نقش و نگار اور کڑھائی کے بغیر ہونا چاہئے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 46 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

---

[1] کتاب الزکاۃ، باب قبول الصدقۃ من الکسب الطیب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ 130 اہل ایمان مردوں اور عورتوں کا لباس، جاندار اشیاء کی تصاویر اور مشرکانہ شعائر (مثلاً صلیب کا نشان) سے پاک ہونا چاہئے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 52-54-57 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 131 مردوں اور عورتوں کا لباس باہمی مشابہت والا نہیں ہونا چاہئے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 63 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 132 لباس غیر مسلم اقوام سے مشابہت والا نہیں ہونا چاہئے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 69 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْاَدْعِیَةُ فِی اللِّبَاسِ

لباس پہننے کی دعائیں

مسئلہ 133 لباس پہننے کی بعد درج ذیل دعاء مانگنے والے کے گذشتہ تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

عَنْ مُعَاذِ بْن جبل رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : ((مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا فَقَالَ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَلَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ)) رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[1] (حسن)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس نے نیا کپڑا پہنا اور یہ دعا مانگی ''اس اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور میری محنت اور طاقت کے بغیر مجھے یہ عطاء فرمایا'' اس کے اگلے پچھلے سارے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 134 نیا لباس پہننے کی دوسری مسنون دعاء درج ذیل ہے۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهٖ اِمَّا قَمِیْصًا اَوْ عِمَامَةً ثُمَّ یَقُوْلُ ((اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْتَنِیْهِ اَسْاَلُكَ مِنْ خَیْرِهٖ وَخَیْرِ مَا صُنِعَ لَهٗ ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[2] (صحیح)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب رسول اللہ ﷺ نیا کپڑا پہنتے تو اس کا نام لیتے خواہ قمیص ہوتی یا عمامہ، پھر یہ دعاء مانگتے ''یا اللہ! حمد تیرے لئے ہے تو نے مجھے یہ کپڑا پہنایا، میں تجھ سے اس کپڑے کی بھلائی طلب کرتا ہوں جس کے لئے یہ کپڑا بنایا گیا ہے اور تیری پناہ طلب کرتا ہوں اس کپڑے کے شر سے اور اس چیز کے شر سے جس کے لئے یہ کپڑا بنایا گیا ہے۔'' اسے ابوداود نے رروایت کیا ہے۔

---

[1] کتاب اللباس، ما یقول اذا البس ثوباً جدیدًا (3394/2) [2] کتاب اللباس، ما یقول اذا لبس ثوباً جدیدًا (3393/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وضاحت : ① کپڑے میں بھلائی یہ ہے کہ اس کا استعمال اس طرح سے ہو جس سے اللہ کی رضا حاصل ہو اور کپڑے میں شر یہ ہے کہ کپڑے کا استعمال اس طرح سے ہو جس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوں۔ ② اس چیز کی بھلائی جس کے لئے کپڑا بنایا گیا ہے، سے مراد یہ ہے کہ اگر بنانے والے نے ستر پوشی کی نیت سے کپڑا بنایا ہے تو ''ستر'' کی بھلائی مطلوب ہے۔ اگر یہ کپڑا بنانے والے نے عریانی کے ارادے سے بنایا ہے تو عریانی کے شر سے پناہ مطلوب ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

مسئلہ 135 دھلا ہوا کپڑا پہننے والے کو درج ذیل دعاء دینی مسنون ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ رَاٰى عَلٰى عُمَرَ قَمِيْصًا اَبْيَضَ فَقَالَ ((ثَوْبُكَ غَسِيْلٌ اَمْ جَدِيْدٌ؟)) قَالَ : لَا بَلْ غَسِيْلٌ ، قَالَ ((اَلْبَسْ جَدِيْدًا وَعِيْشْ حَمِيْدًا وَمُتْ شَهِيْدًا.)) رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ❶ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سفید قمیص پہنے ہوئے دیکھا تو پوچھا ''یہ قمیص نئی ہے یا دھلی ہوئی؟'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ''دھلی ہوئی'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اللہ کرے نیا کپڑا پہنو، اچھی زندگی بسر کرو اور شہادت کی موت پاؤ۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 136 نیا لباس پہننے والے کو درج ذیل دعاء دینی مسنون ہے۔

عَنْ اُمِّ خَالِدٍ بِنْتِ خَالِدِ بِنْتِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اُتِيَ بِكِسْوَةٍ فِيْهَا خَمِيْصَةٌ صَغِيْرَةٌ ، فَقَالَ ((مَنْ تَرَوْنَ اَحَقَّ بِهٰذِهِ ؟)) فَسَكَتَ الْقَوْمُ، فَقَالَ ((ائْتُوْنِيْ بِاُمِّ خَالِدٍ)) فَاُتِيَ بِهَا، فَاَلْبَسَهَا اِيَّاهَا، ثُمَّ قَالَ ((اَبْلِيْ وَاَخْلِقِيْ)) مَرَّتَيْنِ. رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ❷ (صحیح)

حضرت ام خالد بنت خالد بنت سعید بن عاص رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کچھ کپڑے پیش کئے گئے جن میں ایک اون کی چھوٹی سی چادر بھی تھی آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے دریافت فرمایا ''تمہارے خیال میں اس چادر کا سب سے زیادہ حق دار کون ہے؟'' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم خاموش رہے، تب آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اچھا ام خالد کو میرے پاس لاؤ'' ام خالد کو لایا گیا تو آپ ﷺ نے وہ چادر انہیں پہنا دی اور فرمایا ''اللہ کرے اتنا استعمال کرو کہ بوسیدہ ہو جائے۔'' آپ ﷺ نے یہ الفاظ دو مرتبہ ارشاد فرمائے۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

❶ كتاب اللباس ، ما يقول الرجل اذا لبس ثوبا جديدا (2863/2)

❷ كتاب اللباس ، باب في ما يدعى لمن لبس ثوبا جديدا (3395/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَلاَبِسُ الرِّجَالِ

مَردوں کا لباس

مَسئلہ 137 مرد کے لباس میں قمیص اور پگڑی (یا ٹوپی)، تہبند (یا شلوار) اور جوتے شامل ہیں۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَجُلاً ، قَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((لاَ تَلْبَسُوا الْقُمُصَ وَلاَ الْعَمَائِمَ وَلاَ السَّرَاوِيْلاَتِ وَلاَ الْبَرَانِسَ وَلاَ الْخِفَافَ اِلَّا اَحَدٌ لاَ يَجِدُ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ [1]

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! مُحرِم کون سے کپڑے پہنے؟'' رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''قمیص، پگڑیاں، پائجامے، ٹوپیاں اور موزے نہ پہنو۔ ہاں، اگر کسی کے پاس جوتے نہ ہوں تو وہ موزوں کو ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ کر پہن لے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 138 دوران نماز کندھوں کا ڈھانپنا ضروری ہے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ النَّبِيُّ ﷺ ((لاَ يُصَلِّيْ اَحَدُكُمْ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ لَيْسَ عَلٰى عَاتِقَيْهِ شَيْءٌ .)) رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ [2]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تم میں سے کوئی شخص ایک کپڑے میں اس طرح نماز نہ پڑھے کہ اس کے دونوں کندھوں کے درمیان کوئی چیز نہ ہو۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

---

[1] كتاب اللباس ، باب البرانس

[2] كتاب الصلاة ، اذا صلى فى الثوب الواحد فليجعل على عاتقيه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ 139 اگر کسی وقت پگڑی یا ٹوپی میسر نہ ہو تو اس کے بغیر ادا کی گئی نماز درست ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ سَائِلاً ، سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ عَنِ الصَّلَاةِ فِیْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اَوَ لِکُلِّکُمْ ثَوْبَانِ؟)) رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ [1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے ایک کپڑے میں نماز ادا کرنے کے بارے میں سوال کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''کیا تم میں سے ہر شخص کو دو کپڑے میسر ہیں؟'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 140 عمرہ یا حج کے لئے مرد کا لباس دو اَن سلی چادروں اور جوتوں پر مشتمل ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِیْ حَدِیْثٍ لَهٗ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ ((وَلْیُحْرِمْ اَحَدُکُمْ فِیْ اِزَارٍ وَّرِدَاءٍ وَنَعْلَیْنِ فَاِنْ لَّمْ یَجِدْ نَعْلَیْنِ فَلْیَلْبَسْ خُفَّیْنِ وَلْیَقْطَعْهُمَا حَتّٰی یَکُوْنَا اَسْفَلَ مِنَ الْعُقْبَیْنِ)) رَوَاهُ اَحْمَدُ [2] (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''تمہیں تہہ بند' چادر اور جوتوں میں احرام باندھنا چاہئے اگر جوتے نہ ہوں تو موزے پہن لو لیکن انہیں ٹخنوں سے نیچے تک کاٹ لو۔'' اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

[1] کتاب الصلاۃ ، باب الصلاۃ فی الثوب الواحد

[2] منتقی الاخبار ، کتاب الحج باب ما یصنع من اراد الاحرام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَلَابِسُ النِّسَاءِ

عورتوں کا لباس

مَسئلہ 141 گھر کے اندر عورتوں کو موٹے کپڑے سے اپنا سر، سینہ اور کمر ڈھانک کر رکھنی چاہئے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : يَرْحَمُ اللّٰهُ نِسَاءَ الْمُهَاجِرَاتِ الْاَوَّلَ لَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ﴾ شَقَقْنَ اَكْنَفَ مُرُوْطِهِنَّ فَاخْتَمَرْنَ بِهَا. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ[1] (صحیح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اللہ تعالیٰ رحم فرمائے ان عورتوں پر جنہوں نے سب سے پہلے ہجرت کی۔ جب قرآن کی یہ آیت نازل ہوئی ﴿وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ﴾ (ترجمہ: عورتوں کو چاہئے کہ وہ اپنے دامن پر اپنی چادریں لپیٹ کر رکھیں۔ سورۃ النور، آیت نمبر 31) تو انہوں نے موٹے کپڑوں کے پردے پھاڑ کر اوڑھنیاں بنائیں اور حکم پر عمل کیا۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : یاد رہے ہمارے ہاں رائج باریک کپڑے کا دوپٹہ شرعی تقاضوں کو پورا نہیں کرتا۔

مَسئلہ 142 حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنی بھانجی کے سر پر باریک دوپٹہ دیکھا تو اسے اتار کر پھاڑ دیا اور اسے موٹے کپڑے کا دوپٹہ بنا کر دیا۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 34 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مَسئلہ 143 گھر کے اندر ہاتھوں اور چہرے کے علاوہ عورت کا سارا جسم ستر ہے۔

واللہ اعلم بالصواب!

---

[1] کتاب اللباس ، باب فی قوله تعالیٰ ولیضربن بخمرهن علی جیوبهن (3457/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 25 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 144 عورت کو نماز کے لئے تین کپڑے پہننے چاہئیں۔ قمیص، ازار اور اوڑھنی۔

مسئلہ 145 نماز میں عورت کے پاؤں بھی لمبی قمیص یا ازار سے ڈھکے ہونے چاہئیں۔

عَنْ اُمِّ سَلْمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا سَأَلَتِ النَّبِيَّ ﷺ أَتُصَلِّي الْمَرْاَةُ فِيْ دِرْعٍ وَخِمَارٍ لَيْسَ عَلَيْهَا اِزَارٌ؟ قَالَ ((اِذَا كَانَ الدِّرْعُ سَابِغًا يُغَطِّيْ ظُهُوْرَ قَدَمَيْهَا.)) رَوَاهُ الْحَاكِمُ [1]

(سنده قوی جید)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اکرم ﷺ سے دریافت فرمایا کہ ''عورت ازار کے بغیر کرتے اور اوڑھنی میں نماز پڑھ سکتی ہے؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اگر کرتا لمبا ہو جس سے عورت کے قدموں کی پشت ڈھک جائے تو جائز ہے۔'' اسے حاکم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اُمِّ حَرَامٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا سَاَلَتْ اُمَّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ مَاذَا تُصَلِّيْ فِيْهِ الْمَرْاَةُ مِنَ الثِّيَابِ؟ فَقَالَتْ : تُصَلِّيْ فِي الْخِمَارِ وَالدِّرْعِ السَّابِغِ اِذَا غَيَّبَ ظُهُوْرُ قَدَمَيْهَا. رَوَاهُ مَالِكٌ [2]

حضرت ام حرام رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے دریافت فرمایا ''عورت کو کتنے کپڑوں میں نماز پڑھنی چاہئے؟'' حضرت ام حرام رضی اللہ عنہا نے جواب دیا ''اوڑھنی اور لمبے کرتے میں بشرطیکہ کرتا پاؤں کی پشت ڈھانپ لے۔'' اسے مالک نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 146 نماز کے لئے عورت کا اپنے سر کو موٹے کپڑے سے ڈھانپنا واجب ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهُ قَالَ ((لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلَاةَ حَائِضٍ اِلَّا بِخِمَارٍ.)) رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ [3] (صحیح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''بالغ عورت کی نماز چادر کے بغیر

---

[1] 256/1 مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، تحقیق ابو عبد اللہ عبد السلام بن محمد بن عمر علوش

[2] کتاب الصلاۃ ابواب الصلاۃ الجماعۃ، باب الرخصۃ فی صلاۃ المراۃ فی الدرع والخمار

[3] کتاب الصلاۃ، باب المراۃ تصلی بغیر خمار (596/1)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں ہوتی۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : یاد رہے عمرہ یا حج کے لئے بھی عورت کا لباس وہی ہے جو نماز کے لئے ہے۔

مسئلہ 147 عورت کے پاؤں بھی ستر میں شامل ہیں۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 27 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 148 گھر میں عورت کا ازار بالشت بھر اور گھر سے باہر ہاتھ بھر پنڈلی سے نیچے ہونا چاہئے جس سے اس کے پاؤں کی پشت ڈھکی رہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ فِيْ ذُيُوْلِ النِّسَاءِ ((شِبْرًا)) فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اِذًا تَخْرُجَ سُوْقُهُنَّ قَالَ ((فَذِرَاعٌ)). رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ[1] (صحیح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے خواتین کے ازار کے بارے میں ارشاد فرمایا ''ایک بالشت بھر (پنڈلی سے) نیچے ہونا چاہئے'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی ''جب عورتیں بازار جائیں تو پھر کتنا لمبا ہونا چاہئے؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''ہاتھ بھر۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

[1] کتاب اللباس ، باب ذیل المراۃ کم یکون (2884/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْـحِـجَـــابِ

حجاب کا بیان

مسئلہ 149 گھر سے باہر نکلتے ہوئے عورت کے لئے اپنے سینے اور چہرے کو چھپانا (حجاب) واجب ہے۔

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : لَمَّا نَزَلَتْ ﴿ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ﴾ خَرَجَ نِسَاءُ الْاَنْصَارِ كَاَنَّ عَلٰى رُءُوْسِهِنَّ الْغِرْبَانَ مِنَ الْاَكْسِيَةِ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ[1] (صحیح)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب ﴿ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ﴾ (ترجمہ: عورتیں اپنی اوڑھنیاں اپنے اوپر ڈال لیں۔ سورۃ احزاب، آیت نمبر 59) نازل ہوئی تو انصار کی عورتیں گھروں سے اس طرح پردہ کر کے نکلیں گویا ان کے سروں پر (کالی اوڑھنیوں کی وجہ سے) کالے کوے بیٹھے ہوئے ہیں۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَلْحَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَمَرَ اللّٰهُ نِسَاءَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا خَرَجْنَ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ فِيْ حَاجَةٍ اَنْ يَغَطِّيْنَ وُجُوْهَهُنَّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِنَّ بِالْجَلَابِيْبِ وَيُبْدِيْنَ عَيْنًا وَاحِدَةً. ذَكَرَهُ ابن كَثِيْر[2]

حضرت علی بن ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے مومن عورتوں کو حکم دیا ہے کہ جب وہ اپنے گھروں سے کسی ضرورت کے لئے نکلیں تو اپنے سروں کے اوپر سے اوڑھنیوں کے ساتھ اپنے چہرے ڈھانپ لیں اور ایک آنکھ (راستہ دیکھنے کے لئے) کھلی رکھیں۔ (ابن کثیر)

---

[1] كتاب اللباس ، باب فى قوله تعالىٰ ﴿يدنين عليهن من جلابهن﴾ (3456/2)

[2] 684/3 مطبوعه دار الفيحاء و دار السلام الرياض

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ رَحِمَهُ اللّٰهُ سَأَلْتُ عُبَيْدَةَ السَّلْمَانِيَّ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ﴿ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ ﴾ فَغَطّٰى وَجْهَهُ وَرَأْسَهُ وَأَبْرَزَ عَيْنَهُ الْيُسْرٰى. ذَكَرَهُ ابن كَثِيرٍ [1]

حضرت محمد بن سرین رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ میں نے عبیدہ سلمانی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا کیا مطلب ہے ﴿ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ ﴾ تو عبیدہ سلمانی رضی اللہ عنہ نے اپنے سر اور چہرہ ڈھانپ لیا اور صرف بائیں آنکھ ننگی رکھی۔ (ابن کثیر)

مسئلہ 150 حجاب کے لئے استعمال ہونے والی چادر یا برقع ہر طرح کی زیب و زینت یا آرائش سے مکمل طور پر پاک ہونا چاہئے۔

﴿ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا ﴾ (24:31)

''عورتیں اپنا بناؤ سنگھار نہ دکھائیں سوائے اس کے جو از خود ظاہر ہو جائے۔'' (سورۃ النور، آیت نمبر 31)

وضاحت : ① از خود ظاہر ہونے سے مراد حجاب کے لئے استعمال ہونے والی سادہ چادر یا برقع ہے۔

② مردوں کے لئے عورت کی ہر چیز میں کشش ہے خواہ وہ حجاب کی چادر ہو یا برقع ہو یا جوتے ہوں لہٰذا انہیں مزید بناؤ سنگھار کر کے پرکشش بنانے سے روکا گیا ہے۔

مسئلہ 151 عورت کو ایسی حرکات و سکنات کرنا منع ہیں جن سے غیر محرم مردوں کو ان کی مخفی زینت کا پتہ چلے۔

مسئلہ 152 گھر سے نکلتے ہوئے عورت کے پاؤں مکمل طور پر ڈھکے ہونے چاہئیں۔

﴿ وَلَا يَضْرِبْنَ بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِنْ زِينَتِهِنَّ ﴾ (24:31)

''عورتیں زمین پر اپنے پاؤں مار کر نہ چلیں تاکہ جو زینت انہوں نے چھپا رکھی ہے اس کا دوسروں کو علم ہو۔'' (سورۃ النور، آیت نمبر 31)

مسئلہ 153 حجاب کا حکم نازل ہونے کے ساتھ ہی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے

---

[1] 684/3 مطبوعہ دار الفیحاء و دار السلام الریاض

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پرانے خادم خاص حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو گھر میں داخل ہونے سے روک دیا۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : لَمَّا تَزَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ زَيْنَبَ ابْنَةَ جَحْشٍ دَعَا الْقَوْمَ فَطَعِمُوْا ثُمَّ جَلَسُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ ..... ثُمَّ اِنَّهُمْ قَامُوْا فَانْطَلَقْتُ فَجِئْتُ فَاَخْبَرْتُ النَّبِيَّ ﷺ اَنَّهُمْ قَدِ انْطَلَقُوْا فَجَاءَ حَتّٰى دَخَلَ فَذَهَبْتُ اَدْخُلُ فَاَلْقَى الْحِجَابَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا ..... ﴾الاٰيَة. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❶

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا تو لوگوں کو کھانے پر بلایا، کچھ لوگ کھانا کھانے کے بعد بیٹھ گئے اور باتیں کرنے لگے..... جب وہ لوگ اٹھ کر چلے گئے تو میں نے جا کر نبی اکرم ﷺ کو ان کے جانے کی اطلاع دی (اس دوران آپ ﷺ اٹھ کر باہر تشریف لے گئے تھے) تب رسول اکرم ﷺ گھر تشریف لائے۔ میں بھی آپ ﷺ کے ساتھ (حسب معمول) اندر جانے لگا تو آپ ﷺ نے میرے اور اپنے درمیان پردہ ڈال دیا کیونکہ اسی وقت آیت حجاب ﴿يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا.....﴾ سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 53) نازل ہوئی تھی۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 154 عہد نبوی ﷺ میں صحابیات رضی اللہ عنہن حجاب کی سختی سے پابندی کرتی تھیں حتیٰ کہ حالت احرام میں بھی غیر محرم مردوں سے اپنے چہرے چھپاتی تھیں۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ ..... وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ رضی اللہ عنہ ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ مِنْ وَرَاءِ الْجَيْشِ فَاَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِيْ فَرَاٰى سَوَادَ اِنْسَانٍ نَائِمٍ فَعَرَفَنِيْ حِيْنَ رَاٰنِيْ وَكَانَ رَاٰنِيْ قَبْلَ الْحِجَابِ فَاسْتَيْقَظْتُ بِاسْتِرْجَاعِهِ حِيْنَ عَرَفَنِيْ فَخَمَّرْتُ وَجْهِيْ بِجِلْبَابِيْ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا (واقعہ افک بیان کرتے ہوئے) فرماتی ہیں کہ صفوان بن معطل سلمی ذکوانی رضی اللہ عنہ

❶ كتاب التفسير ، باب قوله تعالىٰ لا تدخلوا بيوت النبى الا ان يوذن لكم الى طعام

❷ كتاب المغازى، باب حديث الافك

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لشکر کے پیچھے آیا کرتا (تاکہ اگر کوئی گری پڑی چیز ہو تو اٹھا لے یا کوئی کمزور یا مریض پیچھے رہ جائے تو اسے ساتھ لے آئے) جب وہ میرے ٹھکانے پر پہنچا تو اس نے دیکھا کہ کوئی آدمی سو رہا ہے اس نے مجھے دیکھتے ہی پہچان لیا کیونکہ پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے وہ مجھے دیکھ چکا تھا اس نے مجھے دیکھ کر انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا تو میری آنکھ کھل گئی اور میں نے فوراً اپنا چہرہ اوڑھنی سے ڈھانپ لیا۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ کُنَّا نَغْطِیْ وُجُوْهَنَا مِنَ الرِّجَالِ وَکُنَّا نَمْتَشِطُ قَبْلَ ذٰلِکَ. رَوَاهُ ابْنُ خُزَیْمَةَ❶ (صحیح)

حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم (دوران احرام) اپنے چہرے مردوں سے ڈھانپ لیتی تھیں حالانکہ اس سے پہلے ہم کنگھی وغیرہ کرنے میں مشغول ہوتیں۔ اسے ابن خزیمہ نے روایت کیا ہے۔

عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ کُنَّا نُخَمِّرُ وُجُوْهَنَا وَنَحْنُ مُحْرِمَاتٌ وَنَحْنُ مَعَ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ الصِّدِّیْقِ فَلَا تُنْکِرُهُ عَلَیْنَا. رَوَاهُ مَالِکٌ❷

حضرت فاطمہ بنت منذر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ہم حالت احرام میں اپنے چہروں پر اوڑھنیاں لے لیتیں۔ ہمارے ساتھ حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہا بھی تھیں اور وہ ہمیں ایسے کرنے سے منع نہیں کرتی تھیں۔ اسے مالک نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 155 عورت کو اپنے خاوند کے اعزہ سے بھی حجاب کرنا چاہئے۔

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((اِیَّاکُمْ وَالدُّخُوْلَ عَلَی النِّسَاءِ)) فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اَفَرَاَیْتَ الْحَمْوَ؟ قَالَ ((اَلْحَمْوُ الْمَوْتُ)). رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ❸ (صحیح)

---

❶ کتاب المناسک، باب اباحة تغطیة المحرمة وجهها من الرجال، تحقیق ڈاکٹر محمد مصطفیٰ اعظمی (2690/4)

❷ کتاب الحج، باب تخمیر المحرم وجهه

❸ ابواب الرضاع، باب ما جاء فی کراهیة الدخول الی المغیبات (934/1)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''عورتوں کے ساتھ علیحدہ ہونے سے بچو'' انصار میں سے ایک آدمی نے عرض کی ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! عورت کے دیور کے بارے میں کیا حکم ہے؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''وہ تو موت ہے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 156 حجاب کے بغیر غیر محرم مرد و عورت کا آپس میں ملنا حرام ہے۔

عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم ((لَا تَلِجُوْا عَلَى الْمُغِيْبَاتِ – فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِيْ مِنْ اَحَدِكُمْ مَجْرَى الدَّمِ)) قُلْنَا : وَمِنْكَ؟ قَالَ ((وَمِنِّيْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَعَانَنِيْ عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ)). رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❶ (صحیح)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''اکیلی عورت کے پاس مت جاؤ کیونکہ شیطان تمہارے اندر اس طرح دوڑتا ہے جس طرح خون تمہارے جسم میں دوڑتا ہے'' ہم نے عرض کی ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم میں بھی شیطان دوڑتا ہے؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''ہاں میرے جسم میں بھی اسی طرح دوڑتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے میری مدد فرمائی اور وہ میرا فرمانبردار ہو گیا۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 157 بے حجاب عورت مردوں کے لئے سب سے بڑا فتنہ ہے۔

عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم ((مَا تَرَكْتُ بَعْدِيْ فِتْنَةً هِيَ اَضَرُّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ❷

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''میں نے اپنے بعد مردوں کے لئے (دین کو) نقصان پہنچانے کے اعتبار سے عورت سے بڑا فتنہ کوئی نہیں چھوڑا۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 158 بے حجاب عورت مرد کے سامنے شیطان کی شکل میں آتی ہے۔

عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم رَاٰى اِمْرَاَةً فَدَخَلَ عَلٰى زَيْنَبَ فَقَضٰى حَاجَتَهٗ وَخَرَجَ

---

❶ ابواب الرضاع ، باب التحذير من ذلک لجريان الشيطان مجرى الدم

❷ كتاب الرقاق ، باب اكثر اهل الجنة الفقراء و اكثر اهل النار و بيان الفتنة بالنساء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَقَالَ ((اِنَّ الْمَرْاَةَ اِذَا اَقْبَلَتْ ، اَقْبَلَتْ فِیْ صُوْرَةِ شَیْطَانٍ فَاِذَا رَاٰی اَحَدُکُمُ امْرَاَةً فَاَعْجَبَتْهُ فَلْیَاْتِ اَهْلَهُ ، فَاِنَّ مَعَهَا مِثْلَ الَّذِیْ مَعَهَا)). رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ❶ (صحیح)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک (بے حجاب) عورت کو دیکھا تو (اپنی زوجہ) حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے اپنی حاجت پوری فرمائی اور باہر تشریف لائے اور فرمایا ''(بے حجاب) عورت جب سامنے آتی ہے تو شیطان کی صورت میں آتی ہے لہٰذا جب تم میں سے کوئی عورت کو دیکھے اور وہ اسے خوبصورت لگے تو اسے چاہئے کہ اپنی بیوی کے پاس آ کر اپنی حاجت پوری کر لے اس لئے کہ تمہاری بیوی کے پاس بھی وہی کچھ ہے جو اس عورت کے پاس ہے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 159 گھر سے باہر نکلنے والی بے حجاب عورتوں کو شیطان زیادہ خوبصورت بنا کر دکھاتا ہے جس سے وہ غیر محرم مردوں کی نظروں کا مرکز بنتی ہے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ ((اَلْمَرْاَةُ عَوْرَةٌ فَاِذَا خَرَجَتْ اِسْتَشْرَفَهَا الشَّیْطَانُ)). رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ❷ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''عورت (پوری کی پوری) ستر ہے جب وہ نکلتی ہے تو شیطان اسے اچھا (حسین وجمیل) کر کے دکھاتا ہے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 160 بے حجاب عورتیں پوری قوم کے لئے فتنے کا باعث ہیں۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ ((اِنَّ الدُّنْیَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ ، وَاِنَّ اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُکُمْ فِیْهَا ، فَیَنْظُرُ کَیْفَ تَعْمَلُوْنَ ، فَاتَّقُوا الدُّنْیَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ فَاِنَّ اَوَّلَ فِتْنَةِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ کَانَتْ فِی النِّسَاءِ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ❸

---

❶ ابوب الرضاع ، باب فی الرجل یری المراة فتعجبه (925/1)

❷ صحیح سنن الترمذی ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 936

❸ کتاب الرقاق ، باب اکثر اهل الجنة الفقراء واکثر من اهل النار النساء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''دنیا واقعی میٹھی اور سرسبز ہے اللہ تعالیٰ تمہیں دنیا میں خلافت عطاء کرنے والا ہے تاکہ دیکھے کہ تم کیسے اعمال کرتے ہو لہٰذا دنیا سے بچنا اور عورتوں سے بچنا، بنی اسرائیل کو گمراہ کرنے والا سب سے پہلا فتنہ عورتوں کا ہی تھا۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 161 بے حجاب عورتوں کو دیکھنے والی غیر محرم مردوں کی آنکھیں زنا کی مرتکب ہوتی ہیں جس سے عورت اور مرد دونوں گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوتے ہیں۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ ((کُتِبَ عَلَی ابْنِ آدَمَ حَظُّهُ مِنَ الزِّنَا مُدْرِکٌ لَا مَحَالَةَ فَالْعَیْنَانِ زِنَاهُمَا النَّظَرُ ، وَالْاُذُنَانِ زِنَاهُمَا الْاِسْتِمَاعُ ، وَاللِّسَانُ زِنَاهُ الْکَلَامُ ، وَ الْیَدُ زِنَاهَا الْبَطْشُ ، وَالرِّجْلُ زِنَاهَا الْخُطٰی ، وَالْقَلْبُ یَهْوِیْ وَ یَتَمَنّٰی وَ یُصَدِّقُ ذٰلِکَ الْفَرْجُ وَیُکَذِّبُهُ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ[1]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (''اللہ تعالیٰ نے اپنے علم سے) ابن آدم کا زنا سے حصہ لکھ دیا ہے جسے وہ بہر صورت کر کے رہے گا (کیونکہ اللہ تعالیٰ کا علم کبھی غلط نہیں ہوسکتا) آنکھوں کا زنا (غیر محرم کو دیکھنا) ہے کانوں کا زنا سننا ہے، زبان کا زنا بات کرنا ہے، ہاتھ کا زنا پکڑنا (اور چھونا) ہے پاؤں کا زنا چل کر جانا ہے، دل کا زنا خواہش کرنا ہے۔ شرم گاہ ان باتوں کو یا تو سچ کر دکھاتی ہے یا جھوٹ۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 162 عورت کو اپنے پاؤں کی زینت بھی غیر محرم مردوں سے چھپانی چاہیے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَجُلاً اَتَی النَّبِیَّ ﷺ قَدْ ظَاهَرَ مِنْ اِمْرَأَتِهٖ فَوَقَعَ عَلَیْهَا فَقَالَ : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اِنِّیْ قَدْ ظَاهَرْتُ مِنْ اِمْرَأَتِیْ فَوَقَعْتُ عَلَیْهَا قَبْلَ اَنْ اُکَفِّرَ ، فَقَالَ ((وَ مَا حَمَلَکَ عَلٰی ذٰلِکَ یَرْحَمُکَ اللّٰهُ)) قَالَ : رَأَیْتُ خَلْخَالَهَا فِیْ ضَوْءِ الْقَمَرِ. قَالَ ((فَلَا تَقْرَبْهَا حَتّٰی تَفْعَلَ مَا اَمَرَکَ اللّٰهُ)) رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ[2] (حسن)

---

[1] 256/1 کتاب الامارت ، باب کیفیه بیعة النساء

[2] صحیح سنن الترمذی ، للالبانی ، الجزء الاول ، رقم الحدیث 958

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جس نے اپنی بیوی سے ظہار کیا تھا لیکن کفارہ ادا کرنے سے پہلے صحبت کر بیٹھا۔ اس نے عرض کیا ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے اپنی بیوی سے ظہار کیا تھا لیکن کفارہ ادا کرنے سے پہلے صحبت کر لی ہے۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا ''اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم فرمائے، کس چیز نے تمہیں ایسا کرنے پر آمادہ کیا؟'' اس نے عرض کیا ''میں نے چاندنی میں اس کی پازیب دیکھی (اور اپنے آپ پر قابو نہ رکھ سکا)'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''دوبارہ اس کے قریب نہ جانا جب تک کفارہ ادا نہ کر لو۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْـقَـمِـيْـصِ

قمیص کا بیان

مَسئلہ 163 قمیص پہننا مستحب ہے۔

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : كَانَ اَحَبُّ الثِّيَابِ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الْقَمِيْصُ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❶ (صحیح)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ کو سب کپڑوں میں سے قمیص پہننا زیادہ پسند تھا۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 164 قمیص کا دایاں بازو پہلے پہننا مستحب ہے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا لَبِسَ قَمِيْصًا بَدَاَ بِمَيَامِنِهٖ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❷ (صحیح)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب رسول اللہ ﷺ قمیص پہنتے تو دائیں طرف سے شروع کرتے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 165 قمیص ٹخنوں سے نیچے تک رکھنے والے کی طرف اللہ تعالیٰ قیامت کے روز نظر کرم نہیں فرمائیں گے۔

وضاحت : ① حدیث مسئلہ نمبر 175 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔ ② یاد رہے ہمارے ہندو پاک میں ٹخنوں سے نیچے تک لمبی قمیص سلوانے کا رواج نہیں ہے لیکن عرب لوگ اب بھی لمبی قمیص جسے وہ ''ثوب'' کہتے ہیں، بہت سے لوگ ٹخنوں سے اونچی اور بعض نصف پنڈلی تک سلواتے ہیں اور بعض لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جن کی قمیص زمین پر گھسٹ رہی ہوتی ہے۔

---

❶ كتاب اللباس ، باب ما جاء في القميص (3396/2)

❷ ابواب اللباس ، باب ما جاء في القمص (1445/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ 166 خواب میں قمیص دیکھنا دین کی کیفیت کو ظاہر کرتا ہے، لمبی قمیص زیادہ دین اور چھوٹی قمیص تھوڑا دین۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ یَقُوْلُ بَیْنَا اَنَا نَائِمٌ رَاَیْتُ النَّاسَ عُرِضُوْا عَلَیَّ وَعَلَیْھِمْ قُمُصٌ فَمِنْھَا مَا یَبْلُغُ الثُّدِیَ وَمِنْھَا مَا یَبْلُغُ دُوْنَ ذٰلِکَ وَعُرِضَ عَلَیَّ عُمَرَ وَعَلَیْہِ قَمِیْصٌ اجْتَرَّہٗ قَالُوْا فَمَا اَوَّلْتَہٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ ؟ قَالَ اَلدِّیْنَ . رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ[1]

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''میں سو رہا تھا، کچھ لوگ میرے سامنے لائے گئے جنہوں نے قمیص پہن رکھی تھیں، کسی کی قمیص چھاتی تک اور کسی کی اس سے بھی کم لمبی۔ پھر میرے سامنے عمر رضی اللہ عنہ لائے گئے اور ان کی قمیص (اتنی لمبی تھی کہ) زمین پر گھسٹ رہی تھی۔'' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی ''آپ اس کی تعبیر کیا فرماتے ہیں؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''دین۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

[1] کتاب المناقب ، باب مناقب عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْـقَـبَـاء

قبا کا بیان

مسئلہ 167 قبا پہننا مستحب ہے۔

عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّـهُ قَالَ : قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَقْبِيَةً وَلَمْ يُعْطِ مَخْرَمَةَ شَيْـئًا ، فَقَالَ مَخْرَمَةُ : يَا بُنَيَّ اِنْطَلِقْ (بِنَا) اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ ، قَالَ : اُدْخُلْ فَـادْعُـهُ لِـيْ، قَالَ: فَدَعَوْتُهُ، فَخَرَجَ اِلَيْهِ وَعَلَيْهِ قَبَاءٌ مِنْهَا، فَقَالَ ((خَبَأْتُ هٰذَا لَکَ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ کچھ قبائیں صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم میں تقسیم فرمائیں لیکن (میرے والد) مخرمہ کو قبا نہ دی (میرے والد) مخرمہ نے مجھ سے کہا ''میرے بیٹے، نبی اکرم ﷺ کے پاس میرے ساتھ چلو'' میں مخرمہ کے ساتھ گیا تو مخرمہ نے کہا ''اندر جاؤ اور میرا نام لے کر نبی اکرم ﷺ کو بلا لاؤ۔'' میں نبی اکرم ﷺ کو بلا لایا آپ ﷺ تشریف لائے۔ آپ ﷺ قبا پہنے ہوئے تھے آپ ﷺ نے فرمایا ''مخرمہ! یہ قبا میں نے تمہارے لئے چھپا رکھی تھی (اور اتار کر مخرمہ کو دے دی)۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : قبا باریک کپڑے کا لمبا اوورکوٹ سا ہوتا ہے جسے گرمیوں میں لباس کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ عربوں کے ہاں آج بھی اس کا عام رواج ہے۔ علماء، فضلاء اور اہل ثروت جمعہ اور عیدین یا بعض دیگر اہم مواقع پر اسے استعمال کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں اس کا استعمال نہ ہونے کے برابر ہے۔ البتہ بعض سرکاری خطیب جمعہ یا عیدین وغیرہ کے خطبے کے لئے پہنتے ہیں۔

❶ کتاب اللباس ، باب القباء وفروج حریر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْجُـبَّةَ

جبہ کا بیان

مسئلہ 168 سردیوں میں قمیص اور ازار کے اوپر آپ ﷺ نے اونی جبہ بھی استعمال فرمایا ہے۔

عَنْ مُغِيْرَةَ بْنِ شُعْبَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : اِنْطَلَقَ النَّبِيُّ ﷺ لِحَاجَتِهٖ ثُمَّ اَقْبَلَ فَتَلَقَّيْتُهٗ بِمَآءٍ فَتَوَضَّأَ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ شَامِيَةٌ ، فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَغَسَلَ وَجْهَهٗ ، فَذَهَبَ يُخْرِجُ يَدَيْهِ مِنْ كُمَّيْهِ ، فَكَانَا ضَيِّقَيْنِ ، فَاَخْرَجَ يَدَيْهِ مِنْ تَحْتِ بَدَنِهٖ فَغَسَلَهُمَا وَمَسَحَ بِرَاْسِهٖ وَعَلٰى خُفَّيْهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ [1]

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں (ایک سفر کے دوران) نبی اکرم ﷺ رفع حاجت کے لئے تشریف لے گئے واپس تشریف لائے تو میں نے پانی حاضر کیا۔ آپ ﷺ ایک شامی جبہ پہنے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے (وضو کے لئے) کلی کی، ناک میں پانی ڈالا، چہرہ مبارک دھویا پھر ہاتھوں کو آستینوں سے نکالنا چاہا لیکن وہ تنگ تھیں اس لئے آپ ﷺ نے جبہ کے اندر سے دونوں ہاتھ نکالے انہیں دھویا اور پھر سر اور موزوں پر مسح فرمایا۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : سردیوں میں استعمال ہونے والے لمبے اوورکوٹ کو جبہ کہتے ہیں۔ آج بھی عرب لوگ اسے استعمال کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں اس کی جگہ شیروانی یا اوورکوٹ استعمال ہوتا ہے۔

---

[1] كتاب اللباس، باب من لبس جبه ضيقه الكمين فى السفر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْإِزَارِ

ازار کا بیان

مَسئلہ 169 قمیص کے نیچے ازار (یا تہبند) پہننا بھی مسنون ہے۔

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ ﷺ قَالَ: جَاءَتِ امْرَاَةٌ بِبُرْدَةٍ ، قَالَتْ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! اِنِّی نَسَجْتُ هٰذِهٖ بِيَدِی اَكْسُوْكَهَا ، فَاَخَذَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مُحْتَاجًا اِلَيْهَا ، فَخَرَجَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَاِنَّهَا لَاِزَارُهٗ. رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❶

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ایک عورت حاشیہ دار چادر لے کر حاضر ہوئی اور عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! یہ چادر میں نے اپنے ہاتھ سے بُنی ہے تاکہ آپ اسے استعمال فرمائیں'' رسول اللہ ﷺ کو اس وقت چادر کی ضرورت تھی۔ آپ ﷺ نے اس عورت سے چادر لے لی پھر جب آپ باہر تشریف لائے تو اسے ازار کے طور پر باندھے ہوئے تھے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 170 وفات کے وقت بھی رسول اکرم ﷺ ازار (تہبند) پہنے ہوئے تھے۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 111 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مَسئلہ 171 پائجامہ پہننا بھی مستحب ہے۔

عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ ﷺ قَالَ : اَتَانَا النَّبِیُّ ﷺ فَسَاوَمَنَا سَرَاوِيْلَ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ ❷

(صحیح)

حضرت سوید بن قیس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ ہمارے ہاں تشریف لائے اور پائجامہ خرید فرمایا۔ اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

❶ كتاب اللباس ، باب البرود والحبر والشملة

❷ كتاب اللباس ، باب لبس السراويل (2880/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((مَنْ لَّمْ يَجِدْ اِزَارًا فَلْيَلْبَسْ سَرَاوِيْلَ ، وَمَنْ لَمْ يَجِدْ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''جسے تہبند نہ ملے وہ پائجامہ پہن لے اور جسے جوتے نہ ملیں وہ موزے پہن لے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 172 ازار نصف پنڈلی تک پہننا افضل ہے، ٹخنوں سے اوپر تک پہننے میں رخصت ہے، ٹخنوں سے نیچے پہننے والے کے لئے آگ ہے۔

عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ رضی اللہ عنہ، عَنْ اَبِيْهِ ، قَالَ : سَاَلْتُ اَبَا سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيَّ رضی اللہ عنہ عَنِ الْاِزَارِ، فَقَالَ : عَلَى الْخَبِيْرِ سَقَطْتَ! قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((اِزْرَةُ الْمُسْلِمِ اِلَى نِصْفِ السَّاقِ، وَلَا حَرَجَ، اَوْلَا جُنَاحَ فِيْمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْكَعْبَيْنِ ، مَا كَانَ اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ فَهُوَ فِي النَّارِ، مَنْ جَرَّ اِزَارَهُ بَطَرًا لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ ❷ (صحیح)

حضرت علاء بن عبد الرحمان رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے ازار کے بارے میں سوال کیا تو ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کہنے لگے تو نے واقعی عالم سے مسئلہ پوچھا ہے (سنو) رسول اللہ ﷺ نے اس بارے میں ارشاد فرمایا ہے ''مسلمانوں کا ازار آدھی پنڈلی تک ہے اور اگر پنڈلی اور ٹخنوں کے درمیان ہو تب بھی کوئی حرج نہیں لیکن ٹخنوں سے جو نیچے ہوگا وہ آگ میں جائے گا۔ جس نے اپنا ازار تکبر کی وجہ سے لٹکایا، اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کی طرف نظر کرم نہیں فرمائیں گے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 173 ٹخنوں سے نیچے لٹکتا ہوا ازار اپنے پہننے والے سمیت آگ میں جائے گا۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((مَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ مِنَ الْاِزَارِ فِي النَّارِ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❸

❶ كتاب اللباس ، باب السراويل

❷ كتاب اللباس ، باب في قدر موضع الازار (3449/2)

❸ كتاب اللباس ، باب ما اسفل من الكعبين فهو في النار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''ٹخنوں سے نیچے پہنا ہوا کپڑا آگ میں ہے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِیْ رَوَّادٍ رحمہ اللہ قُلْتُ: لِنَافِعٍ اَرَاَيْتَ قَوْلَ النَّبِيِّ ﷺ مَا تَحْتَ الْكَعْبَيْنِ مِنَ الْاِزَارِ فِی النَّارِ اَمِنَ الْاِزَارِ اَمِ مِنَ الْقَدَمِ؟ قَالَ : وَمَا ذَنْبُ الْاِزَارِ؟ ذَكَرَهُ شَرْحُ السُّنَّةِ❶

عبدالعزیز بن ابورواد نے حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے کہا آپ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول پر غور کیا ہے کہ ٹخنوں سے نیچے کا ازار آگ میں جائے گا سے کیا مراد ہے؟ کیا کپڑا آگ میں جائے گا یا وہ پاؤں؟ حضرت نافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''کپڑے کا کیا گناہ ہے؟'' یہ قول شرح السنہ میں ہے۔

مَسئلہ 174 ٹخنوں سے نیچے ازار لٹکانے والے کے لئے عذاب الیم ہے۔

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهُ قَالَ ((ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ)) قُلْتُ : مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! قَدْ خَابُوْا وَخَسِرُوْا؟ فَاَعَادَهَا ثَلَاثًا، قُلْتُ : مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! خَابُوْا وَخَسِرُوْا؟ فَقَالَ ((الْمُسْبِلُ ، وَالْمَنَّانُ ، وَ الْمُنَفِّقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ)) اَوِ ((اَلْفَاجِرِ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❷ (صحیح)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''تین آدمیوں سے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز نہ کلام فرمائے گا نہ انہیں پاک کرے گا اور ان کے لئے عذاب الیم ہے'' میں نے عرض کی ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہلاک اور برباد ہوں وہ کون لوگ ہیں؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''① اپنا ازار ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والا ② احسان کر کے جتلانے والا ③ جھوٹی قسم کھا کر اپنا مال بیچنے والا'' یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''قسم کھا کر مال بیچنے والا فاجر۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 175 تکبر کی وجہ سے ازار لٹکانے والے پر اللہ تعالیٰ قیامت کے روز نظر کرم

---

❶ كتاب اللباس ، باب موضع الازار

❷ كتاب اللباس ، باب ما جاء فی اسبال الازار (3444/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں فرمائیں گے۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ ((مَنْ جَرَّ اِزَارَہٗ مِنَ الْخُیَلَاءَ لَمْ یَنْظُرُ اللّٰہُ اِلَیْہِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ)). رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ❶ (صحیح)

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس نے تکبر کی وجہ سے اپنا ازار نیچے لٹکایا قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر کرم نہیں فرمائیں گے۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 176 حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ موٹاپے کی وجہ سے کوشش کے باوجود اپنا ازار ٹخنوں سے اوپر رکھنے پر قادر نہیں تھے، رسول اللہ ﷺ نے ان کو اس حکم سے مستثنیٰ قرار دیا۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ ((مَنْ جَرَّ ثَوْبَہٗ خُیَلَاءَ لَمْ یَنْظُرِ اللّٰہُ اِلَیْہِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ)) فَقَالَ : اَبُوْ بَکْرٍ رضی اللہ عنہ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ! اِنَّ اَحَدَ شِقَّیْ اِزَارِیْ یَسْتَرْخِیْ اِلَّا اَنْ اَتَعَاھَدُ ذٰلِکَ مِنْہُ ، فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ ((لَسْتَ مِمَّنْ یَصْنَعُہٗ خُیَلَاءَ)). رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ❷

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''جو شخص تکبر کی وجہ سے اپنا ازار لٹکائے گا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر کرم نہیں فرمائے گا۔'' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ''یا رسول اللہ ﷺ! میرے ازار کا ایک حصہ بلا ارادہ نیچے لٹک جاتا ہے الا یہ کہ میں ہر وقت اس طرف دھیان رکھوں۔'' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''تم ان میں سے نہیں ہو جو تکبر کی وجہ سے ازار لٹکاتے ہیں۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 177 صحابی نے ازار نیچے رکھنے کے لئے اپنے پاؤں کی بدصورتی کا عذر پیش کیا تو آپ ﷺ نے قبول نہیں فرمایا اور اسے ازار اونچا رکھنے کا حکم دیا۔

---

❶ کتاب اللباس ، باب من جر ثوبہ من الخیلا (2876/2)

❷ کتاب اللباس ، باب من جر ازارہ من غیر خیلاء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 287 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 178 تکبر سے ازار لٹکانے والے کو اللہ تعالیٰ نے زمین میں دھنسا دیا۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 37 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 179 ازار کا ٹخنوں سے نیچے باندھنا ہی تکبر ہے۔

عَنْ اَبِیْ جُرَیٍّ الْهُجَیْمِیْ رضی اللہ عنہ قَالَ : اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اَنَّا قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْبَادِیَةِ فَعَلِّمْنَا شَیْئًا یَنْفَعُنَا اللّٰهُ بِهٖ فَقَالَ ((لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ شَیْئًا وَلَوْ اَنْ تُفْرِغَ مِنْ دَلْوِکَ فِیْ اِنَاءِ الْمُسْتَسْقِیْ وَلَوْ اَنْ تُکَلِّمَ اَخَاکَ وَوَجْهُکَ اِلَیْهِ مُنْبَسِطٌ وَاِیَّاکَ وَ اِسْبَالِ الْاِزَارِ فَاِنَّهٗ مِنَ الْمُخِیْلَةِ وَلَا یُحِبُّهَا اللّٰهُ)). رَوَاهُ ابْنُ حِبَّان [1] (صحیح)

حضرت ابو جری ہجیمی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! ہم دیہاتی لوگ ہیں ہمیں کچھ ایسی باتیں سکھلائیں جن سے اللہ تعالیٰ ہمیں فائدہ پہنچائیں'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''کسی نیکی کو حقیر نہ سمجھ، خواہ وہ اپنے ڈول سے کسی پیاسے آدمی کے برتن میں پانی انڈیلنا ہی ہو، خواہ اپنے بھائی سے مسکراتے ہوئے چہرے کے ساتھ بات کرنا ہو اور ازار ٹخنوں سے نیچے لٹکانے سے بچ کیونکہ یہی تکبر ہے اور اسے اللہ پسند نہیں فرماتا۔'' اسے ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

[1] 281/2 (رقم الحدیث 522) تحقیق شعیب الارناؤط ، ناشر موسسة الرسالة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْبُـــرْدِ

چادر کا بیان

مَسئلہ 180 چادر کا استعمال آپ ﷺ کے معمول مبارک میں شامل تھا۔

عَنْ اَنَسٍ ﷺ قَالَ : لَمَّا وَلَدَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ لِيْ يَا اَنَسُ ! اُنْظُرْ هٰذَا الْغُلَامَ فَلَا يُصِيْبَنَّ شَيْئًا حَتّٰى تَغْدُوا بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ يُحَنِّكُهٗ فَغَدَوْتُ بِهٖ فَاِذَا هُوَ فِيْ حَائِطٍ وَعَلَيْهِ خَمِيْصَةٌ حُرَيْثِيَّةٌ وَهُوَ يَسِمُ الظَّهْرَ الَّذِيْ قَدِمَ عَلَيْهِ فِي الْفَتْحِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب ام سلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں بچہ پیدا ہوا تو انہوں نے مجھ سے کہا ''انس! اس بچہ کا ذرا دھیان رکھنا، کل تک اس کے پیٹ میں کوئی چیز جانے نہ پائے تا کہ نبی اکرم ﷺ کوئی میٹھی چیز اس کے منہ میں دیں'' اگلے روز میں بچے کو نبی اکرم ﷺ کے پاس لے گیا۔ آپ ﷺ ایک باغ میں تھے اور حریثی چادر اوڑھے ہوئے تھے اور فتح مکہ سے آئے ہوئے اونٹوں کو داغ رہے تھے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ فَبَيْنَمَا نَحْنُ يَوْمًا جُلُوْسٌ فِيْ بَيْتِنَا فِيْ نَحْرِ الظَّهِيْرَةِ قَالَ : قَائِلٌ لِاَبِيْ بَكْرٍ ﷺ هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مُقْبِلًا مُتَقَنِّعًا فِيْ سَاعَةٍ لَمْ يَكُنْ يَاتِيْنَا فِيْهَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک روز ہم لوگ عین دوپہر کے وقت اپنے گھر میں بیٹھے تھے کسی نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا ''یہ تو رسول اللہ ﷺ تشریف لا رہے ہیں، ایسے وقت جب آپ ﷺ کبھی تشریف نہیں لائے۔'' آپ ﷺ تشریف لا رہے تھے اور آپ ﷺ نے اپنا سر مبارک چادر سے چھپا رکھا

❶ كتاب اللباس ، باب الخميصة السوداء

❷ كتاب اللباس ، باب التقنع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھا۔اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَا : لَمَّا نَزَلَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ طَفِقَ يَطْرَحُ خَمِيْصَةً لَهُ عَلَى وَجْهِهِ فَإِذَا اغْتَمَّ كَشَفَهَا عَنْ وَجْهِهِ ،فَقَالَ وَ هُوَ كَذٰلِكَ ((لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى ، اِتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کی بیماری میں شدت آ گئی تو آپ ﷺ اپنی چادر چہرہ مبارک پر ڈال لیتے، جب جی گھبرانے لگتا تو چادر مبارک چہرے سے ہٹا لیتے اسی کیفیت میں آپ ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ''اللہ کی لعنت ہو یہود و نصاریٰ پر، انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مسجد بنا لیا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : فَرَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ رَيْطَةً كَانَتْ عَلَيْهِ عَلٰى اَنْفِهِ هٰكَذَا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ❷

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں (کافر کی روح کی بدبو کا ذکر فرماتے ہوئے) رسول اللہ ﷺ نے اپنی باریک چادر ناک مبارک پر رکھ لی (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنی چادر ناک پر رکھ کر بتایا کہ) نبی اکرم ﷺ نے یوں اپنی چادر اپنی ناک پر رکھی تھی۔اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 181 آپ ﷺ کی چادر مبارک سفید رنگ کی تھی۔

عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ : اَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ اَبْيَضُ وَهُوَ نَائِمٌ ، ثُمَّ اَتَيْتُهُ وَقَدِ اسْتَيْقَظَ ، فَقَالَ ((مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ مَاتَ عَلٰى ذٰلِكَ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❸

حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ ﷺ سو رہے تھے اور آپ ﷺ کے اوپر سفید رنگ کی چادر تھی، میں دوبارہ حاضر ہوا تو آپ ﷺ جاگ رہے تھے۔

❶ كتاب اللباس ، باب الاكسيه والخمائص

❷ كتاب اللباس والزينة ، باب التواضع فى اللباس

❸ كتاب اللباس ، باب الثياب البيض

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ ﷺ نے فرمایا ''جو شخص لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـه کا اقرار کرے اور اسی عقیدے پر مرے اسے اللہ تعالیٰ جنت میں داخل فرمائے گا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 182 آپ ﷺ نے سبز رنگ کی چادر بھی استعمال فرمائی۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : كَانَ اَحَبُّ الثِّيَابِ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ اَنْ يَّلْبَسَهَا الْحِبَرَةُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ کو کپڑوں میں سے سبز چادر پہننا زیادہ پسند تھی۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِیْ رِمْثَةَ رضی اللہ عنہ اِنْطَلَقْتُ مَعَ اَبِیْ نَحْوَ النَّبِيِّ ﷺ فَرَاَيْتُ عَلَيْهِ بُرْدَيْنِ اَخْضَرَيْنِ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ ❷ (صحیح)

حضرت ابو رمثہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں اپنے والد کے ساتھ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ پر دو سبز رنگ کی چادریں دیکھیں۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 183 موٹے حاشیہ کی یمنی چادر بھی آپ ﷺ نے استعمال فرمائی۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : كُنْتُ اَمْشِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ نَجْرَانِيٌّ غَلِيْظُ الْحَاشِيَةِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❸

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں (ایک سفر میں) رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا اور آپ ﷺ نے اپنے اوپر موٹے حاشیے والی نجرانی چادر اوڑھ رکھی تھی۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 184 سردیوں میں آپ ﷺ نے اونی چادر بھی استعمال فرمائی۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ شَعْرٍ اَسْوَدَ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ ❹ (صحیح)

---

❶ كتاب اللباس ، باب البرود والحبر والشملة

❷ كتاب اللباس ، باب في الخضرة (3430/2)

❸ كتاب اللباس ، باب البرد والحبر والشملة

❹ كتاب اللباس ، باب في لبس الصوف والشعر (3402/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ گھر سے باہر تشریف لائے تو آپ ﷺ کے اوپر کجاوہ کی مانند نقش ونگار والی کالے بالوں سے بنی ہوئی چادر تھی۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 185 خطبہ منیٰ کے وقت آپ ﷺ سرخ چادر اوڑھے ہوئے تھے۔

عَنْ عَامِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ بِمِنًی یَخْطُبُ عَلٰی بَغْلَۃٍ وَعَلَیْہِ بُرْدٌ اَحْمَرُ وَعَلِیٌّ اَمَامَہٗ یُعَبِّرُ عَنْہُ. رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ❶ (صحیح)

حضرت عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو منیٰ میں خچر پر بیٹھ کر خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا، آپ ﷺ سرخ چادر اوڑھے ہوئے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے آگے کھڑے تھے، جو بات آپ ﷺ ارشاد فرماتے حضرت علی رضی اللہ عنہ اونچی آواز سے لوگوں تک پہنچاتے۔ اسے ابو داود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 186 سردیوں میں آپ ﷺ نے سیاہ بالوں کا کمبل استعمال فرمایا۔

عَنْ عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا قَالَتْ : خَرَجَ النَّبِیُّ ﷺ ذَاتَ غَدَاۃٍ وَعَلَیْہِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ شَعَرٍ اَسْوَدَ. رَوَاہُ مُسْلِمٌ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک روز آپ ﷺ سیاہ بالوں والا کمبل اوڑھ کر باہر تشریف لے گئے اس کمبل پر اونٹ کے پالان کی تصویریں (بے جان) بنی ہوئی تھیں۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

❶ کتاب اللباس ، باب فی الرخصۃ (3434/2)

❷ کتاب اللباس والزینۃ ، باب التواضع فی اللباس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْـعَـمَامَـةِ

پگڑی کا بیان

مسئلہ 187 عہد نبوی ﷺ میں پگڑی یا ٹوپی پہننے کا عام رواج تھا۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَجُلاً قَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ قَالَ : رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((لَا تَلْبَسُوا الْقُمُصَ وَلَا الْعَمَائِمَ وَلَا السَّرَاوِيْلَاتِ وَلَا الْبَرَانِسَ وَلَا الْخِفَافَ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❶

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! محرم کون سا لباس پہنے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''قمیص، پگڑی، پائجامہ، ٹوپی اور موزے نہ پہنے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ نَافِعٍ رحمہ اللہ قَالَ : كَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَسْدِلُ عِمَامَتَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ ، قَالَ : عُبَيْدُ اللّٰهِ رحمہ اللہ رَاَيْتُ الْقَاسِمَ وَسَالِمًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَفْعَلَانِ ذٰلِكَ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❷

حضرت نافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنی پگڑی کا شملہ دونوں کندھوں کے درمیان (پچھلی جانب) لٹکا لیتے۔ حضرت عبید اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے قاسم اور سالم رضی اللہ عنہما کو دیکھا وہ بھی اپنی پگڑی اسی طرح باندھتے تھے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 188 روزمرہ زندگی میں ٹوپی یا پگڑی آپ ﷺ کے لباس مبارک کا حصہ تھی۔

عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْهِ رضی اللہ عنہ قَالَ : رَاَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَمْسَحُ عَلٰى عِمَامَتِهِ

❶ كتاب اللباس ، باب البرانس

❷ كتاب اللباس، باب سدل العمامة بين الكتفين(1419/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَخُفَّيْهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت جعفر بن عمرو رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا، میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پگڑی اور موزوں پر مسح کرتے دیکھا ہے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ دَخَلَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے روز جب مکہ میں داخل ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک پر سیاہ پگڑی تھی۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ خَطَبَ النَّاسَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❸

حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ ارشاد فرمایا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک پر سیاہ پگڑی تھی۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنِ الْمُغِيْرَةِ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ ﷺ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَمُقَدَّمِ رَاْسِهٖ، وَعَلٰى عِمَامَتِهٖ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❹

حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے موزوں پر، پیشانی پر اور پگڑی پر مسح کیا۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ بِلَالٍ : اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْخِمَارِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❺

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موزوں اور پگڑی پر مسح کیا۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَعَلَيْهِ مِلْحَفَةٌ مُتَعَطِّفًا

❶ كتاب الوضو ، باب المسح على الخفين
❷ كتاب الحج ، باب جواز دخول مكه بغير احرام
❸ كتاب الحج ، باب جواز دخول مكه بغير احرام
❹ كتاب الطهارة ، باب المسح على الناصية والعمامة
❺ كتاب الطهارة ، باب المسح على الناصية والعمامة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِهَا عَلَى مَنْكِبَيْهِ وَعَلَيْهِ عِصَابَةٌ دَسْمَاءُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ (گھر سے) باہر تشریف لائے تو آپ ﷺ نے دونوں کندھوں پر ایک چادر لپیٹی ہوئی تھی اور سر مبارک پر خوشبودار کپڑے کی پگڑی تھی۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ زَيْدٍ يَعْنِي ابْنَ اَسْلَمَ رضی اللہ عنہ: اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَ يَصْبِغُ لِحْيَتَهُ بِالصُّفْرَةِ حَتّٰى تَمْتَلِيءَ ثِيَابُهُ مِنَ الصُّفْرَةِ ، فَقِيْلَ لَهُ : لِمَ تَصْبِغُ بِالصُّفْرَةِ؟ فَقَالَ : اِنِّي رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَصْبَغُ بِهَا ، وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْهَا، وَقَدْ كَانَ يَصْبِغُ بِهَا ثِيَابَهُ كُلَّهَا حَتّٰى عِمَامَتَهُ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ ❷ (صحيح)

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنی داڑھی صفرہ سے زرد کر لیتے یہاں تک کہ ان کے کپڑے زردی سے بھر جاتے۔ ان سے پوچھا گیا ''آپ داڑھی کو زرد کیوں کرتے ہیں؟'' فرمانے لگے ''میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ رنگ استعمال کرتے ہوئے دیکھا ہے آپ ﷺ کو اس سے زیادہ محبوب کوئی دوسری چیز نہ تھی، آپ ﷺ اپنے سارے کپڑے اس سے رنگ لیتے حتیٰ کہ اپنی پگڑی بھی۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : رَاَيْتُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ عِمَامَةً حُرْ قَانِيَّةً. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ ❸ (صحيح)

حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم ﷺ کو سیاہ پگڑی باندھے ہوئے دیکھا ہے۔ اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 189 رسول اکرم ﷺ اپنے عمامہ مبارک کا شملہ دونوں کندھوں کے درمیان پچھلی جانب لٹکا لیتے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِيْهِ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ

❶ كتاب المناقب ، باب مناقب الانصار

❷ كتاب اللباس ، باب فى المصبوغ بالصفرة (3429/2)

❸ كتاب الزينة ، باب لبس العمائم الحر قانية (4936/3)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سَوْدَاءُ قَدْ اَرْخٰی طَرَفَیْهَا بَیْنَ کَتِفَیْهِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ❶ (صحیح)

حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو گویا دیکھ رہا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سیاہ عمامہ باندھے ہیں اور اس کا شملہ (پچھلی جانب) دونوں کندھوں کے درمیان لٹکا رکھا ہے۔اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : کَانَ النَّبِیُّ ﷺ اِذَا اعْتَمَّ سَدَلَ عِمَامَتَهٗ بَیْنَ کَتِفَیْهِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ❷ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پگڑی باندھتے تو اس کا ایک حصہ (یعنی شملہ) اپنے دونوں کندھوں کے درمیان (پچھلی جانب) لٹکا لیتے۔اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 190 پگڑی کا شملہ غیر معمولی طور پر اونچا کرنا یا پیچھے غیر معمولی لٹکانا بھی تکبر کی علامت ہے قیامت کے روز اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی طرف نظر کرم نہیں فرمائیں گے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اَلْاِسْبَالُ فِی الْاِزَارِ وَ الْقَمِیْصِ وَالْعِمَامَةِ ، مَنْ جَرَّ مِنْهَا شَیْئًا خُیَلَاءَ لَا یَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَیْهِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ)). رَوَاهُ النَّسَائِیُّ❸ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''تین کپڑوں کو لٹکایا جاتا ہے تہبند، قمیص اور پگڑی۔جس نے تکبر سے ان میں سے کسی کپڑے کو لمبا لٹکایا اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس پر نظر کرم نہیں فرمائیں گے۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

❶ کتاب اللباس ، باب ارخاء العمامة بین الکتفین (2888/2)
❷ کتاب اللباس ، باب سدل العمامة بین الکتفین (1419/2)
❸ کتاب الزینة ، باب اسبال الازار (4927/3)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَيَانُ اللِّحْيَةِ

داڑھی کا بیان

مَسئلہ 191 داڑھی بڑھانا اور مونچھیں کترانا انبیاء کا طریقہ ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ ((عَشْرٌ مِنَ الْفِطْرَةِ : قَصُّ الشَّارِبِ، وَاِعْفَآءُ لِلِّحْيَةِ ، وَالسِّوَاكُ وَالْاِسْتِنْشَاقُ وَقَصُّ الْاَظْفَارِ وَغَسْلُ الْبَرَاجِمِ وَنَتْفُ الْاِبِطِ وَحَلْقِ الْعَانَةِ وَانْتِقَاصُ الْمَآءِ)) قَالَ مُصْعَبٌ ﷺ: وَنَسِيْتُ الْعَاشِرَةَ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ الْمَضْمَضَةِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❶ (حسن)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا "دس باتیں فطرت سے ہیں۔ ① مونچھیں کترانا ② داڑھی بڑھانا ③ مسواک کرنا ④ ناک میں پانی ڈالنا ⑤ ناخن کاٹنا ⑥ انگلیوں کی پشت صاف کرنا ⑦ بغل کے بال صاف کرنا ⑧ زیر ناف بال مونڈنا ⑨ پانی سے استنجا کرنا" (حدیث کے راوی) حضرت مصعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں "دسویں بات میں بھول گیا ہوں ممکن ہے وہ کلی کرنا ہو۔" اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 192 داڑھی بڑھانا اور مونچھیں کتروانا واجب ہے۔

مَسئلہ 193 مونچھیں کتروانا یا مونڈوانا دونوں طرح درست ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَمَرَ بِاِحْفَآءِ الشَّوَارِبِ وَاِعْفَآءِ اللِّحْيَةِ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❷ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے مونچھیں کتروانے یا مونڈنے اور داڑھی چھوڑنے کا حکم دیا ہے۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : ① حَفّ کے مفہوم میں کتروانا اور منڈوانا دونوں شامل ہیں (المنجد)۔ ② یاد رہے اہل علم کے نزدیک رخساروں کے بال بھی

---

❶ ابواب الادب عن سول الله ﷺ ، باب ما جاء فی تقلیم الاظفار (2214/2)

❷ کتاب الترجل ، باب فی اخذ الشارب (3537/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

داڑھی میں شامل ہیں لہٰذا انہیں مونڈنا جائز نہیں البتہ گردن کے بال داڑھی میں شامل نہیں انہیں منڈانے میں کوئی حرج نہیں (ملاحظہ ہو فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ، جلد اول، صفحہ نمبر 782)۔③ اہل علم کے نزدیک جسم کے دیگر حصوں مثلاً سینہ، کمر، ناک، کنپٹی، بازو یا ٹانگوں سے بال کاٹنا یا مونڈنا جائز ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

مسئلہ 194 داڑھی مونڈنا اور مونچھیں بڑھانا مشرکین اور مجوس کا طریقہ ہے، مسلمانوں کو ان کی مشابہت اختیار نہ کرنے کا حکم ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ ذُكِرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الْمَجُوْسُ فَقَالَ ((اِنَّهُمْ يُوَفُّوْنَ سِبَالَهُمْ وَيَحْلِقُوْنَ لُحَاهُمْ فَخَالِفُوْهُمْ)) فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَجُزُّ سِبَالَهُ كَمَا تُجَزُّ الشَّاةُ اَوِ الْبَعِيْرُ. رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ❶ (حسن)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے سامنے مجوس (آتش پرست) کا ذکر کیا گیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''یہ لوگ مونچھیں بڑھاتے ہیں اور داڑھیاں منڈاتے ہیں، ان کی مخالفت کیا کرو۔'' عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنی مونچھیں اس طرح کاٹتے جس طرح بکری یا اونٹ کی اون (اچھی طرح) کاٹی جاتی ہے۔ اسے ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((خَالِفُوا الْمُشْرِكِيْنَ وَفِّرُوا لِلِّحٰى وَاحْفُوا الشَّوَارِبَ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❷

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ''مشرکین کی مخالفت کرو، داڑھی بڑھاؤ اور مونچھیں کترواؤ۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ خُزُّوا الشَّوَارِبَ وَاَرْخُوا اللُّحٰى خَالِفُوا الْمَجُوْسَ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ❸

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''مونچھیں کتراؤ اور داڑھی بڑھاؤ اور مجوسیوں کی مخالفت کرو۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 195 داڑھی کترانا اور مونچھیں بڑھانا یہود و نصاریٰ کا طریقہ ہے لہٰذا مسلمانوں

❶ كتاب الزينة والتطيب، باب ذكر العلة التى من اجلها امر بهذا، تحقيق شعيب الارنائوط (289/2) رقم الحديث (5476)

❷ كتاب اللباس، باب تقليم الاظفار ❸ كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کوان کی مشابہت اختیار کرنے سے آپ ﷺ نے منع فرمایا ہے۔

عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! اِنَّ اَهْلَ الْكِتَابِ یَقُصُّوْنَ عِثَانِیْنَهُمْ وَیُوَفُّوْنَ سِبَالَهُمْ قَالَ : فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ ((قُصُّوْا سِبَالَكُمْ وَوَفِّرُوْا عَثَانِیْنَكُمْ وَخَالِفُوْا اَهْلَ الْكِتَابِ)). رَوَاهُ اَحْمَدُ❶ (صحیح)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہم نے عرض کی ''یارسول اللہ ﷺ! اہل کتاب (یعنی یہود ونصاریٰ) اپنی داڑھیاں چھوٹی کرتے ہیں اور مونچھیں بڑھاتے ہیں۔'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''تم اپنی مونچھیں کتراؤ اور داڑھیاں بڑھاؤ اور اہل کتاب کی مخالفت کرو۔'' اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 196 داڑھی منڈانے والوں کے لئے ''ویل'' ہے۔

عَنْ زَیْدِ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ رضی اللہ عنہ فِیْ قِصَّةٍ طَوِیْلٍ ..... وَدَخَلَا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَقَدْ حَلَقَا لُحَاهُمَا وَاَعْفَیَا شَوَارِبَهُمَا فَكَرِهَ النَّظَرَ اِلَیْهِمَا وَقَالَ وَیْلَكُمَا مَنْ اَمَرَكُمَا بِهٰذَا؟ قَالَا اَمَرَنَا رَبُّنَا ، یَعْنِیَانِ كِسْرٰی ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((وَلٰكِنْ رَبِّیْ قَدْ اَمَرَنِیْ بِاِعْفَاءِ لِحْیَتِیْ وَقَصِّ شَارِبِیْ)). ذَكَرَهُ ابْنُ كَثِیْرٍ❷

حضرت زید بن حبیب رضی اللہ عنہ (کسریٰ کے نام دعوت نامہ ارسال کرنے کے واقعہ میں بیان کرتے ہیں کہ خسرو پرویز کے نمائندے رسول اللہ ﷺ کو گرفتار کرنے کے لئے مدینہ منورہ گئے) جب وہ دونوں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے ان دونوں کی طرف دیکھنا پسند نہ فرمایا کیونکہ دونوں نے اپنی داڑھیاں منڈا رکھی تھیں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''تم دونوں کے لئے ویل ہے، کس نے تمہیں داڑھی منڈانے اور مونچھیں بڑھانے کا حکم دیا ہے؟'' دونوں نے جواب میں کہا ''ہمیں ہمارے رب یعنی کسریٰ نے حکم دے رکھا ہے۔'' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ''میرے رب نے مجھے اپنی داڑھی بڑھانے اور مونچھیں کترانے کا حکم دیا ہے۔'' یہ واقعہ ابن کثیر نے بدایہ والنہایہ میں بیان کیا ہے۔

وضاحت : ''ویل'' جہنم کی ایک وادی کا نام ہے اور اس کا معنی ''ہلاکت اور بربادی'' ہے۔ دونوں اعتبار سے انجام ایک ہی ہے ''جہنم''۔

مسئلہ 197 مونچھیں بڑھانے والا ہم سے نہیں۔

❶ 613/36 تحقیق شعیب الارنائوط ،رقم الحدیث 22283

❷ البدایة والنهایة ، الجزء الرابع ، رقم الصفحه 663، مطبوعه دار المعرفه بیروت لبنان الطبعة الرابعة 1419ھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ ﷺ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَنَّهُ قَالَ ((مَنْ لَمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهٖ فَلَيْسَ مِنَّا)). رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❶ (صحيح)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو مونچھیں نہ کترائے وہ ہم میں سے نہیں۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 198 داڑھی کو بل دے کر چھوٹا ظاہر کرنا بھی منع ہے۔

عَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ ﷺ يَقُوْلُ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ ((يَا رُوَيْفِعُ ! لَعَلَّ الْحَيَاةَ سَتَطُوْلُ بِكَ بَعْدِيْ، فَاَخْبِرِ النَّاسَ اَنَّهُ مَنْ عَقَدَ لِحْيَتَهُ اَوْ تَقَلَّدَ وَتَرًا اَوِ اسْتَنْجٰى بِرَجِيْعِ دَابَّةٍ اَوْ عَظْمٍ، فَاِنَّ مُحَمَّدًا بَرِيْءٌ مِنْهُ)). رَوَاهُ النَّسَائِيُّ❷ (صحيح)

حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''اے رویفع! ممکن ہے میرے بعد تیری زندگی لمبی ہو لہٰذا لوگوں کو بتا دینا جس نے اپنی داڑھی کو گرہیں دیں (تاکہ چھوٹی نظر آئے) یا گھوڑے کے گلے میں دھاگہ باندھا (تاکہ نظر نہ لگے) یا کسی جانور کی لید یا ہڈی سے استنجا کیا، اس سے محمد ﷺ بیزار ہیں۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 199 جمعہ کے روز مونچھیں کتروانا مستحب ہے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 202 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مَسئلہ 200 داڑھی کے بال چھوٹے کرنے کے بارے میں ایک موضوع حدیث۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ كَانَ يَاْخُذُ مِنْ لِحْيَتِهٖ مِنْ عَرْضِهَا وَطُوْلِهَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❸

حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ اپنی ریش مبارک کے طول اور عرض سے بال چھوٹے فرمایا کرتے تھے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

وضاحت: اس حدیث کو شیخ محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ نے ضعیف سنن الترمذی میں موضوع کہا ہے۔ ملاحظہ ہو حدیث نمبر 525، صفحہ نمبر 331، مطبوعہ المکتب الاسلامی بیروت۔

---

❶ ابواب الادب عن رسول الله ﷺ ، باب ما جاء فی قص الشارب (2217/2)

❷ كتاب الزينة ، باب عقد اللحية (4692/3)

❸ ابواب الاستئذان والادب ، باب ما جاء فی الاخذ من اللحية

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْاَظْـفَـارِ

ناخنوں کا بیان

مسئلہ 201 ناخن کاٹنا سنت ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ ﷺ سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ يَقُوْلُ ((اَلْفِطْرَةُ خَمْسٌ: اَلْخِتَانُ وَالْاِسْتِحْدَادُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَ نَتْفُ الْاَبَاطِ)). رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ❶

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''پانچ باتیں انسان کی فطرت میں ہیں ① ختنہ کروانا ② زیر ناف بال صاف کرنا ③ مونچھیں کترانا ④ ناخن کاٹنا ⑤ بغل کے بال صاف کرنا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 202 جمعہ کے روز ناخن کاٹنے مستحب ہیں۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ كَانَ يُقَلِّمُ اَظْفَارَهُ وَيَقُصُّ شَارِبَهُ فِیْ كُلِّ جُمُعَةٍ. ذَكَرَهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ❷

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ ہر جمعہ کو اپنے ناخن کاٹتے اور مونچھیں کترواتے۔ شرح السنۃ میں اس کا ذکر ہے۔

عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ ﷺ كَانَ لِیْ عَمَّانِ قَدْ شَهِدَا النَّبِیَّ ﷺ يَاخُذَانِ مِنْ شَوَارِبِهِمَا وَاَظْفَارِهِمَا كُلَّ الْجُمُعَةِ. ذَكَرَهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ❸

حضرت معاویہ بن قرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے دو چچا جنہوں نے نبی اکرم ﷺ کا زمانہ پایا

---

❶ كتاب اللباس ، باب تقليم الاظفار

❷ كتاب اللباس ، باب التوقيت فی تقليم الاظفار وقص الشارب(114/12)

❸ كتاب اللباس ، باب التوقيت فی تقليم الاظفار فروقص الشارب(114/12)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ دونوں اپنی مونچھیں اور ناخن جمعہ کے روز کاٹتے تھے۔ شرح السنۃ میں اس کا ذکر ہے۔

عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَنَّهُ كَانَ يَسْتَحِبُّ اَنْ يَّاْخُذَ الرَّجُلُ مِنْ اَظْفَارِهٖ يَوْمَ الْجُمُعَةِ. ذَكَرَهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ❶

حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ (امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے استاد) فرماتے ہیں کہ جمعہ کے روز آدمی کا ناخن کاٹنا مستحب ہے۔ شرح السنہ میں اس کا ذکر ہے۔

مسئلہ 203 چالیس دن سے زیادہ ناخن بڑھانا منع ہیں۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : وَقَّتَ لَنَا فِيْ قَصِّ الشَّوَارِبِ وَتَقْلِيْمِ الْاَظْفَارِ وَحَلْقِ الْعَانَةِ وَنَتْفِ الْاِبِطِ اَنْ لَّا نَتْرُكَ اَكْثَرَ مِنْ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❷ (صحیح)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہمارے لئے مونچھیں کترانے، ناخن کاٹنے، سر منڈانے اور بغل کے بال صاف کرنے کی حد چالیس دن مقرر فرمائی گئی ہے کہ چالیس دن سے زیادہ نہ بڑھنے دیں۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

❶ کتاب اللباس، باب التوقیت فی تقلیم الاظفار فروقص الشارب(114/12)

❷ ابواب الاستئذان، باب توقیت تقلیم الاظفار(2216/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْاِ خْـتِـتَـانِ

ختنہ کا بیان

مسئلہ 204 ختنہ کرانا مسنون ہے۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 201 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 205 سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ختنہ کیا تھا۔

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمَسَيَّبِ رضی اللہ عنہ اَنَّهُ قَالَ : كَانَ اِبْرَاهِيْمُ علیہ السلام اَوَّلَ النَّاسِ ضَيَّفَ الضَّيْفَ وَاَوَّلَ النَّاسِ اِخْتَتَنَ وَاَوَّلَ النَّاسِ قَصَّ شَارِبَهٗ وَاَوَّلَ النَّاسِ رَاَى الشَّيْبَ ، فَقَالَ : يَا رَبِّ مَا هٰذَا؟ فَقَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى : وَقَارٌ يَا اِبْرَاهِيْمُ ! فَقَالَ : رَبِّ زِدْنِيْ وَقَارًا. رَوَاهُ مَالِكٌ [1]

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سب سے پہلے مہمان کی ضیافت کی، سب سے پہلے ختنہ کیا، سب سے پہلے مونچھیں کتروائیں، سب سے پہلے سفید بال دیکھے اور عرض کی ''یا اللہ! یہ کیا ہے؟'' اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ''یہ عزت اور وقار ہے۔'' حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا ''میرے رب! میری عزت اور وقار میں اضافہ فرما۔'' اسے مالک نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

[1] كتاب صفة النبي ﷺ ، باب ماجاء في السنة في الفطرة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الـشَّـعَـرِ

بالوں کا بیان

مسئلہ 206 سر کے بال کانوں اور کندھوں کے درمیان تک رکھنے مستحب ہیں۔

عَنْ قَتَادَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : سَأَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ عَنْ شَعَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ : كَانَ شَعَرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ رَجِلاً ، لَيْسَ بِالسَّبِطِ وَلَا الْجَعْدِ ، بَيْنَ اُذُنَيْهِ وَعَاتِقِهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ کے بالوں کے بارے میں پوچھا تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بتایا ''رسول اللہ ﷺ کے بال نہ تو بالکل سیدھے تھے نہ مکمل طور پر گھنگھریالے (بلکہ ذرا خم لئے ہوئے) اور (لمبائی میں) آپ ﷺ کے کانوں اور کندھوں کے درمیان تک تھے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : كَانَ شَعَرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اِلٰى شَحْمَةِ اُذُنَيْهِ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ ❷ (صحیح)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے بال کانوں کی لو تک تھے۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 207 سر کے بالوں کی مانگ درمیان سے نکالنی مستحب ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : كُنْتُ اِذَا اَرَدْتُّ اَنْ اُفَرِّقَ رَأْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ صَدَعْتُ الْفَرْقَ مِنْ يَافُوْخِهِ وَاُرْسِلُ نَاصِيَتَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ ❸ (حسن)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے بالوں کی مانگ نکالنا چاہتی تو سر مبارک

❶ كتاب اللباس ، باب الجعد

❷ كتاب الترجل ، باب ما جاء فى الشعر (3524/2)

❸ كتاب الترجل ، باب ما جاء فى الفرق (3529/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے درمیان سے نکالتی، دونوں آنکھوں کے درمیان سے، آدھے بال ادھر، آدھے بال ادھر۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 208 بالوں میں تیل لگانا مستحب ہے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رضی اللہ عنہ سُئِلَ عَنْ شَيْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : كَانَ اِذَا اِدَّهَنَ رَاْسَهُ لَمْ يُرَ مِنْهُ ، وَاِذَا لَمْ يَدَّهِنْ رُئِيَ مِنْهُ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ ❶ (صحیح)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے رسول اکرم ﷺ کے بالوں کی سفیدی کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا ''جب رسول اکرم ﷺ اپنے سر مبارک میں تیل لگاتے تو سفیدی معلوم نہ ہوتی اور جب تیل نہ لگاتے تو سفیدی معلوم ہوتی۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : یاد رہے رسول اللہ ﷺ کے سر اور داڑھی مبارک میں سترہ سے بیس تک سفید بال تھے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

مَسئلہ 209 بالوں کو صاف ستھرا رکھنا مستحب ہے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((مَنْ كَانَ لَهُ شَعْرٌ فَلْيُكْرِمْهُ)). رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ ❷ (صحیح)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جن کے بال ہوں وہ انہیں اچھی طرح سنوار کر رکھے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ : اَتَانَا النَّبِيُّ ﷺ فَرَاٰى رَجُلًا ثَائِرَ الرَّاْسِ ، فَقَالَ ((اَمَا يَجِدُ هٰذَا مَا يُسَكِّنُ بِهٖ شَعْرَهُ)). رَوَاهُ النَّسَائِيُّ ❸ (صحیح)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور ایک آدمی کو دیکھا جس کے بال پراگندہ تھے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''کیا اس آدمی سے اتنا بھی نہیں ہوسکتا کہ اپنے بال ہی ٹھیک کرلے۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 210 سر کے بال اتروا تے ہوئے پہلے دائیں طرف پھر بائیں طرف سے

❶ ابواب الزینہ ، باب الدھن (4732/3)
❷ کتاب الترجل ، باب فی اصلاح الشعر (3509/2)
❸ کتاب الزینہ ، باب تسکین الشعر (4832/3)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اتر اونے مسنون ہیں۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ ﷺ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ رَمٰی جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَی الْبُدْنِ فَنَحَرَهَا وَالْحَجَّامُ جَالِسٌ ، وَقَالَ بِيَدِهٖ عَنْ رَاْسِهٖ ، فَحَلَقَ شِقَّهُ الْاَيْمَنَ فَقَسَّمَهُ فِيْمَنْ يَّلِيْهِ ، ثُمَّ قَالَ ((احْلِقِ الشِّقَّ الْآخَرَ)) ، فَقَالَ ((اَيْنَ اَبُوْ طَلْحَةَ ؟)) فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے (مزدلفہ سے منیٰ آنے کے بعد پہلے) جمرہ عقبہ کو کنکریاں ماریں پھر اونٹوں کی طرف تشریف لائے اور انہیں ذبح کیا (پاس ہی) حجام بیٹھا تھا آپ ﷺ نے اسے ہاتھ کے اشارے سے سر مونڈنے کا حکم دیا۔ اس نے سر کا دایاں حصہ مونڈ دیا۔ آپ ﷺ نے بال نزدیک بیٹھے ہوئے لوگوں میں تقسیم کر دیئے۔ پھر آپ ﷺ نے حجام کو سر کا بایاں حصہ مونڈنے کا حکم دیا۔ پھر پوچھا ''ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کہاں ہے؟'' (وہ حاضر ہوئے تو) آپ ﷺ نے وہ بال ان کو عنایت فرما دیئے۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 211 سر کے کچھ بال منڈوانے اور کچھ چھوڑ دینے منع ہیں۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ نَهٰی عَنِ الْقَزَعِ. رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❷

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قزع سے منع فرمایا ہے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : ''قزع'' کا مطلب یہ ہے کہ ایک جگہ سے بال کاٹے جائیں اور دوسری جگہ سے چھوڑ دیئے جائیں جیسے لٹ وغیرہ بنانا۔

مسئلہ 212 سر یا داڑھی سے سفید بال اکھاڑنا مکروہ ہے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ﷺ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((لَا تَنْتِفُوا الشَّيْبَ، مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَشِيْبُ شَيْبَةً فِی الْاِسْلَامِ اِلَّا كَانَتْ لَهٗ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ قَالَ فِیْ حَدِيْثِ يَحْيٰی اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا حَسَنَةً، وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ ❸ (صحیح)

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ

---

❶ كتاب الحج ، باب بيان ان السنة يوم النحر ان يرمی ينحر .....

❷ كتاب اللباس ، باب القزع

❸ كتاب الترجل ، باب فی نتف الشيب (3539/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے فرمایا ''سفید بال مت اکھاڑو، ہر وہ مسلمان جس کے حالت اسلام میں بال سفید ہوتے ہیں وہ قیامت کے روز اس کے لئے نور ہوں گے'' اور یحییٰ کی حدیث میں ہے، فرمایا ''اللہ تعالیٰ ہر سفید بال کے بدلے میں اس کے نامہ اعمال میں ایک نیکی لکھیں گے اور ایک گناہ معاف فرمائیں گے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ : نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ نَتْفِ الشَّيْبِ وَقَالَ ((هُوَ نُوْرُ الْمُؤْمِنِ)). رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ❶ (صحیح)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں سفید بال نکالنے سے منع فرمایا اور آپ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ ''سفید بال مومن کا نور ہیں۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 213 سر کے بال کانوں کی لو سے زیادہ بڑھانا نحوست ہی نحوست ہے۔

عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : اَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ وَلِيَ شَعْرٌ طَوِيْلٌ، فَلَمَّا رَآنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ، قَالَ ((ذُبَابٌ ذُبَابٌ)) قَالَ : فَرَجَعْتُ فَجَزَزْتُهٗ، ثُمَّ اَتَيْتُهٗ مِنَ الْغَدِ فَقَالَ ((اِنِّيْ لَمْ اَعِبْكَ، وَهٰذَا اَحْسَنُ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❷ (صحیح)

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت میرے سر کے بال لمبے تھے، جب رسول اکرم ﷺ نے مجھے دیکھا تو فرمایا ''نحوست ہی نحوست'' حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں اسی وقت واپس آیا اور اپنے بال کاٹ کر چھوٹے کئے اور دوسرے روز پھر خدمت اقدس میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا ''میں نے تیرے ساتھ برائی نہیں کی اور اب بال اچھے ہیں۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 214 نومولود کے بال ساتویں روز منڈوانا مسنون ہے۔

عَنْ سَمُرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اَلْغُلَامُ مُرْتَهَنٌ بِعَقِيْقَتِهٖ يُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ السَّابِعِ ، وَ يُسَمّٰى ، وَ يُحْلَقُ رَأْسُهٗ)) رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❸ (صحیح)

❶ كتاب الادب ، باب نتف الشيب (2998/2)

❷ كتاب الترجل ، باب فى تطويل الجمه (3530/2)

❸ صحيح سنن الترمذى ، للالبانى ، الجزء الثانى ، رقم الحديث 1229

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''بچہ عقیقہ کے بدلے رہن ہوتا ہے لہٰذا اس کی طرف سے ساتویں روز جانور ذبح کیا جائے۔ اس کا نام رکھا جائے اور اس کا سر مونڈا جائے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 215 عورت کا سر کے بال کاٹنا منع ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الْمُتَشَبِّهِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ[1]

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں سے مشابہت اختیار کرنے والے مردوں پر اور مردوں سے مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((لَيْسَ عَلَى النِّسَاءِ الْحَلْقُ إِنَّمَا عَلَى النِّسَاءِ التَّقْصِيْرُ)). رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ[2] (صحيح)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''(عمرہ یا حج کے بعد) عورتوں کے لئے سر منڈانا نہیں بلکہ بال (ایک پور کے برابر) کاٹنا ہے۔'' اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 216 سر سے بال اتروا تے وقت یا اتارنے کے بعد کوئی دعا مانگنا سنت سے ثابت نہیں۔

مسئلہ 217 بال کاٹنے کے بعد انہیں زمین میں دفن کرنا سنت سے ثابت نہیں۔

❋❋❋

[1] كتاب اللباس ، باب المتشبهين بالنساء والمتشبهات والرجال

[2] كتاب المناسك ، باب الحلق والتقصير (1748/1)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الـتَّـرْجُـلِ
کنگھی کا بیان

مَسئلہ 218 سر کے بالوں میں کنگھی کرنا مستحب ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كُنْتُ اُرَجِّلُ رَأْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَاَنَا حَائِضٌ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حیض کی حالت میں بھی رسول اللہ ﷺ کے سر مبارک میں کنگھی کرتی تھی۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 219 سر کے بالوں میں دائیں جانب سے کنگھی شروع کرنا مستحب ہے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 261 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مَسئلہ 220 ہر وقت کنگھی کرتے رہنا یا اپنے آپ کو بنانے سنوارنے میں وقت ضائع کرنا مکروہ ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ رضی اللہ عنہ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ نَهٰى عَنِ التَّرَجُّلِ اِلَّا غِبًّا. رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ❷ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہر روز کنگھی پٹی کرنے سے منع فرمایا ہے۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ يُقَالُ لَهٗ عُبَيْدٌ، قَالَ: اِنَّ

---

❶ كتاب اللباس، باب ترجيل الحائض زوجها

❷ كتاب الترجل، باب النهي عن كثير من الارفاه (3505/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ يَنْهٰى عَنْ كَثِيْرٍ مِنَ الْإِرْفَاهِ، سُئِلَ بْنُ بُرَيْدَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ الْإِرْفَاهِ ، قَالَ : مِنْهُ التَّرَجُّلُ. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ [1] (صحيح)

حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک آدمی جس کا نام عبید رضی اللہ عنہ تھا، نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زیادہ ارفاہ سے منع فرمایا ہے۔ حضرت بریدۃ رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ ارفاہ کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے کہا ''اس کے مفہوم میں (دیگر باتوں کے علاوہ) کنگھی کرنا بھی شامل ہے۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

[1] كتاب الزينه ، باب الترجل (4834/3)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْـخِـضَـابِ

خضاب کا بیان

مَسئلہ 221 مہندی یا اس سے ملتے جلتے رنگ کا خضاب بالوں کو لگانا مستحب ہے۔

عَنْ ثَابِتٍ رضی اللہ عنہ قَالَ سُئِلَ اَنَسٌ رضی اللہ عنہ عَنْ خِضَابِ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ : اِنَّهُ لَمْ يَبْلُغْ مَا يَخْضِبُ، لَوْ شِئْتُ اَنْ اَعُدَّ شَمَطَاتِهِ فِيْ لِحْيَتِهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❶

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم ﷺ کے خضاب کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا ''آپ ﷺ کے بالوں میں اتنی سفیدی نہیں تھی کہ آپ ﷺ خضاب لگاتے اگر میں چاہتا تو آپ ﷺ کی داڑھی مبارک کے سفید بال شمار کر لیتا۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : دوسری حدیث میں آپ ﷺ کی داڑھی کے سفید بالوں کی تعداد پندرہ یا بیس بیان کی گئی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب!

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ ((اِنَّ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى لَا يَصْبَغُوْنَ فَخَالِفُوْهُمْ)) رَوَاهُ مُسْلِمٌ❷

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''یہود و نصاریٰ خضاب نہیں لگاتے، تم ان کی مخالفت کرو (اور خضاب لگاؤ)۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 222 زرد رنگ کا خضاب استعمال کرنا بھی مستحب ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ وَيُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ بِالْوَرْسِ وَالزَّعْفَرَانِ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❸ (صحیح)

---

❶ كتاب اللباس ، باب ما يذكر في الشيب

❷ كتاب اللباس والزينة ، باب في مخالفة اليهود في الصبغ

❸ كتاب الترجل ، باب ما جاء في خضاب الصفرة (3547/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دباغت کی گئی کھال کا جوتا استعمال فرماتے اور اپنی داڑھی مبارک کو ورس اور زعفران سے زرد کرتے، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی ایسا ہی کرتے۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 223 مہندی اور وسمہ ملا کر خضاب کرنا بھی مستحب ہے۔

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِنَّ اَحْسَنَ مَا غَيَّرْتُمْ بِهِ الشَّيْبَ اَلْحِنَّاءُ وَالْكَتَمُ)). رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ❶ (صحیح)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''سفید بالوں کو بدلنے کے لئے بہترین خضاب مہندی اور وسمہ ہے۔'' اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : ''کتم'' یا ''وسمہ'' ایک بوٹی ہے جو بذات خود سیاہ رنگ دیتی ہے لیکن مہندی کے ساتھ مل کر بھورا رنگ دیتی ہے جسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند فرمایا۔

مسئلہ 224 خضاب لگانا مستحب ہے واجب نہیں، جو چاہے لگائے جو چاہے نہ لگائے۔

قَالَ اَبُوْ هَارُوْنَ الْعَبْدِيّ كَانَ اَبُوْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيُّ رضی اللہ عنہ لَا يَخْضِبُ وَكَانَتْ لِحْيَتُهُ بَيْضَاءَ، وَقَالَ اَبُوْ اِسْحَاقَ رضی اللہ عنہ : رَاَيْتُ عَلِيًّا رضی اللہ عنہ عَلَى الْمِنْبَرِ اَبْيَضَ اللِّحْيَةُ وَالرَّأْسُ عَلَيْهِ وَ اللِّحْيَةِ عَلَيْهِ اِزَارٌ وَّرِدَاءٌ ، وَقَالَ الْحَسَنُ رضی اللہ عنہ: رَاَيْتُ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ رضی اللہ عنہ اَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ ، وَقَالَ عَدِيٌّ رضی اللہ عنہ : رَاَيْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ اَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ ، وَقَالَ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ رضی اللہ عنہ: رَاَيْتُ عَطَا بْنِ اَبِیْ رِبَاحٍ وَرَجَاءَ بْنَ حَيْوَةٍ وَمَكْحُوْلاً وَالْحُكْمَ ابْنَ عُتَيْبَةَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ لُحَاهُمْ بِيْضٌ اَخْرَجَهُ. عَبْدُ الرَّزَّاقِ فِی الْمُصَنَّفِ❷

حضرت ابو ہارون عبیدی کہتے ہیں کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ خضاب نہیں لگاتے تھے اور ان کی داڑھی سفید تھی۔ ابواسحاق رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر (خطبہ دیتے ہوئے) دیکھا ہے ان کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے وہ ازار پہنے ہوئے تھے اور چادر اوڑھے ہوئے تھے۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو دیکھا ان کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے۔ حضرت

❶ كتاب اللباس ، باب الخضاب بالحناء (2919/2)

❷ شرح السنة 12/93-94، كتاب اللباس ، باب كراهية الخضاب بالسواد وما يستحب ان يخضب به

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا ان کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے۔ جریر بن حازم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے عطاء بن ابی رباح، رجاء بن حیات مکحول اور حکم بن عتیبہ رحمہم اللہ کو دیکھا ان سب کی داڑھیاں سفید تھیں۔ اسے عبدالرزاق نے مصنف میں روایت کیا ہے۔

مسئلہ 225 کالے رنگ کا خضاب استعمال کرنا منع ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((يَكُوْنُ قَوْمٌ يَخْضِبُوْنَ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ بِالسَّوَادِ كَحَوَاصِلِ الْحَمَامِ، لَا يَرِيْحُوْنَ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ)). رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ[1]

(صحیح)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''آخر زمانے میں کچھ لوگ کبوتر کے سینے جیسے سیاہ رنگ کا خضاب لگائیں گے وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں سونگھیں گے۔'' اسے ابو داود نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

[1] كتاب الترجل ، باب ما جاء في خضاب السواد (3548/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْـحِـــنَّاءِ

حنا کا بیان

مَسئلہ 226 اہل جنت کی خوشبوؤں میں سے سب سے زیادہ اچھی خوشبو مہندی کی ہوگی۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((سَيِّدُ رَيْحَانِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَلْحِنَّاء)). رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ ❶ (صحيح)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اہل جنت کی خوشبوؤں کی سردار مہندی ہوگی۔'' اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 227 کتم کے ساتھ مہندی ملا کر بالوں کو خضاب لگانا مستحب ہے۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 223 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مَسئلہ 228 عورتوں کے لئے ہاتھوں یا پاؤں کے ناخنوں پر مہندی لگانا مستحب ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: اَوْمَتِ امْرَاَةٌ مِنْ وَرَاءِ سِتْرٍ، بِيَدِهَا كِتَابٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ، فَقَبَضَ النَّبِيُّ ﷺ يَدَهُ، فَقَالَ ((مَا اَدْرِيْ اَيَدُ رَجُلٍ، اَمْ يَدُ اِمْرَاَةٍ؟)) قَالَتْ : بَلْ امْرَاَةٍ، قَالَ ((لَوْ كُنْتِ امْرَاَةً لَغَيَّرْتِ اَظْفَارَكِ)) يَعْنِيْ بِالْحِنَّاءِ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ ❷ (صحيح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کسی عورت نے، جس کے ہاتھ میں کتاب تھی، پردے کے پیچھے سے رسول اللہ ﷺ کی طرف اشارہ کیا تو رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ پیچھے کھینچ لیا اور فرمایا ''مجھے معلوم نہیں یہ

❶ سلسلة الاحاديث الصحيحه، للالبانی ، الجزء الثالث ، رقم الحديث 1420

❷ كتاب الترجل ، باب فی خضاب للنساء (3510/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہاتھ مرد کا ہے یا عورت کا؟'' عورت نے عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! عورت کا ہے'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اگر عورت ہوتی تو اپنے ناخنوں کا رنگ مہندی سے بدل لیتی۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 229 مہندی سے زخموں کا علاج کرنا بھی مستحب ہے۔

عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ عَنْ جَدَّتِهِ وَكَانَتْ تَخْدِمُ النَّبِيَّ ﷺ قَالَتْ : مَا كَانَ يَكُوْنُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَرْحَةٌ وَلَا نَكْبَةٌ اِلَّا اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنْ اَضَعَ عَلَيْهَا الْحِنَّاءِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ[1] (صحیح)

حضرت علی بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ اپنی دادی سے روایت کرتے ہیں جو رسول اللہ ﷺ کی خدمت پر مامور تھیں، وہ کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو جب بھی زخم آتا یا کانٹا چبھتا تو آپ ﷺ مجھے وہاں مہندی لگانے کا حکم دیتے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

[1] کتاب الطب، باب ما جاء فی الحناء (1676/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الـطِّـيـبِ

خوشبو کا بیان

مَسئلہ 230 خوشبو لگانا مستحب ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : كُنْتُ أُطَيِّبُ النَّبِيَّ ﷺ عِنْدَ إِحْرَامِهِ بِأَطْيَبِ مَا أَجِدُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ احرام باندھنے سے پہلے میں رسول اللہ ﷺ کو میسر بہترین خوشبو لگاتی تھی۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 231 رسول اللہ ﷺ کی پسندیدہ خوشبو مسک تھی۔

عَنْ أَبِي سَعِيدِ نِ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ((إِنَّ امْرَأَةً مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ اتَّخَذَتْ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ وَحَشَتْهُ مِسْكًا)) قَالَ : رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ((هُوَ أَطْيَبُ الطِّيبِ)). رَوَاهُ النَّسَائِيُّ ❷ (صحيح)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''بنی اسرائیل کی ایک عورت نے سونے کی ایک انگوٹھی بنائی اور اس میں مسک کی خوشبو بھری'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''مسک بہترین خوشبو ہے۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 232 مرکب خوشبو لگانا بھی مستحب ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : طَيَّبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ بِيَدَيَّ بِذَرِيرَةٍ فِي حَجَّةِ

---

❶ كتاب اللباس، باب ما يستحب من الطيب

❷ ابواب الزينة ، باب اطيب الطيب (4736/3)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْوَدَاعِ بِالْحِلِّ وَالْاِحْرَامِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حجۃ الوداع میں احرام کھولتے اور باندھتے ہوئے اپنے ہاتھوں سے نبی اکرم ﷺ کو ذریرہ (مرکب خوشبو کا نام ہے) لگائی۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ : كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ سُكَّةٌ يَتَطَيَّبُ مِنْهَا. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ❷ (صحيح)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے ہاں مرکب خوشبو تھی جو آپ ﷺ استعمال فرماتے تھے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 233 جمعہ کے روز خوشبو لگانا مسنون ہے۔

عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((غُسْلُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ عَلٰى كُلِّ مُحْتَلِمٍ ،وَسِوَاكٌ ،وَيَمَسُّ مِنَ الطِّيْبِ مَا قَدَرَ عَلَيْهِ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❸

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جمعہ کے روز ہر بالغ مسلمان کو غسل کرنا چاہئے، مسواک کرنی چاہئے اور جتنی خوشبو میسر آ سکے، لگانی چاہئے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 234 خوشبو کا تحفہ قبول کرنا مستحب ہے۔

عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ اَنَّهُ كَانَ لَا يَرُدُّ الطِّيْبَ وَزَعَمَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ لَا يَرُدُّ الطِّيْبَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❹

حضرت انس رضی اللہ عنہ خوشبو کا تحفہ کبھی واپس نہ کرتے اور فرماتے کہ نبی اکرم ﷺ نے کبھی خوشبو کا تحفہ واپس نہیں کیا۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ عُرِضَ عَلَيْهِ طِيْبٌ فَلَا يَرُدَّهُ،

❶ كتاب اللباس ، باب الذريرة

❷ الشمائل محمديه (مختصر) ، للالبانی ، باب ما جاء فی تعطر ، رقم الحديث 185

❸ كتاب الجمعة

❹ كتاب اللباس ، باب من لم يرد الطيب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَإِنَّهُ طَيِّبُ الرِّيحِ، خَفِيفُ الْمَحْمَلِ)). رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ❶ (صحیح)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جسے خوشبو کا تحفہ پیش کیا جائے، اسے واپس نہیں کرنا چاہئے اس لئے کہ خوشبو خوشگوار اور بوجھ کم ہے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 235 مردوں کو نمایاں خوشبو اور غیر نمایاں رنگ والے عطر استعمال کرنے چاہئیں جبکہ عورتوں کو نمایاں رنگ اور غیر نمایاں خوشبو والے عطر استعمال کرنے چاہئیں۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ((طِيبُ الرِّجَالِ، مَا ظَهَرَ رِيحُهُ وَخَفِيَ لَوْنُهُ، وَطِيبُ النِّسَاءِ، مَا ظَهَرَ لَوْنُهُ وَخَفِيَ رِيحُهُ)). رَوَاهُ النَّسَائِيُّ❷ (صحیح)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''مردوں کی خوشبو وہ ہے جو نمایاں ہو اور رنگ مخفی ہو اور عورتوں کی خوشبو وہ ہے جس کا رنگ نمایاں ہو اور بو مخفی ہو۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 236 تیز خوشبو کے ساتھ گھر سے نکل کر غیر محرم مردوں کے پاس سے گزرنے والی عورت زانیہ کے حکم میں ہے۔

عَنْ أَبِي مُوسَى رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((كُلُّ عَيْنٍ زَانِيَةٌ وَالْمَرْأَةُ إِذَا سَتَعْطَرَتْ فَمَرَّتْ بِالْمَجْلِسِ فَهِيَ كَذَا وَكَذَا يَعْنِي زَانِيَةً.)) رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❸ (حسن)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''ہر آنکھ زانی ہے، عورت جب خوشبو لگا کر مردوں کی مجلس کے پاس سے گزرتی ہے تو وہ ایسی اور ایسی ہے یعنی زانیہ ہے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

❋❋❋

❶ كتاب الترجل، باب في رد الطيب (3515/2)

❷ ابواب الزينة، باب الفصل بين طيب الرجال وطيب النساء (4734/3)

❸ ابواب الادب من رسول الله ﷺ، باب ما جاء في كراهية خروج المراة المتعطرة (2237/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْـخَـاتَـمِ

انگوٹھی کا بیان

مَسئلہ 237 مردوں کے لئے سونے کی انگوٹھی پہننا منع ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهُ نَهٰى عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے سونے کی انگوٹھی پہننے سے (مردوں) کو منع فرمایا ہے۔

مَسئلہ 238 جو شخص سونے کی انگوٹھی پہنتا ہے وہ درحقیقت جہنم کی آگ کا انگارہ ہاتھ میں لیتا ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ رَاٰى خَاتَمًا مِّنْ ذَهَبٍ فِيْ يَدِ رَجُلٍ فَنَزَعَهُ وَطَرَحَهُ وَقَالَ ((يَعْمِدُ اَحَدُكُمْ اِلٰى جَمْرَةٍ مِنْ نَّارٍ فَيَجْعَلُهَا فِيْ يَدِهٖ)) فَقِيْلَ لِلرَّجُلِ بَعْدَ مَا ذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ خُذْ خَاتَمَكَ اِنْتَفِعْ بِهٖ، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ! لَا اٰخُذُهٗ اَبَدًا وَقَدْ طَرَحَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی پہنے ہوئے دیکھی تو آپ ﷺ نے اس کے ہاتھ سے اتار کر دور پھینک دی اور ارشاد فرمایا ''تم میں سے کوئی شخص آگ کے انگارے کا قصد کرتا ہے اور پھر اسے ہاتھ میں لے لیتا ہے'' جب آپ ﷺ تشریف لے گئے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس سے کہا ''اپنی انگوٹھی اٹھالو (اسے بیچ کر) فائدہ حاصل کرو'' اس آدمی نے کہا ''اللہ کی قسم! جس انگوٹھی کو رسول اللہ ﷺ نے (غصہ سے) پھینکا ہے میں اسے کبھی نہیں

---

❶ کتاب اللباس، باب خواتیم الذهب

❷ کتاب اللباس والزینة، باب تحریم خاتم الذهب علی الرجال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اٹھاؤں گا۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ ﷺ اَنَّ رَجُلاً قَدِمَ مِنْ نَجْرَانَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ وَعَلَیْہِ خَاتَمٌ مِنْ ذَھَبٍ، فَاَعْرَضَ عَنْہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ وَقَالَ ((اِنَّکَ جِئْتَنِیْ وَفِیْ یَدِکَ جَمْرَۃٌ مِنْ نَارٍ)). رَوَاہُ النَّسَائِیُّ ❶ (صحیح)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نجران کے شہر سے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی تھی۔ آپ ﷺ نے اپنا چہرہ مبارک دوسری طرف پھیر لیا اور فرمایا ''تو میرے پاس اپنے ہاتھ میں آگ کا انگارہ لے کر آیا ہے۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 239 مردوں کے لئے چاندی کی انگوٹھی پہننا جائز ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ ﷺ قَالَ : لَمَّا اَرَادَ النَّبِیُّ ﷺ اَنْ یَکْتُبَ اِلَی الرُّوْمِ ، قِیْلَ لَہٗ اِنَّھُمْ لَنْ یَقْرَءُوْا کِتَابَکَ اِذَا لَمْ یَکُنْ مَخْتُوْمًا ، فَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّۃٍ وَنَقْشُہٗ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ. رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ ❷

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں آپ ﷺ نے جب قیصر روم کو خط لکھنا چاہا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کو بتایا کہ اہل روم مہر کے بغیر کسی تحریر کا اعتبار نہیں کرتے۔ چنانچہ آپ ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی اور اس پر محمد رسول اللہ کے الفاظ کندہ تھے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 240 انگوٹھی داہنے ہاتھ کی چھنگلیا (چھوٹی انگلی) میں پہننا مستحب ہے۔

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ رَحِمَہُ اللّٰہُ قَالَ : رَأَیْتُ عَلَی الصَّلْتِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ ﷺ خَاتَمًا فِیْ خِنْصِرَۃِ الْیُمْنٰی، فَقُلْتُ : مَا ھٰذَا؟ قَالَ : رَاَیْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا یَلْبَسُ خَاتَمَہٗ ھٰکَذَا وَجَعَلَ فَصَّہٗ عَلٰی ظَھْرِھَا، قَالَ : وَلَا یُخَالُ ابْنُ عَبَّاسٍ اِلَّا قَدْ کَانَ یَذْکُرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ کَانَ یَلْبَسُ خَاتَمَہٗ کَذٰلِکَ. رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ ❸ (صحیح)

حضرت محمد بن اسحاق رحمہ اللہ کہتے ہیں میں نے صلت بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی دائیں چھنگلیا پر انگوٹھی دیکھی تو

---

❶ ابواب الزینة ، باب حدیث ابی ھریرة والاختلاف علی قتادة

❷ ابواب الزینة ، باب اطیب الطیب (4736/3)

❸ کتاب الخاتم ، باب ما جاء فی تختم فی الیمین او الیسار (3559/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پوچھا ''یہ کیا ہے؟'' انہوں نے کہا ''میں نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو اسی طرح انگوٹھی پہنے دیکھا'' اور انگوٹھی کے نگینے کو ہتھیلی کی پشت پر کر دیا اور ساتھ صلت بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ کہا ''یہ نہ سمجھنا کہ ایسا صرف عبداللہ بن عباس کرتے تھے بلکہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے تھے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی انگوٹھی اس طرح پہنتے تھے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 241 رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی انگوٹھی کا نگینہ ہتھیلی کی طرف رکھتے تھے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ لَبِسَ خَاتَمَ فِضَّةٍ فِيْهِ فَصٌّ حَبَشِيٌّ كَانَ يَجْعَلُ فَصَّهُ فِيْ بَطْنِ كَفِّهِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ❶ (صحیح)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاندی کی انگوٹھی پہنے ہوئے تھے جس میں حبشی نگینہ لگا ہوا تھا جسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ہتھیلی کی جانب رکھتے تھے۔ اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 242 انگشت شہادت اور درمیانی انگلی پر انگوٹھی پہننا منع ہے۔

عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ نَهَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنِ الْخَاتَمِ فِيْ هٰذِهِ وَ هٰذِهِ يَعْنِي السَّبَّابَةَ وَ الْوُسْطٰى. رَوَاهُ النَّسَائِيُّ❷ (صحیح)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دو انگلیوں میں انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے، انگشت شہادت اور درمیانی انگلی۔ اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 243 لوہے کی انگوٹھی پہننا بھی منع ہے۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ نَهٰى عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَعَنْ خَاتَمِ الْحَدِيْدِ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ❸ (حسن)

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے اور لوہے کی انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے۔ اسے بیہقی نے روایت کیا ہے۔

---

❶ كتاب اللباس ، باب من جعل فص خاتمه ممايلي كفه (2941/2)

❷ كتاب الزينة ، باب النهي عن الخاتم في السبابه (48007/3)

❸ سلسلة الاحاديث الصحيحة ، للالباني ، الجزء الثالث ، رقم الحديث 1242

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْـحِـلْـيِ

زیورات کا بیان

مسئلہ 244 سونے کے زیورات مثلاً سونے کی انگوٹھی، سونے کی زنجیر، سونے کا لاکٹ، گھڑی کا سونے کا چین، قمیص کے سونے کے بٹن وغیرہ مردوں کے لئے حرام ہیں جبکہ عورتوں کے لئے جائز ہیں۔

عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الاَشْعَرِیِّ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ ((حُرِّمَ لِبَاسُ الْحَرِیْرِ وَالذَّھَبِ عَلٰی ذُکُوْرِ اُمَّتِیْ وَاُحِلَّ لِاَنَاثِھِمْ)). رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ❶ (صحیح)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''میری امت کے مردوں کے لئے ریشم اور سونا پہننا حرام کیا گیا ہے البتہ عورتوں کے لئے جائز ہے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 245 مردوں کے لئے سونے کی انگوٹھی پہننا حرام ہے۔

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ اَنَّہٗ نَھٰی عَنْ خَاتَمِ الذَّھَبِ. رَوَاہُ مُسْلِمٌ❷

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے (مردوں کو) سونے کی انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 246 سونے کی انگوٹھی، زنجیر، لاکٹ اور بالیاں وغیرہ پہننے والے مرد (عورتوں سے مشابہت کی وجہ سے) ملعون ہیں۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 64-65 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 247 عورتوں کے لئے پاؤں میں آواز دینے والا زیور پہننا منع ہے۔

---

❶ ابواب اللباس، باب الحریر والذھب للرجال (1404/2)

❷ کتاب اللباس والزینۃ، باب تحریم خاتم الذھب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: بَيْنَمَا هِيَ عِنْدَهَا اِذْ دُخِلَ عَلَيْهَا بِجَارِيَةٍ وَعَلَيْهَا جَلَاجِلُ يُصَوِّتْنَ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لَا تُدْخِلْنَهَا عَلَيَّ اِلَّا اَنْ تَقْطَعُوْا جَلَاجِلَهَا وَقَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ ((لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ جَرَسٌ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❶

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے پاس ایک لڑکی آئی جس نے آواز دینے والے گھنگرو پاؤں میں پہنے ہوئے تھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے (اس کی والدہ سے) کہا اس کے گھنگرو کاٹے بغیر اسے میرے پاس نہ لایا کرو اس لئے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''جس گھر میں گھنٹی ہو اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 248 جب عورت پاؤں میں گھنگرو پہنتی ہے تو رحمت کے فرشتے اس سے الگ ہو جاتے ہیں۔

عَنْ سَالِمٍ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِيْهَا جُلْجُلٌ)). رَوَاهُ النَّسَائِيُّ❷ (صحیح)

حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''فرشتے ان لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے جن کے ساتھ گھنگرو ہو۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 249 سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا مردوں اور عورتوں دونوں کے لئے حرام ہے۔

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ شَرِبَ فِيْ اِنَاءٍ مِنْ ذَهَبٍ اَوْ فِضَّةٍ فَاِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِيْ بَطْنِهِ نَارًا مِنْ جَهَنَّمَ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ❸

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو (مرد و عورت) سونے یا چاندی کے برتن میں پیتا ہے وہ گویا جہنم کی آگ اپنے پیٹ میں اتارتا ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

---

❶ كتاب الخاتم، باب في الجلاجل (3560/2)

❷ كتاب الزينة، باب الجلاجل (4816/3)

❸ كتاب اللباس والزينة، باب تحريم اواني الذهب والفضة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْإِكْـتِـحَـالِ

سرمہ کا بیان

مَسئلہ 250 اثمد سرمہ استعمال کرنا مستحب ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ ((اِكْتَحِلُوْا بِالْاِثْمِدِ وَاِنَّهٗ يَجْلُو الْبَصَرَ وَ يُنْبِتُ الشَّعْرَ)). رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❶ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''اثمد سرمہ لگایا کرو یہ نظر کو تیز کرتا ہے اور بالوں کو بڑھاتا ہے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : رات سونے سے قبل آپ ﷺ کا روزانہ دائیں اور بائیں آنکھ میں تین تین سلائی سرمہ لگانا صحیح حدیث سے ثابت نہیں۔

مَسئلہ 251 سرمہ طاق مرتبہ آنکھ میں ڈالنا چاہئے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ ((اِذَا اكْتَحَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَكْتَحِلْ وِتْرًا وَاِذَا اسْتَجْمَرَ فَلْيَسْتَجْمِرْ وِتْرًا)). رَوَاهُ اَحْمَدُ❷

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تم میں سے جب کوئی شخص سرمہ لگائے تو طاق مرتبہ لگائے اور جب کوئی خوشبو کی دھونی لے تو طاق مرتبہ لے۔'' اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 252 داہنی آنکھ میں تین مرتبہ اور بائیں آنکھ میں دو مرتبہ سلائی ڈالنا مستحب ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ اِذَا اكْتَحَلَ جَعَلَ فِي الْعَيْنِ الْيُمْنٰى ثَلَاثًا وَفِي الْعَيْنِ الْيُسْرٰى مَرْوَدَيْنِ فَجَعَلَهَا وِتْرًا . رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ❸ (صحیح)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں جب نبی اکرم ﷺ سرمہ لگاتے تو داہنی آنکھ میں تین مرتبہ اور بائیں آنکھ میں دو مرتبہ سلائی لگاتے اور ساری تعداد وتر (یعنی پانچ) بناتے۔ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

❶ ابواب اللباس ، باب ما جاء فی الاکتحال (1438/2)
❷ سلسلة الاحاديث الصحيحة ، للالبانی ، الجزء الثالث ، رقم الحديث 1260
❸ سلسلة الاحاديث الصحيحة ، للالبانی ، الجزء الثانی ، رقم الحديث 1633

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ السِّـوَاكِ

مسواک کا بیان

مَسئلہ 253 مسواک تمام انبیاء کی سنت ہے۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 191 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مَسئلہ 254 مسواک کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ النَّبِي ﷺ قَالَ ((اَلسِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ)). رَوَاهُ النَّسَائِيُّ ❶ (صحیح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''مسواک منہ کو صاف رکھتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کا باعث ہے۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 255 رسول اکرم ﷺ نے خواہش کے باوجود سہولت کی خاطر امت کو ہر نماز کے لئے وضو کے ساتھ مسواک کرنے کا حکم نہیں دیا۔

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى اُمَّتِي لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ)). رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''اگر میں اپنی امت کے لئے تکلیف نہ سمجھتا تو انہیں ہر نماز کے ساتھ مسواک کرنے کا حکم دیتا۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 256 سو کر اٹھنے کے بعد سب سے پہلے رسول اکرم ﷺ مسواک فرماتے۔

---

❶ كتاب الطهارة ، باب الترغيب في السواك (5/1)

❷ كتاب الطهارة ، باب السواك

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ حُذَيْفَةَ ﷺ قَالَ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا قَامَ لِيَتَهَجَّدَ يَشُوْصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب تہجد کے لئے اٹھتے تو اپنا منہ مسواک سے صاف فرماتے۔اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 257 رسول اکرم ﷺ جب بھی باہر سے گھر تشریف لاتے تو پہلے مسواک فرماتے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ اِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ بَدَأَ بِالسِّوَاكِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب بھی گھر تشریف لاتے تو سب سے پہلے مسواک فرماتے۔اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 258 جمعہ کے روز مسواک کرنا مسنون ہے۔

وضاحت : حدیث مسئلہ نمبر 233 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مَسئلہ 259 حیات طیبہ کا آخری عمل مسواک کرنا تھا۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : دَخَلَ عَلَيَّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، وَ بِيَدِهِ السِّوَاكُ وَ اَنَا مُسْنِدَةٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَرَاَيْتُهُ يَنْظُرُ اِلَيْهِ ، وَ عَرَفْتُ اَنَّهُ يُحِبُّ السِّوَاكَ، فَقُلْتُ : اٰخُذُهُ لَكَ ؟ فَاَشَارَ بِرَأْسِهِ اَنْ نَعَمْ . فَتَنَاوَلْتُهُ فَاشْتَدَّ عَلَيْهِ وَ قُلْتُ ، اُلَيِّنُهُ لَكَ؟ فَاَشَارَ بِرَأْسِهِ اَنْ نَعَمْ ، فَلَيَّنْتُهُ فَاَمَرَّهُ . رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❸

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں، میں رسول اللہ ﷺ کو سہارا دیئے ہوئے تھی کہ (میرا بھائی) عبدالرحمٰن ہمارے گھر آیا اس کے ہاتھ میں مسواک تھی میں نے دیکھا کہ آپ ﷺ کی نظریں مسواک پر لگی

---

❶ كتاب الطهارة ، باب السواك

❷ كتاب الطهارة ، باب السواك

❸ كتاب المغازى ، باب مرض النبى ﷺ و وفاته

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں، مجھے معلوم تھا کہ آپ ﷺ مسواک کس قدر پسند فرماتے ہیں۔ میں نے عرض کیا ''کیا آپ ﷺ کے لئے مسواک لے لوں؟'' آپ ﷺ نے سر کے اشارہ سے فرمایا ''ہاں لے لو۔'' میں نے وہ مسواک لے کر آپ ﷺ کو دی لیکن آپ ﷺ بیماری کی سختی کی وجہ سے چبا نہ سکے۔ میں نے عرض کیا ''کیا مسواک نرم کردوں؟'' آپ ﷺ نے سر کے اشارہ سے فرمایا ''ہاں کردو۔'' میں نے اسے منہ سے نرم کیا تو آپ ﷺ نے وہ مسواک استعمال فرمائی۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الـنِّـعَـالِ

جوتوں کا بیان

مسئلہ 260 جوتا پہننا مستحب ہے۔

عَنْ جَابِرٍ ﷺ قَالَ : سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ فِي غَزْوَةٍ غَزَوْنَاهَا يَقُوْلُ ((اِسْتَكْثِرُوْا مِنَ النِّعَالِ . فَإِنَّ الرَّجُلَ لَا يَزَالُ رَاكِبًا مَا انْتَعَلَ). رَوَاهُ مُسْلِمٌ ❶

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے نبی اکرم ﷺ کو ایک غزوہ کے سفر میں یہ فرماتے ہوئے سنا ہے ''جوتا کثرت سے پہنا کرو، جب تک آدمی جوتا پہنتا رہے وہ سوار ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : ''سوار رہنے'' سے مراد یہ ہے کہ جس طرح جانور پر سوار آدمی زمین کے موذی کیڑے مکوڑوں سے محفوظ رہتا ہے اسی طرح جوتا پہننے والا بھی گویا سوار کی طرح ہے جو زمین کے کیڑے مکوڑوں اور اذیت دینے والی چیزوں سے محفوظ رہتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

مسئلہ 261 پہلے دائیں پاؤں کا جوتا پہننا چاہئے پھر بائیں پاؤں کا۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُحِبُّ التَّيَمُّنَ فِي طُهُوْرِهٖ وَتَرَجُّلِهٖ وَتَنَعُّلِهٖ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں نبی اکرم ﷺ وضو کرنے، کنگھی کرنے اور جوتا پہننے میں دائیں طرف سے ابتداء پسند فرماتے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 262 جوتا اتارتے وقت پہلے بایاں پھر دایاں جوتا اتارنا چاہئے۔

---

❶ باب الاستحباب لبس النال و ما فی معناها

❷ کتاب اللباس، باب یبدا بالنعل الیمنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ 263 رسولِ اکرم ﷺ کے نعلین مبارک میں دو دو تسمے تھے۔

عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ نَعْلَیِ النَّبِیِّ ﷺ کَانَ لَهُمَا قِبَالَانِ. رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❶

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے جوتے میں دو دو تسمے تھے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : دوسری حدیث میں ایک تسمے کا ذکر بھی ہے (بخاری)

مسئلہ 264 کھڑے ہو کر جوتا پہننا منع ہے۔

عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : نَهَی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَنْ یَّنْتَعِلَ الرَّجُلُ قَائِمًا. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ ❷

(صحیح)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے کھڑے ہو کر جوتا پہننے سے منع فرمایا ہے۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

وضاحت : جوتا تنگ ہو یا ایسا جوتا جسے کھڑے ہو کر پہننے میں دقت اور دشواری ہو یا گرنے کا خطرہ ہو، ایسا جوتا کھڑے ہو کر پہننے سے منع فرمایا گیا ہے۔ سینڈل یا چپل وغیرہ آسانی سے پہنے جانے والے جوتے کھڑے ہو کر پہننا جائز ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

مسئلہ 265 صرف ایک پاؤں میں جوتا پہن کر چلنا منع ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: لَا یَمْشِیْ اَحَدُکُمْ فِیْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ لِیُحْفِهِمَا جَمِیْعًا اَوْ لِیُنْعِلْهُمَا جَمِیْعًا. رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ❸

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ تم میں سے کوئی شخص ایک پاؤں میں جوتا پہن کر نہ چلے بلکہ دونوں پہن کر یا دونوں اتار کر چلے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 266 مردانہ جوتوں کی ساخت والے جوتے پہننے والی عورتیں ملعون ہیں، زنانہ جوتوں کی ساخت والے جوتے پہننے والے مرد ملعون ہیں۔

عَنْ اَبِیْ مُلَیْکَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قِیْلَ لِعَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اِنَّ امْرَاَةً تَلْبَسُ النَّعْلَ فَقَالَتْ

---

❶ کتاب اللباس ، باب قبالان فی نعل

❷ کتاب اللباس ، باب فی الانتعال (3483/2)

❸ کتاب اللباس ، باب لا یمشی فی نعل واحدة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الرَّجُلَةَ مِنَ النِّسَاءِ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❶ (صحیح)

حضرت ابوملیکہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا گیا کہ ''جو عورت مردوں کا جوتا پہنے اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا ''رسول اللہ ﷺ نے مرد بننے والی عورت پر لعنت فرمائی ہے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 267 جوتا پہنتے یا اتارتے وقت کوئی دعاء سنت سے ثابت نہیں۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ((اِذَا انْتَعَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَاْ بِالْيَمِيْنِ وَاِذَا انْتَزَعَ فَلْيَبْدَاْ بِالشِّمَالِ لِتَكُنِ الْيُمْنٰى اَوَّلَهُمَا تُنْعَلُ وَاٰخِرَهُمَا تُنْزَعُ)). رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❷

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''تم میں سے جب کوئی شخص جوتا پہنے تو پہلے دایاں جوتا پہنے اور جب جوتا اتارے تو پہلے بایاں پاؤں اتارے یعنی پہننے میں دایاں پہلے اور اتارنے میں بایاں پہلے۔'' اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

❶ کتاب اللباس، باب فی لباس النساء (3455/2)

❷ کتاب اللباس، باب ینزع نعله الیسری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـيَـانُ الْـخُـفَّـيْنِ

موزوں کا بیان

مَسئلہ 268 موزے پہننا مستحب ہے۔

عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رضی اللہ عنہ اَهْدٰى دَحْيَةُ الْكَلْبِيُّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ خُفَّيْنِ فَلَبِسَهُمَا . رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❶ (صحیح)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کو موزوں کا تحفہ بھیجا جنہیں آپ ﷺ نے استعمال فرمایا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّجَاشِيَّ اَهْدٰى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ خُفَّيْنِ سَاذَجَيْنِ اَسْوَدَيْنِ ، فَلَبِسَهُمَا . رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ❷ (حسن)

حضرت ابن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ (حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتے ہیں کہ نجاشی (شاہ حبش) نے رسول اللہ ﷺ کے لئے دو سادہ سیاہ رنگ کے موزے تحفۃً بھیجے، آپ ﷺ نے وہ استعمال فرمائے۔ اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 269 موزوں پر مسح کرنا جائز ہے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 188 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

❶ ابواب اللباس ، باب ماجاء فی لبس الجبة والخفين (1448/2)

❷ ابواب اللباس ، باب الخفاف السود (2917/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَـــيَـانُ الْـــفَـرَاشِ

بستر کا بیان

مسئلہ 270 رسول اکرم ﷺ کا تکیہ اور بستر دونوں دباغت کئے ہوئے چمڑے کے تھے جس میں کھجور کے پتے بھرے ہوئے تھے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : كَانَ وِسَادَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الَّذِيْ يَنَامُ عَلَيْهِ بِاللَّيْلِ مِنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❶ (صحيح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا تکیہ جس پر آپ ﷺ رات کو نیند فرماتے، دباغت کئے ہوئے چمڑے کا تھا جس میں کھجور کے پتے بھرے ہوئے تھے۔ اسے ابو داود نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : كَانَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ من اَدَمٍ وَحَشْوُهُ لِيْفٌ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ❷

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا بستر چمڑے کا تھا جس میں کھجور کے پتے بھرے ہوئے تھے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 271 تکیئے کا استعمال مستحب ہے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : رَاَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ مُتَّكِئًا عَلَى وِسَادَةٍ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ❸ (صحيح)

---

❶ كتاب اللباس، باب فى الفرش (3493/2)

❷ كتاب الرقاق ، باب كيف كان عيش النبى

❸ ابواب الادب،عن رسول الله ﷺ باب ما جاء فى الاتكاء (2223/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تکیے کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے دیکھا۔اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 272 بلا اجازت کسی کا تکیہ استعمال کرنا جائز نہیں۔

عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ ((لَا یَؤُمُّ الرَّجُلُ فِیْ سُلْطَانِہٖ، وَلَا یُجْلَسُ عَلٰی تَکْرِمَتِہٖ فِیْ بَیْتِہٖ اِلَّا بِاِذْنِہٖ.)) رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ❶ (صحیح)

حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''اجازت کے بغیر کوئی آدمی دوسرے کی جگہ امامت نہ کرائے اور نہ ہی اجازت کے بغیر کسی کی مسند پر بیٹھے۔'' اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 273 ریشم کے بستر، گدے، تکیے وغیرہ بنانا جائز نہیں۔

عَنْ حُذَیْفَۃَ رضی اللہ عنہ قَالَ : نَھَانَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم اَنْ نَشْرَبَ فِیْ اٰنِیَۃِ الذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ وَاَنْ نَاْکُلَ فِیْہِ وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِیْرِ وَالدِّیْبَاجِ وَاَنْ نَجْلِسَ عَلَیْہِ. رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ❷

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانے پینے سے منع فرمایا، ریشم اور دیباج (باریک ریشمی کپڑے کی عمدہ قسم) پہننے سے اور اس پر بیٹھنے سے منع فرمایا ہے۔اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

مَسئلہ 274 ضرورت سے زائد بڑائی اور شہرت کی خاطر بستر بنانا منع ہے۔

عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ لَہٗ ((فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ وَفِرَاشٌ لِامْرَاَتِہٖ وَالثَّالِثُ لِلضَّیْفِ وَالرَّابِعُ لِلشَّیْطَانِ)). رَوَاہُ مُسْلِمٌ❸

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''ایک بستر مرد کے لئے، ایک بستر بیوی کے لئے اور ایک بستر مہمان کے لئے کافی ہے، چوتھا بستر (یعنی ضرورت سے زائد) شیطان کے لئے ہے۔'' اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

---

❶ ابواب الادب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باب لا یؤم الرجل فی سلطانہ (2224/2)

❷ کتاب اللباس ، باب افتراش الحریر

❸ کتاب اللباس والزینۃ ، باب کراھۃ ما زاد علی الحاجۃ من الفراش واللباس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ 275 بستر پر لیٹنے کے بعد سونے سے قبل درج ذیل دعائیں مانگنا مسنون ہیں۔

① عَنْ حُذَيْفَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ مِنَ اللَّيْلِ وَضَعَ يَدَهُ تَحْتَ خَدِّهِ ثُمَّ يَقُولُ [اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَ أَحْيٰى] وَ إِذَا اسْتَيْقَظَ ، قَالَ [اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَ إِلَيْهِ النُّشُوْرُ] رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ[1]

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب رات کے وقت اپنے بستر پر تشریف لاتے تو اپنا ہاتھ (داہنے) رخسار کے نیچے رکھتے اور فرماتے ((یا اللہ! میں تیرے نام سے مرتا (یعنی سوتا) اور زندہ ہوتا (یعنی جاگتا) ہوں)) اور جب جاگتے تو فرماتے ((اس اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں مرنے (یعنی سونے) کے بعد زندہ کر دیا (یعنی جگا دیا) اور مرنے کے بعد اسی کے حضور حاضر ہونا ہے۔)) اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

② عَنْ حَفْصَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَرْقُدَ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى تَحْتَ خَدِّهِ ثُمَّ يَقُوْلُ [اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ] ثَلَاثَ مَرَّاتٍ . رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ[2] (صحیح)

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سونے کا ارادہ فرماتے تو دایاں ہاتھ رخسار کے نیچے رکھتے اور تین مرتبہ یہ کلمات پڑھتے ((یا اللہ! جس روز تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا اس روز مجھے اپنے عذاب سے بچائے رکھنا۔)) اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

③ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((إِذَا أَوٰى أَحَدُكُمْ إِلٰى فِرَاشِهِ فَلْيَنْفُضْ فِرَاشَهُ بِدَاخِلَةِ إِزَارِهِ فَإِنَّهُ لَا يَدْرِيْ مَا خَلَفَهُ عَلَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ : [بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَ بِكَ أَرْفَعُهُ إِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا وَ إِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ] مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ[3]

---

[1] مختصر صحیح بخاری ، للزبیدی ، رقم الحدیث 3073

[2] صحیح سنن ابی داؤد، للالبانی ، الجزء الثالث ، رقم الحدیث 4218

[3] اللؤلؤ والمرجان ، الجزء الثانی ، رقم الحدیث 4218

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جب تم میں سے کوئی اپنے بستر پر آئے تو (پہلے) اپنے تہہ بند کے کونے سے بستر کو جھاڑے کیونکہ اسے معلوم نہیں کہ بستر پر کیا پڑا ہے؟ پھر یہ دعا پڑھے ((اے میرے رب! تیرے نام سے (بستر پر) لیٹتا ہوں اور تیرے نام سے اٹھوں گا اگر تو نے میری جان (اپنے پاس) روک لی تو اس پر رحم فرمانا اور اگر واپس بھیج دی تو اس کی ویسے ہی حفاظت فرمانا جیسے تو نیک بندوں کی حفاظت فرماتا ہے۔)) '' اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 276 وضو کے ساتھ بستر پر سونے والے کے لئے فرشتوں کی دعائیں۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((مَنْ بَاتَ طَاهِرًا بَاتَ فِيْ شِعَارِهٖ مَلَكٌ فَلَمْ يَسْتَيْقِظْ اِلَّا قَالَ الْمَلَكُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِكَ فُلَانٍ فَاِنَّهٗ بَاتَ طَاهِرًا)). رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ [1] (حسن)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''جو شخص وضو کی حالت میں سوتا ہے اس کے ساتھ ایک فرشتہ رات بسر کرتا ہے وہ شخص جب بھی نیند سے بیدار ہوتا ہے تو فرشتہ اس کے لئے یہ دعا مانگتا ہے 'یا اللہ! اپنے اس بندے کے گناہ معاف فرما یقیناً وہ طہارت کی حالت میں سویا تھا۔'' اسے ابن حبان نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 277 رات کو وضو کی حالت میں ذکر کرتے ہوئے اپنے بستر پر سونے والے شخص کے بیدار ہونے پر مانگی ہوئی ہر دعا قبول ہوتی ہے۔ ان شاء اللہ

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ ((مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَبِيْتُ عَلٰى ذِكْرٍ طَاهِرًا فَيَتَعَارُّ مِنَ اللَّيْلِ فَيَسْئَالُ اللّٰهَ خَيْرًا مِنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ [2] (صحيح)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جب کوئی مسلمان حالت طہارت میں ذکر کرتے ہوئے سوتا ہے تو بیدار ہونے پر اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت کی جو بھی بھلائی طلب کرے اللہ تعالیٰ اس کو عطاء فرماتے ہیں۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

[1] الاحسان فی تقریب ، صحیح ابن حبان (328/3) رقم الحدیث 1051
[2] ابواب النوم ، باب فی النوم علی طهارة (4216/3)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُسْوَةُ الصَّحَابَةِ بِاَحْكَامُ اللِّبَاسِ

احکامِ لباس اور اسوۂ صحابہ رضی اللہ عنہم

مسئلہ 278 حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک پر ناراضی کے آثار دیکھ کر فوراً منقش پردہ پھاڑ ڈالا اور اس کے تکیئے بنا لئے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فِيْ بَعْضِ مَغَازِيْهِ، وَكُنْتُ اَتَحَيَّنُ قُفُوْلَهُ، فَاَخَذْتُ نَمِطًا كَانَ لَنَا فَسَتَرْتُهُ عَلَى الْعَرَضِ فَلَمَّا جَاءَ اَسْتَقْبَلْتُهُ، فَقُلْتُ : اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَعَزَّكَ وَ اَكْرَمَكَ، فَنَظَرَ اِلَى الْبَيْتِ، فَرَاَى النَّمَطَ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ شَيْئًا، وَرَاَيْتُ الْكَرَاهِيَةَ فِيْ وَجْهِهِ، فَاَتَى النَّمَطَ حَتّٰى هَتَكَهُ، ثُمَّ قَالَ ((اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَاْمُرْنَا فِيْمَا رَزَقَنَا اَنْ نَكْسُوَ الْحِجَارَةَ وَالطِّيْنَ)) قَالَتْ : فَقَطَعْتُهُ وَجَعَلْتُهُ وِسَادَتَيْنِ وَحَشَوْتُهُمَا لِيْفًا، فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيَّ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[1] (صحيح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی غزوہ پر تشریف لے گئے، میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی واپسی کی منتظر تھی، میں نے ایک تصاویر والا پردہ لے کر دروازے کی چوکھٹ پر لٹکا دیا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا استقبال کیا عرض کی ''السلام علیک یا رسول اللہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، الحمد اللہ، اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عزت اور فتح عطاء فرمائی'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر پر نظر ڈالی اور پردہ دیکھا تو میرے استقبالیہ کلمات کا جواب نہ دیا۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک پر ناراضی کے آثار دیکھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پردے کے پاس تشریف لائے اور اسے اتار ڈالا اور فرمایا ''اللہ تعالیٰ نے ہمیں جو رزق عطاء فرمایا ہے اس سے پتھروں اور اینٹوں کو کپڑے پہنانے کا حکم نہیں دیا۔'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں

[1] كتاب اللباس ، باب في الصور (3499/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے اس پردے کو کاٹ کر دو تکیئے بنائے جن میں کھجور کے پتے بھر دیئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا برا نہیں منایا۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 279 حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رنگین و منقش پردہ دیکھ کر اظہار ناراضی فرمایا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وہ پردہ گھر سے فوراً نکال دیا اور دوبارہ کبھی استعمال نہیں فرمایا۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَتٰى فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا ، فَوَجَدَ عَلٰى بَابِهَا سِتْرًا، فَلَمْ يَدْخُلْ، قَالَ وَقَلَّمَا كَانَ يَدْخُلُ اِلَّابَدَاَ بِهَا، فَجَاءَ عَلِيٌّ رضي الله عنه فَرَآهَا مُهْتَمَّةً، فَقَالَ مَا لَكِ؟ قَالَتْ : جَاءَ النَّبِيُّ ﷺ اِلَيَّ فَلَمْ يَدْخُلْ. فَاَتَاهُ عَلِيٌّ رضي الله عنه، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ !، اِنَّ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اشْتَدَّ عَلَيْهَا، اَنَّكَ جِئْتَهَا فَلَمْ تَدْخُلْ عَلَيْهَا؟ قَالَ ((وَمَا اَنَا وَالدُّنْيَا؟ وَمَا اَنَا وَالرَّقْمَ)) فَذَهَبَ اِلَى فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَاَخْبَرَهَا بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ، فَقَالَتْ : قُلْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مَا تَاْمُرُنِيْ بِهِ؟ قَالَ ((قُلْ لَهَا فَلْتُرْسِلْ بِهِ اِلٰى بَنِيْ فُلَانٍ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[1] (صحيح)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لائے، دروازے پر پردہ لٹکا ہوا دیکھا تو اندر داخل نہیں ہوئے حالانکہ بہت کم ایسے ہوتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھر جانے سے پہلے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا حال احوال دریافت نہ فرمائیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ گھر آئے تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو رنجیدہ دیکھا تو پوچھا ''کیا بات ہے؟'' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تھے لیکن اندر داخل نہیں ہوئے (اور واپس تشریف لے گئے)'' حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اس بات کا بہت رنج ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے لیکن اندر داخل ہوئے بغیر واپس چلے گئے'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''میرا دنیا سے کیا تعلق؟ میرا رنگین و منقش پردوں سے کیا واسطہ؟'' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے واپس آ کر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان سے آگاہ کیا تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا ''اچھا جاؤ جا کر پوچھو کہ وہ مجھے اس بارے میں کیا حکم دیتے ہیں؟'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہو کہ یہ پردہ فلاں کے گھر بھجوا

[1] كتاب اللباس ، باب في اتخاذ الستور (3496/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دے" (چنانچہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اسے فوراً اس گھر میں بھجوا دیا) اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 280 حجاب کا حکم نازل ہوتے ہی صحابیات رضی اللہ عنہن نے نیا کپڑا خریدنے کا انتظار کئے بغیر پرانے کپڑے سی کر فوراً حجاب تیار کر لئے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ : يَرْحَمُ اللّٰهُ نِسَاءَ الْمُهَاجِرَاتِ الْاُوَلَ لَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ﴾ شَقَقْنَ اَكْنَفَ مُرُوْطِهِنَّ فَاخْتَمَرْنَ بِهَا. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❶ (صحیح)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اللہ تعالیٰ پہلے پہل ہجرت کرنے والی خواتین پر رحم فرمائے، جب اللہ تعالیٰ نے (سورۃ النور کی آیت نمبر 24) ﴿وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ﴾ (ترجمہ: عورتیں اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر لٹکا کر رکھیں) نازل کی تو مہاجرات صحابیات رضی اللہ عنہن نے فوراً گھر کے پردے پھاڑے اور ان سے اوڑھنیاں بنا کر اسی وقت حکم کی تعمیل کی۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 281 رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشمی قبا پہنی اور حضرت جبرائیل علیہ السلام کے منع کرنے پر فوراً اتار دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ قبا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بھجوا دی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ وہ قبا دیکھ کر رونے لگے کہ جس قبا کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں پہنا وہ میں کیوں کر پہن سکتا ہوں؟

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 3 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 282 حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اپنا ازار اسی طرح باندھتے جس طرح انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو باندھتے ہوئے دیکھا۔

عَنْ عِكْرِمَةَ رحمه الله اَنَّهُ رَاَى ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَأْتَزِرُ فَيَضَعُ حَاشِيَةَ اِزَارِهٖ مِنْ مُقَدَّمِهٖ عَلٰى ظَهْرِ قَدَمَيْهِ وَيَرْفَعُ مِنْ مُؤَخَّرِهٖ، قُلْتُ لِمَ تَأْتَزِرُ هٰذِهِ الْاِزْرَةَ ؟ قَالَ : رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَأْتَزِرُهَا. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❷ (صحیح)

---

❶ كتاب اللباس ، باب فى قوله وليضربن بخمرهن على جيوبهن (3457/2)

❷ كتاب اللباس ، باب فى قدر موضع الازار (3452/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو ازار باندھے ہوئے دیکھا۔ حضرت عبداللہ ازار اگلی طرف سے اتنا لٹکاتے کہ (حالت رکوع میں) ازار کا کنارہ پاؤں کو چھوتا اور پچھلی طرف سے (ٹخنوں سے) اوپر اٹھا رہتا۔ حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ ''آپ رضی اللہ عنہ اپنا ازار اس طرح سے کیوں باندھتے ہیں؟'' انہوں نے جواب دیا ''میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا ہی باندھے دیکھا ہے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 283 حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما عود کے ساتھ کافور ملا کر دھونی لیتے اور فرماتے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح دھونی لیتے تھے۔

عَنْ نَافِعٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : كَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا إِذَا اسْتَجْمَرَ اِسْتَجْمَرَ بِالْأُلُوَّةِ، غَيْرَ مُطَرَّاةٍ، وَبِكَافُوْرٍ يَطْرَحُهُ مَعَ الْأُلُوَّةِ. ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا كَانَ يَسْتَجْمِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ . رَوَاهُ النَّسَائِيُّ [1]

حضرت نافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب دھونی لیتے تو عود لیتے اور اس کے ساتھ دوسری خوشبو نہ ملاتے البتہ کبھی عود کے ساتھ کافور ملا لیتے اور فرماتے ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح دھونی لی تھی۔'' اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 284 حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ریشمی لباس پہنا لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک پر غصہ کے آثار دیکھ کر فوراً اتار دیا اور گھر کی خواتین کو دے دیا۔

عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : كَسَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ حُلَّةً سِيَرَاءَ فَخَرَجْتُ فِيْهَا فَرَأَيْتُ الْغَضَبَ فِيْ وَجْهِهِ، قَالَ فَشَقَقْتُهَا بَيْنَ نِسَائِيْ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ [2]

حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک ریشمی جوڑا بھجوایا، میں وہ پہن کر باہر نکلا، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک پر غصے کے آثار دیکھے تو اسے پھاڑ کر اپنے گھر کی عورتوں کو دے دیا۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 285 مصر کے حاکم، حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نصیحت کی وجہ سے زیادہ بن سنور کر نہیں رہتے تھے۔

---

[1] ابواب الزينة، باب البخور (4746/3)

[2] كتاب اللباس والزينة، باب تحريم لبس الحرير و غير ذلك للرجال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ رضی اللہ عنہ، اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ، رَحَلَ اِلٰى فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ رضی اللہ عنہ، وَهُوَ بِمِصْرَ، فَقَدِمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ.....قَالَ : فَمَا لِيْ اَرَاكَ شَعِثًا، وَاَنْتَ اَمِيْرُ الْاَرْضِ؟ قَالَ : اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ، كَانَ يَنْهَانَا عَنْ كَثِيْرٍ مِنَ الْاِرْفَاهِ. قَالَ : فَمَا لِيْ لَا اَرٰى عَلَيْكَ حِذَاءً؟ قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَاْمُرُنَا اَنْ نَّحْتَفِيَ اَحْيَانًا. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[1] (صحيح)

حضرت عبد اللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک صحابی حاکم مصر حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ کے پاس مصر گئے۔ جب ان سے ملاقات ہوئی تو کہنے لگے ''فضالہ رضی اللہ عنہ! کیا بات ہے تم مصر کے حاکم ہو لیکن تمہارے بال پراگندہ ہیں؟'' حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ نے جواب دیا'' رسول اللہ ﷺ ہمیں زیادہ ناز و نعم میں رہنے سے منع فرمایا کرتے تھے'' صحابی نے پھر پوچھا'' کیا بات ہے تم نے پاؤں میں جوتا بھی نہیں پہن رکھا؟'' حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا'' نبی اکرم ﷺ ہمیں کبھی کبھی ننگے پاؤں رہنے کا حکم بھی دیا کرتے تھے۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 286 رسول اللہ ﷺ نے صحابی کی چادر کا رنگ ناپسند فرمایا تو صحابی نے وہ چادر جلا دی۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ رضی اللہ عنہ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ : هَبَطْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مِنْ ثَنِيَّةٍ فَالْتَفَتَ اِلَيَّ وَعَلَيَّ رَيْطَةٌ مُضَرَّجَةٌ بِالْعُصْفُرِ فَقَالَ ((مَا هٰذِهِ الرَّيْطَةُ عَلَيْكَ؟)) فَعَرَفْتُ مَا كَرِهَ، فَاَتَيْتُ اَهْلِيْ وَهُمْ يَسْجُرُوْنَ تَنُّوْرًا لَهُمْ، فَقَذَفْتُهَا فِيْهِ، ثُمَّ اَتَيْتُهُ مِنَ الْغَدِ، فَقَالَ ((يَا عَبْدَ اللّٰهِ، مَا فَعَلَتِ الرَّيْطَةُ؟)) فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ ((اَفَلَا كَسَوْتَهَا بَعْضَ اَهْلِكَ ؟ فَاِنَّهُ لَا بَاْسَ بِهٖ لِلنِّسَاءِ)). رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ[2] (صحيح)

حضرت شعیب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم لوگ ایک گھاٹی سے نیچے اترے، آپ ﷺ نے میری طرف توجہ فرمائی میرے اوپر ایک چادر تھی جو زعفران میں رنگی ہوئی تھی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا'' تو نے یہ کیسی چادر اوڑھ رکھی ہے؟'' مجھے محسوس ہو گیا کہ آپ ﷺ نے یہ رنگ ناپسند فرمایا ہے، میں گھر آیا، گھر والوں نے تنور جلا رکھا تھا میں نے وہ چادر اس میں پھینک دی۔ اگلے روز میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے دریافت فرمایا'' عبد اللہ رضی اللہ عنہ! اس چادر کا کیا کیا؟'' میں نے آپ

---

[1] كتاب الترجل، باب النهي عن كثير من الارفاه (3506/2)

[2] كتاب اللباس ، باب في الحمرة (3431/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ﷺ کو بات بتائی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''تو نے وہ چادر گھر والوں کو کیوں نہ دے دی اس لئے کہ عورتوں کو یہ رنگ پہننے میں کوئی حرج نہیں۔'' اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 287 ایک صحابی رضی اللہ عنہ کو رسول اکرم ﷺ نے اپنا ازار ٹخنے سے اونچا رکھنے کا حکم دیا تو صحابی رضی اللہ عنہ نے اپنی موت تک اپنا ازار پنڈلی تک رکھا۔

عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ رضی اللہ عنہ قَالَ : اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ تَبِعَ رَجُلًا مِنْ ثَقِيْفٍ حَتّٰى هَرْوَلَ فِيْ اَثَرِهٖ حَتّٰى اَخَذَ ثَوْبَهٗ ، فَقَالَ ((اِرْفَعْ اِزَارَكَ)) قَالَ : فَكَشَفَ الرَّجُلُ عَنْ رُكْبَتَيْهِ ، فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ! اِنِّيْ اَحْنَفُ وَتَصْطَكُّ رُكْبَتَايَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((كُلُّ خَلْقِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ حَسَنٌ)) قَالَ : وَلَمْ يُرَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ اِلَّا وَاِزَارُهٗ اِلٰى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ حَتّٰى مَاتَ. رَوَاهُ اَحْمَدُ❶ (صحیح)

حضرت عمرو بن شرید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ بنو ثقیف کے ایک آدمی کے پیچھے تیز تیز قدموں سے تشریف لائے اور اس کا ازار پکڑ کر فرمایا ''اپنا ازار ٹخنوں سے اونچا کر'' آدمی نے اپنا ازار ٹخنوں سے ہٹایا اور عرض کی ''یا رسول اللہ ﷺ! میرے پاؤں ٹیڑھے ہیں اور دونوں ٹخنے (چلتے ہوئے) آپس میں ٹکراتے ہیں (اس لئے میں اپنا ازار نیچا رکھتا ہوں)'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اللہ عزوجل کی ساری کائنات خوبصورت ہے'' راوی کہتے ہیں کہ اس کے بعد موت تک اس آدمی کا ازار نصف پنڈلی تک ہی نظر آیا۔ اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 288 رسول اکرم ﷺ کی زبان مبارک سے ہر نماز کے ساتھ مسواک کی تاکید سن کر حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ ہر وقت مسواک اپنے ساتھ رکھتے اور ہر نماز سے قبل مسواک کا اہتمام فرماتے۔

عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ ((لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِيْ لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ)) قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ رضی اللہ عنہ فَرَاَيْتُ زَيْدًا يَجْلِسُ فِي الْمَسْجِدِ وَاِنَّ السِّوَاكَ مِنْ اُذُنِهٖ مَوْضِعَ الْقَلَمِ مِنْ اُذُنِ الْكَاتِبِ ، فَكُلَّمَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ اِسْتَاكَ. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ❷

❶ 221/32 (رقم الحديث 19472) تحقيق شعيب الارنائوط

❷ كتاب الطهارة ، باب السواك (37/1)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ''اگر میں امت کے لئے باعثِ تکلیف نہ سمجھتا تو انہیں ہر نماز کے ساتھ مسواک کرنے کا حکم دیتا۔'' حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ (بن عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں میں نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو مسجد میں بیٹھے دیکھا، مسواک ان کے کان پر ہوتی جہاں کاتب اپنا قلم رکھتا ہے جب بھی حضرت زید رضی اللہ عنہ نماز کے لئے کھڑے ہوتے پہلے مسواک کرتے۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 289 حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ازار اونچا کرنے کا حکم دیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے نصف پنڈلی تک اپنا ازار اونچا کر لیا اور پھر وفات تک نصف پنڈلی تک ہی ازار باندھتے رہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ وَعَلَيَّ إِزَارٌ يَتَقَعْقَعُ فَقَالَ ((مَنْ هٰذَا؟)) قُلْتُ : عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ إِنْ كُنْتَ عَبْدَ اللّٰهِ فَارْفَعْ إِزَارَكَ ، فَرَفَعْتُ إِزَارِيْ إِلَى نِصْفِ السَّاقَيْنِ، فَلَمْ تَزَلْ إِزَارَتُهُ حَتَّى مَاتَ. رَوَاهُ أَحْمَدُ[1] (حسن)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میرا ازار نیچے لٹک رہا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''یہ کون ہے؟'' میں نے عرض کی ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہوں'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''اگر اللہ کے بندے ہو تو اپنا ازار اونچا کرو'' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں میں نے اپنا ازار نصف پنڈلی تک اونچا کر لیا پھر حضرت عبداللہ کی وفات تک ازار نصف پنڈلی تک رہا۔ اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا إِزَارُهُ إِلَى نِصْفِ سَاقَيْهِ وَالْقَمِيْصُ فَوْقَ الْإِزَارِ وَالرِّدَاءُ فَوْقَ الْقَمِيْصِ. ذَكَرَهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ[2]

حضرت عبداللہ بن مسلم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا ان کا ازار نصف پنڈلی تک تھا، قمیص ازار کے اوپر اور چادر قمیص کے اوپر تھی۔ یہ قول شرح السنۃ میں ہے۔

مسئلہ 290 رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کے لمبے بال اور تہبند دیکھ کر فرمایا ''سمرہ رضی اللہ عنہ ہے تو اچھا اگر اپنے بال اور ازار چھوٹا کر لے'' حضرت

---

[1] 373/10 رقم الحدیث 6263، تحقیق شعیب الارنائوط

[2] کتاب اللباس ، باب موضع الازار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سمرہ رضی اللہ عنہ نے یہ سنتے ہی اپنے بال اور ازار چھوٹا کر لیا۔

عَنْ سَمُرَةَ بْنِ فَاتِكٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ ((نِعْمَ الفَتَى سَمُرَةَ لَوْ اَخَذَ مِنْ لِمَّتِهِ وَشَمَّرَ مِنْ مِئْزَرِهِ)) فَفَعَلَ ذٰلِكَ سَمُرَةُ اَخَذَ مِنْ لِمَّتِهِ وَشَمَّرَ مِنْ مِئْزَرِهِ. رَوَاهُ اَحْمَدُ [1]

(حسن)

حضرت سمرہ بن فاتک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے (ان کے بارے میں) فرمایا ''سمرہ رضی اللہ عنہ تو بہت اچھا جوان ہے اگر اپنے کانوں سے بڑھے ہوئے بال چھوٹے کر لے اور اپنا ازار بھی چھوٹا کر لے (یہ سن کر) حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے اپنے بال اور ازار دونوں چھوٹے کر لئے۔'' اسے احمد نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 291 حضرت قرہ رضی اللہ عنہ نے بیعت کرتے وقت رسول اللہ کے قمیص کا گریبان کھلا دیکھا اور پھر لہٰذا ہمیشہ اپنا گریبان کھلا ہی رکھا۔

عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ رضی اللہ عنہ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ : اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فِي رَهْطٍ مِنْ مُزَيْنَةَ، فَبَايَعْنَاهُ، وَاِنَّ قَمِيْصَهُ لَمُطْلَقُ الْاَزْرَارِ، قَالَ : فَبَايَعْتُهُ ، ثُمَّ اَدْخَلْتُ يَدِي فِي جَيْبِ قَمِيْصِهِ فَمَسَسْتُ الْخَاتَمَ، قَالَ عُرْوَةُ : فَمَا رَاَيْتُ مُعَاوِيَةَ وَلَا ابْنَهُ قَطُّ اِلَّا مُطْلِقَيْ اَزْرَارِهِمَا فِي شِتَاءٍ وَلَا حَرٍّ، وَلَا يُزَرِّرَانِ اَزْرَارَهُمَا اَبَدًا. رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ [2] (صحیح)

حضرت معاویہ بن قرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے باپ (حضرت قرہ رضی اللہ عنہ) مزینہ قبیلہ کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ کی بیعت کی اس وقت رسول اللہ ﷺ کے قمیص کا گریبان کھلا تھا۔ حضرت قرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے آپ ﷺ کی بیعت کی اور اس کے بعد اپنا ہاتھ آپ ﷺ کی قمیص کے گریبان میں ڈال کر مہر نبوت کو چھوا۔ (حدیث کے راوی) عروہ کہتے ہیں میں نے قرہ اور ان کے بیٹے دونوں کو اس کے بعد ہمیشہ کھلے گریبان کے ساتھ ہی دیکھا خواہ سردی ہو یا گرمی، کبھی اپنا گریبان بند نہ کرتے۔ اسے ابوداود نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 292 رسول اکرم ﷺ نے حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کے لمبے بال ناپسند

---

[1] 327/29 تحقیق شعیب الارناؤط ، رقم الحدیث 17788

[2] کتاب اللباس ، باب فی حل الازار (3440/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمائے تو انہوں نے واپس آ کر خود ہی اپنے بال چھوٹے کر لئے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 293 حضرت ابو رافع اور حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما دائیں ہاتھ میں انگوٹھی اس لئے پہنتے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنی تھی۔

عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : رَأَيْتُ ابْنَ اَبِیْ رَافِعٍ رضی اللہ عنہ يَتَخَتَّمُ فِیْ يَمِيْنِهٖ، فَسَاَلْتُهٗ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ : رَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ رضی اللہ عنہ يَتَخَتَّمُ فِیْ يَمِيْنِهٖ وَقَالَ كَانَ النَّبِیُّ ﷺ يَتَخَتَّمُ فِیْ يَمِيْنِهٖ. رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ [1]

حضرت حماد بن سلمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے ابن ابو رافع رضی اللہ عنہ کو دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنے دیکھا تو اس بارے میں ان سے دریافت کیا تو کہنے لگے میں نے عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کو داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہنے دیکھا (اور جب میں نے ان سے پوچھا تو) انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے داہنے ہاتھ میں ہی انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 294 رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم جوتوں سمیت نماز ادا فرما رہے تھے۔ دوران نماز رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جوتے اتارے تو تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی اپنے اپنے جوتے اتار دیئے۔

وضاحت: حدیث مسئلہ نمبر 213 کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ 295 رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی بنوا کر پہنی تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی سونے کی انگوٹھیاں بنوا کر پہن لیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی پھینک دی تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی اپنی اپنی انگوٹھیاں پھینک دیں۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ اِصْطَنَعَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ

[1] ابواب اللباس، باب ما جاء فی لبس الخاتم فی الیمین (1427/2)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَجَعَلَ فَصَّهُ فِيْ بَطْنِ كَفِّهِ اِذَا لَبِسَهُ، فَاصْطَنَعَ النَّاسُ خَوَاتِيْمَ مِنْ ذَهَبٍ فَرَقِيَ الْمِنْبَرَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ فَقَالَ ((اِنِّيْ كُنْتُ اصْطَنَعْتُهُ وَاِنِّيْ لَا اَلْبَسُهُ)) فَنَبَذَهُ فَنَبَذَ النَّاسُ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ❶

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی بنوائی اور اس کا نگینہ ہتھیلی کی طرف رکھتے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب انگوٹھی پہنی تو صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم نے بھی سونے کی انگوٹھیاں بنوا کر پہن لیں (یہ دیکھ کر) آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے، اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی اور ارشاد فرمایا ''میں نے سونے کی انگوٹھی بنوائی تھی لیکن میں آئندہ اسے نہیں پہنوں گا'' اور اسے پھینک دیا۔ (اس کے بعد) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی اپنی اپنی انگوٹھیاں پھینک دیں۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ((اِنِّيْ كُنْتُ اَلْبَسُ هٰذَا الْخَاتَمَ وَاَجْعَلُ فَصَّهُ مِنْ دَاخِلٍ)). فَرَمٰى بِهِ ثُمَّ قَالَ ((وَاللّٰهِ لَا اَلْبَسُهُ اَبَدًا)) فَنَبَذَ النَّاسُ خَوَاتِيْمَهُمْ)). رَوَاهُ النَّسَائِيُّ ❷ (صحيح)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''میں یہ انگوٹھی پہنتا تھا اور اس کا نگینہ ہتھیلی کی طرف رکھتا تھا'' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو پھینک دیا اور فرمایا ''واللہ! آج کے بعد میں اسے کبھی نہیں پہنوں گا'' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی اپنی انگوٹھیاں اتار کر پھینک دیں۔ اسے نسائی نے روایت کیا ہے۔

مسئلہ 296 صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی کثیر تعداد اپنا ازار نصف پنڈلی تک باندھتے تھے۔

عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ قَالَ : رَأَيْتُ نَاسًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ يَأْتَزِرُوْنَ عَلٰى اَنْصَافِ سُوْقِهِمْ فَذَكَرَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَزَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ رضی اللہ عنہ وَاُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ رضی اللہ عنہ و الْبَرَاء بن عَازِبٍ رضی اللہ عنہ. رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ ❸ (صحيح)

حضرت ابو اسحاق کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کئی لوگوں کو اپنا ازار نصف پنڈلی تک باندھے دیکھا ہے ان میں عبداللہ بن عمر، زید بن ارقم، اسامہ بن زید اور براء بن عازب رضی اللہ عنہم جیسے (جلیل القدر) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

---

❶ كتاب اللباس ، باب من جعل فص الخاتم فى بطن كفه

❷ كتاب الزينة ، باب طرح الخاتم وترك لبسه (4884/3)

❸ مجمع الزوائد ، كتاب اللباس ، باب فى الازار وموضعه، تحقيق عبد الله بن الدرويش (8541/5)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تفہیم السنۃ

کے مطبوعہ حصے

1. توحید کے مسائل
2. اتباعِ سنت کے مسائل
3. طہارت کے مسائل
4. نماز کے مسائل
5. جنازے کے مسائل
6. درود شریف کے مسائل
7. دعاء کے مسائل
8. زکوٰۃ کے مسائل
9. روزوں کے مسائل
10. حج اور عمرہ کے مسائل
11. جہاد کے مسائل
12. نکاح کے مسائل
13. طلاق کے مسائل
14. جنت کا بیان
15. جہنم کا بیان
16. شفاعت کا بیان
17. قبر کا بیان
18. علاماتِ قیامت کا بیان
19. قیامت کا بیان
20. دوستی اور دشمنی
21. فضائل قرآن مجید
22. تعلیماتِ قرآن مجید
23. فضائل رحمۃ للعالمین ﷺ
24. حقوق رحمۃ للعالمین ﷺ
25. مساجد کا بیان
26. لباس کا بیان
27. امر بالمعروف نہی عن المنکر کا بیان (زیر طبع)

حدیث پبلیکیشنز
2- شیش محل روڈ، لاہور، پاکستان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ